برِّصغیر میں

# موسیقی کے فارسی مآخذ

ترتیب و تدوین
رشید ملک

ترجمہ و تحشیہ
ڈاکٹر خواجہ حمید یزدانی

ادارۂ تحقیقات پاکستان، دانشگاہ پنجاب، لاہور۔

Collection of Prof. Muhammad Iqbal Mujaddidi
Preserved in Punjab University Library.

پروفیسر محمد اقبال مجددی کا مجموعہ
پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ شدہ

Marfat.com

Marfat.com

برصغیر میں

# موسیقی کے فارسی ماخذ

ترتیب و تدوین
**رشید ملک**

ترجمہ و تحشیہ
**ڈاکٹر خواجہ حمید یزدانی**

ذخیرہ محمد اقبال مجددی لاہور

ادارہ تحقیقات پاکستان، دانشگاہ پنجاب لاہور

Marfat.com

13797

انتشارات ادارۂ تحقیقات پاکستان

شمارہ : ٦١

جملہ حقوق محفوظ

تشکر

ادارۂ تحقیقات پاکستان متروکہ اوقاف بورڈ
حکومتِ پاکستان کی مالی امداد کا ممنون ہے
جس کی وجہ سے ادارے کے لیے تصنیف و تالیف
کا کام آسان ہو گیا ہے۔

طبع اول : فروری ١٩٨٣ء

قیمت : ٨٠ روپے

مطبوعہ : ظفر سنز پرنٹرز، کوپر روڈ، لاہور

Marfat.com

# فہرست


| نمبر شمار | عناوین | نمبر صفحہ |
| --- | --- | --- |
| ۱ | عرض مترجم | ز |
| ۲ | پیشگفتار | ۱—۳۰ |
| ۳ | اعجاز خسروی | ۳۱—۶۴ |
| | فارسی اقتباس | ۳۳ |
| | اردو ترجمہ | ۴۶ |
| ۴ | مثنوی قران السعدین | ۶۵—۷۸ |
| | فارسی اقتباس | ۶۵ |
| | اردو ترجمہ | ۷۱ |
| ۵ | مثنوی دولرانی خضر خان | ۷۹—۹۲ |
| | فارسی اقتباس | ۸۱ |
| | اردو ترجمہ | ۸۹ |
| ۶ | فوائدالفواد | ۹۳—۱۰۲ |
| | فارسی اقتباس | ۹۵ |
| | اردو ترجمہ | ۹۹ |
| ۷ | سیرالاولیا | ۱۰۳—۲۲ |
| | فارسی اقتباس | ۱۰۵ |


Marfat.com

اردو ترجمہ - - - - - - ۱۱۳

۸ : واقعات بابری - - - - - - ۱۲۳—۱۲۹

فارسی اقتباس - - - - - - ۱۲۵

اردو ترجمہ - - - - - - ۱۲۷

۹ : تاریخ رشیدی - - - - - - ۱۲۹—۱۳۴

فارسی اقتباس - - - - - - ۱۳۱

اردو ترجمہ - - - - - - ۱۳۳

۱۰ : آئین اکبری - - - - - - ۱۳۵—۱۸۴

فارسی اقتباس - - - - - - ۱۳۷

اردو ترجمہ - - - - - - ۱۵۳

فارسی اقتباس - - - - - - ۱۷۱

اردو ترجمہ - - - - - - ۱۷۳

فارسی اقتباس - - - - - - ۱۷۷

اردو ترجمہ - - - - - - ۱۸۱

۱۱ : گلشن ابراہیمی عرف تاریخ فرشتہ - - ۱۸۵—۲۰۸

فارسی اقتباس - - - - - - ۱۸۷

اردو ترجمہ - - - - - - ۱۹۱

فارسی اقتباس - - - - - - ۱۹۵

اردو ترجمہ - - - - - - ۲۰۱

۲۱ : کتاب نورس - - - - - - ۲۰۹—۲۳۶


Marfat.com

فارسی اقتباس - - - - - - - ۲۱۱

اردو ترجمہ - - - - - - - ۲۲۳

۱۲ : شاہجہان نامہ - - - - - - - ۲۶۴—۲۳۷

فارسی اقتباس - - - - - - - ۲۳۹

اردو ترجمہ - - - - - - - ۲۵۷

۱۴ : بادشاہ نامہ - - - - - - - ۲۷۴—۲۶۵

فارسی اقتباس - - - - - - - ۲۶۷

اردو ترجمہ - - - - - - - ۲۷۱

۱۵ : مرآۃالخیال - - - - - - - ۳۰۴—۲۷۵

فارسی اقتباس - - - - - - - ۲۷۷

اردو ترجمہ - - - - - - - ۲۸۹

۱۶ : مرقع دہلی - - - - - - - ۳۵۲—۳۰۵

فارسی اقتباس - - - - - - - ۳۰۷

اردو ترجمہ - - - - - - - ۳۲۷

۱۷ - مرآۃ آفتاب نما - - - - - - - ۴۴۲—۳۵۳

فارسی اقتباس - - - - - - - ۳۵۵

اردو ترجمہ - - - - - - - ۳۹۳

۱۸ - غیاث اللغات - - - - - - - ۴۶۰—۴۴۳

فارسی اقتباس - - - - - - - ۴۴۵

اردو ترجمہ - - - - - - - ۴۵۳

۱۹ - تاریخ فیروز شاہی (ضمیمہ ۱) - - - - ۴۸۸—۴۶۱


Marfat.com

فارسی اقتباس - - - - - - - - ۳۶۳
اردو ترجمہ - - - - - - - - ۳۷۵
۲۰ - حواشی - - - - - - - - ۳۸۹
۲۱ - تذکرہ اہلِ دہلی (ضمیمہ ۲) - - - - ۵۰۵—۵۱۱
اربابِ موسیقی - - - - - - ۵۰۷

* * *

ع

Marfat.com

# عرض مترجم

کتاب "بر صغیر میں موسیقی کے فارسی ماخذ" اپنی نوعیت کی ایک انوکھی اور دلچسپ کتاب ہے - اس کی جمع آوری میں دوست گرامی جناب رشید ملک نے خاصی کنجکاوی سے کام لیا اور اس طرح موسیقی سے اپنی بیحد وابستگی کا ثبوت بہم پہنچایا ہے - اس سلسلے میں انھوں نے مطبوعہ ماخذ کے علاوہ بعض قلمی نسخوں کو بھی کھنگالا ہے ، تاہم کتاب کی ضخامت بڑھ جانے کے سبب انھیں بعض چھوٹے چھوٹے اقتباسات سے صرف نظر کرنا پڑا ہے -

ملک صاحب نے اس کتاب کی ترتیب و تدوین کے بعد اس کے بعض اقتباسات کے تراجم شریف کنجاہی صاحب سے کرائے تھے - ایک اقتباس میں انھوں نے سازوں کے متبادل نام دینے کی بجائے فارسی نام ہی رہنے دیے تھے - راقم نے ان کے اردو نام دیے ہیں - کنجاہی صاحب نے فارسی اشعار کا ترجمہ بھی نہیں کیا تھا ، راقم نے ان کا ترجمہ حواشی میں کر دیا ہے اور یہ سب ترمیم راقم نے فاضل مرتب سے مشورے کے بعد اور ان کی مرضی سے کی ہے -

کتاب کے زیادہ تر حصے کا ترجمہ راقم نے کیا ہے - فاضل مرتب نے چند ایک اقتباسات کے تراجم راقم کی کتاب دربار ملی (اردو ترجمہ ، ناشر مجلس ترقی ادب لاہور) سے لیے تھے - راقم نے اپنے ان تراجم پر کہیں کہیں نظر ثانی کی ہے - علاوہ ازیں مؤلفین کتب اور کتب کے بارے میں تعارفی سطور تحریر کی ہیں اور بعض اقتباسات کے مزید وضاحت طلب



Marfat.com

مقامات کو حواشی میں واضح کیا ہے - مرآۃ آفتاب نما کا اقتباس ایک مخطوطہ کی صورت میں تھا - اس میں حضرت کاتب نے اپنے فن کا اذیت ناک مظاہرہ کیا تھا - شاید ہی کوئی لفظ مکمل ہوگا - کہیں نقطے غائب تو کہیں شوشے غائب - اسے پڑھنے اور ترجمہ کرنے میں بے پناہ دقت کا سامنا کرنا پڑا - پھر بھی کئی مقامات حل طلب رہ گئے ہیں - چنانچہ ایسے مقامات پر سوالیہ نشان لگا دیا ہے - جہاں کچھ عبارت غائب تھی ، ترجمہ میں وہاں نقطے لگا دیے ہیں - کچھ یہی معاملہ مراۃالخیال کا ہے - بعض تراجم میں فارسی اشعار کا ترجمہ نہ تھا ، راقم نے ان کا ترجمہ کر دیا ہے -

امیر خسرو کی مثنوی قران‌السعدین کا جو اقتباس اس کتاب میں شامل ہے ، اس میں کہیں کہیں خسرو نے موسیقی کی اصطلاحات کو عام معنوں میں بھی لیا ہے - راقم نے ترجمہ میں اس بات کو پوری طرح پیش نظر رکھا ہے - امیر ہی کی دوسری مثنوی دول رانی خضر خان کا جو اقتباس کتاب میں شامل ہے ، اس کے شروع کے چند ایک اشعار موسیقی سے غیر متعلق ہیں - ان میں کہیں شہزادے کی شادی کے انتظامات اور شہر کی آراستگی کا ذکر ہے تو کہیں مداریوں اور نٹوں کے کرتبوں کا تذکرہ - لٰہذا متن کا حصہ ہوتے ہوئے بھی ان کے ترجمے سے اغماض برتا گیا ہے -

ترجمہ ، یعنی ایک زبان کے مزاج کو دوسری زبان کے مزاج میں ڈھالنا ، خاصا مشکل فن ہے - راقم اس مشکل سے بخوبی واقف ہے - اسی بنا پر پورے خلوص کے ساتھ یہ کوشش کی ہے کہ جو اقتباسات میرے سپرد ہوئے تھے ، ان کا واضح ترین اور متن کے بالکل مطابق ترجمہ ہو - تاہم ایک تو قلمی نسخوں کی مذکورہ بالا مشکل ، پھر کتاب بھی

Marfat.com

فنِ موسیقی ایسے آدق فن سے متعلق ؛ راقم اپنی اس کوشش میں کہاں تک کامیاب ہوا ہے ؛ اربابِ فن ہی اس کا فیصلہ کر سکیں گے ؛ راقم کو کسی کمال کا دعویٰ نہیں ہے -

اگرچہ اس کتاب میں فارسی مآخذ سے استفادہ کیا گیا ہے تاہم آخر میں سرسید احمد خاں کی آردو تصنیف تذکرۂ اہلِ دہلی کا ایک اقتباس بھی پیش کر دیا ہے کہ موسیقی کے سلسلے میں اس کی اپنی ایک اہمیت ہے -

لاہور (ڈاکٹر) خواجہ حمید یزدانی

۲۵ - دسمبر ۱۹۸۲ء

★ ★ ★

Marfat.com

Marfat.com

# پیش گفتار

برِعظیم پاک و ہند کی موسیقی کی تاریخ میں ایک انتہائی اہم سوال یہ ہے کہ اس عظیم خطے کی موسیقی کو مسلمانوں نے کس حد تک اور کیوں کر متاثر کیا اور ان کی وجہ سے اس نظامِ موسیقی میں کیا کیا تبدیلیاں واقع ہوئیں ۔

ابھی تک تو یہ خیال کیا جاتا تھا کہ ہندوستانی موسیقی سالہا سال سے ایک جامد فن تھا ۔ اس میں تحرک اور انقلاب کا مکمل فقدان تھا اور صدیوں سے مندروں میں بند ، یہ ایک ایسا فن تھا جو مخصوص لوگوں تک محدود تھا ۔ مسلمانوں کی آمد پر اس فن نے کروٹیں لینا شروع کیں اور اس میں انقلابات کا آغاز ہوا ۔ لیکن موجودہ تحقیق اس بات کی داعی ہے کہ دوسرے فنون کی طرح موسیقی کا فن کبھی جامد یا مفلوج نہیں رہا ۔ ہر دور میں اس میں حرکت موجود رہی ہے ۔ یہ دوسری بات ہے کہ یہ حرکت کبھی سُست تھی اور کبھی تیز ۔ یعنی یہ فن حرکت سے کبھی محروم نہیں رہا ۔ اس میں ہر انقلاب ، ہر تبدیلی صدیوں پر محیط رہی اور مسلمانوں کی آمد پر بھی اس فن میں ایسی ہی تبدیلیاں واقع ہوئیں جو انقلابات کی محض چند کڑیاں تھیں ۔

پچھلے دو ہزار سال میں جو تبدیلیاں اس فن میں پیدا ہوئیں ان کا ایک انتہائی مختصر سا خاکہ یہ ہے :

۱۔ قدیم موسیقی میں تین گرام تسلیم کیے جاتے تھے یعنی شڑج گرام گندھار گرام اور مدہیم گرام ۔ ان گراموں کا تذکرہ بھرت کے

Marfat.com

نٹ شاستر کے علاوہ موسیقی کی دیگر کتب میں بھی موجود ہے اور ان کتابوں میں ان گراموں کے تعین کرنے کے تفصیلی طریقے مذکور ہیں - لیکن عملی موسیقی میں صدیوں سے یہ گرام رخصت ہو چکے ہیں - موسیقی کا دار و مدار صرف شڈج گرام تک ہی محدود ہوکر رہ گیا اور کتابوں میں اس کا تذکرہ ایک محدود تصور تک ہی محدود ہوگیا - آج کل بھی ان کا تذکرہ تو ملتا ہے لیکن عملی طور پر ان کا کچھ اتا پتا نہیں - سوال یہ ہے کہ یہ گرام کیوں اور کب معدوم ہوئے اور موسیقی میں یہ بنیادی تبدیلی کیونکر وجود میں آئی ؟

۲- موسیقی پر قدیم کتابوں سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک زمانہ تھا جب دوسری قوموں کی طرح ہمارا سکیل اوپر سے نیچے کی طرف آتا تھا (۱) پہلا سور سب سے اونچا ہوتا تھا دوسرا اس سے کم اور تیسرا اس سے بھی کم علیٰ ہذا لقیاس - آخری سور یا نوٹ سب سے نیچا ہوتا تھا - یہی حال برِعظیم کی موسیقی میں مورچھناؤں کا تھا - سام وید کا گانا اسی اوپر سے نیچے آنے والی سکیل کا پابند تھا (۲) لیکن استدادِ زمانہ کے ساتھ ہماری ہئیت بالکل تبدیل ہو چکی ہے اور اس نے صعودی صورت اختیار کر لی ہے یعنی اب شروع کا نوٹ سب سے نیچا ہے اور آخری سب سے اونچا -

۳- کسی وقت قدیم موسیقی میں سکیل کا پہلا سور شڈج چوتھی شروتی پر قائم تھا لیکن اب اسے پہلی شروتی پر قائم کیا گیا ہے -

۴- قدیم موسیقی میں شڈج اور پنچم یعنی موجودہ پہلا اور پانچواں سور "اچل" یعنی قائم یا غیر متحرک نہیں تھے بلکہ سکیل کے باقی سوروں کی طرح متحرک تھے اور تیور کومل سوروں میں

Marfat.com

تبدیل ہوتے رہتے تھے ۔ ان کا استعمال عام سوروں کی طرح تھا اور ان کی کوئی امتیازی حیثیت نہیں تھی ۔ لیکن موجودہ زمانے کی موسیقی میں یہ اس حرکت سے مبرا قائم سور خیال کیے جاتے ہیں اور آج کل یہ غیر متحرک ہیں ، قائم ہیں اور اپنی جگہ پر اٹل ہیں ۔ موسیقی کی گرامر میں ان کو "اچل" خیال کیا جاتا ہے ۔ موسیقی کی کسی تصنیف (راگ) میں ایک دفعہ قائم ہو جانے پر اس تصنیف کے خاتمہ تک یہ اپنی جگہ قائم اور غیر متحرک رہتے ہیں اور سکیل کے دونوں حصوں میں باقی ماندہ سوروں کی قیمت کا تعین انہی سوروں کو بطور استشاری سور مان کر ہی کیا جاتا ہے ۔

۵۔ قدیم موسیقی میں استشاری سور مدھم (یعنی چوتھا نوٹ) مانا جاتا تھا ۔ اسے غیر متبدل سور خیال کیا جاتا تھا [۳] اور اس کا سکیل میں وہی منصب تھا جو آج کل کی موسیقی میں شڑج اور پنچم کو حاصل ہے ۔ لیکن مدھم کے اس منصب میں بھی انقلاب آیا اور آج یہ غیر متحرک نہیں رہا بلکہ اس کی اہمیت کے باوجود جو اسے سپتک کے دونوں حصوں میں باہمی ربط پیدا کرنے میں حاصل ہے ، یہ نوٹ حسبِ ضرورت اونچا نیچا ہوتا رہتا ہے ۔ یہ بھی ایک انتہائی اہم اور بنیادی تبدیلی ہے ۔

۶۔ قدیم موسیقی میں سکیل چونکہ اوپر سے نیچے آتا تھا اور مدھم یعنی چوتھا سور بہت اہم خیال کیا جاتا تھا [۴] اس لئے موسیقی میں سمواد یعنی Consonance کا دار و مدار ہر چوتھے سور پر تھا یعنی پہلا اور پھر اس سے چوتھا اور پھر اس چوتھے سور سے اگلا چوتھا سور و علیٰ ہذالقیاس ۔ آج کل کی زبان میں اسے Cycle Of The Fourths کہتے ہیں ۔ سکیل کی ہیئت تبدیل

Marfat.com

ہونے سے یعنی اب اس کے نیچے سے اوپر جانے کی وجہ سے سمواد کا دار و مدار ہر پانچویں سور پر مبنی ہوگیا۔ اسے Cycle Of The Fifths کہتے ہیں۔

۷- قدیم موسیقی میں آپس میں متصل سوروں کے باہمی تناسب ۵ اور پھر ان تناسب کے اسی قسم کے دوسرے تناسبات کے رشتوں کو اہمیت حاصل تھی۔ لیکن یہ تصوّر پرانی موسیقی کی دیگر روایات کے ساتھ متروک ہوگیا اور اب ان کی جگہ سکیل کے پہلے حصے میں ساری سوروں کا رشتہ شڑج اور دوسرے حصے کا پنچم یا مدھیم سے جڑ گیا ہے اور مکمل فرمانروائی شڑج کے حصہ ہی میں ہے۔ یہ بھی ایک بنیادی تبدیلی ہے اور موسیقی میں بڑی اہمیت کی حامل۔

۸- قدیم موسیقی میں سکیل جب چار سوروں سے بڑھ کر سات پر پہنچ کر مکمل ہوا تو ہمارا بنیادی سکیل مکھاری قرار پایا۔ لیکن ازمنۂ وسطیٰ میں یہ بنیادی سکیل کافی سکیل میں تبدیل ہوگیا۔ انیسویں صدی میں یہ بھی متروک ہوگیا اور بلاول کا سکیل بنیادی قرار پایا۔ آج یہی سکیل بحیثیت بنیادی سکیل کے مروج ہے۔

۹- قدیم موسیقی میں راگوں کی تقسیم مورچھناؤں کے تصور پر مبنی تھی جو قدیم سکیل کی طرح اوپر سے نیچے آتی تھیں۔ یہ سسٹم کسی وقت ہماری موسیقی سے بالکل غائب ہوگیا۔ بارھویں تیرھویں صدی میں ان کی جگہ سمستھان کا تصور رائج ہوا جو بعد میں متروک ہوگیا اور ان کی جگہ جنک میل کا تصور آ گیا۔ یہ بھی متروک ہوگیا اور آج کل ہمارے ہاں ٹھاٹھ کا تصور ہے جو غیر تسلی بخش خیال کیا جاتا ہے۔ شمالی ہند کی موسیقی

Marfat.com

کی روایات میں دس ٹھاٹھوں کا تصور محض سہولت کے پیش نظر اپنایا گیا ہے ورنہ ریاضی کی رو سے ہمارے ہاں بہتر(۷۲) ٹھاٹھ ہونے چاہئیں - یہ بحث کرناٹک روایت اور شمالی ہند کی روایت میں ابھی چل رہی ہے - اور اس پر مختلف اور متضاد خیال آرائیاں ہو رہی ہیں -

۱۰- متوں اور اس کے بعد بالیوں کا تصوّر متروک ہو چکا ہے - ان کے بعد گھرانوں کا تصور پیدا ہوا اور وہ بھی مروجہ موسیقی میں متزلزل نظر آتا ہے -

۱۱- موسیقی کی مختلف اوضاع (Forms) میں بھی بتدریج تبدیلیاں واقع ہوتی رہیں - تیرھویں صدی سے پہلے کی موسیقی کی وضع دھرو تھی - اس صدی کے بعد موسیقی میں پربندھ کا رواج تھا - پربندھ کی جگہ بعد میں دھروپد نے لے لی اور یہ اٹھارہویں صدی تک رائج رہا جب اس کی جگہ خیال نے لے لی اور دستوری موسیقی میں آج اس کا وہی مقام ہے جو اردو اور فارسی شاعری میں غزل کا ہے . اس کے علاوہ دستوری موسیقی میں کئی مقامی شاعری کی اوضاع داخل ہوتی چلی گئیں - ان میں ٹپہ ، ٹھمری - کجری ، غزل ، دادرا ، چہیتی وغیرہ شامل ہیں اور آج کل کی مروجہ موسیقی کا ایک اہم حصہ ہیں - یہ دیسی یعنی مقامی موسیقی کی اوضاع بھی تھیں لیکن ان کو موسیقی کے ضابطہ کے تحت کر دیا گیا اور یہ موسیقی کا حصہ بن گئیں -

۱۲- سکیل اور اوضاع کے علاوہ ہماری تالوں میں بھی بتدریج تبدیلی واقع ہوتی رہی ہے - گرنتھ کی تالوں کی جگہ ایک تال ، تین تال جھپ تال اور تلواڑہ قسم کی تالیں آج کل مروج ہیں -

ہزاروں سالوں پر محیط موسیقی میں بنیادی تبدیلیوں کا یہ ایک انتہائی

Marfat.com

مختصر خاکہ ہے اور ان میں سے ہر ایک مبسوط مقالے کا متقاضی ہے۔ لیکن ان کے علاوہ بھی کئی تبدیلیاں ایسی ہیں جو آج بھی واقع ہو رہی ہیں مثلاً کئی راگ متواتر متروک ہو رہے ہیں اور ان کی جگہ کئی راگ مروج ہو رہے ہیں۔

مندرجہ بالا تمام امور انتہائی ٹکنیکل ہیں اور فن سے بنیادی تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا کھوج لگانے کے لیے باریک بینی کے علاوہ موسیقی کی صرف و نحو اور تاریخ سے مکمل واقفیت کی ضرورت ہے۔ عام آدمی جو فن کا بنیادی علم نہیں رکھتا اکثر شدید اغلاط کا مرتکب ہوتا ہے۔ بیسویں صدی کے اوائل میں موسیقی پر مرتبہ کتب اسی قسم کی بوالعجبیوں سے اٹی پڑی ہیں۔ سائنٹفک تحقیق سے پہلے اور آج بھی عطائیوں اور موسیقاروں کی تحقیق کا محور یہی امر تھا کہ کون سا راگ کس موسیقار نے ایجاد کیا، کون سا ساز کس فن کار نے اختراع اور کون سی تال کس شخص کی وساطت سے ایجاد یا مروج ہوئی۔ مندرجہ بالا امور کی روشنی میں یہ انتہائی سطحی اور عامیانہ سوالات ہیں ان پر تحقیق کرنے سے نہ موسیقی کی بنیادی ماہیت، نہ اس کے ضابطہ اور نہ ہی ان تبدیلیوں کی تاریخ پر روشنی پڑتی ہے اور نہ ہی یہ تحقیق فن کے بارے میں ہماری معلومات میں کوئی مفید اضافے کا باعث ہو سکتی ہے۔ زیادہ سے زیادہ ہم ایک ارزاں قسم کے جذبۂ حب القوم کی تسکین کر سکتے ہیں اور بس۔

ان عطائی اور پیشہ ور محققین کو ہم دو زمروں میں بانٹ سکتے ہیں۔ ایک وہ گروہ ہے جو اس بات کا داعی ہے کہ مسلمانوں کی آمد سے پہلے یہاں کی موسیقی ایک جمود اور عدم تحرک کا شکار تھی۔ مسلمانوں کی آمد پر دو تہذیبوں کے اختلاط کی وجہ سے نہیں بلکہ چند پیشہ ور موسیقاروں کے طفیل اس میں تحرک پیدا ہوا اور اس میں مختلف راگوں، تالوں اور سازوں کا رواج ہوا۔ یہ محققین ان بنیادی تبدیلیوں پر غور نہیں کرتے جن کا ایک

Marfat.com

خاکہ ہم اوپر پیش کر آئے ہیں ، اس لئے ان کی وہ تحقیق جو افراد کے اردگرد گھومتی ہے لاحاصل ہو جاتی ہے - اس زمرہ میں اکثر و بیشتر پیشہ وروں کے علاوہ وہ مسلمان محققین بھی شامل ہیں جن کے لیے کسی مسلمان کا کوئی راگ ایجاد کر لینا ایک قومی کارنامہ خیال کیا جاتا ہے -

اس کے برعکس دوسرا گروہ متعصب ہندوؤں پر مشتمل ہے اور جن کے نزدیک اسلامی تہذیب کے اثرات کی نفی ایک مذہبی فریضہ ہے - ان کے نزدیک ہندو تہذیب سے اسلامی تہذیب کا اختلاط یہاں کی موسیقی پر کوئی دیرپا اثرات مرتب نہ کر سکا اور آج جو کچھ موسیقی کی دنیا میں ہے وہ ہندو نائکوں کی عطا ہے -

ان شدید طور پر متعصبانہ رویوں میں حقیقت خرافات میں کھو گئی اور تحقیق پایاب اور سطحی ہوکر رہ گئی - مندرجہ بالا بنیادی امور پر یہ دونوں متعصب مکاتیب فکر کوئی روشنی نہ ڈال سکے -

اس تعصب کے علاوہ ایک اور رکاوٹ جو حقیقت کی جستجو کی راہ میں کھڑی ہے وہ یہ امر ہے کہ ہماری موسیقی کا کوئی ریکارڈ مرتب نہیں ہوا - لے دے کے ہمارے پاس گنتی کی چند سنسکرت کی کتابیں اور کچھ فارسی کی کتابیں ہیں - ان میں قباحت یہ ہے کہ مسلمان محقق سنسکرت سے نا واقف ہونے کی بنا پر ان ماخذوں سے نا واقف تھے اور ہندو فارسی ماخذوں سے - بیسویں صدی کے نصف آخر میں ان ماخذ کے انگریزی تراجم دستیاب ہونے شروع ہوئے اور تحقیق انھی سائنسی بنیادوں کی طرف رجوع کرنے لگی ؛ اس وجہ سے دونوں گروہوں کے محققین اپنے اپنے نظریات کی تائید میں پوری شہادت اکٹھی نہیں کر پائے - پھر دونوں گروہوں کے قائدین وہ علماء تھے جو موسیقی کی سائنسی بنیادوں سے نا واقف تھے - ان کا علم موسیقی سننے تک یا چند راگوں کو الٹا سیدھا گا لینے پر مشتمل تھا - جہاں تک پیشہ ور فن کاروں کا تعلق ہے تو چند ایک کو چھوڑ

Marfat.com

کر سارے کے سارے سوروں کے جھمیلوں میں پڑے رہے - ان کے نزدیک سب سے اہم سوال یہ تھا کہ کون سے راگ میں کون سا سور متروک ہے اور کسی خاص راگ میں کوئی سور کس قیمت کا لگنا چاہیے -

تیسری مشکل یہ امر ہے کہ تحقیق کی سائنسی بنیاد مفقود ہونے کی وجہ سے ہمارے ہاں تحقیق کا طریق کار یہ رہا ہے کہ نظریات پہلے سے مرتب کریں اور شہادت بعد میں اکٹھی کریں اور جو شواہد ہاتھ لگیں انھیں توڑ مروڑ کر اپنے نظریات کے چوکھٹے میں فٹ کر دیں - یہی وجہ ہے کہ پچھلے ہزار سال کی موسیقی کی تبدیلیوں کو مسلمان حضرت امیر خسرو ، سلطان حسین شرقی ، بہاء الدین زکریا ملتانی ، بہاء الدین برناوی اور میراں مدھ نائک سے منسوب کرتے آئے ہیں اور ہندو ، نائک گوپال ، بیجو باورا ، راجہ مان تنوار وغیرہ سے - یہ سینہ بسینہ روایات پر مبنی تحقیق کے کرشمے ہیں -

بیسویں صدی کے نصف آخر میں جا کر تربیت یافتہ اور تعصب سے بالا محققین نے موسیقی کے میدان میں قدم رکھا اور ان کی تحقیق افراد و اشخاص کی سطح سے بلند ہونی شروع ہوئی - اس میں کلام نہیں کہ بڑے فن کار کی ہر فن میں ایک بڑی دین ہوتی ہے - اس دین سے انکار کفر ہے - لیکن یہ بھی تو دیکھنا ہے کہ ہر بڑا فن کار ایک فرد ہوتا ہے اور بحیثیت فرد کے اس کا ایک رشتہ اپنے معاشرہ سے بھی ہے - وہ فن میں اسی معاشرہ کی نمائندگی کرتا ہے جس کی وہ پیداوار ہے - چنانچہ اس حیثیت سے وہ فن کا محسن ہی نہیں بلکہ ان علل میں سے محض ایک علت ہے جو فن میں تحرک پیدا کر سکتے ہیں - [بقول رالف لنٹن] ، آئن شٹائین مغرب میں پیدا ہونے کی بجائے اگر کسی ایسے پس ماندہ معاشرے میں پیدا ہوتا جہاں جدید علوم کا مکمل فقدان ہوتا تو وہ شاید ریاضی میں اعشاری نظام تک ہی پہنچ پاتا اور اپنے نظریہ اضافیت سے مطلقاً نابلد رہتا - اس چھوٹی سی مثال سے فرد

Marfat.com

اور معاشرہ کا تعلق واضح ہو جاتا ہے۔

موسیقی کی سائنسی تحقیق کا موقف ہے کہ ہر فن میں دو طرح کا تحرک ہوتا ہے۔ ایک خارجی اور دوسرا داخلی۔ ہر فن معاشرہ کا آئینہ دار ہوتا ہے اور موسیقی اس کلیہ سے مستثنٰی نہیں۔ ہر معاشرہ میں کوئی نہ کوئی تبدیلی ہر زمانے اور ہر دور میں ہوتی رہی ہے اس لیے لازم آتا ہے کہ وہ تبدیلیاں ہر فن میں متواتر اور مسلسل ہوتی رہیں۔ برعظیم زمانہ ماقبل تاریخ سے لے کر آج تک متواتر اور مسلسل سیاسی تبدیلیوں کی آماجگاہ رہا ہے۔ یہ سیاسی تبدیلیاں سماجی، معاشرتی، اقتصادی، فنی اور تکنیکی تبدیلیوں کا پیش خیمہ ثابت ہوئیں اور موسیقی اور دوسرے فنون میں باقاعدگی سے منعکس ہوتی رہیں۔ آخر کیا وجہ ہے کہ ہمارے ہاں کلاسیکی موسیقی میں صرف دو یا تین آدمیوں کا طائفہ (جس میں ایک امام اور دوسرے دو محض مددگار ہوتے ہیں) کافی سمجھا جاتا ہے اور مغرب میں کم از کم سو آدمیوں کا آرکسٹرا اسی قسم کے جذبات کے اظہار کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ امتیاز اقدار کے ان امتیازات کی عکاسی کرتا ہے جو مغربی اور مشرقی تہذیبوں میں موجود ہیں۔ مشرق میں زندگی ایک فرد واحد کے گرد گھومتی ہے اور ادارہ ایک بے معنی چیز ہے۔ اس کے برعکس مغرب میں ادارہ فرد سے کہیں زیادہ اہم ہے۔ وہاں فرد کو وہ اہمیت حاصل نہیں جو اسے مشرق میں ملتی ہے۔ وہاں فرد کسی ادارے کا محض ایک چھوٹا سا حصہ ہے۔ اصل اہمیت ادارے کو حاصل ہے۔ دوم مغربی تہذیب کا ایک اہم جز تنظیم ہے جو وہاں کی انفرادی اور اجتماعی زندگی میں نظر آتی ہے، لیکن ہمارے ہاں اجتماعی سطح پر تنظیم کا مکمل فقدان ہے۔ یا یہ تنظیم اتنی مضبوط نہیں جتنی مغرب میں" ۔ یہی اختلافات دونوں تہذیبوں کی موسیقی کے مختلف المزاج ہونے کا باعث ہیں۔ ان تبدیلیوں پر غور کرنا ماہرینِ عمرانیات کا کام ہے لیکن فنون میں ان کا عمل دخل واضح طور پر نظر آتا ہے۔

Marfat.com

دوسرے زمرہ میں تکنیکی تبدیلیاں آتی ہیں جو زندگی کے مختلف شعبوں کو شدید طور پر متاثر کرتی ہیں ۔ ہمارے سامنے ریل ، تار برقی ، وائرلیس ، ٹیلیفون ، ٹیلی وژن ، ریکارڈنگ ٹکنالوجی اور دیگر جدید ایجادات معاشرے میں انقلابات برپا کرتی نظر آتی ہیں ۔ کرۂ ارض متواتر سکڑ رہا ہے ۔ ہزاروں میلوں کا فاصلہ گھنٹوں میں طے ہوتا ہے ۔ وہ قومیں جن کے درمیان مہینوں اور سالوں کے فاصلے تھے ، آج ایک دوسرے سے اتنی قریب ہو گئی ہیں کہ گھر آنگن کا گمان ہوتا ہے ۔ اس وجہ سے خیالات ، تعصبات ، رہن سہن ، بود و باش غرضیکہ زندگی کا ہر شعبہ ان ایجادات سے متاثر ہو رہا ہے ۔ ہندو معاشرے کو ذات پات میں جکڑا ہوا معاشرہ خیال کیا جاتا تھا لیکن ان تبدیلیوں کی وجہ سے ذات پات کی گرفت اب ڈھیلی پڑتی نظر آتی ہے ، کیونکہ موجودہ ذریعۂ آمد و رفت کے طفیل اعلیٰ ترین برہمن ایک ایسے شودر کے ساتھ اکٹھا سفر کرنے پر مجبور ہے جس کا سایہ پڑنے پر برہمن پر غسل فرض ہو جاتا تھا ۔ ایک زمانہ تھا کہ مقدس وید کا لفظ ، نادانستہ طور پر ہی کیوں نہ سہی ، کوئی شودر سن لیتا تو اس کے کانوں میں پگھلا ہوا سیسہ ڈال دیا جاتا تھا ۔ آج وہی شودر وید کا پاٹھ فلم ریڈیو اور ٹیلیویژن کے ذریعے سن سکتا ہے اور پریس کے طفیل اس کا مطبوعہ سنسکرت متن اور اس کی مختلف تفاسیر کسی روک ٹوک کے بغیر پڑھ سکتا ہے ۔ ان ایجادات نے موسیقی کو بھی کئی طرح سے متاثر کیا ہے ۔ مثلاً شروع شروع میں گراموفون کی وجہ سے گھنٹوں میں گائے جانے والے راگ تین تین منٹ کے ریکارڈوں میں سکڑ گئے ۔ ریکارڈنگ تکنیک میں ترقی کے ساتھ ساتھ اب ان کی معیاری طوالت ۲۰ منٹ تک بڑھ گئی ہے ، جس کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ عام محفل میں گانے والے اپنے فن کو ۲۰ منٹ سے ۳۰ منٹ کے عرصہ تک ہی محدود رکھتے ہیں ۔ جس نے کیرانہ گھرانے کے بہرے وحید خان کو سنا یا اس کے بارے میں پڑھا ہے اسے اندازہ ہوگا کہ اس استاد کے لیے ریکارڈنگ کی یہ فنی پابندیاں کتنی مشکلات

Marfat.com

کھڑی کر دیتی تھیں - یہی وجہ ہے کہ اس زمانے کے بڑے فن کار اپنی موسیقی کے ریکارڈ بنوانے سے کتراتے تھے -

موجودہ صورتِ حال کے مطالعہ کو ہم ماضی پر منطبق کریں تو ہمیں برِصغیر کی تاریخ میں یا کسی اور ملک کی تاریخ میں شاید ہی کوئی ایسا زمانہ نظر آئے گا جس میں کوئی نہ کوئی فنی، سیاسی، معاشرتی یا تکنیکی تبدیلیاں نہ ہوئی ہوں - یہی تبدیلیاں انسانی زندگی کے ہر شعبہ پر اپنا پرتو ڈالتی ہیں اور فنون اس کلیہ سے مستثنیٰ نہیں - زراعت کے پیشے نے معاشرہ کے پورے نظام کو تبدیل کر دیا - وہ معاشرہ جو مادری نظام پر مبنی تھا، زراعت کی وجہ سے اس میں بنیادی تبدیلیاں پیدا ہوئیں اور اس کی اساس اب پدری نظام ٹھہرا - ریاضی میں ہمیں گنتی کی ضرورت محسوس ہوئی تو ہم نے ہاتھوں کی دس انگلیوں کو استعمال کیا اور پھر پاؤں کی دس انگلیوں کو شامل کر کے ہمیں بیس کا عدد ہاتھ لگا جو ہماری گنتی میں بنیادی حیثیت رکھتا ہے، اسے پانچ دفعہ دہرانے سے ہمیں سو کا عدد ملتا ہے - آج بھی پنجاب کے دیہاتوں میں دو بیس، تین بیس وغیرہ کے حساب سے لوگ گنتی کرتے ہیں اور مشہور ضرب المثل میں کہ زور آور لوگوں کا سو سات بیس کا ہوتا ہے، اس کی جھلک ہمیں صاف دکھائی دیتی ہے - زمینوں کا کاروبار چلا تو ناپنے کا عمل پیچیدہ ہو گیا - اگر انسان زراعت کی طرف دھیان نہ دیتا تو شاید ریاضی میں کسروں کا نظام وجود میں نہ آتا - لیکن جس وقت انسان ناپنے تولنے کے عمل سے آگے بڑھا تو اس کے مشاہدے میں ایسے اعداد بھی آئے جن میں مقدار کے علاوہ جہت بھی ایک ضروری عنصر تھا - ریاضی میں یہ تبدیلی VECTOR کی صورت میں در آئی - اور اس تصور سے ہمارے پاس ایسے اعداد بھی آ گئے جن میں مقدار کے علاوہ سمت کا تعین بھی تھا - ریاضی میں یہ تبدیلی مقناطیسیت، بجلی کی رو، قوت اور اسراع وغیرہ کے تصورات سے پیدا ہوئی - ان ویکٹروں کی جمع، تفریق اور ضرب کے طریقِ کار سے ریاضی اور سائنس

Marfat.com

کا ایک، پورا نظام وجود میں آیا ۔ ویکٹر سے اگلا قدم TENSOR کا ہے جو ایسا عدد ہے جس میں مقدار کے علاوہ ایک سے زیادہ جہتیں ہوتی ہیں ۔ یہ دو تصورات ریاضی اور ہیئت کے علوم میں بنیادی تبدیلیاں پیدا کرنے کے ذمہ دار ہیں اور آج یہ علوم وہ نہیں رہے جو آج سے سو سال پہلے تھے ۔۷

ہمیں موسیقی کے شعبہ میں بھی اسی قسم کے انقلابات نظر آتے ہیں ۔ پہلے ذکر ہو چکا ہے کہ زمانۂ قدیم میں متون کا تصور تھا ، بعد میں بانی کا تصور پیدا ہوا اور اٹھارہویں انیسویں صدی میں گھرانوں کا تصور پیدا ہوا ۔ اس زمانے میں ہمیں موسیقی کے کئی گھرانے ملتے ہیں مثلاً پٹیالہ ، آگرہ ، رام پور ، سہسوان ، بھنڈی بازار ، جے پور ، اترولی ، کیرانہ وغیرہ ۔ لیکن ریکارڈنگ کی جدید سہولتوں کی وجہ سے ریڈیو کی آمد اور ذرائع آمد و رفت میں ترقی کی وجہ سے یہ ڈیڑھ ڈیڑھ اینٹ کی مسجدیں محض اس لیے ختم ہو رہی ہیں کہ ان وسائل کی بنا پر ان گھرانوں میں آپس کا لین دین اس وقت کے مقابلے میں کہیں زیادہ ہوگیا ہے جب یہ سہولتیں معدوم تھیں اور آج ایک گھرانا دوسرے کو شدید طور پر متاثر کرتا نظر آتا ہے ۔ اس باہمی لین دین سے ان کے آپس کے امتیازات و تشخصات بغیر کسی ارادے کے ختم ہو رہے ہیں[۸] اور آج نوبت یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ کرناٹک اور شمالی ہند کی موسیقی کا روایتی امتیاز بھی متاثر ہوتا نظر آتا ہے اس کی مثال ہمیں مٹوسوامی ڈکشیتار (وفات ۱۸۳۴ء) کی ہمیر کلیانی اور براندابنی سارنگ کی کیرتیوں کی بندشوں میں نظر آتی ہے جن میں شمالی ہند کی موسیقی کا رنگ صاف جھلکتا نظر آتا ہے ۔[۹] شمالی ہند کے کئی راگ آج کرناٹک روایت میں سرایت کر چکے ہیں ۔ اسی طرح کرناٹک سنگیت کے کئی راگ شمالی ہند کی موسیقی کا حصہ بن چکے ہیں ۔ مثلاً ہنس دھنی ، کر ہر پریہ ، ساویری وغیرہ ۔ یہ بھی کوئی اچنبھے کی بات نہیں کہ خیال

Marfat.com

گائیکی میں سرگم کرنے کا عمل بھی کرناٹک سنگیت ہی سے مستعار ہے - چنانچہ اس کلیہ سے کہ معاشرتی ، تکنیکی ، سائنسی تبدیلیاں فنون میں منعکس ہوتی ہیں اور ان کو متاثر کرتی ہیں ، استنباط کریں تو کوئی فن جامد اور غیر متحرک نہیں اور مسلسل ارتقائی عمل میں مصروف ہے -

اس نقطۂ نظر کے حامیوں کی تیسری دلیل یہ ہے کہ ہر معاشرہ اپنے آس پاس کے ترقی یافتہ معاشروں ، تمدنوں اور تہذیبوں سے اثرات قبول کرتا اور خود بھی ان کو متاثر کرتا ہے - یہ عمل برابر جاری رہتا ہے - اس لیے کسی معاشرہ کو بوتل میں سربمہر بند تصور نہیں کیا جا سکتا جس میں خود اس کے اندر ہی سے تبدیلیاں واقع ہوں یا وہ محض کسی فردِ واحد کی جینئس کا محتاج ہو - ہماری موسیقی کسی زمانے میں راگ راگنیوں ، ان کے بیٹوں اور بہوؤں اور پھر ان کی آل اولاد کے تصورات پر مبنی تھی - حقیقت میں یہ اس جاگیردارانہ سماج کا عکس تھا جس میں ایک جاگیردار کی کئی کئی بیویاں ہوتی تھیں اور ان سے اس جاگیردار کی بے شمار اولاد ہوتی تھی - اسی طرح راگ میں وادی ، سم وادی اور انو وادی سوروں کو قدیم کتابوں میں بالترتیب راجہ ، پردھان منتری اور سیناپتی گردانا گیا اور دیوادی سور کو دشمن قرار دیا گیا ہے - یہ بھی اسی قدیم سماج کا عکس ہے - بیسویں صدی میں جب اس نظام کی گرفت ذرا ڈھیلی پڑی تو چھ راگ اور چھتیس راگنیوں کا مختلف کنبوں پر مبنی جاگیردارانہ تصور ختم اور مت کا تصور موسیقی سے خارج ہوگیا -

اس کے برعکس سترھویں اٹھارھویں صدیوں میں مغربی اقوام کے ساتھ ہارمونیم ہماری موسیقی میں کم نام راستوں سے داخل ہوا اور ہماری موسیقی سے مختلف المزاج ہونے اور اپنے خلاف تمام تر کوششوں کے باوجود آج ہماری موسیقی میں پردھان ہے - انگریزی معاشرت کے تحت ہمارے ہاں ایک نئے سنگیت نے جنم لیا ہے جسے ہم فلمی موسیقی بھی کہہ سکتے ہیں ،

Marfat.com

جو دستوری موسیقی کے تمام ضابطوں سے تقریباً آزاد ہے - وہ اپنے مخصوص فنی اصولوں کے تحت وجود میں آتی ہے - اس میں وہی آزادی جھلکتی ہے جو مغربی تہذیب ایک فرد واحد کو معاشرہ میں عطا کرتی ہے - اس سے اگلا قدم موسیقی کی تاریخ میں وہ کاوش ہے جس کے پیش نظر ہماری موسیقی کو آرکسٹرا کے ذریعہ پیش کرنے اور اس کی ترمیم پر اصرار ہے - پاکستان میں تو نہیں ، ہندوستان میں اس کاوش کی بہت سی مثالیں ملتی ہیں - انہی عوامل کے تحت عوامی موسیقی میں رابندر سنگیت قسم کی موسیقی بنگال میں وجود میں آئی - ان کاوشوں کو جو موسیقی میں آئندہ انقلابات کا پیش خیمہ ثابت ہو سکتی ہیں کسی لارڈ کرزن یا لارڈ ہارڈنگ یا کسی فرد واحد سے منسوب کرنا آج کتنا مضحکہ خیز معلوم ہوتا ہے -

دوسرے زمرے میں وہ عوامل نظر آتے ہیں جو فن کے اندر ہی موجود ہوتے ہیں اور اس میں تحرک اور انقلاب کا باعث بنتے ہیں - یہ قطعاً تکنیکی اور فنی نوعیت کے ہیں - جہاں پہلے زمرے کے عوامل عطائیوں اور موسیقی دانوں کو دعوت فکر دیتے ہیں اور موسیقی کے علاوہ علم کے دیگر شعبوں کے علما کو تحقیق کی طرف راغب کرتے ہیں ، وہاں یہ سرزمین کہیں سنگلاخ ہے اور علم موسیقی کے گہرے اور سائنٹیفک مطالعہ کے بعد ہی کوئی سکالر اس سرزمین میں قدم رکھ سکتا ہے - یہ تو ہم دیکھ ہی آئے ہیں کہ ابھی تک موسیقی میں تحقیق کا دائرہ راگوں اور تالوں تک ہی محدود تھا اور ان کی اختراعات و ایجادات کا سہرا مختلف افراد کے سر باندھا جاتا رہا ہے - ایک طرف تو اس قسم کی تحقیق موسیقی کے تمام انقلابات کا احاطہ نہیں کرتی اور دوسری طرف یہ فن کی ناواقفیت کی طرف ایک بلیغ اشارہ ہے -

موجودہ تحقیق کا طرز عمل یہ ہے کہ وہ اس بات کو تسلیم کرتی ہے کہ ہر دور میں ہر تہذیب میں دو قسم کی موسیقی مروج رہی ہے ؛ ایک وہ

Marfat.com

جو دستوری موسیقی یا کلاسیکی موسیقی کہلاتی ہے ، جس میں ایک رکھ رکھاؤ ، سلیقے قرینے کے علاوہ ایک شدید ضابطہ ہوتا ہے اور جس کی پیروی موسیقی کی کسی تصنیف میں حصہ لینے والے تمام فن کاروں پر لازمی ہوتی ہے - یہ موسیقی کی ارفع ترین سطح ہے اور سنسکرت میں اسے ''انبدھا'' گانا کہتے ہیں -

اس ارفع ترین سطح کے نیچے موسیقی تہ در تہ سطحوں میں موجود ہے اور اس کی انتہائی نچلی سطح عام گفتگو میں غنائی عنصر ہے - اس ارفع ترین سطح اور اسفل ترین سطح کے درمیان موسیقی کی مختلف صورتیں نظر آتی ہیں جنھیں عوامی موسیقی ، فلمی موسیقی ، لوک سنگیت ، دیسی موسیقی ، مقامی موسیقی ، وغیرہ کے نام دیے جا سکتے ہیں - ایسی موسیقی کے لیے ''انبدھا'' کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے -

پرانی کتابوں میں دستوری اور عام موسیقی کے لیے مارگ اور دیسی کی اصطلاحیں استعمال ہوئی ہیں - آج کل کے حکما ان کو مختلف نام دیتے ہیں - اعلیٰ ترین موسیقی کے لیے Ideational ، درمیانی سطح کو Idealistic اور عوامی موسیقی کو Sensate کے نام دیے گئے ہیں[۱۰] -

موسیقی کی ان مختلف سطحوں خصوصاً دستوری موسیقی اور عوامی موسیقی کے درمیان ہر زمانہ میں اہم رشتہ موجود رہا ہے - دستوری موسیقی کی جڑیں عوامی موسیقی میں ہوتی ہیں - دوسرے لفظوں میں ہم لوک سنگیت کو وہ زمین قرار دے سکتے ہیں جس میں کلاسیکی موسیقی کے تناور اشجار اور چمن زار قائم ہیں - تاریخ میں اس رشتہ کی نشاندہی ہماری موسیقی کے راگوں کے ناموں سے ظاہر ہوتی ہے - اور راگوں کے یہ نام اس رشتہ کا اہم ترین ثبوت ہیں - ان میں سے چند ایک نام یہ ہیں : بھیروں ، اھیر بھیروں ، گونڈ ، پہاڑی ، ٹوڈی ، آندھرا ، ساکا ، گوجری ، کھوکھر راگ ، ابھیری ، بلاول ، بلاولی وغیرہ[۱۱] -

Marfat.com

یہ نام صدیوں سے ہماری موسیقی میں چلے آ رہے ہیں اور ان قبائل کی موسیقی کی نمائندگی کرتے ہیں جسے ہم نے اپنی دستوری موسیقی کے خزانوں میں داخل کر لیا ہوا ہے - عین ممکن ہے کہ جس انداز میں ہمارے ہاں 'ہیر' گائی جاتی ہے مستقبل میں وہ راگ کا درجہ حاصل کر کے منضبط موسیقی میں داخل ہو جائے -

منضبط موسیقی اور عوامی موسیقی کے رشتہ کا سراغ موسیقی کی ان اوضاع Forms سے بھی لگایا جا سکتا ہے ، جو کسی علاقے میں لوک شاعری کی اوضاع تھیں ، لیکن موسیقی میں در آئیں - ان اوضاع میں ٹپہ آتا ہے جو پنجابی شاعری کی ایک صنف ہے - اسی طرح ٹھمری ، کجری ، چھیتی ، دادرا وغیرہ یو ، پی کے مشرقی حصہ کی لوک شاعری کی اصناف تھیں جنھیں موسیقاروں نے اپنا لیا - پنجاب میں ٹپہ کی طرح 'ماہیا' بھی لوک شاعری کی ایک وضع ہے - ممکن ہے کسی وقت یہ بھی کلاسیکی موسیقی کا حصہ بن جائے -

یہ ثابت ہو جانے پر کہ دستوری موسیقی اور عوامی موسیقی میں ایک رشتہ ہے جسے ہم عمل اور ردِ عمل کا رشتہ کہہ سکتے ہیں ، ہمیں اس کی تلاش موسیقی کی تاریخ میں بھی کرنی چاہیے تاکہ موسیقی کے اندر انقلابات کی نوعیت واضح ہو سکے -

برِ عظیم میں ویدک عہد سے پہلے کی موسیقی کے بارے میں ہماری معلومات بہت کم ہیں اور جو تھوڑی بہت ہیں بھی تو ان پر انڈس ویلی کلچر کے رسم الخط کے نہ پڑھے جانے کی وجہ سے کوئی روشنی نہیں پڑتی - اس لیے یہ جانتے ہوئے بھی کہ ہماری تاریخ کی ابتدا ویدک عہد سے بہت پہلے ہوئی ، ہمیں اس زمانے سے (۱۵۰۰ ق م تقریباً) ہی آغاز کرنا پڑتا ہے -

Marfat.com

ویدک عہد میں دو طرح کی موسیقی تھی - اعلیٰ ترین موسیقی کو سام گانا کہتے تھے - اس میں رگ وید کی وہ مناجات گائی جاتی تھیں جن کو یک جا کر کے سام وید کا نام دیا گیا تھا چونکہ یہ مناجات مذہبی تھیں اس لیے ان کے گانے کے لیے ان کے الفاظ اور موسیقی کی صحت اور انداز کو بڑے مضبوط ضابطہ کے تحت کر دیا گیا تھا - سوائے چند مخصوص خاندانوں کے جن کا پیشہ فقط یہی تھا ، انھیں کسی اور کو گانے کی سخت ممانعت تھی - ان کو گانا صرف انہی خاندانوں کی اجارہ داری تھی - اس وجہ سے سام گانے کا ایک خاص احترام ، ایک خاص ضابطہ ، ایک خاص تقدس اور ایک خاص حیثیت تھی - اور عوام کو اس سے دور رکھنے کے قوانین بھی موجود تھے - عوام کے جذبات کے اظہار کے لیے اس موسیقی کی ممانعت تھی - چنانچہ اس مقصد کے لیے اس زمانے میں ایسی موسیقی تھی جسے 'سمیترا' کا نام دیا گیا ہے اور یہ عوام کے جذبات کا ذریعہ اظہار تھی - اس کی بھی اپنی قسمیں تھیں مثلاً 'گاتھا' 'ناراشنسی' اور 'اوکتھا' - اگرچہ قربانی کی رسومات پر اس موسیقی کی عام اجازت تھی ، لیکن اس کو وہ تقدس و احترام حاصل نہ تھا جو صرف سام گانا کا حصہ تھا - امتداد زمانہ کے ساتھ ساتھ سام گانا اپنی حرمت اور تقدس کھو بیٹھا اور اس کی جگہ اس سمیترا موسیقی نے لے لی - چنانچہ اب یہ عوام کی بجائے خواص کی موسیقی بن گئی اور اسی تقدس و احترام کی حامل ہو گئی -

اس مقام عروج پر پہنچ کر کچھ عرصہ بعد جس کا تعین ریکارڈ کی عدم موجودگی میں ہم نہیں کر سکتے - تاہم یہ کئی صدیاں ہو سکتا ہے یہ طریق غنا بھی متروک ہو گیا اور اس کی جگہ اس موسیقی نے لے لی جو اسی زمانے میں عوام کی موسیقی تھی - اور جسے گندھرو موسیقی کا نام دیا گیا ہے -

لفظ گندھرو ویدک عہد اور ہندو مذہب میں کثرت سے استعمال

Marfat.com

ہوا ہے اور اسے ایک اہم مذہبی تقدس حاصل تھا ۔ اوستا اور رگ وید میں یہ لفظ کچھ مبہم طریقے سے استعمال ہوا ہے ۔ لیکن اتھر وید میں اس کی کافی وضاحت ملتی ہے ۔ اس کے چند در چند مفاہیم[۱۲] میں جنت الفردوس کے موسیقار شامل ہیں ۔ آج بھی جب ہم موسیقی جاننے والوں کی درجہ بندی کرتے ہیں تو یہ لفظ موسیقار کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے ۔ ابتدا ہم پنڈت سے کرتے ہیں جو موسیقی کا واجبی سا علم رکھتا ہے ۔ دوسرا درجہ گنی کا ہے جو پنڈت سے افضل تر ہے ۔ تیسرا درجہ کامل کا ہے جو گندھرو کہلاتا ہے یعنی وہ جو زمانہ ماضی کے علم موسیقی (مارگ سنگیت) اور دیسی موسیقی (یعنی مروجہ موسیقی) پر مکمل عبور رکھتا ہو[۱۳] ۔ موسیقی کے عالموں کی یہ درجہ بندی موسیقی کی تاریخ میں کچھ ادوار کی غماز ہے ۔ چنانچہ اس موسیقی نے جو شروع شروع میں عوامی موسیقی تھی ، آہستہ آہستہ سمیترا موسیقی کے مقام کو حاصل کر لیا ۔ اس موسیقی کا تذکرہ ہمیں موسیقی کی قدیم ترین کتاب نٹ شاستر (۵۰۰ق م تا ۲۰۰ق م) میں بھی ملتا ہے ۔ اس ماخذ سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ سمیترا موسیقی کا مقام حاصل کرنے کے بعد اس کے پہلو بہ پہلو ایک عوامی موسیقی بھی مروج تھی ۔ اس کی شکل 'دھرو' کی تھی اور اس زمانے میں اس سے سٹیج ڈراموں میں کام لیا جاتا تھا ۔ بعد کی کتابوں میں ایسے مارگ موسیقی (سماوی ، ماورائی ، اصولی) بھی لکھا گیا ہے ۔ اور مارگ موسیقی بن کر اس نے اپنے پیشرووں کی طرح تقدس حاصل کر لیا اور غیرمقبول ہوگئی ۔ اس طرح یہ بھی عملی موسیقی سے خارج ہوگئی ۔ اس کا محض ایک تصور رہ گیا جو آج کل ہمیں تاریخ کی کتابوں میں ملتا ہے ۔ اس کا مقام پھر دیسی موسیقی نے اپنا لیا اور عوامی سطح پر دھرو کی جگہ اب پربندھ رائج ہوگیا ۔ پربندھ کا رواج چھٹی صدی عیسوی سے لے کر بارھویں صدی تک قائم رہا ۔ اور اس کا تذکرہ اس زمانے کی موسیقی پر مستند کتابوں میں ملتا ہے[۱۴] ، جس سے اس کی ساخت ، ہیئت اور اس کی ادبی حیثیت پر

Marfat.com

روشنی پڑتی ہے ۔ اس زمانے میں موسیقی کی اعلیٰ ترین سطح سے دھرو غائب ہو چکا تھا اور پربندھ کے لیے جگہ خالی ہو چکی تھی ۔ پندرھویں صدی کے قریب پربندھ بھی ارفع مقام پر جا پہنچا اور اس کو مارگ سنگیت کا تقدس حاصل ہونا شروع ہوا ۔ یعنی وہ سنگیت یا اصول موسیقی جو ماضی کے کسی زمانے میں مروج تھا ۔ اور اس کی جگہ "دھروپد" عوامی موسیقی میں در آیا ۔ لیکن اٹھارہویں صدی کے قریب اس موسیقی کو بھی مندروں میں دھکیل کر اور تقدس کی چھاپ لگا کر عوام کی نظروں سے اوجھل کر دیا گیا جس کے نتیجہ میں یہ خواص الخواص کی موسیقی بن کر رہ گئی ۔ آج کل اس کے محض چند نمائندے ، جنھیں صرف ایک ہاتھ کی انگلیوں پر گنا جا سکتا ہے ، باقی رہ گئے ہیں اور اس نے جو مقام خالی کیا اس پر آج کل خیال کا قبضہ ہے[۱۵] ۔

موسیقی کی تاریخ کے اس جائزہ سے چند ایک امور سامنے آتے ہیں :

۱۔ موسیقی کی تاریخ انقلابات سے کبھی خالی نہیں رہی ۔ بلکہ یہ کہنا درست ہوگا کہ انقلابات اور تحرک موسیقی کی تاریخ کا مخصوص امتیاز رہا ہے ۔

۲۔ دستوری موسیقی اور عوامی موسیقی کا رشتہ واضح ہو جاتا ہے اور یہ امر بھی واضح ہو جاتا ہے کہ منضبط موسیقی کی جڑیں عوامی موسیقی میں ہیں جہاں سے منضبط موسیقی حرارت ، حرکت اور زندگی حاصل کرتی ہے ۔ یہ حرکت صعودی ہے اور نیچے سے اوپر جاتی ہے ۔

۳۔ عوامی سطح پر موسیقی سیاسی ، معاشرتی ، معاشی اور تکنیکی تبدیلیوں کی آماجگاہ ہے اس لیے یہ تبدیلیاں رفتہ رفتہ منضبط موسیقی میں سرایت کرتی چلی جاتی ہیں ۔

Marfat.com

۴- اور اہم ترین نکتہ یہ ہے کہ منضبط موسیقی وہ ارفع ترین مقام ہے جسے حاصل کرنے کے بعد منضبط موسیقی کی روایت اپنے آپ کو پہلے موت کے قریب کر دیتی ہے اور پھر اُس کے سپرد کر دیتی ہے اور اس کا تصور بھوت کی طرح صرف تاریخ میں باقی رہ جاتا ہے - یہاں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آخر ایسا کیوں ہوتا ہے ؟

اس سوال کا جواب ہمیں فن میں روایت اور تخلیقی صلاحیت کے مخصوص اور اہم رشتے کی طرف لے جاتا ہے - اور یہ رشتہ کسی بھی فن میں اہم بنیادی اہمیت کا حامل ہے -

یہ تو واضح ہو چکا ہے کہ دستوری موسیقی ، منضبط موسیقی ، یا وہ موسیقی جس کو ہم موسیقی کی اعلیٰ ترین سطح کہتے ہیں ایک روایتی فن ہے - لیکن روایت بذاتِ خود کیا ہے[۱۹] ؟

روایت کی تعریف ہم یوں کر سکتے ہیں کہ روایت ایک عمل ہے جو ایک نسل اپنے آنے والی نسلوں کو مسلسل منتقل کرتی چلی جاتی ہے - اس عمل میں عام مقاصد ، آدرش ، خیالات ، عادات قواعد و ضوابط ، تکنیک اور زندگی کی اقدار شامل ہیں - صدیوں کے تجربوں کے بعد کوئی اصول یا کوئی تکنیک وجود میں آتی ہے اور پھر کئی صدیوں کے بعد یہ روایت کا درجہ حاصل کر کے آئندہ نسلوں کو منتقل ہونا شروع ہو جاتی ہے - موسیقی کے حوالے سے ہم روایت کو فن کے اصول و ضوابط اور تکنیک قرار دے سکتے ہیں -

روایت کو معاشرتی ورثہ بھی کہا گیا اور اس کا علم حیاتیات کے قانون وراثت سے بھی تطابق کیا گیا ہے - اس کا دائرۂ کار یہ ہے کہ (۱) یہ انسانی رویوں کے مثالی نمونوں کا تعین کرتی ہے (۲) یہ تسلسل

Marfat.com

کا اصول ہے اور (۳) یہ ماضی کے حاصل کی مستقبل کی طرف ترسیل کرتی ہے -

انسانی علوم و فنون کے ہر شعبہ میں روایت ہی تسلسل کا ذریعہ ہے - ماضی کے تمام حاصل کو آئندہ نسلوں تک پہنچانے کا منصب روایت ہی کو تفویض ہوا ہے - لیکن انسانی عمل کی کشمکش میں صرف روایت ہی ایک اصول نہیں ہے جو برسرکار ہو - اس کے علاوہ ایک اور قوت بھی انسانی عمل میں دخیل ہے اور وہ ہے انسان کی تخلیقی صلاحیت - چنانچہ روایت اور تخلیقی صلاحیت کی کشمکش سے انسانی زندگی کے فنی شعبوں میں حرکت پیدا ہوتی ہے - روایت سے انسانی تجربہ کی حفاظت کی جاتی ہے اور اس تجربہ کو ایک تسلسل ملتا ہے - تجربہ کو استحکام دینے کا عمل بھی روایت ہی کے ذریعے وجود میں آتا ہے لیکن ان حدود کو پھلانگ کر اگر روایت مقصد بالذات ہو جائے تو ایک طرف تو یہ اتنی طاقتور ہو جاتی ہے کہ انسان کی تخلیقی صلاحیتوں پر اظہار کے تمام راستے مسدود کر دیتی ہے اور دوسری طرف خود اپنی موت کا سامان فراہم کر لیتی ہے -

اس کے برعکس انسانی کشمکش میں دخیل دوسری قوت یعنی تخلیقی صلاحیت انسانی جدوجہد کو ایک تازگی اور ندرت فکر و عمل عطا کرتی ہے - اگر روایت سے استحکام وجود میں آتا ہے تو تخلیقی قوت سے ترقی اور تحرک کے راستے کھلتے ہیں لیکن اس قوت کو بھی بروئے کار لانے کے لیے ایک ضابطہ ہونا چاہیے - کیونکہ اگر اس قوت کی تحدید نہ کی جائے تو ہر طرف افراتفری اور نراجیت براجمان ہو جائے گی - چنانچہ یہ قوت بھی ایک ضابطہ کے اندر رہ کر ہی اپنے مقصد سے عہدہ برآ ہو سکتی ہے - بقول اقبال "می شود از جبر پیدا اختیار" -

چنانچہ اس نقطۂ نظر سے دیکھیں تو موسیقی کی پوری تاریخ روایت

Marfat.com

اور تخلیقی قوت کا ایک جدلیاتی مظہر ہے۔ یہ دونوں قوتوں کی رزم گاہ ہے اور ہمارے لیے مقام عبرت تاکہ ہم روایت اور تخلیق کی قوتوں کی مناسب حد بندی کریں اور ان دونوں کو اپنے اپنے دائرہ کار میں محدود رکھیں۔ ساتھ ہی ساتھ ترقی اور اختراع کی جستجو افراد کے حوالوں سے نہیں بلکہ اصولوں اور ان قوتوں کی معرفت کریں اور ان دونوں میں ایک توازن برقرار رکھیں۔

ان امور سے یہ تو واضح ہو جاتا ہے کہ روایت کا لازمی جزو تقلید ہے اور تخلیقی قوت کا مظہر غیر مقلد ہونا۔ انفرادی اور اجتماعی سطح پر ان دونوں کا باہمی ربط اور عمل اور رد عمل ایک بہت ہی وسیع موضوع ہے۔ اور یہ سطور اس کا احاطہ نہیں کر سکتیں۔ البتہ موسیقی میں صرف انفرادی سطح پر اپنے حدود میں رہ کر اس صلاحیت کو بروئے کار لانے کی ایک مثال ہم پیش کر سکتے ہیں۔

پہلے حدود یا وہ فریم ورک جو کسی فن کار کو اپنی قوتِ تخلیق کے لیے ایک میدان مہیا کرتا ہے:

انھی سکیل پر غور کریں تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس کی ساخت وہ سکیل ہے جسے موسیقی کی گرامر میں ہم Diatonic Scale کہتے ہیں۔ اس میں کم از کم دو ٹونز Tones ہوں۔ ہماری سکیل میں یہ ٹونز سا سے رے، ما سے پا اور پا سے دھا تک موجود ہیں۔ چنانچہ ہر راگ میں کم از کم دو ٹونز موجود رہتے ہیں۔ یہ سکیل موسیقی کے لحاظ سے غیر متوازن ہے اور اس کا غیر متوازن ہونا ہی فن کی تخلیقی قوتوں کو میدانِ عمل مہیا کرتا ہے۔

توازن اور تشاکل انسانی فطرت کے اہم تقاضے ہیں۔[۱۴] شعوری یا غیر شعوری طور پر ایک با صلاحیت فن کار ان کی تلاش میں سرگرداں رہتا

137971

Marfat.com

ہے ۔ اور عملی طور پر وہ سکیل میں توازن اور تشاکل کو بحال کرنے کے لیے مختلف طریقہ ہائے کار اختیار کرتا ہے :

اول : کسی غنائی تصنیف (راگ) سے کوئی سُور حذف کر دینا ۔

دوم : کسی تصنیف میں ایک آدھ سور (کَن) کا اضافہ کر دینا ۔

سوم : کسی غنائی تصنیف میں تشاکل یا توازن کی بحالی کے لیے کسی سور کو 'وکر' کر دینا (اپنے اصلی مقام سے ہٹا دینا) ۔

چہارم : کسی سور کی سینڈ کے ذریعہ توازن بحال کر دینا ۔

ان چاروں طریقوں میں سے کسی ایک پر عمل کرنے سے راگ کے بنیادی یا ٹیپ کے سوروں کی حرکی نوعیت یکسر بدل جاتی ہے اور اس عمل کے تسلسل کی بنا پر ایک نئی غنائی تصنیف یا راگ وجود میں آتا ہے ۔[۱۸] اس طرح موسیقی میں تخلیق اور حرکت کے عناصر داخل ہوتے ہیں ۔ ہماری موسیقی میں راگوں کی پیدائش کا یہ نظریہ سائنٹیفک ہے اور اس نظریہ سے کہیں افضل جس کے تحت راگوں کی پیدائش کے عمل کو صرف ایک ہی فن کار سے منسوب کیا جاتا ہے ۔

یہاں یہ بات بھی ذہن میں رکھنی چاہیے کہ اس عمل میں صرف ایک فن کار نہیں بلکہ کئی فن کاروں کا دخل ہوتا ہے ۔ ہماری موسیقی کی وہ روایت جسے ہندی میں گرو "شیشیہ پرم پرا" کہتے ہیں ، یعنی استادی شاگردی کی روایت اس عمل میں بہت اہمیت رکھتی ہے ۔ سالوں میں نسل در نسل یہ عمل چلتا ہے اور پھر کوئی نئی روایت (راگ) مرتب ہوتی ہے ۔

اس نقطۂ نظر سے دیکھیں تو فن کار کا اپنا زمانہ ، اس کا معاشرہ ، اس کا زندگی سے متعلق نقطۂ نظر ، اس کے عادات و خصائل کے علاوہ اس کی فنی اور غیر فنی تعلیم اور فن میں اس کا مرتبہ بھی اہم عوامل ہیں ۔

ایک اور عامل جو اس سارے عمل میں بڑا دخل رکھتا ہے یہ امر

Marfat.com

ہے کہ موسیقی بنیادی طور پر جذبات اور احساسات کا ذریعۂ ابلاغ ہے۔ اس لیے لازم ہے کہ فن کار خود جذبات اور احساسات کی دولت سے مالا مال ہو تاکہ وہ اپنے سامعین تک اس میں سے کچھ پہنچا سکے۔ اگر وہ اس دولت سے عاری ہے تو اس کا فن میکانکی نوعیت کا ہوگا جس کی گرامر تو شاید درست ہو لیکن اس کے پاس پیغام کوئی نہ ہو۔ غیر دستوری موسیقی میں احساسات اور جذبات کی دولت سے تہی دستی اس لیے چھپ جاتی ہے کہ سامعین کی توجہ الفاظ پر مرکوز ہو جاتی ہے اور وہ شاعرانہ پیغام کو وصول کرنے میں مصروف ہو جاتے ہیں۔ لیکن دستوری موسیقی میں توجہ کا نقطۂ ارتکاز محض فن ہے بول نہیں۔ اس لیے لازم ہے کہ فن پر قدرت کے علاوہ فن کار کے پاس اپنے سامعین تک پہنچانے کے لیے احساسات اور جذبات سے بھرپور کوئی پیغام ہو۔ (اسے ہندو جمالیات میں 'رس' کہا جاتا ہے۔)

ان ملاحظات سے یہ بات روشن ہو جاتی ہے کہ اگر ذریعۂ ابلاغ کے ایک طرف فن کار ہے تو دوسری طرف سامعین ہیں اور وہ اس ابلاغ میں اتنے ہی اہم ہیں جتنا کہ فن کار بذاتِ خود۔ چنانچہ ایک عامل یہ بھی ہے جو فن کو متاثر کرتا ہے اور سامعین کی بدلتی ہوئی پسند، ناپسند، ان کی اپنی سلیقہ مندی اور ان کا فن میں اپنا مقام موسیقی میں تحرک کا ذریعہ ہیں۔ موسیقی میں انقلابات کا مطالعہ کرتے وقت اس سبب کو بھی نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔

برعظیم کی موسیقی اور اسلامی موسیقی (یہاں مراد ایرانی موسیقی ہے جسے مقامِ ایقاع کا نام دیا جاتا ہے) کے باہمی ادغام کے بارے میں ایک دلچسپ سوال یہ ہے کہ ایرانی موسیقی کا دار و مدار اس صوتی فاصلے Interval پر نہیں ہے جو برعظیم کی موسیقی کی بنیاد ہے۔[۱۹] مقام ایقاع میں یہ صوتی فاصلہ ۲ سیمی ٹونز = ایک ٹون کا نہیں بلکہ ۳/۴ ٹون کا ہے۔ اس لیے اس

Marfat.com

نظامِ موسیقی کی ہیئت اور جبلت اپنے تمام ہمسایہ ممالک سے بشمول برِعظیم کے ، سراسر مختلف ہے ۔ اس وجہ سے وہ یہاں کی موسیقی کے بنیادی ڈھانچے پر اثر انداز نہ ہو سکی ۔ اس کا اپنا تشخص بھی قائم رہا اور برِعظیم کے نظام کا بھی ، ما سوائے ان علاقوں کے جہاں اس موسیقی کو قبولِ عام نصیب ہوا جیسا کہ کشمیر میں ۔ کشمیر کی موسیقی اور ایرانی موسیقی میں بہت مماثلت پائی جاتی ہے ۔[۲۰]

اس نہج کے مفکرین کا مزید استدلال یہ ہے کہ اسلامی موسیقی یہاں کی موسیقی پر کوئی دیرپا اثرات مرتب نہ کر سکی ۔ اس لیے فارسی زبان میں جو کچھ یہاں کی موسیقی پر لکھا گیا ہے وہ یا تو سنسکرت کی کتابوں کے تراجم ہیں یا ان کے چربے ۔

ایک حد تک یہ دونوں ملاحظات درست ہیں ۔ لیکن ان اختلافات کے باوجود ایرانی موسیقی نے یہاں کی موسیقی پر دیرپا اثرات مرتب کیے ہیں ۔ صرف اوضاع (Forms) میں قوالی ، غزل ، ترانہ اور بڑی حد تک خیال (یعنی دہرپد کے مقابلے میں رومانٹک گائکی) اسی ایرانی موسیقی کی مرہونِ منت ہے ۔ Chromatic سکیلوں کا اجرا بھی مقام ایقاع نظام کے اثرات کے تحت ہوا ۔[۲۱] موسیقی میں صوت کی الفاظ کی گرفت سے آزادی بھی اسی وجہ سے ظہور میں آئی ۔[۲۲] مرکبوں ، زمزموں اور تانوں کا رواج بھی اسی نظام کے اثرات کے سبب ہے ۔

جہاں تک کتابوں کا تعلق ہے تو یہ مشاہدہ اکثر و بیشتر کتابوں پر درست فتویٰ ہے ۔ لیکن فارسی کی چند ایسی کتابیں بھی ہیں جو سنسکرت کتابوں کی عام روش سے ہٹ کر لکھی گئی ہیں اور عہد آفریں ثابت ہوئی ہیں ۔ اصول النغمات الآصفیہ (۱۸۱۳) ایسی ہی ایک کتاب ہے جو عہد آفریں ہے اور جس نے اس زمانے کی مروجہ موسیقی کی دھجیاں بکھیر کر رکھ دیں اور اس نظامِ موسیقی کے لیے جو آج برِعظیم میں رائج ہے ، ایک

Marfat.com

مضبوط بنیاد مہیا کی ۔

مزامیر کے بارے میں یہ حکماء اس بات کے ضرور قائل ہیں کہ اسلامی ممالک کے مزامیر دور دراز ممالک تک پہنچے اور وہاں کے سازوں کا حصہ بن گئے ۔ ان کے خیال میں سکیل ایک صوتی ڈھانچا ہے اس وجہ سے اس کا ایک جگہ سے دوسری جگہ انتقال مشکل ہے ۔ لیکن اس کے مقابلے میں مزامیر کا ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا نسبتاً آسان ہے ۔[۲۳]

موسیقی کی اوضاع میں خیال کا معاملہ متنازع فیہ ہے ۔ اور اس تنازعہ میں مزید الجھاؤ پاکستان کے ان محققوں نے پیدا کر دیے ہیں جنھوں نے اسے نفسیات کی اصطلاحوں مثلاً شعور ، لاشعور ، تحت الشعور یا تصوّف کی اصطلاحوں میں اتنا الجھا دیا ہے کہ اس کا سر پیر دریافت کرنا محال ہے ۔[۲۴] یہ محقق موسیقی کی مبادیات سے ناواقف ہیں اور ان کی اسناد تیسرے درجے کے موسیقار ہیں ، لیکن اس کے باوجود وہ موسیقی کے اس الجھے ہوئے مسئلہ پر اظہارِ خیال کرنا احسن خیال کرتے ہیں ۔ موسیقی کے ثقہ حکماء میں اس صنف کے بارے میں تنازع ہے ۔[۲۵] خیال نام کی کوئی وضعِ موسیقی ہمیں ایرانی ، ترکی ، عربی نظاموں میں نہیں ملتی ۔ کچھ حکماء اس کا مخرج قوالی کو گردانتے ہیں[۲۶] اور کچھ اس کو دھروپد ہی کی ارتقائی شکل قرار دیتے ہیں[۲۷]۔ ان کو خیال کی پیچیدگیوں میں دھروپد ہی کی پیچیدگیاں نظر آتی ہیں گو وہ خیال میں نہ اتنی منضبط ہیں اور نہ ہی اتنی شدید ۔ تاہم یہ مسئلہ بھی ابھی تک تصفیہ طلب ہے[۲۸]۔

اس طویل بحث کو ختم کرنے سے پہلے موسیقی کے شعبہ میں محققین کی ایک سنگین غلطی کی نشاندہی بہت ضروری ہے ۔ یہ محقق برِ عظیم میں ہندوؤں اور مسلمانوں کے ہمہ گیر ثقافتی پہلوؤں کو نظر انداز کر کے صرف موسیقی کے عملی شعبہ ہی پر اپنی توجہ مرکوز کرتے رہے ہیں اور

Marfat.com

اس شعبہ کا ثقافت کے کسی پہلو سے مثلاً ادب ، شاعری ، مصوری ، دینی عقاید ، زندگی کی دیگر اقدار اور معاشرتی رسم و رواج کو انھوں نے کبھی مد نظر نہیں رکھا ۔ ثقافت کے یہ پہلو مؤرخوں کی نظروں میں تو رہے ہیں لیکن انھوں نے موسیقی کے عملی یا علمی پہلو پر کبھی مناسب روشنی نہیں ڈالی ۔

برِ عظیم میں ہندو مسلم ثقافت کو کشمکش اور تناؤ کی ایک طویل داستان کہہ سکتے ہیں جو تقریباً بارہ صدیوں پر محیط ہے ۔ ثقافت کی اس تاریخ کا نقطۂ آغاز دونوں مذاہب کے زندگی کے بارے میں نظریات اور عقاید ہیں جو آپس میں شدید طور پر متصادم ہیں ۔ ہندو مذہب کئی عقاید کا ، جو صدیوں سے اس میں وتتاً فوقتاً داخل ہوتے رہے ہیں ، ایک غیر منظم اور بے ترتیب مجموعہ ہے ۔ اس میں وحدانیت بھی ہے ، اصنام پرستی بھی ہے (بتوں کی تعداد اس وقت ہزاروں میں ہے) جنس پرستی بھی ہے ، الحاد بھی ہے ، تناسخ بھی ہے اور اس کے اصل عقاید (جو شاید کبھی رہے ہوں) سے متصادم وہ عقاید بھی ہیں جو ویدک مذہب کے خلاف تحریکیں (مثلاً بدھ مت ، جین مت وغیرہ) لیکر اٹھے اور پھر اسی مذہب میں ضم ہوکر رہ گئے ۔ اس کا آغاز رگ وید کی نظموں سے ہوتا ہے ۔ ازاں بعد اس میں اپنشدوں کا فلسفہ ، پھر فلسفہ کے چھ مکاتیب جن میں ویدانت کی مابعد الطبیعیاتی موشگافیاں اور خیال کی نزاکتیں ہیں ، بھگتی تحریک ، شو مت ، وشنو مت ، لنگایت اور اس کی مختلف صورتیں تاحال موجود ہیں ۔

اس کے بر عکس اسلام کا منبع قرآن ، جسے خدا کا کلام ماننا مسلمانوں کا جزوِ ایمان ہے اور حدیث ہیں ۔ جو عناصر باہر کی تہذیبوں سے اسلام میں داخل ہوئے ان کو قرآن اور حدیث کے تابع کر دیا گیا ۔ ہندو مذہب کے حزن و انقباض ، جذباتیت اور فلسفہ کے بر عکس اسلام زندگی کے بارے میں پُر جوش ہے اور سادہ مزاج ہے ۔ ہندو کے ہاں زندگی کی اعلیٰ ترین

Marfat.com

قدر حقیقت کی تلاش ہے اور مسلمان کے نزدیک عدل۔[۲۹] اسلام عمل پر زور دیتا ہے اور ہندو مذہب زندگی سے فرار پر ۔ اسلام بنی نوع انسان کی وحدت کا داعی ہے اور نسل اور ذات پات کی گرفت کا سخت مخالف ۔ اس وجہ سے یہ جغرافیائی حدود سے بے نیاز ہے ۔ اس کے برعکس ہندو مذہب صدیوں سے جغرافیائی حدود میں مقید رہا ہے اور آج بھی ہے ۔

عقاید کا یہ فرق پوری تاریخ میں زندگی کے ہر شعبہ کو متاثر کرتا رہا اور فنون میں ایک مسلسل تصادم اور کشمکش کی صورت میں ظہور پذیر ہوتا رہا ہے ۔ یہ الزام بے بنیاد نہیں ہے کہ بارہ سو سال تک اس سر زمین پر رہنے کے باوجود مسلمانوں کی فکر اور فنون کے وجدان کے سرچشمے ہندوستان سے باہر ہی ملتے ہیں ، ہندوستان کے اندر نہیں ۔[۳۰] وہ اس سرزمین پر حکمران رہے لیکن اس کو انھوں نے کبھی اپنایا نہیں ۔ کیونکہ اگر وہ ایسا کرتے تو دوسری اقوام کی طرح جو اپنے اپنے مذاہب کے ساتھ بطور فاتح یہاں آئیں اور ہندو مذہب میں مدغم ہو گئیں ، یہ بھی اپنا مذہبی ، تہذیبی اور ثقافتی تشخص کھو بیٹھتے ۔

ان بارہ صدیوں پر محیط مسلمان اور ہندو ثقافت کے تصادم کی داستان میں کہیں کہیں ایک دوسرے کو قریب سے دیکھنے اور سمجھنے کی پر خلوص انفرادی کوششیں بھی دکھائی دیتی ہیں اور ان دونوں کو قریب سے قریب تر لانے کے لیے تحریکیں بھی چلی ہیں لیکن یہ ایک حد سے آگے نہ بڑھ سکیں ۔

ان مساعی کے علاوہ جو ہندووں کے علوم کو سمجھنے کے لیے بغداد میں ہوئیں ، البیرونی نے ان کو سمجھنے کی ایک معروضی کوشش کی ۔ لیکن ہندوؤں کی تنگ نظری اور عازلیت (Insularity) اس کے آڑے آئی ۔ حضرت امیر خسرو کا شمار بھی انھی لوگوں میں ہوتا ہے جنھوں نے اس ملک کی ثقافت کا تجزیہ کرنا چاہا اور پھر آخرکار بات ابوالفضل

Marfat.com

پر آن کر ختم ہو جاتی ہے جو اپنے اقتدار کے باوجود ہندوؤں کی علیحدگی پسندی اور تنگ نظری کی روش کا شاکی رہا ۔

ان کوششوں میں تصوف کے کئی مکاتیب ، بھگتی تحریک اور سکھ مذہب بھی شامل ہیں لیکن افہام و تفہیم کی ان کوششوں کے باوجود پلہ تصادم ، بد اعتمادی اور تناؤ ہی کا بھاری رہا ۔[۳۱]

اس تمام بحث کا مقصد صرف یہ واضح کرنا ہے کہ موسیقی پر تحقیق فی الحال اپنی اوائل عمری میں ہے ۔ ابھی تک جو کام بھی ہوا ہے وہ صرف گنتی کے چند موسیقاروں سے چند راگوں اور تالوں کو منسوب کرنا ہے ۔ اس انفرادی سطح سے یہ تحقیق ابھی بلند نہیں ہوئی ۔ تحقیق کے لیے موسیقی ایک وسیع اور زرخیز میدان مہیا کرتی ہے ۔ خصوصاً اس وجہ سے کہ اس علم کے مختلف شعبوں میں ابھی تک مسلمانوں کی دین کا تعین نہیں ہو پایا ۔[۳۲] لیکن اس کے لیے لازم ہے کہ ہم حقیقت پسندانہ رویہ اختیار کریں جو ارزاں قسم کے قومی تفاخر سے بلند ہو ۔

آئندہ صفحات میں وہ تمام شہادت اکٹھی کر دی گئی ہے جو ابھی تک منتشر تھی اور مختلف کتابوں میں ، جن کا تعلق موسیقی سے نہیں تھا ، بکھری پڑی تھی ۔ عام قاری تو کیا کئی محققوں کی نظر بھی ادھر نہیں گئی ۔ مقصد یہ ہے کہ اس شہادت کو سامنے رکھ کر آئندہ کے محقق اس زمین کی زرخیزی کا خود ہی اندازہ لگا لیں ۔ انھی کی مدد سے علم کے اس شعبہ میں آئندہ تحقیق کے خطوط معین ہو سکیں گے ۔

ان پریشان اوراق کی تلاش اور شیرازہ بندی جناب احمد ندیم قاسمی ، ڈاکٹر عبدالشکور احسن اور ڈاکٹر خواجہ عبدالحمید یزدانی (گورنمنٹ کالج ، لاہور) کی امداد اور راہنمائی کے بغیر نا ممکن تھی ۔ میں خلوص دل سے ان

Marfat.com

کی کرم فرمائی کا ممنون ہوں ۔ ریسرچ سوسائٹی آف پاکستان (پنجاب یونیورسٹی) کا بھی میں شکر گزار ہوں جس کی اعانت کے بغیر ان اوراق کا قارئین کے ہاتھوں تک پہنچنا ناممکن تھا ۔

لاہور

۱۳ - مئی ۱۹۸۲ع　　　　　　　　　　　　　　　　رشید ملک

—— : o : ——

Marfat.com

# اعجازِ خسروی

**امیر خسرو :**

برِ صغیر پاکستان و ہند کے عظیم فارسی گو شاعر ، خواجہ نظام الدین اولیا کے مرید خاص (ولادت ۶۵۱/ ۱۲۵۳ وفات ۷۲۵/۱۳۲۵) - ان کے اسلاف ترکستان کے رہنے والے تھے - ان کی ولادت برِ صغیر کے ایک مقام پٹیالی میں اور وفات دہلی میں ہوئی - نثر و نظم کی کئی ایک تصانیف ان سے یادگار ہیں - موسیقی سے متعلق اس کتاب میں ان کی نثر کی کتاب اعجازِ خسروی یا رسائل الاعجاز (سال تصنیف ۷۱۹/۱۳۱۹) ، مثنوی قران السعدین (س - ت ۶۸۸/۱۲۸۹) اور مثنوی دول رانی (س - ت ۷۱۵/۱۳۱۵) سے اقتباسات ماخوذ ہیں - اول الذکر کتاب پانچ حصوں پر مشتمل ہے - ثانی الذکر ایک تاریخی مثنوی ہے جس میں معزالدین کیقباد اور بغرا خان کی ملاقات کا ذکر ہے - اور ثالث الذکر عشقیہ مثنوی ہے جس میں خضر خان اور دیول دیوی کے عشق کی داستان ہے - یہ خضر خان کی فرمائش پر لکھی گئی -

Marfat.com

Marfat.com

اقتباس از اعجاز خسروی ، رسالہ ثانی - (مطبوعہ نولکشور ۱۸۷۶ء
ص ۲۷۵ تا ۲۹۱)

## حرف سوم در انشعاب اصول و فروع موسیقی

مصرع : هست اینهمه حرف نسبت موسیقی

یہ چنگ صفت میں پرندے کی مانند دو رنگ ہے ۔ اگرچہ وہ (چنگ) پرندہ ہے لیکن باز کا چنگل (مراد مضراب یا باز کے پنجے کی وہ شکل جو چنگ پر بنائی جاتی تھی) اس کے چنگ یعنی پنجے میں ہے ۔

رود زن آواز نکالتے وقت کنجشک بن گیا ہے (کنجشک مراد چڑیا اور ایک لکڑی اور ساز کا نام) اور اس نے اپنے فن کی تاثیر سے پرندوں کو ہوا سے نیچے اتار لیا ہے ۔

کبھی اس نے ایسا نغمہ چھیڑا ہے جو راہ راست (مراد راگ گونڈ) سے بائیں جانب (دوسرا راگ) ہو گیا ہے ۔

کبھی راگ کانڑا بجانے وقت رودزن نے احسن طریقے سے پردہ کشائی کی (یعنی عمدہ انداز میں یہ راگ رود پر بجایا) ۔

کبھی جو نوازن کے ہاتھوں نوا زندہ ہوگئی تو اس کی اس نوا نے ایک دنیا کی جان کو زندہ کر دیا ۔

کبھی اس نے بوسلیک کا راگ چھیڑا جس سے دل کی یہ کیفیت ہوئی جیسے موتی ڈوری میں چل رہا ہو ۔

کبھی ہنرمند کے غلط انداز سے نہاوند (راگ کا نام) ہر جگہ تنگ ہو گئی ۔

کبھی نغماتِ تر سے اندوده گاہ (منڈھی ہوئی جگہ ؟) کو باخرز (راگ )کی طرف جانے کا راستہ مل گیا ۔

کبھی معشوق کی طرح اس نے چنگ پر پردۂ عشاق ( راگ ) میں پنجہ مارا ۔ کبھی نے نے فراق کے جلے ہوؤں کے دل کی طرح عراق کے راگ میں

Marfat.com

فغاں کی، کبھی ساز نواز نے اس انداز میں مخالف راگ بجایا کہ اگرچہ مخالف (دشمن) نے بجایا لیکن وہ دوست بن گیا ۔

کبھی نے میں جو دم پھونکا گیا تو اس سے بجائے جانے والے فرغانہ راگ نے پوری پوری فراغت کا سامان کیا ۔

عاشق (جس کا مارا جانا مناسب ہے) کے دل پر راست راگ کی تیزی تیر کی طرح راسخ (سیدھی) آ کر لگی ۔

چنگ کے تہمتن (ایک جنگجو) ایسے نیزہ زن نے زابل (ایک ملک، ایک راگ) کی جانب زال (رستم کے باپ) کی طرح گھوڑا دوڑایا ۔

مشکل کشا بربط کی بستگی نے بستہ پا (بندھے ہوئے پاؤں والے) کے لیے جگہ کشادہ کی ۔

نغمہ جب لے کو زیرو بم میں لے گیا تو اس نے زیر میں کھینچ کر حسینی راگ کے سپرد کر دیا ۔

عراق میں سازگری (دو راگوں عراق اور اصفہان کا مجموعہ) کے زمزمہ نے عراق راگ سے اتفاق کیا ۔

وہ تمامتر سازگری کا خواہاں ہوا ، اس کا نغمہ اصفہان تک پہنچا ۔ عقل نے اس کارگاہ سے مسافر بن کر باخرز کی سی تیزی سے راستہ طے کیا وہ (عقل) اس قول کا حصہ بن گئی جیسے قوالِ راست نے کبھی راست (راگ) میں گایا اور کبھی نیم راست میں ۔

زنگانہ (ایک راگ) کا زخمہ (یا نغمہ) بم سے زیر تک اپنے بے ٹھکانا ہونے کے باعث فریاد بلب تھا ۔

اس قسم کے منطقِ طیر (ساز کے راگ) کے سامنے ، ان کی مقبولیت کے سبب ، فاختہ باغ میں آصول نہیں بناتی (اصولِ فاختہ : ایک بحر کا نام ، آصول : موسیقی کا قاعدہ کلیہ) ۔

Marfat.com

اقتباس از

# مثنوی دولرانی خضر خان

مرتبہ مولانا رشید احمد صاحب سالم الصاری

علیگڑھ ۱۹۱۷ء

Marfat.com

Marfat.com

## صفت آرایش شهر و کشور چون عروس از برای تزویج شاه و شهزادهٔ بی جفت خضر خان زادت خضرة راسه و شاهت وجه العدو بباسه

سعادت باست اندر پردهٔ غیب ... نگه کن تا کرا ریزند در جیب
سری کو خواست شد تاج جهانی ... تولد یابد از صاحب قرانی
دری کز روشنی گردد جهانگیر ... شود پیدا ز ابر آسمان گیر
زبرجد زادهٔ کوه بلند است ... کزانسان در بلندی ارجمند است
شعاع مهر گیرا تر ز مهر است ... که این آفاق گیر آن در سپهر است
بسی هست ارچه زاد خسروان نیز ... که در نرخ شرف نرزد بکشنیز
ولی من گوهری را میکنم یاد ... که از وی گنج شاهی گردد آباد
سزای تخت گر فرزند شاهی است ... هم از عهد ازل گیتی پناهی است
دو دولت دارد آن گیتی خداوند ... که یزدانش دهد شائسته فرزند
یکی آن کوست خود ظل الٰهی ... دگر دارد خان در خورد شاهی
زهی بستان آن شه را جهالی ... که باشد چون خضر خانش نهالی
چو الهام الٰهی شاه را گفت ... که آن در سعادت را کند جفت
اشارت کرد تا در گردش دهر ... بیار ایند یکسر کشور و شهر
کمر بر بست در کارش زمانه ... بخرج آمد خزانه در خزانه
چنان در نغمه و شادی شد آفاق ... که در رقص آمد این نه سقف وشش طاق
بگردا گرد قصر پادشاهی ... بر آمد قبه از مه تا بماهی
جهان از قبه های کارداران ... شده چون روی دریا روز باران
بچرخ قبه حیران قبه چرخ ... برابر هر دو چون بغداد با کرخ
در اطلس چرخ قبه پیش تا پس ... چو دیگر قبه ها در چرخ اطلس

Marfat.com

مرصع پردها چون چرخ ز انجم — شده انجم در آن دُر و گهر گم
بهر زردوزیٔ مهر زر انگیز — نظر با صد تعجب دوخته تیز
هر آن کاه که بر کردند آن را — شد استر ابرهای آسمان را
کشیده تا بگردون سایه بانها — فرو پوشیده عیب آسمانها
مه و خورشید همچون پری و حور — بشاوردان عصمت مانده مستور
بهر دیوار نقشی کرده پرکار — فلک حیران درو چون نقش دیوار
رسیده صورت قبه بانجم — درون چشم انجم گشته مردم
فرس گوئی که در خواهد دویدن — پری گوئی که بر خواهد پریدن
بهر جانب که مردم بر زمین رفت — همه بر فرش دیباهای چین رفت
ز بس شارع که خفت اندر خز ناب — زمین‌را کس نه دید الا که درخواب
نشسته کوس و افغان برده بر ماه — ز سر تا پا هم اشکم هم تهیگاه
فتادن خواسته شیر فلک زیر — چو چرم گاو کرده نعرهٔ شیر
بهان نعره که شد تا چرخ گردان — بهیجا ارغنون شیر مردان
چو آن نعره شود در نیلگون سطح — ء دود لبیک گویان نصرت و فتح
دمامه ته دمی پخته ز برخام — زبان چوبین و او گویای بی کام
نر و ماده بهم‌چون دوست با دوست — بسی مرموز چربک گفته در پوست
ز هر مو خاسته غلغل بر آن سان — که گشته شهر سلطان شهر یزدان
دهل‌در بانگ و رخشان پیش او تیغ — چو بانگ رعد و رخش برق در میغ
جوانمردیست کاسن لاآبالی — بلند آوازهٔ او خانه خالی
ببازی سلیح اصحاب شمشیر — ز پنجه بر زده شمشیر چون شیر
شده در تیغ رانی تیغ رانان — دو کرده مو دو موی چون جوانان
بخنجرهای چون پرمگس صاف — مگس پران دو نیمه کرده بی لاف
بر آواز دهل مرد سلح کار — معلق زن بنوبت نوبتی وار
بر آن بازی که بوده آسمان را — برون انگنده دهر از پرده آن را
سپهر بوالعجب از هفت پرده — جهان را دار بازی راست کرده

Marfat.com

بگردش دار بازان بـر سر دار — شده سر گشته زیشان چرخ دوّار
نظر در هر یک از دور روان دید — که گر نقطه تهی حلقه توان دید
رسـن بـازان ببالای رسنهـا — چو دلهـا گیسوان را در شکنها
نه با آن حبل پیچان کرده بازی — که خود با رشتهٔ جان کرده بازی
ز دست بوالعجب گوی آسان گیر — بسان گـرد مهره توسن میر
ز بس کان گوی بر چرخ اشتلم کرد — سپهر از بیم دندان خنده گم کرد
فرو برده مشعبد تیغ چون آب — چو مستسقی که نوشد شربت ناب
به بینی تیز کزلک را فرو خورد — چو آبی کز ره بینی خـورد مرد
ز لعب مرکبـان طفلان غازی — به پشت باد چون گل کرده بازی
جهان از حرد چنبر پر گران تن — چـو پیل از ون و اشتر ز سوزن
نموده چهره بازان گونه گون ریو — گهی خود را پری کرده گهی دیو
ز دهر آموخته گوئی دورنگی — که گه رومی نماید گاه زنگی
بهر لحن آدمی هم زیست و هم مرد — که در هر نغمه هم جان داد و هم برد
تـرنم زهـره را آواز میـداد — نـواجان می ربود و بـاز میداد
بـریشم بر هوا برده نوا را — کمند افگنده مرغان هـوا را
چـو شاه سازها چنگست ز آهنگ — بزه بر بسته ده جا تیر را چنگ
ز یک ساقش شده مو تا زمین پست — دگر ساقیش پر مو چون کف دست
رگ و مو سر بهم بسته دو سویش — تو گوئی کز سر رگ رسته مویش
همه تن نای گشته حلق و حلقوم — چو زنگی کارفـرمونی سازد از روم
سیـاه و زرد شاخی طـرفه مـانی — نـه رسته ز آبنوسی خـیزرانی
دف از دیوار خود حصن حصین است — حصار چوب و صحن نازنین است
میـان دستها پیوسته گـردان — عجب باشد حصاری دست گردان
چو بر کف کرد دف زن آن سبق را — بناخن کرده حک روی ورق را
ز ابـریشم نـوا باریک زاده — پدر چون خود خلف باریک داده
نگر در چنگ و بربط فرق روشن — که هست آن سر بزرگ و این فروتن

Marfat.com

چو رود و بربط آوا داده بیرون     بط می کرده هر دم گریهٔ خون
نوا گر کاسهٔ طنبور خالی     بغایت کاسهٔ پر لیک خالی
گران سر از کدوی خویش طنبور     فرو غلطیده نی مست و نه مخمور
یکی تخم کدو سازنده بر دست     کدو خالی و خلقی زان کدو مست
برسم هند گوناگون مزامیر     بجانها بسته اشکال از بم و زیر
الاون را رگ از اندام بیرون     کدو بر پشت و رگها گشته بی‌خون
عجب بین کو کدو بر خود نهاده     ولیک از چشم خلقی خون کشاده
دگر ساز برنجین نام آن تال     بر انگشت پری رویان قتال
دو روئین تن که رو با روی درحرب     چو دف در پارسی میزان پر ضرب
کشیده بتنکی هندی فغانی     شده بتنک زنش چون ترجمانی
خمیر خام کش بر رو زده پست     نموده صد دقیقه پخته پر دست
عجب رود از کهین دندان نموده     لبش نی و دهن خندان نموده
ز زهره برده لحن هندوی هوش     شده مریخ را ترکی فراموش
پریرویان هندی جادوی ساز     ز لب کرده در دیوانگی باز
لباس دیو گیری شان تنک دام     پری را سایه بگرفته در اندام
بریشم پوش بعضی پرنیان روی     باابریشم درون در رفته چون موی
گرفته چون پیاله تال در دست     نه از می کز سرود خویشتن مست
سرود دلکش از لبهای خوبان     شتابان سوی گردون پای کوبان
برقص و جست خوبان هوا باز     نهاده پای بر بالای آواز
پرنده همچو طاؤسان والا     معلق زن کبوتر سان ببالا
بجستن فرق شان گشته فلک سای     بسگاه رقص بیزار از زمین پای
همه سنگین دلان و سیم سینه     دو رخ در مهر و دو نرگس بکینه
بخونریز حریفان زخمه در چنگ     لب اندر آشتی و غمزه در چنگ
بسی در هستی افگنده زیانها     بسی تاراج داده خان و مانها
گه رفتن بصد ناز آمده پیش     بهر گامی هزاران اشکنه بیش

Marfat.com

بمژگان نی یکی صد سینه سفته | چه غم دارد مرا دزدیده گفته
نوازش زیر لب تا دست گیرد | کرشمه در رها کن تا بمیرد
بهر چشمک زدن کشته جوانی | بهر خنده زدن بربوده جانی
ز خال چون شبه بر درج مرجان | بیک کنجد نهاده نرخ صد جان
ز ابروها که قربان گشته جانها | دوگان افگنده در قربان کمانها
ز ابروها کمانکش گشته زین سو | بر آن جانب کمند افگن ز گیسو
دو گیسو گرد هر یک پیچ کرده | چو ماری گرد صندل پیچ خورده
خیال زلف شان در جان یاران | چو شام اندر خیال روزه داران
کژی در چشم شان شور ظریفان | چو کعب کژ نشین چنگ حریفان
ربوده خواب بیداران بیکبار | ز چشم نیم خواب و نیم بیدار
حجابت داده ابرو را به پیغام | اجازت کرده لبها را بدشنام
دهن های چو غنچه گاه گفتن | گهی در بستن و گه در شگفتن
زنخهای چو سیب لعل گونه | نه چون سیب دو رنگ ابرص نمونه
ز زلف افگنده تا پا دام عشاق | بر آن پا دام بسته ماهی ساق
عرق کز روی بر طناز میریخت | کرشمه میچکید و ناز میریخت
به نیمی فرق سر پوش شفق دام | شفق را نیم روزی کرده با شام
از ینسو داده دل ز آن سو ربوده | ازینسو کشته جان زانسو دروده
بجز نظارهٔ خوبان مه روی | دگر نظارها نیز از همه سوی
بهر جا منجنیقی سر فگنده | گروهی بر گروهی زر فکنده
ز زخم هر گروهی بیست در بیست | یکی کشته شده وان دیگری زیست
ته هر قبهٔ حشری ز عامه | پرنده تنگه چون در حشر نامه
ز بس سینه که بر سینه نشسته | بدشواری نفس از سینه جسته
فراوان قبه ها از اهل پرهیز | شده آواز قرآن آسمان خیز
بجانها لحن داؤدی نشانده | کتاب مصطفی بی لحن خوانده
بنالشهای شیرین شکر بار | فرشته چون مگس گشته گرفتار

Marfat.com

سه سال آن ساز شادی ساز کردند	که گنج هفت گردون باز کردند
چو شد عالم همه در زیور و زیب	کلاه قبه ها با مه زد آسیب
اشارت شد ز درگه کاهل تقویم	شمارند اختیاری را به تنجیم
فلک سنجان که شانرا دور افلاک	بود صفری بروی تختهٔ خاک
نه از رسم اختیاری پیش بردند	که بسته اختران با خویش بردند
بدین طالع که خواهم گفتنش باز	شد اقبال این طرب را کار پرداز
مه روزه دُر از دُرجک برون داد	چو روز از مطلع دولت شد آباد
میان ذوق بی پایان دل شهر	شمار سال داده از طرب بهر
کشاده گویم این تاریخ ابجد	بسال یازده از بعد هفصد
بروز چار شنبه مه سه و بیست	ز روزه خلق اندر بهترین زیست
قمر در قوس جا درخواست کرده	کمان خدمتی را راست کرده
عطارد با زحل در جدی همدست	چو هندو بر سر بز تیر در شست
ذنب کو هم پی ایشان گرفته	دم بز همچو درویشان گرفته
کند تا سبزهای خاک را تر	بدلو افگنده گردون چشمهٔ خور
بماهی زهره کاندر زیر گشته	برود خشک ماهی گیر گشته
گرفته بره را برجیس درپیش	که بر سلطان برد قربان درویش
بثور انداخته مریخ باری	مهیا کرده از پروین نثاری
سعادت راس را بخشیده مایه	نشانده بر سریر پنج پایه
تهی مانده بسی برج دگر زاوج	که پر گوهر کند سلطان بیک موج
چو زینسان شد شمار آسمانی	بفرخ تر زمان کامرانی
شه و شهزاده شمس الحق که جاوید	جهان را باد چون تابنده خورشید
بر آمد بر کمیت تند و پر جوش	چنان کز دور او شد چرخ بیهوش
چنان شد بانگ بسم الله سوی ماه	که گفتند اختران الحمد لله

Marfat.com

زحل چون هندو از ره خاک میرفت فلک بر روی بدخواه الله میگفت
دوان پیش براقش خسروان شاد چو گلهای پیاده در ره باد
بخندهٔ تیغها چون برق در میغ بعطسه آفتاب از خندهٔ تیغ
عماریهای زرین گوهر آمود ملمع چرخ را کرده زر اندود
بگردش تیغ و خنجر رسته رسته ره چشم بد از پولاد بسته
تو گوئی گردش از تیغ کشیده بگرد لاله سوسنها دمیده
طبقهای زر و یاقوت گلگون چو روی عاشقان در گریهٔ خون
زمین در زیر لولوی خطرناک تو گوئی ژاله باریداست بر خاک
بدینسان کایزدش یاری گر آمد بایوان الپغانی در آمد
بر آب سدره و طوبی نهالش نشست اندر میان چار بالش
فلک حیران ز زیبائیش مانده گهش سیاره گه ثابت فشانده
بدور حلقهای آسمانی ملک در خواندن سبع المثانی
بترتیب آنچنان کاقبال میخواست نشستند اہل اقبال از چپ و راست
جهان صدر آن شریح آسمان قدر جهان دُر معنی ریخت از صدر
بعقدای که ملکی را بود نقد بهم دست آفتاب و ماه را عقد
نثار افکن رسیدند اہل درگاه ز خرمنهای گوهر تنگ شد راه
بهرکس بدیه دادند از خزائن خراج مصر و محصول مدائن
چو رسم کار خیر پادشاهان بسر شد بر مراد نیک خواهان
به آئینی که رفت آنسو سرافراز بدولت گاه خود شد همعنان ساز
نشسته بود بیرون سوی خندان درون با درد و داغ دردمندان
برون زربفت شاهان گشته سازش درون چون زر بر آتش در گدازش
چو در صدر بزرگان مجمر عود درون پر آتش و بیرون زر اندود
چو تنگ آمد ز اندوه درونی بخلوت خانه شد با اشک خونی
خیال یار خود را داشته پیش درین سوزان غزل میساخت با خویش

Marfat.com

## غزل از زبان عاشق

فراغ عیش و برگ شادمانی　متاع خوشدلی و کامرانی
نشاط خورمی را یکیک اسباب　که جوینده نیارد دید در خواب
کشاده آسمان درهای روزی　چراغ بخت در عالم فروزی
بزرگان شغل جوی پاسبانم　سلاطین خاکروب آستانم
همه سر بر زمین سوی که بینم　همه روها بخاک آنجا که شینم

* * *

Marfat.com

(عنوان : صفت آرایش شہر و کشور چون عروس از برای
تزویج شاہ و شاہزادۂ بی جفت خضر خان)

ص ۱۵۳ : (اس شادی کے موقع پر) آفاق نغمہ اور مسرت سے کچھ اس طرح پُر ہوگیا کہ یہ نو آسمان اور چھ طاق رقص میں آ گئے -

ص ۱۵۴ : ڈنکے کی چوٹ چاند تک پہنچی - یہ نقارہ سراپا شکم بھی تھا اور کوکھ بھی

جب گائے کی چرم (نقارے) نے نعرۂ شیر بلند کیا تو قریب تھا کہ شیر فلک نیچے گر جاتا -

دمامہ کا نچلا حصہ مس پختہ کا اور اوپر کا خام تھا - اس کی زبان لکڑی کی تھی لیکن وہ بغیر تالو کے بولنے والا تھا -

(دمامہ) کے نر اور مادہ باہم اس طرح تھے جس طرح دو دوست اکٹھے ہوں اور اپنی کھال میں بہت سی رمز کی پہیلیاں کہہ رہے تھے (طبلے پر بجائی جانے والی مختلف تالوں کا ذکر ہے)

دہل (ڈھول) کی آواز گونج رہی تھی اور تلوار اس کے سامنے رخشاں تھی اور یہ منظر کچھ اس طرح تھا جیسے بادلوں میں بجلی کی کڑک اور چمک ہو -

کاس (نقارہ) ایک لا ابالی جوانمرد کی طرح ہے - آوازہ تو اسکا بلند ہے لیکن خود وہ خانہ خالی ہے -

ص ۱۵۵ : دہل کی آواز پر مسلح جوان تلا بازیاں کھا رہے تھے اور نوبتی دار نوبت پر

ص ۱۵۶ ہر لحن پر آدمی جیتا بھی تھا اور مرتا بھی ، اس لیے کہ ہر ہر نغمہ جاں پرور بھی تھا اور جاں ربا بھی -

Marfat.com

ترنم کی یہ کیفیت کہ وہ زہرہ ایسی مغنیہ فلک کو بھی آواز یعنی دعوت مبازرہ دے رہا تھا اور نوا ایسی کہ روح کو اچک کر بھی لے جائے اور پھر سے زندہ بھی کر دے ۔

ساز کے تاروں نے نوا کو ہوا پر پہنچا دیا اور اس طرح گویا مرغانِ ہوا پر کمند پھینکی ۔

چونکہ آہنگ کی بدولت چنگ سازوں کا بادشاہ ہے اس لیے چنگ نے دس جگہ تیر کو کمان پر چڑھایا ۔

اس کی ایک ساق سے بال زمین تک نیچے لٹکے ہوئے تھے اور اس کی دوسری ساق ہتھیلی کی طرح بالوں سے صاف تھی ۔

رگ اور بالوں نے اس کے دونوں طرف سر کو اس طرح باہم باندھ رکھا تھا جیسے رگ کے سر سے اس کے بال اُگ گئے ہوں ۔

حلق اور حلقوم تمام تر نے (بانسری) بن گیا تھا اس حبشی کی طرح جو روم (ایک درخت کا نام) سے ارغنون بناتا ہے ۔

عجب طرح کی سیاہ اور زرد شاخ تھی جو آبنوس اور بیت سے اُگی تھی ۔

دف اپنی دیوار کے سبب مضبوط قلعہ ہے ، وہ لکڑی کا قلعہ اور کاغذی صحن ہے ۔ یہ (حصار) ہاتھوں میں مسلسل گردش کر رہا تھا ، تعجب کی بات ہے کہ حصار اور دست گرداں ہو ؟ (دست گرداں بمعنی قرض بھی ہے) ۔

جب دف زن نے اس سبق کو ہتھیلی پر رکھا (شروع کیا) تو روے ورق کو اس نے ناخن سے چھیل ڈالا ۔

ابریشم (تارِ ساز) سے باریک نوا پیدا ہوئی جس طرح باپ نے خود باریک (عمدہ ، چھوٹا) لڑکا دیا ہو ۔

Marfat.com

دیکھو ، چنگ اور بربط میں واضح فرق ہے - ایک بڑے سر والا ہے اور ایک فروتن (چھوٹے جسم والا ، عاجز)

جب رودِ بربط نے آواز باہر نکالی تو بطِ مے نے ہر دم خون کے آنسو روئے -

ص ۱۵۷ کاسۂ طنبور جلد ہی سریں الاپنے والا تھا سروں کے لحاظ سے تو وہ کاسہ (پیالہ یعنی طنبور) بہت پر تھا لیکن ویسے خالی تھا۔

طنبور کا سر اپنے کدو کے سبب بوجھل تھا اس کی حالت ایسی تھی کہ وہ نہ تو مست تھا اور نہ مخمور لیکن نیچے لیٹا ہوا تھا -

کوئی ہاتھوں میں تخم کدو لیے بجا رہا تھا - یہ کدو ویسے تو خالی تھا لیکن اس کے نغموں سے لوگ مست ہوئے جا رہے تھے -

ہندوستان کے رسم و رواج کے مطابق کئی اقسام کے مزامیر (ساز) تھے جنھوں نے اپنے زیر و بم سے روحوں کو جکڑ رکھا تھا (مست و بے خود بنا رکھا تھا) -

الاون (ایک ساز) کی رگ جسم سے باہر نمایاں تھی ، کدو اس کی پشت پر تھا اور رگیں خون سے خالی تھیں -

تعجب کی بات یہ دیکھو کہ اس نے کدو اپنے اوپر رکھ چھوڑا تھا لیکن (اپنے مسحورکن سروں اور نغموں سے) اس نے ایک دنیا کی آنکھوں سے خون جاری کر رکھا تھا -

ایک اور ساز تھا پیتل کا بنا ہوا جسے ''تال'' کا نام دیا گیا ہے اور یہ قتال (بہت زیادہ قتل کرنے والی) قسم کی پری رو حسیناؤں کی انگشت پر اس طرح تھا جیسے دو روئیں تن (کانسی کے جسم والے - بہادر) لڑائی میں آمنے سامنے ہوں بالکل فارسی کی دف کی طرح جو ہر ضرب کی میزان ہے -

Marfat.com

ہندی تنبک (طبلہ) نے فغاں برپا کر رکھی تھی اور اس کا سازندہ ترجمان بنا ہوا تھا۔

(اس طلبہ) نے جو خمیر خام (کچا آٹا) اپنے چہرے پر مل رکھا تھا اس نے ہر ہر ہاتھ پر سینکڑوں پختہ فن دکھائے

عجب رود (ایک ساز) گھات میں بیٹھا دانت دکھا رہا تھا، اس کے ہونٹ تو نہیں تھے لیکن دہن خندہ تھا۔

ہندوی لحن نے زہرہ ایسی رقاصۂ فلک کے بھی ہوش اڑا دیے تھے اور مریخ کا سارا غرور جاتا رہا تھا۔

ص ۱۵۸ (پریرویان ہندی نے) "تال" کو اس طرح ہاتھوں میں تھام رکھا تھا جیسے پیالہ (جام) پکڑا ہوا ہو۔ وہ شراب سے نہیں بلکہ اپنے ہی نغموں سے مدہوش ہو رہی تھیں۔

حسینوں کے ہونٹوں سے نکلتے ہوئے نغمے تیزی سے آسمان کی طرف رقص کرتے ہوئے جا رہے تھے۔

(پتھر دل حسینائیں) ہاتھوں میں زخمہ (مضراب) لیے ہم نشینوں کی خوں ریزی کا سامان کر رہی تھیں۔ ان کے ہونٹ تو صلح و آشتی کی بات کر رہے تھے لیکن ان کے ناز و ادا جنگ پر تلے بیٹھے تھے۔

ص ۱۶۰ بے شمار گنبد اہلِ پرہیز سے بھرے پڑے تھے جن کی تلاوتِ قرآن کی آواز آسمان تک پہنچ رہی تھی۔

یہ متقی اگرچہ قرآنِ کریم لحن کے بغیر تلاوت کر رہے تھے لیکن جانوں میں لحنِ داؤدی پھونک رہے تھے۔

* * *

Marfat.com

# فوائدالفواد

**حسن سجزی**

اصل نام نجم الدین حسن ۔ فوائدالفواد میں وہ خود کو حسن علاء سجزی لکھتے ہیں ۔ برِ صغیرپاک و ہند کے مشہور فارسی گو شاعر ، امیر خسرو کے دوست اور حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء کے مرید خاص ۔ ۶۵۲/۱۲۵۴ میں بمقام بدایوں پیدا ہوئے اور نشو و نما ان کی دہلی میں ہوئی ۔ اپنے مرشد کی وفات کے بعد دولت آباد چلے گئے اور وہیں ۷۳۸/۱۳۳۷ میں فوت ہوئے ۔ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء سے خاص قربت کے سبب حسن نے ان کے ملفوظات ''فوائدالفواد،، کے نام سے ترتیب دیے ۔ یہ کتاب پندرہ برس کے عرصے میں لکھی گئی ۔ اس کتاب کی اہمیت و افادیت یہ ہے کہ اس میں خواجہ نظام الدین اولیاء کی زندگی اور ان کی تعلیمات کے بارے میں خاصی پُر ارزش معلومات آ گئی ہیں ۔ اس کتاب سے جو اقتباس یہاں لیا گیا ہے وہ سماع کے متعلق ہے اور ظاہر ہے سماع ، موسیقی ہی کی شاخ ہے ۔

Marfat.com

Marfat.com

# سماع

چهار شنبه هژدم ماه شوال سنة المذکور دولت پائبوس بدست آمد - سخن در بزرگی مولانا برهان الدین بلخی افتاد علیه رحمة - فرمود که "مولانا برهان الدین بلخی حکایت کرد که من خرد بودم به قیاس پنج شش ساله کم و یا بیش - برابر پدر خویش در راهی می گذشتم - مولانا برهان الدین مرغینانی صاحب هدایه پیدا شد - پدر من از و تحاشی کرد ، در کوچهٔ دیگر رفت - مرا برجای بگذاشت - چون کوکبهٔ مولانا برهان الدین مرغینانی نزدیک رسید - من پیش رفتم و سلام کردم - در من تیز بدید - و این سخن بگفت که من درین کودک نور علم می بینم من این سخن او بشنیدم - پیش رکاب او روان شدم - و باز بر لفظ مبارک راند که مرا خدای تعالیٰ هم چنین می گویاند که این کودک در روزگار خود علامهٔ عصر خواهد شد - مولانا برهان الدین بلخی می گوید که من این سخن شنیدم و هم چنان پیش می رفتم - باز مولانا برهان الدین مرغینانی فرمود که خدای تعالیٰ از من می گویاند که این کودک چنان بزرگ شود که بادشاهان بر در او بیایند - خواجه ذکره الله بالخیر این حکایت تمام کرد . بر لفظ مبارک راند که مولانا برهان الدین بلخی را با وفور علم و کمال صلاحیت هم بوده است - چنانکه بارها گفتی که خدای تعالیٰ مرا از هیچ کبیره نخواهد پرسید - باز خواجه ذکره الله بالخیر تبسم فرمود و گفت که مولانا برهان الدین چون این گفتی که مرا خدای تعالیٰ از هیچ کبیره نخواهد پرسید - این هم بگفتی مگر از یک کبیره - ازو پرسیدند که آن کبیره کدام است ؟ گفت سماع - چنان که آن بسیار شنیده ام ، و این ساعت هم بشنوم اگر باشد - از نسبت این حکایت سخن در سماع افتاد - فرمود که سکهٔ سماع درین شهر قاضی حمیدالدین ناگوری نشاند ، رحمة الله علیه و

Marfat.com

قاضی منہاج الدین ہمچون او قاضی شد و صاحبِ سماع بود بسببِ ایشان کار استقامت پذیرفت - اما قاضی حمیدالدین با آنکه مدعیان منازعت کردند و خصومتِ بسیار قاضی ہم برآن حرف ثابت بود ، تا وقتی نزدیکِ کشک سپید او را در خانه یکی دعوت کردند - شیخ قطب الدین بختیار قدس الله سره العزیز ہم آنجا بوده - بزرگانِ دیگر مولانا رکن الدین سمرقندی را خبر کردند که این جا سماع است - او مدعی عظیم بود از خانهٔ خود با خدمتگاران و متعلقانِ خود روان شد ، تا درآن خانه رود و سماع را منع کند - قاضی حمیدالدین را ازین حال خبر کردند او خصمِ خانه را گفت که تو برو جای پنهان شو ، و ہرچند ترا طلبند تو پیدا مشو - او ہم چنان کرد بعد ازان قاضی حمیدالدین گفت که در باز کنید - در باز کردند و سماع را در دادند - رکن الدین سمرقندی چون با عوانِ خود بر در خانه رسید پرسید که خصمِ خانه کجا است - گفتند خصمِ خانه حاضر نیست - ماچه دانیم - باز پرسید و تفحص کرد که خصمِ خانه کجا است ؟ گفتند خصمِ خانه حاضر نیست - چون خصمِ خانه را ندید از در باز گشت - خواجه ذکره الله بالخیر چون برین حرف رسید تبسم کرد و فرمود که قاضی حمیدالدین نیکو تدبیری کرد که خصمِ خانه را غائب کرد - یعنی بی اجازت خصمِ خانه در خانه آمدن نیامده است - اگر رکن الدین سمرقندی بی اجازت در آمدی - براو مواخذه بودی - بعد ازان فرمود که چون ذکرِ سماع قاضی حمیدالدین بسیار شد ، مدعیانِ وقت فتوای بسیار کردند و جوابها ستدند و ہمه نبشتند که سماع حرام است - فقیہی بود ، او را با قاضی حمیدالدین اختلاط بود - مگر او ہم دران فتوی جواب نوشته - آن خبر به قاضی حمیدالدین رسانیدند - درین میان آن فقیه بخدمتِ قاضی حمیدالدین ناگوری آمد - قاضی رُو سوی او کرد و گفت "تو ہم جوابِ آن نبشته ای"- فقیه شرمنده گوله شد - گفت "آری نبشته ام"- برین حرف خواجه ذکره بالخیر فرمود که آن روز قاضی حمیدالدین ہم چیزی از سرِ خود بیرون داد - با آن فقیه گفت "آن

همه مفتیان که جواب نبشته اند ، نزدیک من ایشان هنوز در شکم مادر اند ۔ اما تو نوزاده شده‌ای ولی هنوز طفلی''۔ ازین جا حکایت قاضی حمیدالدین ساریکلی افتاد ۔ فرمود که او گفتی من در شهر بهوای قاضی حمید الدین ناگوری آمده ام - چون پرسیدم او پیش ازان نقل کرده بود ۔ روزی مجموعات حمید الدین را پیش طلبید ، و از کتب او ، که در سلوک نوشته است ، مطالعه کردن گرفت ۔ بعد از مطالعه کردن رو سوی متعلمان کرد که گرد او حاضر بودند، گفت که ''شما آن چه می خوانید هم درین کاغذ هاهست ، و آنچه نه خوانده اید هم درین میان هست ۔ و آنچه من خوانده‌ام درین میان هست ، و آنچه نخوانده ام هم امت''۔

(فوائد الفواد صفحه ۲۳۸ تا ۲۴۱)

Marfat.com

Marfat.com

# سماع

بروز بدھ ۱۸ شوال ، سنہ مذکور آپ کی پابوسی کا شرف حاصل ہوا۔ مولانا برہان الدین بلخی رحمۃ اللہ علیہ کی بزرگی کے متعلق بات چلی تو آپ نے فرمایا ''مولانا برہان الدین بلخی نے مجھ سے بیان کیا کہ میں کوئی پانچ سات برس کا ہوں گا ، ایک دن اپنے والد کے ساتھ کہیں سے گذر رہا تھا کہ راستے میں مولانا برہان الدین مرغینانی مصنف 'ہدایہ' نظر پڑے ۔ میرے والد کنی کترا کرخود دوسرے کوچے میں چلے گئے اور مجھے انھوں نے ایک جگہ پر کھڑا کر دیا ۔ جب مولانا برہان الدین مرغینانی کی سواری نزدیک پہنچی تو میں آگے بڑھا اور انھیں سلام کیا ۔ انھوں نے بڑی تیز نگاہوں سے مجھے دیکھ کر کہا "میں اس بچے میں علم کا نور دیکھ رہا ہوں ۔" میں نے یہ بات سنی تو ان کی سواری کے آگے آگے چل پڑا ۔ انھوں نے پھر اپنی زبان مبارک سے یہ فرمایا کہ خدا تعالیٰ مجھ سے یہی کہلواتا ہے کہ یہ بچہ اپنے زمانے میں بہت بڑا عالم ہوگا ۔" میں یہ سن کر پھر اسی طرح آگے چلتا رہا ۔ تیسری مرتبہ مولانا برہان الدین مرغینانی نے فرمایا کہ "خدا تعالیٰ مجھ سے کہلواتا ہے کہ یہ بچہ اس قدر عظیم شخصیت کا مالک ہوگا کہ اس کے دروازے پر بادشاہ آیا کریں گے ۔'' خواجہ صاحب نے اس حکایت کو یہاں ختم کیا اور اپنی زبان مبارک سے یہ فرمایا کہ مولانا برہان الدین بلخی بہت زیادہ صاحب علم و کمال ہونے کے علاوہ صاحب صلاحیت بھی تھے ۔ چنانچہ وہ اکثر کہا کرتے کہ ''خدائے عز و جل مجھ سے کسی بھی گناہ کبیرہ کی پرسش نہیں کرے گا ۔'' اتنا کہہ کر خواجہ سرکار مسکرائے اور فرمایا "مولانا برہان الدین یہ بھی کہتے کہ البتہ ایک گناہ کبیرہ کی پکڑ ہوگی ؛ لوگوں نے ان سے پوچھا کہ وہ کون سا گناہ کبیرہ ہے ؟ جواب دیا "سماع ، اس لیے کہ سماع میں

Marfat.com

نے بہت سنا ہے ، اور اب بھی اگر کہیں ہو تو میں سننے سے باز نہیں آؤں گا ۔"

اس حکایت کے سبب بات سماع پر چل نکلی ؛ خواجہ صاحب نے فرمایا کہ اس شہر میں سماع کی رسم قاضی حمید الدین ناگوری نے جاری کی اور قاضی منہاج الدین اس سلسلے میں اول الذکر کے جانشین ثابت ہوئے ۔ یہ بھی صاحب سماع تھے اور انھی لوگوں کی وجہ سے سماع کو یہاں استقامت حاصل ہوئی ۔ لیکن قاضی حمید الدین کے ساتھ بہت سے مدعیان مذہب الجھتے رہے ، اور ان کے ساتھ ان لوگوں کی بہت زیادہ دشمنی کا سبب بھی یہی امر تھا ، کیونکہ ایک موقع پر انھیں (حمیدالدین کو) قلعۂ سفید کے نزدیک کسی گھر میں مدعو کیا گیا ؛ شیخ قطب الدین بختیار قدس اللہ سرہ العزیز بھی وہاں موجود تھے ۔ بعض بزرگوں نے مولانا رکن الدین سمرقندی کو خبر دی کہ یہاں سماع ہو رہا ہے ۔ وہ بہت بڑا مدعی تھا ، چنانچہ اپنے چند خدمت گاروں اور متعلقین کے ساتھ گھر سے نکل پڑا تا کہ وہاں جا کر سماع بند کروا دے ۔ قاضی حمیدالدین کو جب اس بات کا علم ہوا تو انھوں نے مالک خانہ سے کہا کہ تو کہیں جا کر چھپ رہ اور ہرچند تیری تلاش کی جائے تو سامنے نہ آنا ، اس نے ایسا ہی کیا ۔ اس کے بعد قاضی حمیدالدین نے دروازہ کھول دینے کے لیے کہا ، دروازہ کھول اور سماع شروع کر دیا گیا ۔ رکن الدین سمرقندی جب اپنے حواریوں سمیت گھر کے دروازے پر پہنچا تو مالک خانہ کے بارے میں پوچھ گچھ کی ، جواب ملا کہ وہ گھر پر نہیں ہے ۔ ہمیں اس کا کوئی علم نہیں ۔ اس نے پھر زور دے کر پوچھا کہ گھر کا مالک کہاں ہے ، اسے پھر یہی جواب دیا گیا کہ وہ گھر پر نہیں ہے ۔ جب اس کی ملاقات گھر کے مالک سے نہ ہو سکی تو وہ دروازے سے پلٹ گیا ۔ خواجہ سرکار اتنی بات سنا کر مسکرا دیے اور فرمایا کہ قاضی حمید الدین نے بڑی اچھی چال چلی جو مالک خانہ کو غائب کر دیا ، کیونکہ گھر کے مالک کی اجازت کے بغیر گھر میں داخل نہیں ہوا جا سکتا ۔ اگر

Marfat.com

رکن الدین سمرقندی اجازت کے بغیر گھر میں داخل ہو جاتا تو وہ قابل مواخذہ تھا۔

اس کے بعد آپ نے فرمایا کہ جب قاضی حمید الدین کے سماع کا چرچا بہت زیادہ پھیل گیا تو وقت کے مدعیوں نے بڑے فتوے لگائے اور ان کے جواب حاصل کیے۔ سب نے یہ لکھا کہ سماع حرام ہے۔ قاضی حمید الدین کے ایک فقیہ کے ساتھ مراسم تھے۔ اس نے بھی شاید اس سلسلے میں کچھ لکھا تھا، اس کی خبر قاضی صاحب کو ہوگئی۔ اسی دوران میں وہ فقیہ قاضی حمیدالدین ناگوری صاحب کی خدمت میں پہنچا۔ قاضی صاحب اس کی طرف متوجہ ہوئے اور بولے "تو نے بھی اس کا جواب لکھا ہے؟" فقیہ نے شرمندہ ہوکر اثبات میں جواب دیا۔ یہاں پہنچ کر خواجہ صاحب نے فرمایا کہ اس روز قاضی حمید الدین نے بھی بڑی دور کی بات کی، اس فقیہ سے کہنے لگے "وہ تمام مفتی جنھوں نے جواب لکھے ہیں میرے نزدیک ابھی ماں کے پیٹ ہی میں ہیں، لیکن تو ابھی ابھی پیدا ہوا اور دودھ پیتا بچہ ہے۔"

انھی باتوں کے درمیان قاضی حمیدالدین ماریکلی کی بات چل نکلی، آپ (خواجہ صاحب) نے فرمایا کہ اس (ماریکلی) نے کہا میں شہر میں قاضی حمید الدین ناگوری کی تلاش میں آیا ہوں۔ جب میں پہنچا تو وہ پہلے ہی انتقال (مکانی) کر چکا تھا۔ ایک دن اس نے حمید الدین کی تصنیفات اپنے پاس منگائیں اور سلوک پر لکھی ہوئی ان کی کتب کا مطالعہ شروع کیا۔ مطالعہ کر چکنے کے بعد وہ شاگردوں کی طرف، جو اس کے گرد جمع تھے، متوجہ ہوا اور کہنے لگا "تم جو کچھ پڑھتے ہو وہ بھی ان کاغذوں میں ہے اور جو کچھ تم نے نہیں پڑھا وہ بھی انھی میں ہے۔ اور جو کچھ میں نے پڑھا ہے وہ بھی ان کتب میں ہے اور جو کچھ نہیں پڑھا وہ بھی ہے۔" (فوائدالفواد، صفحہ ۲۲۸ تا ۲۳۱)

* * *

Marfat.com

Marfat.com

## سیرالاولیاء

### میر محمد خورد کرمانی

اصل نام محمد اور لقب میر خورد ہے ۔ مبارک بن محمد بن محمود کا بیٹا تھا ۔ دہلی میں پیدا ہوا ۔ سادات خاندان سے تعلق تھا ۔ چونکہ اسلاف کرمان کے تھے اس لیے کرمانی کہلایا ۔ اس کا دادا پہلے پہل تجارت کے سلسلے میں لاہور آیا ۔ یہاں سے اجودھن (پاک پٹن) پہنچ کر حضرت فرید الدین گنج شکر کی خدمت میں حاضر ہوا ۔ پھر ملتان اپنے چچا کے یہاں منتقل ہوگیا ۔ بعد میں جب بھی تجارت کے سلسلے میں وہاں سے نکلتا تو پہلے لاہور آتا پھر اجودھن اور آخر میں ملتان لوٹتا ۔ اس مسلسل آنے جانے سے شیخ حضرت فریدالدین سے مانوس ہوگیا ۔ یہاں تک کہ تجارت وغیرہ چھوڑ چھاڑ کر شیخ کا مرید ہوگیا ۔ ان کی وفات کے بعد وہ (خورد کا دادا) خواجہ نظام الدین اولیا کی خدمت میں پہنچا اور ان کے حلقۂ احباب میں شامل ہوگیا ۔

میر خورد نے بچپن میں شیخ نظام الدین اولیا کی بیعت کی تھی ۔ اور ان کی محافل و مجالس میں شرکت کرتا رہا ۔ یہاں تک کہ ان کی خلافت اسے حاصل ہوئی ۔ روحانی اور فکری تربیت کے لیے اس نے شیخ نصیرالدین محمود چراغ دہلی سے بھی کسب فیض کیا ۔

Marfat.com

امیر خورد بعہد فیروز شاہ تغلق ۱۳۶۹/۷۷۰ میں بمقام دہلی فوت اور مدفون ہوا ۔

ہماری کتاب میں سیر الاولیا کا جو اقتباس دیا گیا ہے اس میں اگرچہ موسیقی کے بارے میں براہ راست کوئی بات نہیں ہے تاہم قضیہ سماع سے متعلق چونکہ یہ ایک تاریخی مواد ہے ، اس لیے اسے شامل کتاب کیا گیا ۔

* * *

Marfat.com

# محضر سماع

بر ضمیر شفقت پذیر عزیزان صاحب سماع عرض می دارد ، برآن جمله که در زمان قاضی حمیدالدین ناگوری قدس سره ، علمای شهر باو مدعی شدند ، و در حرمت سماع و بر کفر مستمع سوال ها کردند ، و بیشتر علمای آن وقت بر حرمت سماع جواب ها نوشتند - کاتب حروف آن سوال ها دیده است - ہر آئینہ چنان سوال کنند ہم چنان جواب باشد ، فاما حق تعالیٰ قاضی حمیدالدین را عشق کامل و علم وافر و کرامتی ظاہر دادہ بود - باین ہمہ ، صدر جہان آن وقت ، قاضی منہاج الدین جرجانی که در علم و فضل و لطافت طبع مثل نداشت ، صاحب سماع بود ، و با قاضی حمیدالدین و بزرگان دیگر ، که اہل محبت و عشق بودند ، سماع می شنید - چنانچہ شمہ ازان حالت در نکتہ اہل سماع تحریر یافتہ است ، مدعیان آن وقت را جای در آمد و سخن گفتن در باب سماع نماند - فاما چون آفتاب دولت و کرامت و عظمت حضرت سلطان المشائخ بر جہانیان طالع گشت و شوق سماع در علماء و فضلاء و صدور و اکابر ، وضیع و شریف دور و نزدیک ، که در جبلت ایشان چاشنیٔ عشق نہادہ بودند ، رسید و غلغلہ در عالم افتاد ، و ولولۂ عشق در دلہای ایشان جنبید ، و کار عاشقی و عشق بازی و سماع در جہان از سر تازہ شد ، و عالم عاشقانی گشت - چنانچہ خواجہ سنائی گوید :

زین جا نفیر ریزد و زان جا نوای نای
آنجا خروش عاشق و این جا نشاط یار
بر ہر طرف بہشتی ، و در ہر بہشت حور
در ہر چمن نگاری ، و در ہر نگار بہار

Marfat.com

روی زمین ز شاہد گل پُر زر و نگار
شاخِ شجر ، چو گوشِ عروسانِ شاہوار
مرغی بہر درخت ، و نوای بہر طرف
شاہد بہر طریق ، و عروسی بہر کنار

خارِ حسدِ مدعیان این کار را ، چنانکہ سوروث دارند ، از سر خلیدن گرفت - و مدتی این تعصب در دل داشتند کہ بدیدن نمی توانستند - این ضعیف گوید - ع

مرا زین عشق فیروزی است مطلق

و نیز چون بیشتر اکابر و علماء و صدور و اولیاء و امراء و مقربان بادشاہِ عہد را بندہ و معتقدِ حضرت سلطان المشائخ می دیدند ، مجالِ دم زدن نبود - چون دیگی سر پوشیدہ می جوشیدند ، و در بندِ این می بودند مگر بادشاہ درین باب محضری کند ، تا جراحتِ حسد را بنوکِ زبان بتراوند - اللھم اجعلنی من المحسودین ولا تجعلنی من الحاسدین (یعنی ای بارِ خدایا ! بگردان مرا از حسد کردہ شدگان ، و مگردان مرا از حسد کنندگان) با چندین علوم گونی این دعا بر زبان مبارک رسول رب‌العالمین گذشتہ بگوش ایشان رسیدہ است - الغرض در عہد سلطان علاءالدین و قطب‌الدین علیہما‌الرحمتہ اندیشۂ ایشان کار نیامد و باز نخواند - چون تخت سلطنت بغیاث‌الدین تغلق انارالله برہانہ ، رسید شیخ زادہ حسام‌الدین فرجام کہ باتابہ غریبی در خانۂ سلطان‌المشائخ کشادہ بود و بانواعِ تربیت و شفقتِ سلطان‌المشائخ پرورش یافتہ ، او را از جہتِ آنکہ سرِ شہرت دارد ، بسیار مجاہدہا و بلاہا کشید - چون در و شوق و ذوقِ عشق نہ نہادہ بودند میسر نمی شد ، بدین بہانہ خود را خواست کہ مشہور کند - بجہت غوغای محضر او را پیدا کردند -

Marfat.com

باری چون افسانہ می شوی ای بی خرد
افسانۂ نیک شو نہ افسانۂ بد

قاضی جلال‌الدین لوانجی نائبِ حاکم مملکت درتعصّبِ اہلِ عشق مشہور بود و دانش مندان دیگر شیخ زادہ حسام را انگیختند و پیشوای خود ساختند تا پیشِ بادشاہ باز نماید کہ شیخ نظام الدین محمد مقتدای عہد است۔ سماع کہ درمذہبِ امامِ اعظم حرام‌است می شنود و چندین ہزار خلق درین کار کہ در شرع ممنوع است متابعتِ اومی کنند۔ شیخ زادہ مذکور قربی پیشِ سلطان ہم یافتہ بود۔ این سخن بسمعِ سلطان رسانیدہ سلطان غیاث‌الدین را از حلّ و حرمتِ سماع علم نبود۔ ازین سخن متحیر شد، کہ این چنین بزرگی کہ مقتدای عالم است، نامشروع چگونہ کند نعوذ باللہ عما یقول الظالمون۔ وسوالہا وفتواہای وقت قاضی حمیدالدین ناگوری وروایاتِ کتبِ شرعیہ پیشِ پادشاہ بردند۔ سلطان فرمود۔ "چون علمای دین در حرمتِ سماع فتوی کردہ' وبجہتِ این کار مزاحم شدہ، سلطان المشائخ را حاضر کنند و جملہ علمای شہر و صدور و اکابر را طلب کنند و محضر سازند، تادرین محل آن چہ حق است پیدا شود۔" بزرگی گوید۔

اخترانی کہ بہ شب در نظـر مـا آیند
پیشِ خورشید محـال است کـہ پیدا آیند
ہمچنین پیشِ وجودت، ہمہ خوبان عدم اند
گرچـہ در چشمِ خلائق ہمہ زیبا آیند

الغرض، این ماجرا کہ پیش سلطان گذشتہ، معتقدان خدمت سلطان المشائخ رسانیدہ سلطان المشائخ ہیچ بخود راہ نداد۔ بیت :

جہان اگر ہمہ دشمن شود بدولت عشق
خبر ندارم ازیشان کہ در جہان ہستند

Marfat.com

فاماً علما که اعلمِ وقت بودند ، بخدمت گاری حضرت سلطان المشائخ منسوب ، چنانچه مولانا فخرالدین زرادی و مولانا وجیه الدین پائلی وغیرہما در اباحت سماع آیت ہا می آوردند - در مجلسِ حضرت سلطان المشائخ درباب ِ سماع دلائلِ اباحت اقامت می کردند ، بدین نیت که پیش از محضر استحضاری حاصل شود - حضرت سلطان المشائخ که درون مبارک او از علم لدنی چون دریا موج می زد ، و ہیچ با ایشان التفات نمی کرد و ازین باب سخن نمی فرمود - ایشان متحیر ماندند اما بر تبحرِ سلطان المشائخ اعتقادی تمام داشتند ازین ہمہ خوش دل بودند - الغرض چون حضرت سلطان المشائخ را در سرای بادشاه طلب واقع شد، سلطان المشائخ از یاران خود کسی را نه طلبید فاما قاضی محی الدین کاشانی که بوفور علم آراسته و استاد شہر و علامهٔ عصر بود،و مولانا فخر الدین زرادی که بزرگ زادهٔ کریم الطبع تر از قاضی بود درجمیع علوم ، این ہردو بغیر طلب برابر بندگان سلطان المشائخ در سرای بادشاه رفتند - بعده، پیش از آنکه محضر بود ، قاضی جلال الدین نائب حاکم سلطان المشائخ را بطریق موعظت سخنان آغاز کرد ، و کلمات تعصب آمیز که نه لائقِ مجلس حضرتِ سلطان المشائخ بودی ، گفت و تشنیع می کرد - سلطان المشائخ حلم می ورزید و تحمل می کرد - بعد ازین که سخن را بدین جا رسانید که اگر بعد ازین دعوتی کنی و سماع بشنوی من حاکمِ شرع ام ترا بیازاریم - سلطان المشائخ ازین سخن در غضب شد و فرمود که معزول باد ازین شغل ، که بقوتِ آن این سخن می گوئی"- بعد از دوازده روز از قضا معزول شد و عنقریب سفر کرد -

آمدیم بر سرِ حرف - چون محضر شد ، در آن چنان محضر که جمله علما و اکابر و صدور و امراء و ملوک حاضر بودند ، و توجه و تلطف بادشاه وغیره ہمہ را بجانبِ سلطان المشائخ بود ، درین محل شیخ زادهٔ حسام گفت که "در مجلسِ شما سماع می باشد ، و رقص می کنند و آه و نعره می

Marfat.com

زنند"۔ مثل این سخنان بسیار گفت ۔ سلطان المشائخ روی مبارکِ خود بجانبِ او کرد و گفت "غلبه مکن ! و بسیار مگو ! بیا ! بگو سماع چه معنی دارد ؟" شیخ زاده حسام گفت "من نمی دانم فاما علماء می گویند که سماع حرام است"۔ سلطان المشائخ فرمود که "چون معنیٔ سماع نمی دانی مرا درین باب با تو سخنی نیست و نباید گفت"۔ شیخ زاده حسام که مدعی بود ملزم شده ، شکسته خاطر گشت ۔ ع :

تراست حجتِ قاطع بدست یعنی علم
چگونه پیش رود دعویٔ منِ نادان

بادشاه را گوشِ هوش باستماعِ سخنِ دلپذیرِ حضرت سلطان المشائخ بود ۔ چون در بحث سخن بلند می گردید ، بادشاه همین می گفت که "غلبه مکنید ! بشنوید که شیخ چه می فرماید" از جمله علما که حاضر بودند مولانا حمیدالدین و مولانا شهاب‌الدین ملتانی ساکت بودند ، و هیچ سخن وحشت ازین دو عالمِ زمانه بیرون نیامد ۔ بلکه مولانا حمیدالدین فرمود "چنانکه مدعیان ذکرِ مجلسِ حضرت سلطان المشائخ می کنند ، چنان نیست ، برخلاف آنست ۔ من این امر معاینه کرده ام و درآن جمع همه پیران و مشائخان و درویشان دیده ام"۔ درین میان قاضی کمال‌الدین گفت ۔ که "من جای این روایت دیده ام ، اقال ابوحنیفه السماع حرام" و الرقص فسق" لدنه یعنی گفت ابوحنیفه رحمةالله علیه سرود شنیدن حرام است و گردیدن در سماع کار بدست"۔ نزد ابوحنیفه این لفظ خواند ۔ حضرت سلطان المشائخ فرمود "او را منع کردن نیامده است"۔ در اثنای این بحث مولانا علم‌الدین در آمد، نبیسهٔ شیخ بهاءالدین زکریا بادشاه روی جانبِ مولانا علم‌الدین کرد و گفت "تو هم دانشمندی و هم مسافر ، امروز مسئلهٔ سماع پیشِ من بحث می کنند ۔ از تو می پرسم که سماع شنیدن حلال است یا حرام ؟" مولانا علم‌الدین گفت "من درین باب رسالهٔ 'مقصده' نام نوشته ام و ادلهٔ که

Marfat.com

در حلّ و حرمتِ آن آمده است درآن رساله کتابت کرده ام ـ آنان که بدل می شنوند ایشان را مباح است ، و آنان که به نفس می شنوند ایشان را حرام"ـ باز مولانا علم‌الدین را پرسید که ''تو در بغداد و شام و روم گشته ای مشائخ آن دیار سماع می شنوند یا نی ؟ و ایشان را درین کار کسی مانع می شود یا نی ؟" مولانا علم‌الدین گفت ''در همه شهر بزرگان و مشائخ سماع می شنوند ، و بعضی با دف و شبانه ، کسی ایشان را منع نمی شود ، و سماع درمیان مشائخ از شیخ جنید و شبلی موروث است''ـ بادشاه که از مولانا علم‌الدین چنین شنید ساکت شد ، و هیچ نه گفت ـ مولانا جلال‌الدین گفت ''باید که بادشاه بر حرمتِ سماع حکم کند و مذهبِ امامِ اعظم را درین باب مرعی دارد"ـ درین محل حضرت سلطان المشائخ بادشاه را گفت ''نخواهم که درین باب حکمی کنی"ـ بادشاه همین حکم حضرت سلطان المشائخ را قبول کرد و درین باب حکمی نه کرد ـ و درین حرف دو روایت است یکی آنکه مولانا فخرالدین زرادی خلیفه حضرت سلطان المشائخ در رسالهٔ اباحت سماع که تالیفِ اوست ''وکشف المفتاح من وجوه السماع" نام کرده ، آورده است که اصح همین است ـ زیراچه آن بزرگ دران محضر حاضر بود ، و بیشتر بحث با قاضی کمال الدین صدرِ جهان او کرده و آن این است و ما قال المخالف و من الادلة فی تضلیل من تقول و بالتحلیل لما کان ظاهر البطلان من رجع البحث الی الحرمة و الحل ثمه آل الی اولویة الترک و الفعل و کان ذالک من اول الضحیٰ الی اوان النفی ثمه قام اهل المجلس من عندالسلطان ـ فاما روایت دیگر آن است که بادشاه حکم کرد که حضرت سلطان المشائخ سماع بشنود ، و کسی ایشان را منع نه کنند ، و چنانکه طائفهٔ قلندران و حیدریان ، و آنانکه بنفس سماع بشنوند ایشان را منع کنند ـ و این روایت ضعیف است ـ زیراچه ایشان در آن مجلس حاضر نبودند ـ فاما معتبر و صحیح آنست که از مولانا فخرالدین زرادی مروی است ـ و الله اعلم ـ

Marfat.com

ہم دران ایام یکی از حضرت سلطان المشائخ پرسید کہ "مگر درین وقت حکم شدہ است کہ خدمت مخدوم ہر وقت کہ بیایند سماع بشنوند او را حلال است"۔ حضرت سلطان المشائخ فرمود کہ "اگر حرام است بگفتۂ کسی حلال نشود و اگر حلال است بگفتۂ کسی حرام نشود"۔

آمدیم در مسئلہ مختلف کہ مثلاً ہمین حکم استماع امام شافعی رحمۃاللہعلیہ مباح می دارد با دف و شبانہ ، برخلاف علماء ما ۔ اکنون در ہرچہ حاکم حکم کند ہمان باشد ۔ بعد فراغ بادشاہ حضرت سلطان المشائخ را با تعظیم و تکریم بسیار باز بگردانید ۔ فاما مولانا ضیاء الدین برنی در حیرت نامۂ خود می نویسد "چون حضرت سلطان المشائخ از محضر مذکور درخانہ آمد ، بوقت نماز پیشین مرا و مولانا محی الدین کاشانی و امیر خسرو شاعر را طلب فرمود ، چون سعادت پائیبوس حاصل شد گفت کہ "دانش مندان دہلی بعداوت و حسد من پر بودند ، میدان فراغ یافتند و سخن ہای پر از عداوت ، ایشان بسیار گفتند و عجبی امروز معائنہ شدکہ در معرض حجت احادیث صحیح حضرت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نمی شنوند و ہمین می گویند کہ در شہر ما عمل بروایت فقہ مقدم است بر حدیث ، و این چنین سخنان کسانی گویند کہ ایشان را بر احادیث حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم اعتقادی نباشد ۔ ہر بار کہ حدیث صحیح حضرت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم مذکور می شد بر می آمدند و منع می کردند ، و می گفتند این حدیث متمسک شافعی است و او دشمن علمای ماست ، ما نمی شنویم ، و نمی دانیم باعتقاد اند یا نہ ، کہ بحضور اولی‌الامر بمکابرہ بر می آیند ، و احادیث صحیح را منع می کنند ۔ و ہیچ عالمی ندیدم و نشنیدم کہ پیش او احادیث صحیح حضرت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم روایت کردہ آمد و او گوید کہ من نمی شنوم ۔ من نمی دانم کہ این چہ روزگار است ۔ در آن شہری کہ این چنین مکابرہ کنند چگونہ

Marfat.com

آبادان ماند ـ عجب است که خشت خشت نشود ـ بعد ازین بادشاه و اُمرا و خلق که از قاضی شهر و علمای شهر بشنوند که درین شهر عمل بر حدیث نیست چگونه اعتقاد بر احادیث پیغمبر علیه السلام راسخ ماند و ازآن وقت باز که ایشان روایت کردنِ حدیث منع کردند ، من ترسانم که شومت این چنین بد اعتقادی که بر علمای شهر معائنه شد از آسمان بلا و جلا و قحط و وبا بر سرِ شهر خواهد بارید ـ

ازان بود که در چهارم سال ازین ماجرا تمامیٔ علمای که درین محضر بوده اند ، و دیگران را هم بسببِ ایشان در دیوگیر جلا کردند ـ بیشتر ازان علما در دیوگیر سر نهادند ـ قحطی سهلک و وبای سخت در شهر پیدا شد ـ چنانکه تا این غایت این بلاها بکلی دفع نمی شود ـ سبحان الله ! هر سخنی که بزبانِ مبارک حضرت سلطان المشائخ گذشته بود ، عین آن معائنه و مشاهده شد ـ والله اعلم ـ

(سیرالاولیاء صفحه ۵۲۵ تا ۵۳۲)

* * *

Marfat.com

# محضر سماع

سماع سے لگاؤ رکھنے والے عزیزوں کے شفقت قبول کرنے والے ضمیر پر یہ امر واضح ہو کہ قاضی حمید الدین ناگوری قدس سرہ کے زمانے میں شہر کے علماء ان سے الجھ پڑے ، اور انھوں نے سماع کو حرام اور سننے والے کو کافر قرار دے کر اس سلسلے میں بہت سے سوالات شائع کیے اور اس وقت کے بہت سے عالموں نے حرمت سماع پر جواب لکھے - راقم حروف نے ان تمام سوالات کو پڑھا ہے ، بہرحال جیسا سوال کرتے ہیں اسی قسم کا جواب ہوتا ہے -

حق تعالیٰ نے قاضی حمید الدین کو عشق کامل ، بہت زیادہ علم اور ظاہر کرامتوں سے نوازا تھا - با ایں ہمہ اس وقت کے صدر جہاں قاضی منہاج الدین جرجانی ، جو علم و فضل اور لطافت طبع میں بے نظیر اور صاحب سماع بھی تھے ، قاضی حمید الدین اور دوسرے بزرگوں کے ساتھ ، کہ اہل عشق و محبت تھے ، سماع کیا کرتے تھے - چنانچہ اس ضمن میں ہم کچھ باتیں 'اہل سماع' کے ذیل میں تحریر کر آئے ہیں - قاضی منہاج کے صاحب سماع ہونے کے سبب اس دور کے مدعیوں کو سماع کے بارے میں کسی قسم کی بات کرنے اور دخل اندازی کی جرأت نہ رہی - لیکن جب حضرت سلطان المشائخ کی بزرگی اور دولت و کرامت کا خورشید اہل دنیا پر نور افگن ہوا ، اور ایسے تمام دور و نزدیک کے شریف و وضیع ، علماء ، فضلا ، بڑے بڑے لوگ اور وزرا جن کی فطرت میں قدرت نے عشق کی چاشنی سمو رکھی تھی ، کو سماع کا شوق ہوا اور تمام دنیا میں اس کا غلغلہ مچ گیا ، ان کے دلوں میں عشق کے ولولے جاگ اٹھے ، اور عاشقی و عشق بازی اور سماع کا معاملہ دنیا میں پھر سے تازہ ہو گیا ، اور اس سے گویا دنیا میں بہار آ گئی ، جیسا کہ خواجہ سنائی فرماتے ہیں :

Marfat.com

(۱) زین جا نفیر ریزد و زان جا نوای نای
آنجا خروش عاشق و این جا نشاط یار

(۱) بر هر طرف بهشتی و در هر بهشت حور
در هر چمن لگاری و در هر نگار یار

(۳) روی زمین ز شاهد گل پر زر و نگار
شاخ شجر چو گوش عروسان شاهوار

(۴) مرغی بهر درخت و نوای بهر طرف
شاهد بهر طریق و عروسی بهر کنارا[۱]

تو مدعیوں کے خار حسد نے ، جیسے کہ یہ موروثی ہو ، نئے سر سے اس معاملے کو چھیڑنا شروع کیا اور ایک مدت تک یہ تعصب ان کے دل میں اس طرح سمایا رہا کہ وہ گویا دیکھنے سے بھی قاصر ہوگئے - یہ عاجز کہتا ہے :

مرا زین عشق فیروزی است مطلق
(مجھے اس عشق سے مطلق کامیابی حاصل ہے)

نیز چونکہ بیشتر اکابر و علما ، وزرا ، اولیا ، امرا اور مقربین کو یہ علم تھا کہ بادشاہ حضرت سلطان المشائخ کا معتقد اور گرویدہ ہے ، اس لیے وہ اور بھی دم نہ مار سکتے تھے اور ڈھکی ہوئی دیگ کے اندر ہی اندر غصے سے جوش مار رہے اور پند و نصائح کو کچھ اس طرح کام میں لا رہے تھے کہ شاید ان سے متاثر ہو کر بادشاہ اس سلسلے میں محضر تیار کرائے ، اور یوں وہ (مدعی) اپنے زخم حسد کو زبان کی نوک سے تراوش دے سکیں - ''بار خدایا مجھے حسد کیے جانے والوں میں سے کر اور حسد کرنے والوں میں سے نہ کر !'' اتنے علوم کے عالم ہوتے ہوئے بھی یہ دعا گویا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے نکل کر ان کے کانوں تک پہنچی[۲] ہے -

Marfat.com

مختصر یہ کہ سلطان علاء الدین اور قطب الدین کے عہد میں ان حاسدوں کی سوچ بچار کسی کام نہ آئی اور کوئی محضر طلب نہ کیا گیا۔ جب سلطان غیاث الدین تغلق سریر آرائے سلطنت ہوا تو شیخ حسام الدین فرجام نے، کہ جس نے مسافرت کے موزے سلطان المشائخ کے گھر میں کھولے تھے اور جسے سلطان المشائخ نے بڑی شفقت و تربیت سے پرورش کیا تھا، محض اس لیے کہ اسے شہرت ہو، بہت زیادہ مجاہدہ کیا اور تکالیف اٹھائیں۔ لیکن چونکہ عشق کی سرمستی اور ذوق اسے ودیعت نہ ہوا تھا، اس لیے اسے شہرت حاصل نہ ہو سکی تھی، اب اس نے اس موقع سے فائدہ اٹھا کر خود کو مشہور کرنا چاہا، چنانچہ مدعیوں نے محضر کے ہنگامے کے لیے اسی کو منتخب کیا۔

"اے بے عقل! اگر تجھے نام ہی پیدا کرنا ہے تو نیک نام بن نہ کہ بدنام۔"

قاضی جلال الدین لوانجی حاکم مملکت کا نائب اہل عشق کی دشمنی میں مشہور تھا، دوسرے دانش مندوں نے شیخ زادہ حسام کو اکسا کر اسے اپنا پیشوا بنا لیا تا کہ وہ بادشاہ کے سامنے یہ بیان کرے کہ شیخ نظام الدین مقتدائے عہد ہے، اور سماع سنتا ہے جو امام اعظم کے مذہب میں حرام ہے۔ اور اس کام میں جو شرعی طور پر ممنوع ہے، ہزاروں لوگ اس کی پیروی کر رہے ہیں۔ چونکہ شیخ زادۂ مذکور کو بادشاہ کا قرب بھی حاصل ہو چکا تھا، اس نے یہ باتیں بادشاہ کے گوش گزار کر دیں۔ سلطان غیاث الدین کو سماع کے جائز یا حرام ہونے کا علم نہ تھا، وہ اس بات سے بہت متعجب ہوا کہ ایسا عظیم بزرگ جو مقتدائے عالم ہے، کیوں کر ایک غیر شرعی فعل کا مرتکب ہو سکتا ہے۔ ("ظالموں کے قول سے اللہ کی پناہ)!" بہرحال قاضی حمیدالدین ناگوری کے فتوے، سوال، اور شرعی کتابوں کی روایتیں بادشاہ کے سامنے پیش

Marfat.com

کی گئیں ۔ سلطان نے کہا کہ ''چونکہ علمائے دین نے سماع کو حرام قرار دیا ہے اور اس معاملے میں وہ مزاحم بھی ہوئے ہیں اس لیے سلطان المشائخ کو حاضر کیا جائے اور شہر کے تمام علماء ، اکابر اور صدور بھی طلب کیے جائیں جو محضر تیار کریں تاکہ اس سلسلے میں جو بھی حق بات ہے وہ ظاہر ہو جائے ۔'' ایک بزرگ کا کہنا ہے :

اخترانی کہ بہ شب در نظر ما آیند
پیش خورشید محال است کہ پیدا آیند
همچنین پیش وجودت همه خوبان عدم اند
گرچه در چشم خلائق همه زیبا آیند

(یہ ستارے جو رات کو ہمیں نظر آتے ہیں ، ان کی کیا مجال کہ سورج کے سامنے ظاہر ہو سکیں ، اسی طرح تیرے وجود کے سامنے تمام حسین مات ہیں ، اگرچہ لوگوں کی نظر میں وہ تمام حسین ہیں) ۔

الغرض یہ تمام ماجرا جو بادشاہ کے حضور میں پیش آیا تھا ، سلطان المشائخ کے معتقدوں نے ان تک پہنچا دیا ۔ سلطان المشائخ نے اس کی ذرہ بھر بھی پروا نہ کی :

جہان اگر همه دشمن شود بدولت عشق
خبر ندارم ازیشان کہ در جہان هستند

(اگر تیرے عشق کے سبب تمام دنیا دشمن ہو جائے تو میں ان دشمنوں کے وجود کو بھی عدم ہی جانوں گا)

لیکن جو علما کہ صحیح طور پر اپنے وقت کے بہت بڑے صاحبان علم تھے ، وہ حضرت سلطان المشائخ کی خدمت گاری کو فخر سمجھتے تھے ۔ چنانچہ مولانا فخرالدین زرادی اور مولانا وجیہ الدین پائلی وغیرہم سماع کو جائز قرار دلانے کے لیے آیات پیش کرتے اور حضرت سلطان المشائخ کی محفل میں سماع کی اباحت میں دلیلیں لاتے ، اس نیت سے کہ محضر سے

Marfat.com

پہلے پہلے ان پر استحضار۳ حاصل ہو - حضرت سلطان المشائخ کہ جن کا باطن مبارک علم لدنی سے دریا کی طرح موج زن تھا ، ان کی طرف کوئی توجہ یا التفات نہ فرماتے اور نہ اس سلسلے میں کوئی بات ہی کرتے - ان لوگوں کو اس بات پر بڑا تعجب ہوتا ، لیکن چونکہ انھیں سلطان المشائخ کے تبحر پر پورا پورا اعتقاد تھا ، اس لیے وہ بے حد خوش تھے - بہرحال جب حضرت سلطان المشائخ کو بادشاہ کے حضور میں طلب کیا گیا تو آپ نے اپنے دوستوں میں سے کسی کو بھی نہ بلایا ، لیکن قاضی محی الدین کاشانی کہ زیور علم سے بہت آراستہ ، استاد شہر اور علامہ دوراں تھا ، اور فخرالدین زرادی ، جو تمام علوم میں مذکورہ قاضی سے بڑھ کر اور ایک شریف النفس بزرگ زادہ تھا ، دونوں بغیر کسی بلاوے اور پیغام کے سلطان المشائخ کے مریدوں کے ساتھ ساتھ شاہی محل کی طرف ہو لیے -

بادشاہ کے حضور میں بیشتر اس کے کہ محضر پیش ہو ، قاضی جلال الدین نائب حاکم نے سلطان المشائخ کو نصیحت کے طور پر کچھ کہنا شروع کیا ، اور ایسے ایسے تعصب بھرے کلمے ، جو حضرت کی مجلس کے شایان نہ تھے ، منہ سے نکالے اور انھیں برا بھلا کہا - سلطان المشائخ بڑی بردباری سے سنتے اور برداشت کرتے رہے ، لیکن جب اس نے یہ کہا کہ "اگر اس کے بعد تم نے کوئی دعوت کی اور سماع سنا تو میں بہ حیثیت حاکم شرع کے تم سے بری طرح پیش آؤں گا" تو سلطان المشائخ غضب میں آ گئے اور فرمایا کہ "خدا کرے تم اس عہدے ہی سے معزول ہو جاؤ جس کے بل بوتے پر تم اس قسم کی باتیں کرتے ہو -" چنانچہ اس واقعے کے بارہ دنوں بعد وہ اچانک معزول کر دیا گیا اور جلد ہی وہاں سے کوچ کر گیا -

آمدم برسر مطلب ، تو جب محضر ہوا ـــــ اور محضر بھی کیسا کہ جس میں تمام عالم ، بڑے بڑے لوگ ، امرا ، صدور اور ملوک حاضر تھے ،

Marfat.com

اور بادشاہ وغیرہ تمام کی توجہ اور مہربانی سلطان المشائخ کی جانب تھی ـــــ تو شیخ زادہ حسام الدین نے کہا ''تمھاری مجلس میں سماع ہوتا ہے اور لوگ ناچتے اور نعرے بلند کرتے ہیں ۔'' غرض اس نے اس قسم کی بہت سی باتیں کیں ۔ سلطان المشائخ نے اپنا چہرۂ مبارک اس کی طرف کیا اور کہا ''زیادہ باتیں نہ بناؤ ، پہلے یہ تو بتاؤ کہ سماع کے معنی کیا ہیں ؟'' شیخ زادہ حسام بولا ''میں نہیں جانتا لیکن علما اسے حرام قرار دیتے ہیں ۔'' سلطان المشائخ نے فرمایا ''جب تم سماع کے معنی ہی نہیں جانتے تو مجھے پھر اس سلسلے میں تم سے کچھ نہیں کہنا ہے اور نہ کہنا ہی چاہیے ۔'' شیخ زادہ جو ابھی تک مدعی بنا بیٹھا تھا ، اب ملزم بن کر رہ گیا اور شکستہ خاطر ہوا :

تراست حجت قاطع بدست یعنی علم
چگونہ پیش رود دعوئ من نادان

(تیرے پاس علم کے سبب ٹھوس دلیل ہے پھر مجھ نادان کا دعویٰ کیوں کر چل سکتا ہے)

بادشاہ ، حضرت سلطان المشائخ کی دل پذیر باتیں بڑے انہاک سے سن رہا تھا ، جب بحث کے دوران میں کوئی ذرا بھی اونچی آواز سے بولتا تو بادشاہ فوراً ٹوک دیتا ''شور نہ کرو ، سنو شیخ کیا کہتے ہیں ۔'' جو علماء موجود تھے ، ان میں سے حمید الدین اور مولانا شہاب الدین ملتانی نے خاموشی اختیار کی اور ان دونوں علمائے دہر نے کسی قسم کی بھی کوئی وحشت بھری بات نہ کہی ، بلکہ مولانا حمید الدین نے ایک موقع پر کہا کہ ''جس رنگ میں حضرت سلطان المشائخ کی مجلس کا تذکرہ یہ دعویدار کر رہے ہیں ، معاملہ اس کے بالکل برعکس ہے ۔ میں اس مجلس میں حاضر ہوتا رہا ہوں اور اس میں میں نے صرف پیر ، مشائخ اور درویش ہی دیکھے ہیں ۔'' اسی دوران میں قاضی کمال الدین بولا ''میں نے ایک

Marfat.com

جگہ یہ روایت دیکھی ہے کہ ''قال ابو حنیفة السماع حرام و الرقص فسق لدیہ . . .'' (یعنی ابو حنیفہ نے فرمایا کہ گانا سننا حرام اور اس کے ساتھ ناچنا کار بد ہے میرے نزدیک) -'' جب اس نے اتنا کہا تو حضرت شیخ نے فرمایا ''اس کے امتناع کا تو حکم نہیں آیا ہے -''

یہ بحث چل رہی تھی کہ شیخ بہاء الدین زکریا کے نواسے علم الدین داخل ہوئے ، بادشاہ نے انہیں خطاب کرتے ہوئے کہا ''تم دانش مند بھی ہو اور مسافر بھی ، آج میرے سامنے مسئلۂ سماع پر بحث ہو رہی ہے ، میں تم سے پوچھتا ہوں کہ سماع حرام ہے یا حلال ؟'' مولانا علم الدین بولے ''میں نے اس مسئلے پر 'مقصدہ' نام کا ایک رسالہ لکھا ہے جس میں میں نے وہ تمام دلیلیں جمع کر دی ہیں جو آج تک سماع کے حلال اور حرام ہونے کے بارے میں پیش کی جا چکی ہیں - وہ لوگ جو دل سے سنتے ہیں ان کے لیے تو حلال ہے ، لیکن جو نفس سے سنتے ہیں ان کے لیے حرام ہے -'' پھر بادشاہ نے مولانا علم الدین سے پوچھا کہ ''تم بغداد ، شام اور روم میں گھومے ہو ، کیا وہاں کے مشائخ بھی سماع سنتے ہیں یا نہیں ؟ اور اس معاملے میں کوئی انہیں روک ٹوک بھی کرتا ہے یا نہیں ؟'' مولانا نے جواب دیا ''تمام شہروں میں بزرگ اور مشائخ سماع سنتے ہیں ، بعض تو دف کے ساتھ اور بعض الغوزے وغیرہ کے ساتھ ، کوئی بھی تو انہیں نہیں ٹوکتا - اور مشائخ کو تو سماع شیخ جنید و شبلی سے وراثت میں ملا ہے -'' بادشاہ نے جب مولانا سے یہ باتیں سنیں تو ساکت رہ گیا اور کچھ نہ بولا - مولانا جلال الدین نے کہا ''بادشاہ کو چاہیے کہ سماع کو حرام قرار دے ، اور اس سلسلے میں امام اعظم کے مذہب کی رعایت رکھے -'' اس موقع پر حضرت سلطان المشائخ نے بادشاہ سے کہا ''میری خواہش ہے کہ آپ اس معاملے میں کوئی حکم صادر نہ کریں -''

بادشاہ نے سلطان المشائخ کا کہنا مان لیا اور کوئی حکم صادر نہ کیا - اس معاملے میں دو روایتیں ہیں : ایک تو یہ کہ حضرت سلطان المشائخ

Marfat.com

کے خلیفہ مولانا فخرالدین زرادی نے سماع کی اباحت سے متعلق اپنے ایک رسالے "کشف المفتاح من وجود السماع" میں یہ لکھا ہے کہ "یہی زیادہ صحیح ہے" اس لیے کہ یہ بزرگ خود اس محضر میں حاضر تھے، اور زیادہ تر انھی نے قاضی کمال الدین صدر جہاں سے بحث کی تھی — اور وہ یہ ہے . . . . "یعنی مخالف نے حلت (حلال ہونا) کے قائلین کے دلائل کو جھٹلایا، چونکہ بحث کو حلت اور حرمت (حرام ہونا) کی طرف لے جانا بہ ظاہر باطل نظر آتا تھا، اس لیے اسے ترک کرنے یا بجا لانے کی اولیت کی بحث چھڑ گئی اور یہ بحث چاشت کے وقت سے سورج ڈھلنے تک جاری رہی - پھر اہل مجلس بادشاہ کے پاس سے اٹھ کھڑے ہوئے" —— لیکن دوسری روایت یہ ہے کہ بادشاہ نے حکم دیا تھا کہ "حضرت سلطان المشائخ سماع سنا کریں اور کوئی بھی انھیں منع نہ کرے، لیکن جو قلندر یا حیدری ہیں یا جو لوگ کہ نفسانی طور پر سماع کرتے ہیں، انھیں اس سے باز رکھا جائے -" یہ روایت ضعیف ہے کیونکہ اس کے راوی اس مجلس میں خود موجود نہ تھے، اور معتبر اور صحیح وہی ہے جو مولانا فخر الدین زرادی نے بیان کی ہے - واللہ اعلم -

انھی دنوں کسی نے حضرت سلطان المشائخ سے دریافت کیا کہ "کیا اس موقع پر یہ حکم بھی ہوا ہے کہ جو کوئی اپنے مخدوم کی خدمت میں حاضر ہو اور سماع سنے، اس کے لیے حلال ہے؟" آپ نے فرمایا کہ "اگر یہ حرام ہے تو کسی کے کہنے سے حلال نہ ہو گا، اور اگر حلال ہے تو کسی کے کہنے سے حرام نہ ہو گا" -

اب ہم مختلف مسئلوں کی طرف رجوع کرتے ہیں؛ مثلاً اسی سماع کو امام شافعی برخلاف ہمارے علماء کے، دف اور شہنائی وغیرہ کے ساتھ جائز قرار دیتے ہیں - لیکن اب تو وہی کچھ ہوتا ہے جو حاکم حکم دیتا ہے - بہر حال محضر سے فارغ ہونے کے بعد بادشاہ نے

Marfat.com

حضرت سلطان المشائخ کو بڑی تعظیم و تکریم کے ساتھ واپس بھیج دیا ۔ لیکن ضیاء الدین برنی نے 'حیرت نامہ' میں لکھا ہے کہ جب حضرت سلطان المشائخ اس محضر کے بعد اپنے گھر آئے تو ظہر کی نماز کے وقت انھوں نے مجھے ، مولانا محی الدین کاشانی اور امیر خسرو شاعر کو اپنے پاس بلایا ۔ جب ہم لوگ پابوسی کی سعادت حاصل کر چکے تو آپ نے فرمایا کہ "دہلی کے دانش مند تو پہلے ہی میری دشمنی اور حسد سے بھرے پڑے تھے ، اب انھیں اچھا موقع ہاتھ لگا اور انھوں نے خوب جی کھول کر عداوت کی باتیں کیں ۔ اور آج ایک تعجب کی بات یہ دیکھنے میں آئی کہ بحث کے دوران میں انھوں نے حضرت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی صحیح حدیثوں کو بھی بالکل نہ سنا ، اور یہی کہتے رہے کہ ہمارے شہر میں حدیث کی نسبت روایت فقہ کو مقدم سمجھا جاتا ہے ۔ اس قسم کی باتیں وہی لوگ کرتے ہیں جنھیں حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیثوں پر اعتقاد نہ ہو ۔ جس وقت بھی حضرت مصطفیٰ صلعم کی کوئی صحیح حدیث پیش کی جاتی تو وہ برافروختہ ہو جاتے اور منع کر دیتے اور کہتے کہ "یہ حدیث تو شافعیؒ دلیل کے طور پر لاتا ہے اور وہ ہمارے علما کا دشمن ہے ۔ نہ تو ہم یہ احادیث سننے کے لیے تیار ہیں اور نہ ہی یہ جانتے ہیں کہ یہ قابل اعتقاد ہیں یا نہیں ۔" یہ لوگ حاکم کے حضور میں دوسروں پر اپنی فضیلت جتانے کے لیے آتے اور صحیح حدیثوں کے سننے سے اجتناب برتتے ہیں ۔ اور میں نے ایسا کوئی عالم نہ دیکھا نہ سنا کہ جس کے سامنے حضرت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی صحیح احادیث بیان کی جائیں اور وہ کہے کہ میں نہیں سنتا ۔ میں حیران ہوں کہ یہ کیسا زمانہ آن لگا ہے ! بھلا جس شہر میں اس طرح زبردستی دوسروں پر اپنی فضیلت جتائی جاتی ہو وہ شہر کیوں کر آباد رہ سکتا ہے ۔ تعجب ہے اس کی اینٹ سے اینٹ کیوں نہیں بجتی ! اب جب بادشاہ ،

Marfat.com

امراء اور عوام شہر کے قاضی اور عالموں سے یہ سنیں گے کہ اس شہر میں حدیث پر عمل نہیں کیا جاتا تو پیغمبر علیہ السلام کی احادیث پر ان کا اعتقاد کس طرح مضبوط رہ سکے گا ۔ اور میں تو اس وقت سے ، جب سے کہ انھوں نے حدیث کے بیان سے روکا ہے ، ڈر رہا ہوں کہ جس بد اعتقادی کا مظاہرہ شہر کے علما نے کیا ہے ، کہیں اس کی نحوست سے آسمان سے بلاؤں ، مصیبتوں ، قحط اور وباؤں کا نزول نہ ہو ۔"

چنانچہ اس واقعے کے چوتھے سال ان تمام علماء کو جو اس محضر میں موجود تھے ، اور ان کی وجہ سے دیگر علماء کو بھی دیوگیر میں جلا وطن کر دیا گیا ۔ ان میں سے بیشتر علماء نے وہیں وفات پائی ، شہر مہلک وبا اور سخت قحط سالی کا شکار ہوا ، یہاں تک کہ یہ بلائیں ہنوز پورے طور پر دور نہیں ہوئیں ۔ سبحان اللہ ! جو بات بھی حضرت سلطان المشائخ کی مبارک زبان سے نکلی وہ اسی طرح پوری ہوتی دیکھی گئی ۔ واللہ اعلم ۔ (سیر الاولیاء صفحہ ۵۲۵ تا ۵۳۲)

★ ★ ★

Marfat.com

### اقتباس از

# وقعات بابری

**(منقول از مقالات مولوی محمد شفیع جلد اول مرتبہ احمد ربانی مجلس ترقی ادب ، لاہور - ۱۹۶۷ء ، ص ۹۷ تا ۹۹)**

**عبدالرحیم خان خانخاناں**

مغلیہ دور کا مشہور سپہ سالار اور شاعر - بیرم خان خانخانان کا بیٹا تھا - ۱۴ صفر ۹۶۴/۱۵۵۷ کو لاہور میں پیدا ہوا - اس کی والدہ سلیمہ سلطان بیگم ، جمال خان میواتی کی بیٹی تھی - اس کی بڑی بہن اکبر کے حرم میں تھی - اکبر ہی نے اس کا نام عبدالرحیم رکھا - بیرم خان کے مرنے کے بعد اکبر نے اس کی والدہ سے نکاح کر لیا جس کے سبب اس کی پرورش شاہی انداز میں ہوئی - یہاں اس نے عربی ، سنسکرت ، فارسی اور ترکی وغیرہ میں مہارت بہم پہنچائی - خوبرو جوان تھا - ۹۸۰/۱۵۷۲ میں بعمر ۱۳ برس اس نے اکبر کی ہمراہی میں ایک معرکے میں حصہ لیا - ۹۹۰/۱۵۸۲ میں شہزادہ سلیم (جہانگیر) کا اتالیق مقرر ہوا - ۹۹۸/۱۵۹۰ میں وکیل مطلق کا عہدہ پا کر باپ کے عہدے پر فائز ہوا - اس نے کئی معرکوں میں حصہ لیا - جہانگیر کے زمانے میں جب شاہجہان نے بغاوت کی تو اسے فرو کرنے کے بعد جہانگیر کے حکم پر خانخانان کے بیٹے داراب (جس نے شاہجہان

Marfat.com

کا ساتھ دیا تھا) کا سر کاٹ کر اس کے پاس بھیجا گیا ۔ یہ سر ایک خوان میں کھانے کی طرح لگوا کر بھیجا گیا تھا ۔ اس وقت خانخاناں بہتر کے پیٹے میں تھا ۔ خانخاناں نے ۱۰۳۶/ ۱۶۲۶ء میں وفات پائی ۔

بڑا علم دوست ، فارسی کا ایک اچھا شاعر اور ایک عمدہ منتظم تھا ۔ اس کی فیاضی کے بہت سے قصے مشہور ہیں ۔ تزک بابری ، ظہیر الدین بابر ، بانی مغلیہ خاندان ، کی خود نوشت سوانح عمری ترکی زبان میں تھی ۔ خانخاناں نے اکبر کے ایما پر اسے واقعات بابری کے نام سے فارسی کا روپ دیا ۔ اور یہ کتاب اپنی انشا کے لحاظ سے اب تک بے نظیر چیز سمجھی جاتی ہے اور ارباب ذوق کے لیے اس میں خاصی دلچسپی کا سامان موجود ہے ۔

Marfat.com

## از اہل نغمہ

قانون را مقدار خواجہ عبداللہ مروارید کسی ننواختہ چنانچہ مذکور شد ـ دیگر قل محمد عودی بود ـ غجک را خوب می نواخت در غجک سہ تار او بست از اہل نغمہ و اہل ساز ہیچ کس این مقدار بسیار و خوب پیشرو نہ بستہ باشد ـ

دیگر شیخ نائی است عود را و غجک را ہم خوب می نواختہ ـ از دوازدہ سیزدہ سالگی نی را خوب می نواختہ یک نوبت در صحبت بدیع الزمان میرزا یک کاری را خوب می بر آرد ـ قل محمد ازغجک آن کار را بر آوردہ نتوانست ـ گفت کہ غجک ساز ناقصست ـ شیخ فی الحال غجک را از دست قل محمد گرفتہ آن کار را در غجک خوب و پاکیزہ می نوازد ـ از شیخ یک چیزی روایت کردند در نغمات آن چنان مستحضر بودہ کہ ہر نغمہ کہ می شنیدہ می گفتہ فلان پردۂ فلان (نی) باین آہنگ است اما کار بسیار نہ بستہ ـ یک دو نقشی ازو می گویند ـ

دیگر شاہ قلی غجکی بود عراق است بخراسان آمدہ و ساز مشق کردہ ترقی کرد ـ خیلی نقش و مرود کارہا بستہ ـ

دیگر حسین عودی بود ، عود را بمزہ می نواخت و چیزہا بمزہ می گفت ـ تارہای عود را یکہ کردہ او نواختہ بود ـ عیبش این بودکہ بسیار بناز می نواخت ـ یک بار شیبانی خان ساز نواختن می فرماید ـ تکلف کردہ بد می نوازد و ہم ساز خود را نیاوردہ ساز کار نا آمدنی می آرد ـ شیبانی خان فہمیدہ می فرماید کہ در ہمان صحبت گردنی بسیارہا می زنند ـ شیبانی خان در عالم یک کار خوبی کہ دارد ابن است فی الواقع این چنین نازک مردکان را ازین بیشتر سزا می باید داد ـ

* * *

Marfat.com

Marfat.com

ترجمہ : شریف کنجاہی

# اہل نغمہ کے بارے میں

سُر منڈل کو خواجہ عبداللہ مروارید کی طرح جیسا کہ ذکر کیا جا چکا ہے کسی نے نہیں بجایا - اس کے علاوہ قل محمد عودی تھا کہ سارنگی خوب بجاتا تھا - سارنگی میں تین تار اس نے لگائے - اہل نغمہ اور اہل ساز میں سے کسی نے اسے اسقدر زیادہ اور اسقدر اچھا نہیں بجایا - ایک اور شیخ نائی (نے نواز) تھا کہ بربط اور سارنگی دونوں کو خوب بجاتا تھا - بارہ تیرہ برس کی عمر سے نے نوازی کر رہا تھا اور خوب کر رہا تھا - بدیع الزمان مرزا بیگ کی مجلس میں ایک بار کوئی دھن چھیڑے ہوئے تھا - قل محمد سارنگی سے وہ دھن نکال نہ سکا اور بولا کہ سارنگی ساز ہی ناقص ہے - شیخ نے اسی وقت سارنگی کو اس کے ہاتھ سے لے لیا اور اسی دھن کو سارنگی سے خوب اور ستھرے طور پر نکالا - شیخ سے ایک اور بھی روایت ہے کہ نغموں میں اس قدر حاضر دماغ تھا کہ جو نغمہ بھی سنتا کہہ دیتا کہ فلاں نے کا فلاں راگ کا اس الاپ میں ہے - لیکن خود اس نے زیادہ راگ نہیں بجائے - بس دو ایک راگ ہی اس کی یادگار گنے جاتے ہیں -

اسی طرح ایک شاہ قلی سارنگی نواز تھا - وہ عراق کا رہنے والا تھا اور خراسان آگیا تھا - مشق کرتا رہا اور ترقی کرگیا ، چنانچہ بہت سے راگ اور دھنیں اس کی ایجاد ہیں - ایک حسین بربط نواز تھا وہ بربط بڑے مزے سے بجاتا تھا اور مزے کی دھنیں نکالتا تھا - بربط کو لاجواب بجاتا تھا - بس ایک عیب اس میں یہ تھا کہ بڑے نخروں سے یعنی اپنی مرضی سے بجاتا تھا - ایک بار شیبانی خاں نے اسے ساز نوازی کو کہا - چونکہ اس وقت اس کی مرضی نہ تھی اس لیے اس نے ساز بھونڈا بجایا - پھر اپنا ساز نہ لایا اور

Marfat.com

ایک لکھا ساز لے آیا ۔ شیبانی خاں پا گیا چنانچہ اس نے حکم دیا کہ اس کو مکے رسید کئے جائیں ۔ اور شیبانی خاں نے دنیا میں اگر کوئی اچھا کام کیا تو یہی ۔ حقیقت میں ایسے نازک مزاجوں کو اس سے بھی زیادہ سزا دینی چاہیے ۔

★ ★ ★

Marfat.com

اقتباس از

# تاریخ رشیدی

**منقول از مقالات مولوی محمد شفیع جلد اول مرتبہ احمد ربانی**

**مجلس ترقی ادب ، لاہور ، ۱۹۶۷ء (ص ۱۳۰ تا ۱۳۱)**

**حیدر میرزا دوغلات**

اس کا اصل نام محمد حیدر ہے لیکن معروف مذکورہ بالا نام سے ہوا ۔ چغتائی خان یونس کا نواسہ اور بابر کا خالہ زاد بھائی تھا ۔ ۹۰۵/۱۴۹۹-۱۵۰۰ء میں پیدا ہوا ۔ باپ کے قتل (۹۱۴/۱۵۰۸) کے بعد اسے بخارا سے بھاگ کر کابل جانا پڑا ۔ ۱۵۰۹ء میں وہاں پہنچا ۔ بابر نے بیٹے کے طور پر اس کا استقبال کیا ۔ اس نے بابر کے ہمراہ کئی مہمات میں حصہ لیا ۔ لیکن بعد میں منگول حکمران سعید خان کے پاس فرغانہ چلا گیا ۔ خان نے اسے گرگان (داماد) کا خطاب دیا ۔ یہاں بھی اس نے کئی مہموں میں حصہ لیا ۔ خان کی وفات (۱۵۳۳ء) کے بعد تیموریوں کے پاس چلا گیا ۔ ۱۵۴۱ء میں اس نے کشمیر فتح کیا اور وہاں وہ عملی طور پر اپنی آزاد سلطنت قائم کرنے میں کامیاب ہو گیا ۔ ۱۵۵۱ء میں اسے مقامی آبادی کی ایک بغاوت میں قتل کر دیا گیا ۔

اپنی حکومت کشمیر کے دوران میں اس نے ایک کتاب تالیف کی جو کشمیر کے سابق حکمران

Marfat.com

عبدالرشید کے نام کی مناسبت سے تاریخ رشیدی کہلائی۔ اس کے پہلے حصے میں چغتائی خاندان کی تاریخ ہے خان تغلق تیمور کی تخت نشینی (۱۳۴۷ء) سے لے کر تقریباً ۱۵۴۶ء تک۔ دوسرے حصے میں اس نے اپنے حالات اور اس دور کے واقعات بیان کیے ہیں۔ بابر نے اس کتاب کو اس کی ادبی حیثیت سے سراہا ہے۔ اس کتاب کو خاصی مقبولیت حاصل ہوئی۔ بعد کے تمام مؤرخین، جنہوں نے چینی ترکستان اور سولہویں صدی عیسوی کے واقعات پر بحث کی ہے، اور جغرافیہ نویسوں نے اسے سند کے طور پر استعمال کیا ہے۔ روس میں اس کتاب کے اچھے خاصے اقتباسات شائع ہوئے ہیں۔

★ ★ ★

Marfat.com

# و منهم المغنیون

حافظ بصیر است ـ باتفاق مثل وی پیش از وی نبوده است چنان استماع افتاده است که در فصل بهاری در باغچه شعر می خوانده طیور مثل بلبل و فاخته و صعوه بر گرد او جمع شده اند و در سرکتف او نشسته ـ

## حافظ حسن علی

شاگرد وی است آواز زیری داشت در غایت لطافت پُر ترکیب و پُر تحریر می خواند ـ

## خواجه عبدالله مروارید

اگرچه از روی مولویت در سلک تذکرهٔ موالی مذکور می شد و در شعر در جنب هلالی و اهلی و در تعلیق سر دفتر میر حی و ملا درویش و در نسخ تعلیق بعد از سلطان محمد نور وی را می بایست نوشت ـ درآن فنون بی بدل نبود اما در قانون عدیل ندارد ـ گرفت اختراع ویست ـ قانون در قدیم سازی نبوده است که باوجود ساز های دیگر طبع را بوی میل شود زیرا که سازی است در غایت خشکی اما وی را چنان ساخته است که باوجود قانون خواجه عبدالله ساز دیگر را طبیعت رغبت نمی نماید ـ چون وی درین فن استاد است و از جملهٔ فضایت وی این راجح است فلا جرم سر دفتر این طایفه شده است ـ

استاد سید احمد غجکی و مطهر عودی ماهران اند اما استاد قل محمد هر دو را از هر دو گذرانیده است و پیش روها عربی نظیر دارد ـ

## استاد حیدر شاه بلبانی

وی نیز در فن خود استاد است ، آن نوع که پیش از وی مثل وی نبوده است ـ

Marfat.com

## استاد شیخی نائی

است که جمیع سازها را از جمیع استادان بهتر نواخته است ـ چون نی فن وی است بآن مشهور شده است ـ وهم چنین اهل فضل و صناع و محترفه والا نظران و بی عدیلان بوده اند که شرح تمامی ایشان تعبیر ظاهر دارد ـ تمامی اهل فضل و هنر که در خراسان بودند همه تربیت و بسعی میر علی شیر بوده است ـ

* * *

Marfat.com

# اور ان مغنیوں میں سے

ایک حافظ بصیر ہے - سب مانتے ہیں کہ اس سے پہلے اس جیسا کوئی نہیں ہوا - سننے میں آیا ہے کہ ایک موقع پر فصل بہاری میں وہ ایک باغیچے کے اندر کوئی نغمہ گا رہا تھا ، اس کی تاثیر سے کئی ہرلدے (بلبل ، فاختہ اور مولا وغیرہ) نہ صرف اس کے اردگرد جمع ہو گئے بلکہ اس کے شانوں پر بیٹھ گئے - حافظ حسن علی اس کا شاگرد تھا - اس کی آواز میں نزاکت تھی اور لطافت کے ساتھ لفظوں کو خوب ملا کر گاتا اور یوں کہ صاف سمجھ میں آ سکے -

**خواجہ عبداللہ مرواریہ**

مولویت کے لحاظ سے تو اس کا نام موالی کے تذکرے میں آنا چاہیے - اور شعر میں ہلالی اور اہلی کے پہلو بہ پہلو اور خط تعلیق میں میر جی اور ملا درویش کے سرگروہ کے طور پر جبکہ خط نستعلیق میں سلطان محمد نور کے بعد اسی کا نام لکھا جا سکتا ہے - ان فنوں میں وہ بے مثل تو نہ تھا تاہم سُر منڈل بجانے میں اپنی مثال نہ رکھتا تھا - گرفت اسی کی ایجاد ہے - قدیم میں سرمنڈل کوئی ایسا ساز نہیں تھا کہ دوسرے سازوں کے ہوتے ہوئے طبیعت اس کی طرف راغب ہوتی - کیونکہ بڑا خشک ساز ہے - لیکن اس نے اسے کچھ اس طرح بنا دیا ہے کہ خواجہ عبداللہ کے سرمنڈل کی موجودگی میں کسی اور ساز کی طرف طبیعت مائل ہی نہیں ہوتی - چونکہ وہ اس فن میں استاد ہے اور اس کی یہ فضیلت اس کی دیگر فضیلتوں پر فائق ہے ! اسی لیے وہ اس گروہ کا سرکردہ شمار ہوا ہے -

**استاد سید احمد** سارنگی نواز اور مظہر بربط نواز بھی ماہر ہیں لیکن استاد قل محمد دونوں ساز بجانے میں ان دونوں سے بڑھ کر ہے اور پیش رووں میں بھی نظیر نہیں رکھتا -

Marfat.com

## استاد حیدر شاہ الغوزہ نواز

وہ بھی اپنے فن میں استاد ہے - اور ایسا کہ اس سے پہلے اس جیسا کوئی نہیں ہوا

## استاد شیخ نے نواز

یہ تمام سازوں کو سب استادوں سے بہتر بجانے والا ہے - چونکہ "نے" اس کا فن ہے اس لیے اس نام سے مشہور ہوا - اسی طرح دیگر بڑے بڑے بلند نظر اور نامور اہل فضل ، اہل صنعت اور اہل حرفت ہو گذرے ہیں کہ جن کی مثال نہیں ملتی اور جن کا ذکر خاصا تفصیل طلب ہے - ہاں خراسان میں جس قدر بھی اہل فضل و ہنر ہوئے ہیں سب میر علی شیر کی تربیت اور سعی کے نتیجے میں اس مقام پر پہنچے ہیں -

★ ★ ★

Marfat.com

# آئین اکبری

## مطبوعہ نولکشور پریس - لکھنؤ ۱۸۶۹ء

## جلد سوم

**ابوالفضل**

شیخ مبارک کا بیٹا ، نابغۂ روزگار اور دربار اکبری کے نورتنوں میں سے تھا - ۹۵۸/۱۵۵۱ میں پیدا ہوا - والد سے تعلیم و تربیت حاصل کی - اپنی ذہانت و فطانت کے سبب ۹۸۱/۱۵۷۳ میں اپنے بڑے بھائی فیضی کی وساطت سے شاہی دربار میں پہنچا - اہل قلم بھی تھا اور اہل شمشیر بھی - کئی ایک مہمات میں شریک ہوا - چار ہزاری کے منصب اور پھر وزارت عظمیٰ کے عہدہ پر فائز ہوا - دکن کی مہم سے واپسی کے موقع پر ، بقول فرشتہ ، راستے میں ڈاکوؤں کے ہاتھوں مارا گیا - لیکن یہ بھی کہا جاتا ہے کہ جہانگیر نے ، جو اس وقت شہزادہ سلیم تھا ، اسے اس خیال سے مروا ڈالا کہ وہ اکبر کے سامنے اس کی غیبت کرتا تھا - یہ واقعہ ۴ ربیع الاول ۱۰۱۱/۲۲ اگست ۱۶۰۲ کو پیش آیا - کئی ایک تصانیف اس سے یادگار ہیں - آئین اکبری کو اکبر نامہ ہی کا ایک حصہ کہا گیا ہے - یہ کتاب بڑی محنت و کاوش سے لکھی گئی ہے - اور ایک لحاظ سے اس وقت کے بر صغیر پاک و ہند

Marfat.com

کے علمی ، خانگی ، مذہبی ، معاشرتی ، ملکی ، صنعتی ، زراعتی اور اقتصادی حالات و واقعات کا آئنہ ہے ۔ اس کی بدولت مغلیہ بادشاہوں کے سنہری دور کے مختلف پہلو بڑے واضح اور روشن ہوگئے ہیں ۔

Marfat.com

سنگیت بفتح سین و نون خفی و کسر کاف فارسی و سکون یای تحتانی و فتح تای فوقانی دانش گوناگون نغمه و ساز و روش رقص و جزآن و مطالب آنرا در هفت ادهیای برگذارند ، نخست :

سرادهیای بضم سین و را بیان آواز ، آنرا بر دو گونه شمرند :

اناهت بفتح همزه و نون و الف و فتح ها و تای فوقانی ، آوای بی سبب آنرا یکی و قدیم انگارند و آدمی هرگاه دو سوراخ گوش را بانگشت نر بربندد صدای دریابد او را آن نام باشد و برهما دانند و چون این شناسای خو گردد و بی میانجی ار شنود مکت روی دهد -

آهت بهمزه و الف و فتح ها وتای فوقانی ، آوازی که بسبب پدید آید آنرا بسان کوبائی عرض هوا پندارند و از کوفتن و کندن پیدائی گیرد ، چنان برسرایند در هر یکی از شکم و گلو و تارک است و دو رگ نهادهٔ دست قدرت است از ناف سر آغاز چالش باد شود و باندازهٔ سختی و سستی بر خوردن آواز بر خیزد گویند در پنجم و ششم و هیزدهم و نوزدهم نرسد و آن هیزده را هفت لخت ساخته بدین تفصیل :

سرج بفتح سین و سکون را وجیم ، آنرا از آواز طاؤس برداشته اند از چهارم رگ پدید آید ،

رکهبه بکسر را و سکون کاف و های خفی و فتح با و های خفی ، آنرا از آواز پپیهه برگرفته اند - جانوریست سار واسا در موسم بارش بناله در آید و این از هفتم تا دهم رسد -

گاندهار بکاف فارسی و الف و نون خفی و دال و های خفی و الف و سکون را و آنرا از فغان هزیر داشته اند از دهم تا سیزدهم رفتار او باشد

Marfat.com

**مدہم** بفتح میم و کسر دال مشدد و ہای خفی و میم آنرا از صورت **کلنگ** بر شناخته اند از سیزدہم تا شانزدہم رود

**پنچم** بفتح بای فارسی و نون خفی و کسر جیم فارسی و سکون میم از زمزمهٔ کوئل برداشته اند و آن پرنده ایست سیه فام سرخ چشم خوشنما خوشگو، دُم او درازتر از سار و از ہفتدہم انتظام گیرد

**دہیوت** بفتح دال و ہای خفی و سکون یای تحتانی و فتح واو و تای فوقانی آواز وزق از ہشتم تا بست و دوم خرامش کند

**نکهاد** بکسر نون و فتح کاف و ہای خفی و الف و سکون دال از خروش فیل بر گرفته اند، از بست و دوم تا بست و سوم، قسم دیگر این و ہر ہفت سُر را سَر آغاز از ہر سه قسم شود پس نکهاد در مرتبهٔ سوم از بست و دو برگذرد و ہر نغمه که ہر ہفت سُر دران فراہم آید آنرا

**سنپورن** گویند، بفتح سین و نون خفی و ضم بای فارسی و سکون واو و فتح را و سکون، نون و اگر شش باشد اول ناگریر آنرا

**کهاڈو** نامند بفتح کاف و ہای خفی و الف و فتح دال ہندی و سکون واو و خداوند پنج را

**اوڈپ** خوانند بفتح ہمزه و سکون واو و فتح دال ہندی و سکون با و نخست درو ناگزیر و ہیچ نغمه کمتر ازین سرانجام نیابد لیکن در تان که اوای است خاص از دو ہم ہستی پذیرد دوم

**راگ بیبکای دہیبای** بر او الف و فتح کاف فارسی و کسر ہر دو با و سکون یای تحتانی و کاف و الف و کسر یای تحتانی در رنگا رنگ مقام و شعبه سر آغاز از مہادیو و پاربتی دانند، نخستین را پنج وہن بود و از ہر یکی نغمه پدید آید بدین تفصیل :

**سریراک** بکسر سین و را و سکون یای تحتانی و را و الف و کاف فارسی **بسنت** بفتح با و سین و نون خفی و تای فوقانی

Marfat.com

**بهیرون** بفتح با و های خفی و سکون یای تحتانی و فتح را و واو و نون

**پنچم** ببای فارسی و نون خفی و فتح جیم فارسی و میم

**میکهه** بکسر مجهول میم و سکون یای تحتانی و کاف فارسی و های خفی

**نٹ نراین** بفتح نون و سکون تای فوقانی هندی و فتح نون و را و الف و کسر یای تحتانی و فتح نون از پاربتی بر سرایند و این هر شش نغمه را به هندی زبان

**راگ** گویند برا و الف و کاف فارسی و اصل انگارند و هرکدام را فراوان شاخ و شش زبان زد روزگار، سریراگ را سنپورن دانند درینجا رکهبه تا هشتم آید و پس او کاندهار تا دهم و مدهم از سیزد هم در نگذرد دهیوت تا بست و یکم رود و نکهاد هم یکی برود و همچنین در همگی مراتب دگرگونگی رود - نخست را:

**مالوی**، بمیم و الف و فتح لام وکسر واو و سکون یای تحتانی

**تروونی** بکسر تای فوقانی و ضم را و سکون واو فتح دیگر و کسر نون و سکون یای تحتانی

**کیداری** بکسر مجهول کاف و سکون یای تحتانی و دال و الف و کسر را و سکون یای تحتانی

**گوری** بفتح کاف فارسی و سکون واو و کسر را و سکون یای تحتانی

**مده مادوی** بفتح میم و کسر دال مشدد و های خفی و میم و الف و فتح دال و کسر واو و سکون یای تحتانی

**بهاری**، بکسر با و با و الف و کسر را و سکون یای تحتانی - دوم را:

**دیسی**، بکسر دال و سکون یای تحتانی و کسر سین و سکون یای تحتانی

**دیوگری** بکسر مجهول دال و سکون یای تحتانی و فتح واو و کسر کاف فارسی و را و سکون یای تحتانی

**بیراٹی** بفتح با و سکون یای تحتانی و را و الف و کسر تای فوقانی

Marfat.com

ہندی و سکون یای تحتانی

**ٹوڈی** بضم مجہول تای فوقانی ہندی و سکون واو و کسر ڈال ہندی و سکون یای تحتانی

**للتا** بدو لام ، نخستین مفتوح و دوم مکسور و تای فوقانی و الف

**ہنڈول** بکسر ہا و نون خفی و ضم مجہول دال ہندی و سکون واو و کسر لام سوم را :

**مدہ ماد** بفتح میم و کسر دال مشدد و ہای خفی و الف و میم و فتح دال

**بھیروی** بفتح با و ہای خفی و سکون یای تحتانی و فتح را و کسر واو و سکون یای تحتانی

**بنگالی** بفتح با و نون خفی و کاف فارسی و الف و کسر لام و سکون یای تحتانی

**براٹکا** بفتح با و را و الف و فتح تای فوقانی ہندی و کاف و الف

**سندوی** بکسر سین و سکون نون و فتح دال و کسر واو و سکون یای تحتانی

**پنرگیا** بضم پای فارسی و فتح نون و سکون را و کسر کف فارسی و یای تحتانی و الف ، چہارم را :

**ببہاس** بدو با نخستین مکسور دوم مفتوح و ہای خفی و الف و فتح سین

**بھوپالی** بضم مجہول با و ہای خفی و سکون واو و پای فارسی و الف و کسر لام و سکون یای تحتانی

**کانرا** بکاف و الف و فتح نون و را و الف

**بدہنسکا** بفتح با و سکون دال ہندی و فتح ہا و نون خفی و فتح سین و کاف و الف

**مالسری** بمیم و الف و سکون لام و کسر سین و را و سکون یای تحتانی

Marfat.com

**پڈہ منجری** بفتح بای فارسی و سکون دال ہندی و ہای خفی و فتح میم و نون خفی و فتح جیم وکسر را و سکون یای تحتانی ، پنجم را :

**ملار** بفتح میم و لام و الف و سکون را

**سورٹھی** بضم مجہول سین و سکون واو و را و کسر تای فوقانی ہندی و ہای خفی و سکون یای تحتانی

**اساوری** بہمزہ و الف و سین و الف و فتح واو وکسر را و سکون یای تحتانی

**کیسکی** بفتح کاف و سکون یای تحتانی و ضم سین و کسر کاف و سکون یای تحتانی

**گندہاری** بفتح کاف فارسی و نون خفی و فتح دال و ہای خفی و الف و کسر را و سکون یای تحتانی

**ہرسنگاری** بفتح ہا و سکون را و کسر سین و نون خفی و کاف فارسی و الف و کسر را و سکون یای تحتانی ششم را :

**کامودی** بکاف و الف و ضم مجہول میم و سکون واو و کسر دال و سکون یای تحتانی

**کلیان** بفتح کاف و کسر لام مشدد و یای تحتانی و الف و سکون نون

**اہیری** بفتح ہمزہ و کسر ہا و سکون یای تحتانی و کسر را و سکون یای تحتانی

**سدہ ناٹ** بضم سین و سکون دال مشدد و ہای خفی و نون و الف و فتح تای فوقانی ہندی

**سالک** بسین و الف و فتح لام و سکون کاف

**نٹ ہمیر** بفتح نون و سکون تای فوقانی ہندی و فتح ہا و کسر میم و سکون یای تحتانی و فتح را ـ گروہی ہر یکی را پنج پنج برگذارند و فراوان دگرگونگی رود ـ طائفہ بجای بسنت و پنجم و میگہہ

Marfat.com

**مالوسک** بمیم و الف و سکون لام و ضم مجهول کاف و سکون واو و فتح سین و کاف و

**پنڈول** بکسر با و نون خفی و ضم مجهول دال ہندی و سکون واو و لام ،

**دیپک** بکسر دال و سکون یای تحتانی و فتح بای فارسی و سکون کاف

ہر سرایند برای ہر شش پنج پنج فرع برگویند ـ لختی دران اختلاف رود و برخی بجای دوم و سوم و چہارم و پنجم سده بهیرون بضم سین و فتح دال و ہای خفی و پنڈول و دیسکار بکسر مجهول دال و سکون یای تحتانی و سین و کاف و الف و را و سده ناٹ بر خوانند و ہر ضرب را دو گونه شمارند یکی را

**مارگ** نامند بمیم و الف و فتح را و سکون کاف فارسی گذار ده دیوتہا و رکھیران بر شمرند و از ہیچ بوم درو دگرگونگی نرود و مہین نغمه شمارند ـ شناسندگان آن در دیار دکن فراوان و آن شش را ہا بسیاری ازین پندارند لختی ازان برمیگذارد

**سورج پرکاس** بضم مجهول سین و سکون واو و فتح را و جیم و فتح بای فارسی و سکون را و کاف و الف و سکون سین

**پنچ تالیسر** بفتح بای فارسی و نون خفی و سکون جیم و تای فوقانی و الف و کسر مجهول لام و سکون یای تحتانی و ضم سین و سکون را

**سربتو بهدر** بفتح سین و سکون را و فتح با و ضم مجهول تای فوقانی و سکون واو و فتح با و ہای خفی و سکون دال و فتح را و

**چندر پرکاس** بفتح جیم فارسی و نون خفی و سکون دال و فتح را

**راگ کدم** برا و الف و سکون کاف فارسی و فتح کاف و دال و سکون میم

**جهومرا** بضم جیم و ہای خفی و سکون واو و میم و را و الف

**سرورتنی** بضم سین و سکون را و فتح واو و سکون را و فتح تای فوقانی و کسر نون و سکون یای تحتانی ـ دوم را :

**دیسی گویند** ، بکسر دال و سکون یای تحتانی و کسر سین و سکون یای

Marfat.com

تحتانی و آن نغمہ ایست خاص یکجا چنانچہ سرائیدن

**دہرپد** بضم دال و ہای خفی و سکون را و فتح بای فارسی و سکون دال - در دارالخلافۃ آگرہ و گوالیار و باڑی و آن نواحی بیشتر درین دیار نغمۂ بزرگ سرائیدے چون مانسنگہ راجۂ گوالیار کامروا شد بدستیاری نایک بخشو و مچہو و بہنور کہ از نادرہ کاران روزگار بودند طرز عالم پسند خاص گزین بر آورد - چون او در گذشت بخشو و مچہو را در دولت سلطان بہادر گجراتی روز بازار دیگر شد و آن روش برفراز روای بر آمد دہرپد فراہم آمدہ از چہار فقرہ مسجع و برابری الفاظ و حروف دران ناگزیر بود درو نیرنگی عشق و شگرف کاری دل گذارش یابد و آنچہ در دکن گویند بزبان درآودی

**چند** نامند بکسر جیم فارسی و نون خفی و سکون دال و آن بسہ فقرہ یا چہار فراہم آید و بیشتر دران ثناگری و آنکہ بزبان تلنگی و کرناٹک سرود آراید

**دہرو** گویند ، بفتح دال و ہای خفی و ضم را و سکون واو دران ناز و نیاز برگزارند و آنچہ در بنگالہ سرایند

**بنگلا** خوانند بفتح با و نون خفی و ضم کاف فارسی و لام و الف و آنرا در جونپور نغمہ آرایند

**چتکلا** گویند بضم جیم فارسی و سکون تای فوقانی ہندی و کاف و لام و الف و آنچہ در دہلی بنوا در آرند قول و ترانہ نامند و آن روشی است کہ امیر خسرو دہلوی بہمزبانی صامت و نتار بروی کار آورد و از صوت و نقش فارسی و ہندی برگرفتہ عشرت افزای شد - و آنچہ در متھرا بسرود در آرند

**بشن پدہ** بکسر با و سکون شین منقوط و نون و فتح بای فارسی و سکون دال - فقرات او چہار شش ہشت باشد و درآن کشن را برستایند و آنچہ در سند بر خوانند کافی نام یابد - درو بسا افسون مہر و محبت - و آنچہ

Marfat.com

بزبان ترہٹ

**لہچاری** بفتح لام و سکون ہا و جیم فارسی و الف و کسر را و سکون یای تحتانی و آن گزارده بدہایت از سوزش عشق برسراید و آنچہ در لہاور و نواحی آن سرایند

**چہند** گویند بفتح جیم فارسی و ہای خفی و نون خفی و دال ـ و آنرا کہ در گجرات بنوا در آرند

**جکری** نامند بفتح جیم و سکون کاف و کسر را و سکون یای تحتانی و آنچہ در رزم آرائی و ستایش کند او را

**کرک** بفتح کاف و سکون را و فتح کاف و ہای خفی آنرا ساورہ گویند و آن نیز از چار و شش و ہشت فراہم شود و بگونا گون زبان بر سرایند و جز آنچہ گذارش یافت فراوان طرز دیگر سامعہ افروز چون :

**سارنگ** بسین و الف و فتح را و نون خفی و سکون کاف فارسی و

**پوربی** بضم بای فارسی و سکون واو و را و کسر با و سکون یای تحتانی

**دہناسری** بفتح دال و ہای خفی و نون و الف و فتح سین و کسر را و سکون یای تحتانی

**رام کلی** برا و الف و سکون میم و فتح کاف و کسر لام و سکون یای تحتانی

**کرائی** بضم کاف و را و الف وکسر ہمزہ و سکون یای تحتانی خدیو عالم آنرا

**سکہرائی** برگوید بضم سین و سکون کاف فارسی و ہای خفی و را و الف و کسر ہمزہ و سکون یای تحتانی

**سوہو** بضم سین و سکون واو و ضم مجہول ہا و سکون واو

**دیسکال** بکسر دال و سکون یای تحتانی و سین و کاف و الف و لام و

**دیساک** بفتح دال و سکون یای تحتانی و سین و الف و کاف ـ سوم

Marfat.com

**پرکیرتکا ادہیای** بفتح بای فارسی و را و کسر کاف و سکون یای تحتانی و فتح را و نون و کاف و الف در چگونگی

**الاپ** بفتح ہمزه و لام و الف و بای فارسی نثر خوانی باشد و آن بر دد گونه بود یکی راگ الاپ تان آن نغمه که بزبان روزگار او را تصرف گویند درو باشد دیگر روپ الاپ تانہای منظوم که نازش گفتن آن وارد در و برگزارند چہارم :

**پربنده ادہیای** بفتح بای فارسی و را و با و نون خفی و فتح دال و ہای خفی در روش بستن

**گیت** بکسر کاف فارسی و سکون یای تحتانی و تای فوقانی منظومی است که در نغمه سرایند از شش چیز فراہم آید :

**برد** بکسر با و فتح را و دال ستایش

**پد** بفتح بای فارسی و سکون دال ، نام ممدوح

**تنا** بکسر تای فوقانی و نون و الف ، آئین تن تنا گفتن و نقرات وا کردن

**پاٹ** ببای فارسی و الف و تای فوقانی ہندی تن تنانا نا است از ۳ حرف تا بست حرف مخصوص ترکیب یابد ہمانا بمثابه نقرات را بد است

**تال** بتای فوقانی و الف و فتح لام و آنرا ضرب گویند اگر برشش باشد آنرا :

**میدنی** گویند بکسر مجہول میم و سکون یای تحتانی و فتح دال و کسر نون و یای تحتانی و اگریکی نباشد

**اندنی** گویند بہمزه و الف و فتح نون و نون خفی و فتح دال و کسر نون و سکون یای تحتانی و اگر دو نبود

**دنپنی** گویند بکسر دال و سکون یای تحتانی و فتح بای فارسی و کسر نون و سکون یای تحتانی و اگر سه نباشد

Marfat.com

**بهاونی خوانند** بفتح با و های خفی و الف و فتح واو و کسر نون و سکون یای تحتانی و اگر چهار نبود

**تارا ولی** نامند بتای فوقانی و الف و را و الف و فتح واو و کسر لام و سکون یای تحتانی ولی دو چهره برفیروزد و هر چهار ادبیای از نیرنگی سرشت ، پنجم

**تال ادبیای** بتای فوقانی و الف و لام دران چوبی و چندکی ضرب گذارش یابد ، ششم

**وادیا ادبیای** بواو و الف و کسر دال مشدد و یای تحتانی والف در مراتب سازها و آن بر چهار گونه بود :

**لت** بدو تای فوقانی ، اول مفتوح و ثانی ساکن آنچه بتار نواخته شود

**تبت** بکسر تا پوست گرفته بنوا دارند

**گهن** بفتح کاف فارسی و های خفی و سکون نون آنکه بسخت پیوستن دو صلب آواز دهد

سکهر بضم سین و کسر کاف و های خفی و سکون را آنچه بنفس برسرایند و هر کدام را فراوان اقسام ، چندی ازآن برمیگذارد ، از نخستین قسم

**جنتر** بفتح جیم و نون خفی و فتح تای فوقانی و را چوبی را بدرازی یک گز تهی میان سازند و بهر دو سر دو نیمه دو کدو پیوندند ، بالا سو شانزده چوب پاره بازگذازند و پنج تار آهنی از فراز آن گذارده بهر دو طرف استوار سازند و مدار پستی و بلندی و دگرگونگی آهنگ بر گرداندن چوب پارها گراید

**بین** بکسر با و سکون یای تحتانی و نون ، جنتر آسا لیکن سه تار دارد

**کنر** بکسر کاف و فتح نون مشدد و سکون را ، بین مانا لیکن چوبش لختی دراز تر و سه کدو و دو تار

**سربین** بفتح سین و سکون را بسان بین است لیکن چوب پارها دارد

Marfat.com

**البرتی** بفتح ہمزہ و نون خفی و سکون با و کسر را و تای فوقانی و سکون یای تحتانی چوب آن از سرِبین خرد خرد ترکدوئی بجانب بالا و یکتار آہنین و ہمگی پردہہا بی تغیر درو نواختہ شود ،

**رباب** شش تار رودہ بران بندند و بعضی دوازدہ و برخی ہیژدہ

**سرمنڈل** بفتح سین و سکون را و فتح میم و نون خفی و فتح دال ہندی و سکون لام ، قانون آسا ، بست و یکتار دارد بعضی از آہن و برخی از برنج ـ و طائفہ از رودہ

**سارنگی** بسین و الف و فتح را و نون خفی و کسرکاف فارسی و سکون یای تحتانی ، خرد تر از رباب ، بسان غجک برنوازند

**پناک** بکسر بای فارسی و نون و الف و کاف آنرا

**سربتان** ہم گویند بضم سین و سکون را و فتح با و تای فوقانی و الف و نون چوبکی بدرازی کمان لختی خم دادہ زہی از رودہ برآن بندند و دو کاسۂ چوبین سرنگون بہر دو طرف او گذارند و آنرا غجک آسا بنوا در آرند لیکن بدست چپ خرد کدوئی برگیرند و در نوازش بکار دارند

**ادہوٹی** بفتح ہمزہ و دال و ہای خفی و سکون واو و کسر تای فوقانی ہندی و سکون یای تحتانی یک کدو و دوتار

**کنگرہ** بکسر کاف و نون خفی و فتح کاف فارسی و را و ہای مکتوب بین آسا ، لیکن دو تار رودہ دارد و کدوہا خردتر ـ قسم دوم :

**پکہاوج** بفتح بای فارسی و کاف و ہای خفی و الف و ضم واو و سکون جیم سطبری چوبی را ہلیلجی شکل بر سازند و میان تہی گردانند درازی یک گز و پری ، چنانچہ اگر بانہ آنرا در بغل گیرند انگشتان ہر دو دست بہرسد و سرہای آن از سرکوزہ لختی فراخ تر ، آنرا پوست درگیرند و در اطراف آن دوالہای چرم انداختہ مانند تتار برکشند و چہار چوب پارہ از یک دست کوتاہ تر درگرد سر چپ بگزارند پستی و بلندی آہنگ بر پنج دادن آن

Marfat.com

اوج بهمزه و الف و ضم واو و سکون جیم از چوبی میان تهی برسازند گوئی دو خرد طبل باز از پایان بهم پیوسته و بر دو رویه پوست درگیرند و بریسمان استوار گردانند

دہل و آن معروف - ڈہدہ بفتح دال ہندی و ہای خفی و فتح دال مشدد ہندی و ہای خفی و آن دہل مانا لیکن بغایت خرد

اردہاوج بفتح ہمزہ و سکون را و دال و ہای خفی و الف و فتح واو و سکون جیم نیمہ اوج

دف مشہور - خنجری بفتح خای منقوط و نون خفی و فتح جیم و کسر را و سکون یای تحتانی خرد نی است جلاجل دار برابر سرکوزہ باشد

قسم سوم تال بتا و الف و لام جفتی از روی بازند بسان پیالہ پہن لب کشادہ

کٹہہ تال بفتح کاف و سکون تای فوقانی ہندی و ہای خفی و تای فوقانی و الف و سکون لام خورد ماہی آسا چہار تار چوبین و سنگین بر سازند تہی کوزہ - قسم چہارم سہنا بفارسی سرنا گویند

مشک دونی پارہ بقاعدہ سوراخہا دارد بدو پیوندند و فارسی زبان نی انبان خوانند

مرلی بضم میم و سکون را و کسر لام و سکون یای تحتانی نی آسا

اپنگ بضم ہمزہ و فتح بای فارسی و نون خفی و سکون کاف نی است میانۂ خالی بدرازی یک گز درمیانہ آن بالا سو سوراخی کنند و دران باریک نی بر گذارند

ہفتم لرتیا ادہیای بکسر نون و سکون را و کسر تای فوقانی و یای تحتانی و الف

Marfat.com

در چندی و چگونگی رقص -

## شمارهٔ نغمه سرایان

چون لختی از نغمه و ساز گذارش یافت اندکی از گروه خوانندگان می سراید نقش قدیم را که در هیچ سرایندگان بوم دگرگونگی نشود

**پیکار** گویند بفتح با و سکون یای تحتانی و کاف و الف و را و آموزندگان این طرز را

**سهکار** خوانند بفتح سین و ہا و کاف و الف و را

**کلا انت** بفتح کاف و لام و الف و فتح ہمزه و نون خفی و تای فوقانی و زبان زد روزگار بجای ہمزه واو و بیشتر دہرپد سرایند

**ڈہاڈہی** بفتح دال ہندی و ہای خفی و الف و کسر دال ہندی و ہا و سکون یای تحتانی نغمه سازان پنجاب ساز ڈہده و کنکره را بنوا دارند بیشتری در رزمگاه ستایش رادمردان بر گویند و عرصهٔ پیکار را گرمی دیگر بخشند

**قوال** ازین گروه اند لیکن بیشتر طرز دہلی سرایند و بدان روش فارسی شعر بر خوانند

**ہرکیه** بضم ہا و سکون را و کسر کاف و فتح یای تحتانی و ہای مکتوب مردان ساز ہرک که اوج گویند نوازند و زنان تال نگاه دارند و خنیاگری نیز نمایند در باستان با آن ساز کڑکه سرایندی و اکنون دہرپد و مانند آن و بسیاری زنان این گروه را نکو روی پیرایهٔ ہنر پردازی گردد

**دف زن** بیشتر زنان ڈہاڑہی دف و دہل نوازند و دہرپد و سوہلہ که برای خدائی و تولد نقش بندند بآئین شائسته خوانند بیشتر در محافل عورات حاضر شدی و امروز در مجالس مردان نغمه سرائی کنند

**سیزده تالی** مردان ایشان دفہای بزرگ باخود دارند و زنان سیزده تال

Marfat.com

بیک زدن باوا در آرند دو بربند بر دو دست و دو بربند آرنج دو بربند کتف دو بر بر دو شانه و یکی برسینه و دو دو بانگشتان دو دست بیشتر در دیار گجرات و مالوه باشند

**لٹوه** بفتح نون و سکون تای فوقانی ہندی و فتح واو و ہای مکتوب شگرف رقاصی نمایند و گونا گون اصول آورند و نغمه سرایند پکہاوج و رباب و تال نوازند

**کیرتنیه** بکسر کاف و سکون یای تحتانی و را و فتح تای فوقانی و سکون نون و فتح یای تحتانی و ہای مکتوب زنار دارند و ساز اینان چون پیشینیان بود و ساده رویان را لباس زنان پوشانیده به بازی در آورند ستایش کشن و نشست و خاست او را برگذارند

**بہگتیه** بفتح با و ہای خفی و فتح کاف فارسی و کسر تای فوقانی و فتح یای تحتانی و ہای مکتوب رود اینان بسان گذشته لیکن بصورت گوناگون مردم بر آرایند و شگرف تقلیدہا بروی کار آید و بشب ہنگامه آرایند

**بہنویه** بفتح با و ہای خفی و نون خفی و فتح واو و یای تحتانی مشدد و ہای مکتوب نزدیک به پیشین گروه لیکن شب و روزگار پردازی نمایند در برنجی طبق که بزبان ہندی تہالی گویند نشسته و ایستاده گوناگون اصول آورند و نغمه سرایند و شگرف کاری نمایند

**بہانڈ** بفتح با و ہای خفی و الف و نون پنہان و دال ہندی ، دہل و تال نوازند و نغمه سرایند و تقلید مردم و دیگر جانوران نمایند و رقاصی کنند و در اصول ہمگی اعضا در جنبش دارند و آب از راه بینی بدہن فرستند و آہنین سیخ از دہن بشکم در کنند و چند دانه غله را فرو برند و یکیک را برون آورند و دیگر شگرفیہا بر سازند

**کنجری** بفتح کاف و نون خفی و فتح جیم و کسر را و سکون یای تحتانی مردان پکہاوج و رباب و تال نوازند و زنان نغمه سرایند و رقص

Marfat.com

کنند گیهان خدیو آن را کنچنی برخواند بفتح کاف و نون خفی و سکون جیم فارسی و کسر نون و سکون یای تحتانی

**نت** بفتح نون و سکون تای فوقانی هندی دهل و تال بنوازند و رسن بازی کنند و شگرف معلقها زنند

**بهروپی** بفتح ها و های خفی و ضم را و سکون واو و کسر بای فارسی و سکون یای تحتانی روزانه بصورتها برآرایند چنانچه بزمانه پیکر کهن سال برآید و خرد پژوهان دور یاب را در غلط اندازند

**بازیگر** به تیز دستی شگفت کارها پدید آرد و به نیروی افسون بینش را دگرگون گرداند چنانچه گران سنگی بر دوش او بینند یا چنان نگرند که یکی را بند بند ساخته و باز بحال یابند و شگرفی این داستان بگذارش در نگنجد و هر یک بطرز خاص نغمه بر سرایند

* * *

Marfat.com

Marfat.com

**اقتباس از آئین اکبری جلد سوم تصنیف علامہ ابوالفضل ، ترجمہ مولوی محمد فدا علی صاحب طالب ، جامع عثمانیہ سرکار عالی حیدر آباد دکن ، سنہ ۱۳۵۸ھم ۱۳۴۸ف م ۱۹۳۸ع- ص ۲۱۵ تا ۲۲۶**

**سنگیت**

(بہ فتح سین و نون خفی و کسر کاف فارسی و سکون یا و فتح تائے فوقانی) ہر قسم کے راگ اور راز اور ناچ کے طریقےاور اس کے تمام لواحق سے یہ علم متعلق ہے ۔ سات ادھیا میں ان کے مطالب بیان کیے جاتے ہیں ۔

**پہلا سرادھیا** (بہ ضم سین و را)یعنی آواز کا بیان ، اس کی دو قسمیں ہیں :

**اناہت** (بہ فتح ہمزہ و نون و الف و فتح ہا و تائے فوقانی) یعنی بغیر سبب کے آواز ۔ اس کو ایک اور قدیم سمجھتے ہیں ۔ جب آدمی دونوں کان انگلیوں سے بند کر لیتا ہے تو جو آواز ایسی حالت میں سنتا ہے اس آواز کا یہ نام ہے اور اس کو برہما سمجھتے ہیں ۔ جب اس کا وقوف حاصل ہو جاتا ہے اور یہ آواز بغیر کسی ذریعہ یا سبب کے کوئی سننے لگتا ہے تو اس کو اکمت حاصل ہو جاتی ہے ۔

**اہت** (ہمزہ و انف و فتح ہا و تا فوقانی) یہ وہ آواز ہے جو کسی سبب سے پیدا ہو ۔ اس کو گفتگو میں ہوا کا باعث سمجھتے ہیں اور کسی شے کو کھودنے یا مارنے سے بھی یہ پیدا ہوتی ہے ۔ یوں کہتے ہیں کہ ہر ایک انسان کے پیٹ اور گلے اور تالو میں بائیس رگیں صانع قدرت نے رکھی ہیں ۔ ناف سے ہوا کی چال کی ابتدا ہوتی ہے اور اس کو کھینچنے میں جتنی سختی یا سستی کی جائے اسی انداز سے آواز نکلتی ہے ۔ کہتے ہیں کہ پانچویں چھٹی سولھویں انیسویں نسیں گنگ ہیں اور بقیہ اٹھارہ کے سات سر ہیں ۔

Marfat.com

**سرج** (بہ فتح سین و سکون را و جیم) اور اس کو مور کی آواز سے لیا گیا ہے - یہ چوتھی رگ تک پہنچتی ہے -

**رگھبہ** (بکسر را و سکون کاف فارسی و ہا خفی و فتح با و ہا خفی) شروع ہو جاتا ہے اور اس کو پپیہا کی آواز سے لیا گیا ہے - (پپیہا ایک جانور سارس کے مانند ہوتا ہے اور موسم بارش میں بولتا ہے ، اس کو ساتویں درجے سے دسویں درجے تک لے جاتے ہیں -

**گاندھار** (بہ فتح کاف فارسی و الف و نون خفی و فتح دال و ہا خفی و الف و سکون را) یہ سر بکری کی آواز سے لیا گیا ہے یہ سر نویں سے تیرہویں درجہ تک جاتا ہے -

**مدھم** (بہ فتح میم و کسر دال مشدد و ہا و سکون میم) اس کو کلنگ سے لیا گیا ہے یہ تیرہویں درجہ سے سولھویں تک جاتا ہے -

**پنچم** (بہ فتح با فارسی و نون خفی و کسر جیم فارسی و سکوم میم) یہ کویل کی کوک سے لیا گیا ہے - (کویل ایک پرندہ ہے سیاہ رنگ کا خوش نما اور خوش آواز اس کی دم سارس سے لمبی ہوتی ہے) سترہویں درجہ پر یہ سر ہے -

**دھیوت** (بہ بکسر دال و ہا خفی و سکون یا فتح واو و تا فوقانی) یہ مینڈک کی آواز ہے ، آٹھویں درجہ سے بائیسویں درجہ تک یہ جاتی ہے -

**نکھاد** (بہ کسر نون و فتح کاف و ہا خفی و الف و سکون دال) یہ ہاتھی کی چنگھاڑ سے لیا گیا ہے - یہ بائیسویں درجہ سے دوسری قسم کے تیسرے درجہ تک جاتا ہے - ان سات سروں میں سے ہر سر اپنے ابتدائی درجہ سے آخر تک تین قسم رکھتا ہے - پس نکھاد اپنی تیسری قسم میں بائیسویں درجہ سے آگے نہیں جاتا - ہر اس راگ کو جو ساتوں سر سے ترکیب دیا جائے ،

Marfat.com

**سمپورن** ( بہ فتح سین و نون خفی و ضم با فارسی و سکون واو و فتح را و سکون نون ) کہتے ہیں اور اگر چھ سر سے ترتیب دیا جائے جس میں پہلا سر تو لازمی ہے تو اس کو ،

**کھاڈو** ( بہ فتح کاف و ہا خفی و الف و فتح دال ہندی و سکون واو ) کہتے میں اور پانچ سر والے راگ کو ،

**اوڈب** ( بہ فتح ہمزہ و سکون واو و فتح دال ہندی و سکون با ) کہتے ہیں - اس میں بھی پہلا سر لازمی ہے ، اور کوئی راگ اس سے کم سر کا نہیں ترتیب دیا جاتا لیکن تان جو ایک خاص قسم کی آواز ہے اس میں دو سر بھی کافی ہیں -

دوسرا راگ **بینگامی ادبھای** (برا و الف و فتح کاف فارسی و کسر ہر دوبا و سکون یا و کاف و الف و کسر یا ) مقامات اور شعبہ بیحد ہیں - اس راگ کی ابتدا مہادیو اور پاربتی سے سمجھتے ہیں - مہادیو کے پانچ دہن تھے اور ہر ایک دہن سے ایک ایک راگ نکلا جس کی تفصیل یہ ہے :

**سری راگ** (بہ کسر سین و را و سکون یا و را و الف و کاف فارسی)

**بسنت** (بہ فتح با و سین و نون خفی و تا فوقانی)

**بھیر لو** (بہ فتح با و ہا خفی و سکون یا فتح را و نون خفی و فتح واو)

**پنچم** (بپائے فارسی و نون خفی و فتح جیم فارسی و میم)

**میگھ** (بکسر مجہول میم و سکون یا و کاف فارسی و ہا خفی)

**نٹ نراین** (بہ فتح نون و سکون تا ہندی و فتح نون و را و الف و کسر یا و فتح نون) یہ راگ پاربتی نے گایا ہے -

ان چھوں نغموں کو ہندی زبان میں راگ کہتے ہیں اور ان کو اصل شمار کرتے ہیں ، ان میں سے ہر ایک راگ کی بھی بہت سی شاخیں

Marfat.com

ہیں ۔ سری راگ کو سنپورن سمجھتے ہیں ۔ اس راگ میں رکھبہ آٹھویں درجہ تک جاتا ہے گاندہار دسویں ، مدہم تیرہویں درجہ سے آگے نہیں جاتا ۔ دہیوت اکیسویں درجہ تک ، نکھاد ایک ہی درجہ تک جاتا ہے ۔ پس اس طرح تمام راگوں میں مختلف درجات کی وجہ سے دگرگونگی پیدا ہوتی ہے ۔

پہلے راگ کے یہ شعبہ ہیں ۔

**مالوی** (میم و الف و فتح لام و کسر واو و سکون یا) ۔ **ترووِنی** (بکسر تا و ضم را و سکون واو و فتح و دیگر و کسر نون و سکون یا)

**گوری** (بہ فتح کاف فارسی و سکون واو و کسر را و سکون یا)

**کیداری** (بسکر کاف مجہول و سکون یا و دال و الف و کسر را و سکون یا)

**مدہ مادوی** (بہ فتح میم و کسر دال مشدد و ہاخفی و میم و الف و فتح دال و کسر واو و سکون یا)

**پہاری** (بکسر با و ہا و الف و کسر را و سکون یا تحتانی)

دوسرے راگ کے اقسام : **دیسی** (بکسر دال و سکون یا و کسر سین و سکون یا)

**دیوگری** (بکسر مجہول دال و سکون یا فتح واو و کسر کاف فارسی و را و سکون یا)

**بیرانی** بہ فتح با و سکون یا و را و الف و کسر تا ہندی و سکون یا)

**ٹوڈی** (بہ ضم تا ہندی و سکون واو و کسر دال ہندی و سکون یا)

**للتا** (اول نام مفتوح دوم مکسور و تا و الف) **ہندولی** (بکسر ہا و نون خفی و ضم مجہول دال و سکون واو و کسر لام و سکون یا )

**تیسرے راگ کے اقسام :**

Marfat.com

**مدہاد** ( بہ فتح میم و کسر دال مشدد و ہا خفی و میم و الف و فتح دال)

**بہیروی** (فتح با و ہا خفی و سکون یا و فتح را و کسر واو و سکون یا)

**بنگالی** (بہ فتح با و نون خفی و کاف فارسی و الف و کسر لام و سکون یا)

**برالسکا** (بہ فتح با و را و الف و فتح تا ہندی و کاف و الف)

**سندوی** (بکسر سین و سکون نون و فتح دال و کسر واو و سکون یا)

**پنرگیا** ( بہ ضم با فارسی و فتح نون و سکون را و کسر کاف فارسی و یاے تحتانی و الف ) ۔

**چوتھے راگ کے اقسام : بیہاس** (بدو با نخستین مکسور و دومین مفتوح و ہا خفی و الف و سین)

**بہرپالی** (بہ ضم مجہول با و ہا خفی و سکون را و با فارسی و الف و کسر لام و سکون یا)

**کالرا** (بہ کاف و الف و فتح نون و را و الف)

**بڈہنسکا** (بہ فتح با و سکون دال ہندی و فتح ہا و نون خفی و فتح سین و کاف و الف)

**پڈ ہمنجری** (بہ فتح با فارسی و سکون دال ہندی و ہا خفی و فتح میم و نون خفی و فتح جیم و کسر را و سکون یا)

**پانچویں راگ کے اقسام** : ملار ( بہ فتح میم و لام الف و سکون را)

**سورٹھی** (بہ ضم مجہول سین و سکون واو و را و کسر تا ہندی و ہا خفی و سکون یا)

**اساوری** (بہ ہمزہ و الف و سین و الف و فتح واو و کسر را و سکون یا)

Marfat.com

**کیسکی** (بہ فتح کاف و سکون یا و ضم سین کسر کاف و سکون یا)

**گندہاری** (بہ فتح کاف فارسی و نون خفی و فتح دال و ہا خفی و الف و کسر را و سکون یا)

**ہرسنگاری** (بہ فتح ہا و سکون را و کسر سین و نون خفی و کاف فارسی و الف و کسر را و سکون یا)

چھٹے راگ کے اقسام : **کامودی** (بہ کاف و الف و ضم مجہول میم و سکون واو و کسر دال و سکون یا)

**کلیان** (بہ فتح کاف و کسر لام مشدد و یا و الف و سکون نون)

**اہیری** (بہ فتح ہمزہ و کسر ہا و سکون یا و کسر را و سکون یا)

**سدھناٹ** (بہ ضم سین و سکون دال مشدد و ہا خفی و نون و الف و فتح تا ہندی)

**سالک** (بہ سین و الف و فتح لام و سکون کاف)

**نٹ ہمیر** (بہ فتح نون و سکون تا ہندی و فتح ہا و کسر میم و سکون یا و فتح را۔

ایک جماعت ان میں سے ہر ایک کی پانچ پانچ شاخیں اور کہتے ہیں اور بہت کچھ ان میں دگرگونی پیدا کرتے ہیں - بعض **بسنت** ، **پنچ** اور **میگھ** کے بجائے ،

**مالکوسک** (بہ میم و الف و سکون لام و ضم مجہول کاف و سکون واو و فتح سین و کاف) اور

**ہنڈول** (بکسر ہا و نون خفی و ضم مجہول دال ہندی و سکون واو و لام) اور

**دیپک** (بکسر دال و سکون یا و فتح پا فارسی و سکون کاف) کہتے

Marfat.com

ہیں ، اور ان چھٹوں میں سے ہر ایک کے لیے پانچ پانچ شاخیں (راگنیاں) کہتے ہیں - ان ہر ایک شاخ میں کچھ کچھ اختلاف ہوتا ہے اور بعض اشخاص بجائے دوسرے اور تیسرے اور چوتھے اور پانچویں راگ کے ،

**سدہ بھیروں** (بہ ضم سین و فتح دال مشدد و ہا خفی) اور

**ہنڈول** اور **دیسکار** (بکسر مجہول دال و سکون یا و سین و کاف و الف و را) اور **سدہ ناٹ** کہتے ہیں -

اور ہر راگ دو طرح سے گایا جاتا ہے - ایک تو مارگ (بہ میم و الف و فتح را و سکون کاف فارسی) ہے - یہ دیوتا اور رکھیسروں کے نذر کے لیے گایا جاتا ہے ، کسی مقام پر اس کے گانے میں اختلاف نہیں ہوتا ہے - اس کو بہت مقدس راگ سمجھتے ہیں - اس راگ کے جاننے والے دکن میں بہت ہیں - اور ان چھٹوں راگ کو بہت سے اقسام کے ساتھ اس میں شمار کرتے ہیں ، بعض ان میں کے یہاں بیان کیے جاتے ہیں :

**سورج پرکاس** ( بہ ضم مجہول سین و سکون واو و فتح را و سکون جیم و بائے فارسی و سکون را و کاف و الف و سکون سین )

**پنج تالیسر** ( بہ فتح با فارسی و نون خفی و سکون جیم و تا و الف و کسر مجہول لام و سکون یا و ضم سین و سکون را )

**سرب توبھدر** (بہ فتح سین و سکون را و فتح با و ضم مجہول تا و سکون واو و فتح با و ہا خفی و سکون دال و فتح را)

**چندر پرکاس** (بہ فتح جیم فارسی و نون خفی و سکون دال و فتح را و با فارسی و سکون را و کاف و الف و سکون سین)

**راگ کدم** (برا و الف و سکون کاف فارسی و فتح کاف و دال و سکون میم)

Marfat.com

جھومرا (بضم جیم و ہا خفی و سکون واو و میم و را و الف)

سرورتنی ( بہ ضم سین و سکون را و فتح واو و سکون را و فتح تا و کسر نون و سکون یا ) ۔

اور دوسرے کو دیسی (بکسر دال و سکون یا وکسر سین و سکون یا) کہتے ہیں ۔ یہ وہ نغمہ ہے جو خاص ایک ہی جگہ گایا جاتا ہے ۔ جیسا کہ

دھرپد ( بہ ضم دال و ہا خفی و سکون را و فتح ہا فارسی و سکون دال) ۔ یہ نغمہ صرف دارالخلافہ آگرہ اور گوالیار اور اس کی نواح میں گایا جاتا ہے ۔ پہلے اس نواح میں بہترین نغمے گائے جاتے تھے ۔ جس وقت مان سنگھ گوالیار کا راجہ ہوا تو نایک بخشو اور مچھو اور بھنو کی امداد سے ، جو اپنے وقت کے موجد تھے ، ایک عام پسند طرز ایجاد ہوئیں ۔ جب مان سنگھ کا دور ختم ہوگیا تو بخشو اور مچھو کو سلطان محمود گجراتی کے دربار میں بار نصیب ہوا اور یہاں اس طرز کو پسندیدگی حاصل ہوئی ۔

دھرپد چار مسجع فقروں سے ترتیب دیا جاتا ہے ۔ الفاظ اور حروف میں یکسانیت (یا قافیہ بندی) لازمی نہیں ہے ۔ اس میں عشق کی نیرنگیاں اور جذبات کا اظہار ہوتا ہے ۔ اور جب یہ دکن میں گایا جاتا ہے تو اس کو ،

چند (بکسر جیم فارسی و نون خفی و سکون دال) کہتے ہیں ۔ یہاں یہ تین یا چار فقروں سے ترتیب دیا جاتا ہے ۔ اس میں زیادہ تر تعریف کی جاتی ہے ۔ جو تلنگی اور کرناٹک کی زبان میں گایا جاتا ہے اس کو

دھرو (بہ فتح دال و ہا خفی و ضم را و سکون واو) کہتے ہیں ۔ اس میں ناز و نیاز ہوتا ہے ، اور جو بنگالہ میں گایا جاتا ہے اس کو ،

بنگلا (بہ فتح با و نون خفی و ضم کاف فارسی و کاف و لام و الف) کہتے ہیں اور جو جونپور میں گایا جاتا ہے اسے ،

Marfat.com

**چٹکلا** (بضم جیم فارسی و سکون تا ہندی و کاف و لام و الف) **کہتے** ہیں اور جو دہلی میں گایا جاتا ہے - ایسے قول یا ترانہ کہتے ہیں - اس کو امیر خسرو دہلوی نے مامت اور تتار کے ساتھ ہندی و فارسی طرز اور راگ کو مخلوط کر کے ایجاد کیا ہے اور جو متھرا میں گایا جاتا ہے ایسے

**بشن پد** بکسر با و سکون شین و نون و فتح با فارسی و سکون دال) کہتے ہیں اس کے چار ، چھ اور آٹھ فقرے ہوتے ہیں - اس میں کشن کی تعریف کی جاتی ہے - اور جو سندھ میں گاتے ہیں اس کا نام کافی ہے اس میں مہر و محبت کی باتیں ہوتی ہیں اور جو زبان ترہت میں گاتے ہیں ایسے

**لہچاری** (بہ فتح لام و سکون ہا و جیم فارسی و الف و کسر را و سکون یا) کہتے ہیں اور یہ بدیاپت کی ایجاد ہے جس میں وفور عشق کا اظہار ہوتا ہے - اور جو لہاور اور اس کے نواح میں گایا جاتا ہے ایسے

**چھند** (بہ فتح جیم فارسی و ہا خفی و دال) کہتے ہیں اور جو گجرات میں گاتے ہیں اس کا نام

**جکری** (بہ فتح جیم و سکون کاف و کسر را و سکون یا) ہے -

جو نغمہ جنگ کے وقت بہادر پہلوانوں کی تعریف میں گایا جاتا ہے اس کو

**کرکہ** (بہ فتح کاف و سکون را و فتح کاف و ہا خفی) کہتے ہیں جیسے سادرہ کہا جاتا ہے - اس میں بھی چار یا چھ فقرے ہوتے ہیں جو مختلف زبانوں میں گایا جاتا ہے -

جو کچھ اوپر بیان کیا گیا ہے اس کے علاوہ بھی بہت سے طرز ہیں ، جیسے :

**سارنگ** (بہ سین و الف و فتح را و نون خفی و سکون کاف فارسی)

**پوربی** (بہ ضم با فارسی و سکون واو و را و کسر با و سکون یا)

Marfat.com

**دھناسری** (بہ فتح دال و ہا خفی و نون و الف و فتح سین و کسر را و سکون یا)

**رام کلی** (بہ فتح را و الف و سکون میم و فتح کاف و کسر لام و سکون یا)

**کرای** (بہ ضم کاف و را و الف و ہمزہ و سکون یا) ۔ قبلہ عالم اس کو

**سگھرای** (بہ ضم سین و سکون کاف فارسی و ہای خفی و را و الف و کسر ہمزہ و سکون یا) فرماتے ہیں

**سوہو** (بہ ضم سین و سکون واو و ضم مجہول ہا و سکون واو)

**دیسکال** (بکسر دال و سکون یا و سین و کاف و الف و سکون لام)

**دیساک** (بہ کسر دال و سکون یا و سین و الف و کاف)

تیسرا **پرکیرن کا ادھیای** (بہ فتح با فارسی و را و کسر کاف و سکون یا و فتح را و نون و کاف و الف)

**الاپ** (بہ فتح ہمزہ و لام و الف و فتح با فارسی) کے اقسام میں : اور یہ دو طرح کی ہوتی ہے ۔ ایک راگ الاپ ہے ۔ اس راگ کے سروں میں یہ تان لی جاتی ہے جو اس وقت گایا جا رہا ہو اور ان سروں میں تصرف بھی کیا جاتا ہے ۔ دوسرے روپ الاپ ہے ۔ جس نظم کے کہنے کا ارادہ رکھتے ہیں وہ نظم اس تان میں گائی جاتی ہے ۔

چوتھا **پربندہ ادھیائی** (بہ فتح با فارسی و را و با و نون خفی و فتح دال و ہا خفی) اس میں

**گیت** (بہ کسر کاف فارسی و سکون یا و تا) ترتیب دینے کے طریقے ہیں ۔ گیت وہ نظم ہوتی ہے جس میں راگ گایا جاتا ہے ۔ اس کی ترتیب میں چھ چیزیں ہوتی ہیں ۔

Marfat.com

**سرپرد** (بکسر با و فتح را و سکون دال) ۔

**پد** (بہ فتح با فارسی و سکون دال) کی تعریف ۔ ممدوح کا نام

**تنا** (بہ کسر تا و نون و الف لن تنا کہنے اور بول ادا کرنے کی ترکیب

**پاٹ** (بپای فارسی و الف و ٹا ہندی) تن تنا مانا ایسے تین حرف سے بیس حرف تک مخصوص ترکیب کے ساتھ گائے جاتے ہیں اور ان فقرات میں اسی کے مانند اور فقرات بھی اضافہ کیے جاتے ہیں

**تال** (بتای فوقانی و الف و فتح لام) اس کی ضرب کہتے ہیں ۔ اگر چھ تال ہوں تو

**میدنی** (بکسر میم و سکون یا و فتح دال و کسر نون و سکون یا) کہتے ہیں اور اگر ایک تال کم ہو تو

**آندنی** (بہ ہمزہ و الف و فتح نون خفی و فتح دال و کسر نون و سکون یا) اور اگر دو کم ہوں تو

**دیپنی** (بہ کسر دال و سکون یا فتح با فارسی و کسر نون و سکون یا) اور اگر تین کم ہوں تو

**بھاونی** (بہ فتح با و ہا خفی و الف و فتح واو و کسر نون و سکون یا) اور اگر چار کم ہوں تو

**تارا ولی** (بتا فوقانی و الف و را و الف و فتح واو و کسر لام و سکون یا) کہتے ہیں لیکن دو تال سے کم نہیں رکھتے ۔ یہ چاروں ادھیا سر کے نیرنگیاں ہیں

پانچواں ۔ **تال ادھیای** (بتای فوقانی و الف و لام) اس میں تال کے اقسام اور ترکیب بیان کی جاتی ہے ۔

Marfat.com

چھٹا ۔ وادیا ادھیای (بہ واو و الف وکسر دال مشدد و یا تحتانی و الف)

## باجوں کے اقسام کے بیان میں

اور باجے چار قسم پر ہوتے ہیں :

**تت** (بدو تا فوقانی اول مفتوح و ثانی ساکن) ان باجوں کو کہتے ہیں جو تار سے بجائے جاتے ہیں

**بتت** (بکسر با) کھال لے کر بجائی جاتی ہے -

**گھن** (بفتح کاف فارسی و ہا خفی و سکون نون) وہ جو دو ہڈیوں کو زور سے ملانے میں آواز آتی ہے

**سکھر** (بہ ضم سین و کسر کاف و ہا خفی و سکون را) وہ جو سانس سے بجائے جاتے ہیں ۔ ان میں سے ہر ایک کے بےشمار قسم کے باجے ہیں ۔ چند کا یہاں تذکرہ کیا جاتا ہے :

پہلی قسم کے باجوں میں سے ایک باجہ **جنتر** (بہ فتح جیم و نون خفی و فتح تا ورا) ہے ۔ یہ ایک گز لمبی لکڑی سے جس کو کھوکھلا کر لیا جاتا ہے بناتے ہیں ۔ اس کے دونوں سروں پر دو کدو لگاتے ہیں اس کے سر پر لکڑی کی سولہ کھونٹیاں لگا کر اس میں پانچ لوہے کے تار لگاتے ہیں اور ان تاروں کو دوسرے سرے تک لے جا کر مضبوط باندھ دیتے ہیں اور آواز کی پستی اور بلندی اور مختلف سروں کے لیے اس کے اطراف میں تھوڑے فاصلے پر لکڑی کے ٹکڑے باندھتے ہیں -

**بین** (بہ کسر با و سکون یا و نون) یہ جنتر کے مانند ہی ہوتا ہے لیکن اس میں تین ہی تار ہوتے ہیں -

**کنر** ( بہ کسر کاف و فتح نون مشدد و سکون را ) یہ بین کے مانند ہوتا ہے لیکن اس کی لکڑی اس سے کچھ زیادہ لمبی ہوتی ہے اور اس میں تین کدو اور دو تار ہوتے ہیں -

Marfat.com

**سربین** ( بہ فتح سین و سکون را و کسر با و سکون یا و نون ) یہ بھی بین کے مانند ہوتا ہے مگر اس میں لکڑی کے ٹکڑے نہیں ہوتے ۔

**انبرتی** ( بہ فتح ہمزہ و نون خفی و سکون با و کسر را و تائے فوقانی و سکون یا ) اس کی لکڑی سربین سے بہت چھوٹی اور نیچے کی طرف کا کدو اوپر ہوتا ہے اور ایک ہی تار لوہے کا ہوتا ہے ۔ بغیر کسی تغیر کے تمام پردے موجود رہتے ہیں ۔

**رباب** ۔ اس پر تانت کے تار باندھتے ہیں اور بعض بارہ اور چند سولہ بھی باندھتے ہیں ۔

**سرمنڈل** ( بہ فتح سین و سکون را و فتح میم و نون خفی و فتح دال ہندی و سکون لام ) یہ قانون کے مانند ہوتا ہے اس میں اکیس تار ہوتے ہیں جن میں سے بعض لوہے کے اور بعض پیتل کے اور بعض تانت کے ہوتے ہیں ۔

**سارنگی** ( بہ سین و الف و فتح را و نون خفی و کسر کاف فارسی و سکون یا ) یہ رباب سے بہت چھوٹا ہوتا ہے اور غجک کی طرح بجایا جاتا ہے ۔

**پناک** ( بائے فارسی و نون و الف و کاف ) اس کو

**سربتان** ( بہ ضم سین و سکون را و فتح با و تا فوقانی و الف و نون ) بھی کہتے ہیں ایک لکڑی جو کمان کے برابر لمبی ہوتی ہے اس کو تھوڑا سا خم دے کر تانت سے باندھتے ہیں ۔ لکڑی کا پیالہ اوندھا دونوں طرف رکھتے ہیں اور غجک کی طرح بجاتے ہیں ۔

**ادھٹی** ( بہ فتح ہمزہ و دال و ہا خفی و کسر تائے ہندی و سکون یا) اس میں ایک کدو اور دو تار ہوتے ہیں ۔

Marfat.com

کنگرہ ( بکسر کاف و نون خفی و فتح کاف فارسی و را و ہا ) بین کے مانند ہوتا ہے مگر اس میں دو تار تانت کے ہیں اور اس کے کدو اس سے چھوٹے ہوتے ہیں -

دوسری قسم - پکھاوج ( بہ فتح با فارسی و کاف و ہا خفی و الف و ضم واو و سکون جیم ) ایک موٹی لکڑی کو اہلیلجی شکل کی بنا کر اس کو بیچ سے خالی کر لیتے ہیں - ایک گز اور کچھ زاید لمبا رکھتے ہیں - اگر اس کے درمیان میں سے دونوں ہاتھ پھیلا کر بغل میں لیا جائے تو دونوں ہاتھوں کی انگلیاں ملتی ہیں - اس کے دونوں منہ کوزہ کے منہ سے کچھ بڑے ہوتے ہیں ، اور اس کھال منڈھی جاتی ہے - اس کے اطراف چمڑے کے تسمہ ڈال کر نقارہ کی طرح کھینچتے ہیں اور چار لکڑی کے ٹکڑے ، جو ایک ہاتھ میں کسی قدر بڑے اور دوسرے ہاتھ میں کسی قدر چھوٹے ہوتے ہیں ،لے کر بجاتے ہیں - اس کی آواز میں کمی زیادتی تسموں کو پیچ دینے سے پیدا ہوتی ہے -

آوج ( بہ ہمزہ و الف و ضم واو و سکون جیم ) لکڑی کو درمیان سے خالی کر لیتے ہیں اور دو چھوٹے گولے طبل کے لے کر ان دونوں کو ملا کر رسی سے مضبوط باندھتے ہیں اور دونوں منہ پر کھال منڈھتے ہیں - دھل - یہ ایک مشہور باجہ ہے -

ڈھڈہ (بہ فتح دال ہندی و ہا خفی و فتح دال مشدد ہندی و ہا خفی ) یہ دہل کے مانند ہوتا ہے لیکن اس سے بہت چھوٹا -

اردہاوج ( بہ فتح ہمزہ و سکون را و دال و ہا خفی و الف و فتح واو و سکون جیم ) آوج کا بہ نصف ہوتا ہے - دف یہ بھی مشہور ہے -

خنجر ( بہ فتح خا فوقانی و نون خفی و فتح جیم و سکون را )
یہ چھوٹی دف ہے اس میں مجیرے لگے ہوتے ہیں اس کا منہ کوزہ کے منہ کے برابر ہوتا ہے -

Marfat.com

قسم سوم تال (بہ تا و الف و سکون لام) کھلے ہوئے منہ کے پیالوں کی ایک جوڑ فولاد کی بناتے ہیں۔

کٹھ تال (بہ فتح کاف و سکون تا ہندی و ہا خفی و تا فوقانی و الف و سکون لام) چھوٹی مچھلی کے مانند چار لکڑیوں یا پتھر سے بناتے ہیں۔

چوتھی قسم - شہنا - اسے فارسی میں سرنا کہتے ہیں۔

مرلی (بہ ضم میم و سکون را و کسر لام و سکون یا) نے کے مانند ہوتی ہے۔

اپنگ (بہ ضم ہمزہ و فتح با فارسی و نون خفی و سکون کاف) یہ ایک نے ہے جو ایک گز لمبی ہوتی ہے جس کے درمیان میں خالی کر لیتے ہیں اور اس کے اوپر سوراخ کرتے ہیں۔ اس میں ایک باریک نے رکھتے ہیں۔

ساتویں قسم - نرتینا ادھیای (بسکون نون و سکون را و کسر تا و یا و الف) اس میں ناچ کی ترکیبیں اور اقسام بیان ہوتے ہیں۔

## گانے والوں کا شمار

جب راگ اور باجوں کا کچھ حال لکھا گیا ہے تو کچھ حال گانے والوں کا بھی بیان ہونا چاہیے۔ پرانی طرز پر گانے والوں کو جو ہر خطہ میں بغیر اختلاف طرز کے گایا کرتے ہیں:

بیکار (بہ فتح با و سکون یا و کاف و الف و را) کہتے ہیں

کلا الت (بہ فتح کاف و لام و الف و فتح ہمزہ و نون خفی و تا فوقانی) یہ طبقہ زبان زد عام ہے اور زیادہ تر بجائے ہمزہ کے واو (یعنی کلاونت) کہتے ہیں۔ یہ طبقہ دھرپد گایا کرتا ہے

ڈھاڈھی - (بہ فتح دال ہندی و ہا خفی و الف و کسر دال ہندی و ہا خفی و سکون یا) پنجابی گانے والوں کو کہتے ہیں۔ یہ ڈہڈہ اورکنکرہ

Marfat.com

بجا کر گاتے ہیں ۔ اکثر میدان جنگ میں بہادروں کی تعریف کر کے ایک عجیب جوش پیدا کرتے ہیں ۔

**قوال** بھی اسی طبقے سے ہیں ، لیکن یہ دہلی اور جونپور کی طرز بھی اکثر گاتے ہیں اور اس طرز پر فارسی شعر بھی پڑھتے ہیں ۔

**ہرکیہ** ( بہ ضم ہا و سکون را و کسر کاف و فتح یا و ہا مکتوب ) مردہرک باجہ ، جسے اوج کہتے ہیں ، بجاتے ہیں اور عورتیں تال دیتی اور گاتی بھی جاتی ہیں ۔ پچھلے زمانے میں یہ طبقہ کرکہ گاتے تھے اور اب دہرپد یا اس قسم کے طرز میں گاتے ہیں ۔ اس جماعت کی عورتوں کی خوبصورتی بھی ہنر مندی میں اضافہ کا موجب ہوتی ہے ۔

**دف زن** ۔ ڈھاڈھی طبقے والوں کی عورتیں اکثر دف اور دہل بجا کر دہرپد اور سوہلہ شادی اور ولادت کے جشنوں میں خوب گاتی ہیں ۔ پہلے یہ عورتوں کی محفلوں میں آیا کرتی تھیں اب مردانہ مجلسوں میں بھی گایا کرتی ہیں ۔

**سیزدہ تالی** ۔ اس جماعت میں مرد بڑے اور چھوٹے دف ساتھ رکھتے ہیں اور عورتیں تیرہ تال ( تال چھوٹی پیتل کی کٹوری ہوتی ہے ) کو ایک ساتھ بجا کر آواز پیدا کرتی ہیں ، دو تال دونوں ہاتھ کے بند پر اور دو کہنی کے بند پر اور دو مونڈھے کے بند پر اور دونوں شانے کے بند پر دو اور ایک سینہ پر اور دونوں ہاتھ کے انگوٹھوں پر دو دو تال باندھتے ہیں ۔ یہ زیادہ تر گجرات اور ملیوہ کے ممالک میں رائج ہے ۔

**لٹوہ** (بہ فتح نون و سکون تا ہندی و فتح واو و ہا مکتوب) یہ قسم قسم کے ناچ ناچتے ہیں اور گاتے بھی جاتے ہیں ۔ نغمہ کے ہمراہ پکھاوج اور رباب اور مجیرہ بجاتے ہیں ۔

**کیرتنیہ** (بکسر کاف و سکون یا و را و فتح تا و سکون نون و فتح یا و ہا مکتوب) یہ ہندو مذہب کے لوگ ہوتے ہیں ۔ ان کے ساتھ باجے وہی

Marfat.com

ہوتے ہیں جو لٹوہ کے ساتھ ہوتے ہیں ۔ ان میں لڑکوں کو عورتوں کا لباس پہنا کر کشن کی تعریف اور نشست و برخاست کے متعلق تماشہ کرتے ہیں ۔

**بھکتیہ** (بہ فتح با و ہا خفی و فتح کاف فارسی و کسر تا و فتح یا و ہا مکتوب) ان کے ساتھ بھی وہی مذکورہ باجے ہوتے ہیں لیکن طرح طرح کے بہروپ بھرتے ہیں اور عجیب عجیب نقلیں کرتے ہیں ۔ یہ رات کو کھیل کرتے ہیں ۔

**بھنویہ** (بہ فتح با و ہا خفی و نون خفی و فتح واو و یا مشدد و ہا) یہ مذکورہ گروہ کے مماثل ہوتے ہیں لیکن یہ دن اور رات میں کھیل کرتے ہیں ۔ ایک پیتل کی تھالی میں بیٹھ کر اور کھڑے ہوکر طرح طرح سے ناچتے اور گاتے ہیں ۔ عجیب عجیب کام کرتے ہیں ۔

**بھانڈ** (بہ فتح با و ہا خفی و نون پنہاں و دال ہندی) دہل اور مجیرہ بجاتے ہیں اور گاتے ہیں ۔ انسانوں اور جانوروں کی نقلیں لاتے ہیں ۔ ناچتے ہیں اور ناچنے میں ہر ایک عضو کو حرکت دیتے ہیں ، اور پانی ناک میں ڈال کر منہ سے نکالتے ہیں ۔ لوہے کی سیخ منہ سے پیٹ میں ڈالتے ہیں اور غلہ کھا جاتے ہیں ۔ پھر ایک ایک کو منہ سے نکال دیتے ہیں اور دوسرے عجیب عجیب کام کرتے ہیں ۔

**کنجری** (بہ فتح کاف و نون خفی و فتح جیم و کسر را و سکون یا) ان کے ساتھ مرد پکھاوج اور رباب اور مجیرہ بجاتے ہیں ، عورتیں گاتی اور ناچتی ہیں ۔ قبلہ عالم اس طبقے کو

**کنچنی** (بہ فتح کاف و نون خفی و سکون جیم فارسی و کسر نون و سکون یا) نامزد فرماتے ہیں ۔

**نٹ** (بہ فتح نون و سکون تا ہندی) یہ رسی پر کھیل کرتے ہیں اور عجیب عجیب کام کرتے ہیں ۔ مجیرہ اور دہل ان کے ساتھ بجتا ہے ۔

Marfat.com

بھروپی (بہ فتح با و ہا و ضم را و سکون واو و کسر پا فارسی و سکون یا) روزانہ بھروپ بھرتے ہیں ۔ ایک جوان آدمی بوڑھے کا بھروپ لاتا ہے ۔ بڑے بڑے دور رس عقلمندوں کو بھروپ میں دھوکا دے جاتے ہیں ۔

بازیگر یہ اپنی تیز دستی سے عجیب عجیب کام کر دکھاتے ہیں اور منتر کے اثر سے تماشائی کی نظریں باندھ دیتے ہیں ۔ چنانچہ نظر آتا ہے کہ کھیل کرنے والے کے بند بند جدا ہیں ۔ اس کے بعد پھر وہ اصلی حالت پر آ جاتا ہے اور کبھی ایک بڑا پتھر اس کے کاندھے پر رکھا ہوا نظر آتا ہے ۔

ان تمام طبقوں کی عجائب کاریاں بیان سے باہر ہیں ۔ ہر طبقہ اپنی خاص طرز پر گانا گاتا ہے ۔

* * *

Marfat.com

## التباس از آئین اکبری از شیخ ابوالفضل علامی
## نولکشور لکهنؤ - سنه ۱۸۹۳ع صفحه ۳۰ تا ۳۱

**نقاره** بست جفت و کم و زیاد در نوازش دارند

**دهل** چهار ازان به نوا در آید

**کرنا** از زر و سیم و برنج و جز آن برسازند و کم از چهار ننوازند

**سرنا** عجمی و هندی نه تا بسرایند

**نفیر** عجمی و فرنگی و هندی بود و از هر کدام چندی بنوازند

**سنگ** (بکسر سین و نون خفی و **کاف** فارسی) از مس بسان شاخ گاو انتظام یابد و دو تا را بکار برند

**سنج** سه جفت ازان نواخته شود

پیشتر هر گاه چهار گهڑی از شب و همان قدر از روز ماندی نواخته شدی - اکنون نخست در نیم شبان که نور افزای جهان رو بفراز نهد و دیگر هنگام پیدائی آن گیتی فروز - پیشتر ازان بیک گهڑی جادو نفسان سحر پرداز بنواختن سرنا زمزمه آگهی در دهند و غنودگانرا بیدار گردانند - و پس از یک گهڑی چاشنی کنند - کورکه را لختی باواز در آورند و کرنا و نفیر و دیگر اسباب شکوه را جز نقاره بکار برند و پس از اندک زمانی باز بسرنا پردازند و به نفیر های نشاط بخش اصول نگاه دارند - و چون یک گهڑی دیگر سپری شود در نقاره نوازی کوشش رود - و همه هنرمندان کار پرداز صیت اقبال را بلند گردانند - و هفت چیز عشرت افزاید نخستین مرسل آغاز مرسلی نماید و آن اصولی است خاص ، سپس به برداشت پردازد و آن را نیز اصولی چندست - درین هنگام همگی هنر پردازان بنواختن در آیند - پس ازان زیر نمایند و از بلندی به پستی گرایند - دوم سرائیدن چهار

Marfat.com

اصول اخلاطی ابتدائی شیرازی قلندری تکو قطره و آنرا نخود قطره هم گویند یک گهڑی بدین نمط نشاط افزایند ، سوم نواختن خوارزمیهائی باستانی و تازه خدیو عالم افزون از دویست اختراع فرمود ـ که و مه بدان نشاط اندوزند خاصه جلال شاهی و مهامبر کرکت و نوروزی ـ چهارم بجوش داشتن شادیانه ـ پنجم پرداختن بمیان دور ، ششم توجه باصول اذفرکه راه بالا نامند و سپس زیر کنند ـ هفتم مرسل خوارزمی نواخته بمرسلی گراید و سپس فروگذاشت نموده بدعای جاوید دولت بانجام رساند و باز همه زیر نمایند ـ و عبارات دلنشین و اشعار جانفزا بر خوانند و کار به پایان برند ـ و این روش نیز یک گهڑی مسرت افروز دلها گردد ـ و پس ازان سرنائیان سحر پردازی نمایند و یک گهڑی دیگر باین بهجت سپری گردد و بدلکش روشی انجام یابد ـ

خدیو جهان چنانچه در علم موسیقی آن پایه دارد که صاحبان این فن را نبود همچنان در مراتب عمل این مشکل آسان نما پیش دستی دارند خاصه نقاره نوازی ـ

درین کارخانه منصب داران واحدیان و دیگر سپاه خدمت گرای اند ـ ماهیانهٔ پیادگان از سه صد و چهل دام زیاده و از هفتاد و چهار کم نبود ـ

* * *

Marfat.com

اقتباس از آئین اکبری جلد اول تصنیف علامہ ابوالفضل ، ترجمہ مولوی محمد فدا علی صاحب طالب جامع عثمانیہ سرکار عالی حیدر آباد دکن ، سنہ ۱۳۵۷ھ ، ۱۳۴۷ف ، ۱۹۳۸ع - ص ۸۵ تا ۸۷

آئین

نقارہ : اس کے کم و بیش بیس جوڑ برابر بجائے جاتے ہیں

دہل : ہر بار چار عدد سے کام لیا جاتا ہے

کرنا : یہ چاندی اور سونے اور پیتل کے بنائے جاتے ہیں اور چار سے کم کبھی نہیں بجائے جاتے

سرنا : یہ فارسی و ہندی دونوں قسم کے ہوتے ہیں نو عدد ملا کر بجائے جاتے ہیں

نفیر : پارسی ، فرنگی اور ہندی تین طرح کے ہوتے ہیں - ہر قسم میں سے چند عدد لے کر ساتھ بجاتے ہیں

سینگ : یہ باجہ تانبے کا گائے کی سینگ کی شکل کا بنتا ہے یہ دو مل کر بجتے ہیں

سنج : اس باجے کے تین جوڑ برابر بجائے جاتے ہیں

قدیم زمانے میں چار گھڑی رات اور دن باقی رہے نوبت بجتی تھی لیکن اب ایک مرتبہ آدھی رات کو جب کہ آفتاب اوپر کو چڑھتا ہے اور دوسری بار طلوع صبح کے قریب طلوع آفتاب سے ایک گھڑی قبل ہنرمند نوازندے سرنا بجانے میں جادو کا کام کرتے اور اس طرح خواب غفلت میں سونے والوں کو بیدار کرتے ہیں -

آفتاب نکلنے کے ایک گھڑی بعد پہلے بانسری بجاتے ہیں اس کے بعد تھوڑی دیر کورکھ بجاتے ہیں اور پھر سوا نقارے کے نفیر و کرنا وغیرہ

Marfat.com

لوازمہ حشمت کی آوازوں سے دنیا گونج اٹھتی ہے - اس کے تھوڑی دیر بعد سرنا بجائی جاتی ہے اور نشاط انگیز نفیروں کے ذریعے سے اصول نغمہ نوازی کی پوری حفاظت کی جاتی ہے - ایک گھڑی اور گزرنے کے بعد نقارہ نوازی شروع ہوتی ہے اور تمام ہنرمند پیشہ ور بادشاہ بلند اقبال کی شان و شکوہ کے آوازے کو اہل عالم تک پہنچاتے ہیں -

نقارہ نواز کے بعد سات امور کے انجام دینے سے رنگ عشرت دوبالا ہو جاتا ہے ، اول بیشتر - مرسل و مرسلی گانا گاتا ہے جو خاص اصول نغمہ ہے - اس کے بعد برداشت (بردتت) کی نوبت آتی ہے - یہ بھی چند خاص اصول کا مجموعہ ہے - برداشت کے وقت تمام ہنرمند خدام باجہ بجاتے ہیں - برداشت کے بعد زیر کا کمال دکھاتے ہیں اور آواز کو بلندی سے پستی کی طرف لے آتے ہیں -

دوم چار اصول یعنی اخلاطی ، ابتدائی ، شیرازی قلندری اور لکر قطرہ بجائے جاتے ہیں جو ایک گھڑی تک سامعین کو محظوظ کرتے ہیں -

سوم - خوارزمی - قدیم و جدید سروں کا لطف - اس راگ میں قبلۂ عالم نے دو سو سے زائد سر ایجاد فرمائے ہیں جن سے ہر خاص و عام لطف اندوز ہوتا ہے- ان ایجاد کردہ سروں میں خاص کر جلال شاہی اور مہا میر کرکت اور نوروزی -

چوتھے ، شادیانے کا بجانا - پانچویں یک دوری نغمہ - چھٹے اصول اذفر (ادفر) جس میں سر پہلے اونچا ہوتا ہے اور بعد میں نیچا - ساتویں مرسل خوارزمی کے بعد بار دگر مرسلی بجائی جاتی ہے اور آخر میں فروگزاشت کے بعد دعائے دولت و اقبال کی نغمہ سرائی ہوتی ہے اور اس کے بعد تمام لوگ پھر نغمۂ زیر گاتے ہیں اور دلکش و دلچسپ عبارات و اشعار پر یہ ہنگامہ عشرت برپا رہ کر بہترین طریقے پر ختم ہوتا ہے - جہاں پناہ جس

Marfat.com

طرح کہ علم موسیقی میں ماہرین فن سے زیادہ کامل ہیں اسی طرح میدان عمل میں بھی اس آسان نما مشکل کے حل کرنے میں ہر صاحب کمال پر سبقت لے جاتے ہیں ۔ خاص کر نقارہ نوازی میں ۔

اس شعبے میں بھی منصبدار واحدی اور دیگر سپاہ ملازم ہیں ۔ پیادوں کی تنخواہ تین سو چالیس دام سے زیادہ اور چوہتر دام سے کم نہیں ہے ۔

* * *

Marfat.com

Marfat.com

**اقتباس از آئین اکبری مصنف شیخ ابوالفضل ، لولکشور ، لکهنؤ ، ۱۸۹۳ع ، صفحه ۱۸۳ تا ۱۸۴**

نیرنگی این طلسم آگهی چگونه بر گوید و چه مایه بر تواند گفت - گاه پردگیان شبستان دل را بفراز زبان جلوه دهد و زمانی با کمال تقدس بمیانجی دست و تار چهره بر افروزد از دریچه گوش در شده به دیرین بنگاه باز گردد و هزاران ارمغانی از خود بخود آرد - نیوشندگان را فرخور دید غم و شادی بر افزاید وارستگی و پایستگی را یاوری کند - گیتی خداوند را بدو توجه فراوان و پژوهندگان این شگرف جادو را دوست دار نادره کاران هندی و ایرانی و تورانی و کشمیری از مرد و زن عشرت افزای بزم همایون -

و این جادو نفسان سحر پرداز را هفت لخت ساخت و بریک را بروز هفته نامزدگردانید - باشارت والایاده از راه گوش بر دهند و مستی و هوشیاری بر افزایند - گزارش این گروه بس دشوار لیکن برای سیرابی سخن چندی پیش قدمان را در جدول می نگارد :

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | میان تان سین | گوالیری | درین هزار سال همچو او نشان ندهند |
| ۲ | بابا رام داس | گوالیری | گوینده |
| ۳ | سبحان خان | " | " |
| ۴ | سرکیان خان | " | " |
| ۵ | میان چند | " | " |
| ۶ | بچتر خان | " | " |
| ۷ | باز بهادر | مرزبان مالوه | در گویندگی کم همتا |
| ۸ | شهاب خان | گوالیری | بین نواز |

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۹ | داؤد | ڈہادی | گوینده |
| ۱۰ | سرود خان | گوالیری | گوینده |
| ۱۱ | میان لال | گوالیری | گوینده |
| ۱۲ | تان ترنگ خان | پورمیان تان سین | گوینده |
| ۱۳ | نانک جرجو | گوالیری | گوینده |
| ۱۴ | پربین خان | پور او | بین نواز |
| ۱۵ | سور داس | پسر بابا رام داس | گوینده |
| ۱۶ | چاند خان | گوالیری | گوینده |
| ۱۷ | رنگ سین | آگرئی | گوینده |
| ۱۸ | شیخ دادن | ڈہادی | کرنا نواز |
| ۱۹ | محمد خان | ڈہادی | گوینده |
| ۲۰ | بیرمندل خان | گوالیری | سرمندل نواز |
| ۲۱ | استاد یوسف | ہروی | طنبوره نواز |
| ۲۲ | قاسم ملقب بہ کوه بر | میان قبزور باب سازی اختراع کرده | |
| ۲۳ | تاش بیگ | قبچاقی | قبزی |
| ۲۴ | سلطان حافظ حسین | مشہدی | خواننده |
| ۲۵ | ملا اسحاق | ڈہادی | گوینده |
| ۲۶ | استاد دست | مشہدی | نئی |
| ۲۷ | بہرام قلی | ہروی | غجکی |
| ۲۸ | سلطان ہاشم | مشہدی | طنبوره نواز |
| ۲۹ | استا شاه محمد | مشہدی | سرنائی |
| ۳۰ | استا محمد امین | مشہدی | طنبوره نواز |
| ۳۱ | رحمت الله | برادر ملا اسحاق | گوینده |

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۲ | میر سید علی | مشهدی | غجکی |
| ۳۳ | حافظ خواجه علی | مشهدی | خواننده |
| ۳۴ | میر عبدالله | برادر میر عبدالحی | قانونی |
| ۳۵ | پیر زاده | نبیرهٔ میردوام خراسانی | گوینده ، خواننده |
| ۳۶ | استا محمد حسین | " | طنبوره نواز |

بسیاری ازین سحر سرایان آگهی یاور به پایهٔ امارت سربلندی یافتند و بمراتب سپاهی چهرهٔ سعادت بر افروختند - و پیادگان را روزینه از صد و پنجاه دام کم نبود -

* * *

Marfat.com

Marfat.com

## آئین (۳۰)

## خنیاگران (ارباب نغمہ)

مؤلف اس طلسم کدۂ عرفان یعنی نغمے کی تاثیرات اپنی بے بضاعتی و کم مایگی کی وجہ سے معرض بیان میں نہیں لا سکتا ہے - اس فن کے کمال کا یہ عالم ہے کہ کبھی تو آواز کے ذریعے سے شبستان دل کے پری جمال باشندوں کو زبان تک لا کر ان کی جلوہ آرائی سے ناظرین کو محو کرتا ہے ، اور کبھی تقدس کا جامہ پہن کر ہاتھ اور تار کے ذریعے سے رونما ہوتا اور مجالس حال کو گرم کرتا ہے - قلب سے نکلتا ہے اور بار دگر دریچۂ گوش کے ذریعے سے اپنے اصلی مرکز کو واپس جاتا اور اس مرتبہ ہزاروں نشاط انگیز تحائف اپنے ہمراہ لے جاتا ہے -

نغمہ نوازی کے عالم میں سامعین پر ان کی حیثیت کے مطابق رنج و مسرت کے آثار طاری ہوتے ہیں اور یہ امر بخوبی ثابت ہو جاتا ہے کہ نغمہ تارک دنیا کی طرح دنیا کے شیدائیوں کے دل کی بھی روحانی غذا ہے - قبلۂ عالم اس فن پر خاص توجہ فرماتے اور ہر موسیقی داں کے سر پرست و مربی ہیں -

بے شمار ہندی و ایرانی و تورانی و کشمیری نغمہ پرداز بارگاہ عالی میں جمع ہیں ، جن میں مرد ، عورت دونوں داخل ہیں - جہاں پناہ نے حاضرین دربار کو سات گروہ میں تقسیم فرمایا ہے - ہر گروہ ہفتے میں ایک روز حاضر ہوکر اپنے کمالات دکھاتا اور سامعین کے قلوب کو کان کے ذریعے سے بادۂ معرفت کا متوالا بنا کر کسی کو مست اور کسی کو ہوشیار کرتا ہے - اس فرقے کے تفصیلی حالات قلمبند کرنا دشوار ہے ، لاچار چند خاص با کمال افراد کے نام ناظرین کے سامنے پیش کرتا ہوں :

Marfat.com

## جدول خنیاگراں (اربابِ نغمہ)

| نمبر شمار | نام | وطن ، لقب یا نسبت | کیفیت |
|---|---|---|---|
| ۱ | میاں تان سین | گوالیار | گزشتہ ہزار سال میں اس کا مثل پیدا نہیں ہوا |
| ۲ | بابا رام داس | گوالیار | گویا |
| ۳ | سبحان خاں | " | " |
| ۴ | سرگیان خاں | " | " |
| ۵ | میاں چاند | " | " |
| ۶ | بچتر خاں | برادر سبحان خاں | " |
| ۷ | محمد خاں | ڈہاڑی | " |
| ۸ | بیرمنڈل خاں | گوالیار | سرمنڈل بجانے والا (منڈل ایک قسم کی ڈھولک ہے) |
| ۹ | باز بہادر | رئیس مالوہ | بےمثل گویا |
| ۱۰ | صاحب خاں (شہاب خاں فارسی متن مشمولہ) | گوالیار | بین بجانے والا |
| ۱۱ | داؤد | ڈہاڑی | گویا |
| ۱۲ | سرود خاں | گوالیار | " |
| ۱۳ | میاں لال | " | " |
| ۱۴ | تان ترنگ خاں | پسر تان سین | " |
| ۱۵ | ملا اسحاق | ڈھاڑی | " |
| ۱۶ | استا دوست | مشہد | بانسری بجانے والا |
| ۱۷ | نانک جارجو | گوالیار | گویا |
| ۱۸ | پرہیں خاں | پسر جارجو | بین بجانے والا |
| ۱۹ | سور داس | پسر رام داس | گویا |

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۰ | چاند خاں | گوالیار | گویا |
| ۲۱ | رنگ سین | آگرہ | " |
| ۲۲ | شیخ دادن | ڈھاڑی | کرنا پھونکنے والا (کرنا ایک قسم کی بڑی بانسری کو کہتے ہیں) |
| ۲۳ | رحمت اللہ | برادر ملا اسحاق | گویا |
| ۲۴ | میر سید علی | مشہد | سارنگی بجانے والا |
| ۲۵ | استا یوسف | ہرات | طنبور بجانے والا |
| ۲۶ | قاسم | کودبر (لقب) کودبر ایک چغتائی قبیلے کا نام ہے ۔ | اس شخص نے قنبر و رباب کے درمیان ایک ساز ایجاد کیا ۔ |
| ۲۷ | تاش بیگ | قبچاق | قنبر نواز (قنبر بھی ایک قسم کا ساز ہے) |
| ۲۸ | سلطان حسین | مشہد | گاتا اور بھاؤ بتاتا ہے ۔ (فارسی متن سلطان حسین حافظ) |
| ۲۹ | بہرام قلی | ہرات | سارنگی بجاتا ہے ۔ |
| ۳۰ | سلطان ہاشم | مشہد | طنبورہ بجاتا ہے ۔ |
| ۳۱ | استا شاہ محمد | " | سرنا بجاتا ہے (سرنا وہ نے ہے جو شادی میں بجائی جاتی ہے) ۔ |
| ۳۲ | استا محمد امین | مشہد | طنبورہ بجاتا ہے ۔ |
| ۳۳ | حافظ خواجہ علی | مشہد | بھاؤ بتاتا ہے ۔ |
| ۳۴ | میر عبداللہ | برادر میر عبدالحی | قانون بجاتا ہے ۔ (قانون ایک باجہ ہے جو تاروں |

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | کی کثرت کی وجہ سے مسطر معلوم ہوتا ہے ۔ |
| ۳۵ | پیر زادہ | برادر زادہ میراد وام خراسانی | گاتا اور بھاؤ بتاتا ہے ۔ |
| ۳۶ | استا محمد حسین | " | طنبورہ بجاتا ہے ۔ |

ارباب نغمہ میں بے شمار سحر پرداز استاد مرتبۂ امارت پر فائز ہیں ۔ ایک گروہ سپاہیوں میں داخل ہے ۔

پیادوں کو ایک سو پچاس دام روزانہ سے کم نہیں دیے جاتے۔

Marfat.com

# گلشن ابراہیمی عرف تاریخِ فرشتہ

**فرشتہ :**

اصل نام محمد قاسم ہندو شاہ ہے ۔ استر آباد (ایران) کا رہنے والا تھا ۔ آغاز شباب میں احمد نگر کے والی مرتضیٰ نظام شاہ سے وابستہ رہا ۔ ۹۹۸/ ۱۵۹۰ میں بیجا پور پہنچا اور ابراہیم عادل شاہ ثانی کے دربار میں رسائی پائی ۔ اس کے ایما پر فرشتہ نے برِ صغیر کے بادشاہوں اور مشائخ کرام کی تاریخ لکھنا شروع کی ۔ جو ۱۰۱۵/۱۶۰۶ میں اختتام کو پہنچی ۔ فرشتہ غالباً ۱۰۳۳/۱۶۲۲ تک زندہ رہا ۔ تاریخ فرشتہ کا اصلی نام گلشن ابراہیمی ہے جو برِ صغیر پاکستان و ہند کی ایک عمومی تاریخ ہے اور جس میں سلاطینِ لاہور شاہانِ دہلی ، شاہانِ دکن ، شاہانِ گجرات ، شاہانِ مالوہ ، شاہانِ بنگالہ ، شاہانِ سندھ اور شاہانِ کشمیر و غیرہم کے علاوہ برِ صغیر کے مشائخ کے واقعات و حالات کہیں مختصر اور کہیں قدرے تفصیل سے آ گئے ہیں ۔ چونکہ فرشتہ کا تعلق عادل شاہی خاندان سے تھا اس لیے اس خاندان کے حالات اس کتاب میں زیادہ تفصیل سے دیے گئے ہیں ۔ اس کتاب میں اس دور کی معاشرتی ، فکری اور مذہبی زندگی کے بارے میں بھی بالواسطہ کچھ جھلکیاں آ گئی ہیں ۔



Marfat.com

Marfat.com

# محضر سماع

از سید وحیدالدین کرمانی که از مریدان شیخ نظام الدین اولیا است و بسید خرد اشتهار دارد و کتاب سیر الاولیا تصنیف اوست ، منقول ست که خسرو خاں بعد از قتل بادشاه قطب الدین مبارک شاه بر تخت نشسته دو لک یا سه لک تنکه جهت ہر یک مشائخ فرستاد و غیر از سه کس که سید علاء الدین جنیوری و شیخ وحید الدین خلیفه شیخ فریدالدین مسعود گنج شکر و شیخ عثمان سیاح که خلیفه شیخ رکن‌الدین ابو الفتح باشد ، ہمگی قبول کردند ، اما اکثر امانت نگاشته خرج نه‌کردند مگر شیخ نظام الدین اولیاء ، که پنج لک تنکهٔ خسرو خاں را بالتمام صرف فقرا نمود ، و بعد از چهار ماه چوں غازی ملک ، یعنی سلطان غیاث الدین تغلق ، خسرو خاں راکشته پادشاه دہلی شده ، استقلال تمام بہم رسانیده ، در پے آں شد که زر بابت خسرو خاں را از مردم باز یافت نماید - اکثر مشائخ بے تعلل و اہمال ادا نمودند و شیخ نظام الدین که صرف کرده بود بجواب اقدام نه نمود و پادشاه غیاث الدین تغلق شاه سوء مزاجے به شیخ بہم رسانیده بے عنایت شد - و جمعے که با شیخ عداوت و حسد داشتند و منکر سماع بودند ، فرصت یافته بعرض رسانیدند که ایں شیخ با جمیع مریدان خود غیر از سماع کارے ندارد ، و سرود که در مذہب حنفی حرام است می شنود - پس بادشاه را واجب است که علما را طلبیده محضرے سازد و او را ازاں فعل نا مشروع نہی نماید - پادشاه غیاث الدین در حصار قلعه تغلق آباد که از محدثات او بود ، شیخ و جمیع علما را حاضر ساخت - چنانچه پنجاه و سه دانشمند که ہر یک خود را سرآمد روزگار می دانستند ، و ہمه در مسئله



Marfat.com

سماع و سرود با شیخ نظام الدین اولیاء منازعت داشتند ، جهت بحث حاضر شدند ـ و مولانا فخر الدین زرادی که از مریدانِ شیخ بوده ، دم از اجتهاد می زد ، به پادشاه گفت دو کس را که از ہمه عالم تر باشند ، ازیں جماعت انتخاب کرده آید ، تا با ما بحث کنند ـ الغرض پادشاه قاضی رکن‌الدین ابوالحی را که حاکمِ شهر بود و بعدالت شیخ تفاخر داشت ، به بحث اشارت کرد ، و او رو به شیخ کرده گفت : ای درویش در بابت سرود و سماع چه حجت داری ؟ شیخ به حدیثِ نبوی ''السماع مباح لاہله'' متمسک گشت ـ قاضی گفت ترا به حدیث چه کار ، تو مردِ مقلدی روایتی از ابو حنیفه بیار ، تا بمعرض قبول افتد ـ شیخ گفت : سبحان الله ! من حدیثِ صحیح مصطفوی نقل می کنم و تو از من روایتِ ابو حنیفه می خواہی ، شاید که ترا رعونتِ حکومت بریں می دارد ـ انشاء الله تعالیٰ زود ازیں عہده معزول شوی ، که زیاده با دوستانِ خدا بےادبی می کنی ـ و پادشاه چوں حدیثِ پیغمبر شنید متفکر شده ہیچ نه گفت و ہمگی گوش بود ، و اینہا دریں گفتگو بودند که مولانا علم‌الدین نبیرهٔ شیخ بہاءالدین زکریا از ملتان آمده ہم از گردِ راه بدیوان شتافت ـ و پادشاه با حضار مجلس به استقبالِ او قیام نمود ، و مولانا علم‌الدین نخست متوجهٔ شیخ نظام الدین اولیا شده او را دریافت ـ و نہایت اعزاز و احترام بجا آورد ـ آن گاه پادشاه را دریافت و پرسید که شیخ را چرا تصدیع داده ایں جا آورده اند ؟ پادشاه گفت به سبب حکمت و حرمت سماع محضر علما شده ـ الحمدلله که شما ہم تشریف آوردید ـ مولانا علم الدین که علامهٔ دہر بود گفت 'من سفرِ مکه و مدینه و شام و مصر کرده ام و ہمه جا مشائخ کرام' با وجود علمای متبحر و متورع سماع می شنوند و ہیچ کس مانع نمی شود ـ و وجد بلا شک و شبه مباح است ـ حضرت شیخ و اصحابِ او بالتمام اہلِ حال اند ، و بکمال اخلاق زہد و تقوی در

Marfat.com

ظاہر و باطن آراستہ ، و حضرت رسالت پناہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم سماع نموده اند ، و تواجد فرموده ـ چون مولانا این گفت بادشاه برخاست ، و با اعزاز و اکرام تمام شیخ را باز گردانید و از بسکہ منفعل شده بود ہمان روز قاضی رکن الدین ابوالحی را از عہدۂ حکومت معزول ساخت ـ

(تاریخ فرشتہ جلد دوم صفحہ ۳۹۷ تا صفحہ ۳۹۸)

* * *

Marfat.com

Marfat.com

# محضر سماع

سیرالاولیا کے مصنف سید وحید الدین کرمانی سے ، جو شیخ نظام الدین اولیارحہ کے مرید اور 'سید خرد' کے نام سے مشہور ہیں ، روایت ہے کہ جب بادشاہ قطب الدین مبارک شاہ کے قتل کے بعد خسرو خاں تخت نشین ہوا تو اس نے مشائخ میں سے ہر ایک کو دو دو تین تین لاکھ 'تنکہ' بھیجے - یہ رقوم سید علاء الدین جنیوری ، شیخ وحیدالدین خلیفہ شیخ فرید الدین مسعود گنج شکر اور شیخ عثمان سیاح خلیفہ شیخ رکن الدین ابو الفتح کے سوا سب نے قبول کر لیں - اکثر نے یہ رقوم امانت کے طور پر رکھ چھوڑیں اور خرچ نہ کیں - البتہ شیخ نظام الدین اولیا رحہ نے کہ جنھیں پانچ لاکھ تنکہ ملے تھے ، تمام کے تمام فقرا پر خرچ کر ڈالے - چار ماہ کے بعد جب غازی ملک یعنی سلطان غیاث الدین تغلق ، خسرو خاں کو قتل کر کے دہلی کے تخت پر متمکن ہوا اور اسے مکمل طور پر استقلال حاصل ہو گیا تو اس نے وہ تمام روپیہ جو خسرو خاں نے بانٹا تھا ، متعلقہ لوگوں سے واپس لینے کی ٹھانی - اکثر مشائخ نے کسی حیل و حجت اور لیت و لعل کے بغیر مذکورہ رقمیں لوٹا دیں ؛ شیخ نظام الدین چوں کہ خرچ کر چکے تھے ، اس لیے وہ جواب میں خاموش رہے ، جس کے نتیجے میں سلطان غیاث الدین نے شیخ نظام الدین سے بدظن ہو کر عنایت و مہربانی سے ہاتھ اٹھا لیا - ان لوگوں نے جو پہلے ہی شیخ رحہ سے دشمنی و حسد رکھتے اور سماع کے منکر تھے ، موقع کو غنیمت جان کر بادشاہ کے کان بھرنے شروع کیے کہ اس شیخ اور اس کے مریدوں کو تو سماع کے سوا اور کوئی کام ہی نہیں ہے - اس کے علاوہ یہ سرود بھی سنتا ہے جو مذہبِ حنفی میں حرام

Marfat.com

ہے - لہذا سلطان کے لیے واجب ہے کہ وہ علما کو بلوا کر محضر تیار کروائے اور اسے اس غیر شرعی فعل سے روکے -

چنانچہ سلطان نے اپنی تعمیر کردہ عمارت قلعہ تغلق آباد میں شیخ رح اور تمام علما کو طلب کیا - کوئی ترپن (۵۳) عالم ، کہ ان میں سے ہر ایک خود کو سر آمد زماں سمجھتا اور سرود و سماع کے مسئلے میں شیخ نظام الدین اولیا رح سے برسر نزاع تھا ، بحث میں شرکت کے لیے حاضر ہوئے - مولانا فخرالدین زرادی نے کہ شیخ رح کے مریدوں میں سے تھے اور اجتہاد کا دم بھرتے تھے ، بادشاہ سے کہا کہ ان علما میں سے دو ایسے عالم منتخب کر لیں جو سب سے زیادہ صاحبِ علم و فضل ہوں تا کہ وہ ہم سے بحث کریں -

الغرض بادشاہ نے قاضی رکن الدین ابو الحی کو ، جو قاضی شہر اور شیخ رح کی دشمنی میں پیش پیش تھا ، بحث کا آغاز کرنے کے لیے اشارہ کیا - اس نے شیخ رح سے مخاطب ہو کر کہا "اے درویش ! سرود و سماع کو جائز قرار دینے میں تمہارے پاس کیا دلیل ہے ؟" شیخ رح نے حدیث نبوی صلعم 'السماع مباح لاھلہ' (سماع اس کے لیے حلال ہے جو اس کا اہل ہے) کا حوالہ دیا - قاضی بولا "تو تو ایک مقلد ہے ، تجھے حدیث سے کیا سروکار ؛ ابو حنیفہ رح کی کوئی روایت بیان کر کہ قابلِ قبول بھی ہے -" شیخ رح نے جواب دیا "سبحان اللہ ! میں تو صحیح حدیث نبوی صلعم پیش کر رہا ہوں اور تم کہتے ہو کہ ابو حنیفہ رح کی کوئی روایت بیان کر - معلوم ہوتا ہے حکومت کا گھمنڈ تم سے یہ کچھ کہلوا رہا ہے - تم یہ جو اللہ کے دوستوں کے ساتھ اس قدر بے ادبی سے پیش آ رہے ہو ، خدا نے چاہا تو جلد ہی اس عہدے سے معزول ہو جاؤ گے -"

Marfat.com

جب بادشاہ نے حدیث نبوی (صلعم) سنی تو وہ کچھ سوچ کر خاموش اور ہمہ تن گوش ہو گیا - ابھی یہ لوگ اسی بحث میں مصروف تھے کہ مولانا علم الدین ، جو شیخ بہاء الدین زکریا کے پوتے تھے ، ملتان سے سیدھے دیوان میں پہنچے - بادشاہ تمام حاضرین کے ساتھ ان کے استقبال کے لیے کھڑا ہو گیا - مولانا علم الدین سب سے پہلے شیخ نظام الدین اولیا رحمہ کی طرف متوجہ ہوئے اور ان کا حال احوال پوچھا اور ان کی بہت عزت و تکریم کی - اس کے بعد بادشاہ کی طرف متوجہ ہوئے اور پوچھا کہ شیخ کو کس لیے یہاں آنے کی زحمت دی گئی ہے ؟ بادشاہ نے جواب دیا کہ ''سماع کی حلت و حرمت پر بحث کے لیے علما یہاں اکٹھے ہوئے ہیں ، الحمدللہ کہ آپ بھی تشریف لے آئے -'' مولانا علم الدین ، کہ علامۂ زماں تھے ، کہنے لگے : ''میں نے مکہ ، مدینہ ، شام اور مصر کا سفر کیا ہے اور ہر جگہ یہ دیکھا ہے کہ متبحر اور پرہیزگار علما کے ہوتے ہوئے وہاں کے مشائخ سماع سنتے ہیں اور کوئی بھی انہیں اس سے منع نہیں کرتا اور وجد تو بغیر کسی شک و شبہ کے جائز ہے - حضرت شیخ رحمہ اور ان کے مرید تو تمام اہل حال ہیں ، اور اخلاق و زہد و تقوی کے زیور سے ان کا ظاہر و باطن مکمل طور پر آراستہ ہے - پھر خود حضرت رسالت پناہ محمد صلی اللہ علیہ و سلم نے سماع کیا اور وجد فرمایا ہے -'' جب مولانا نے یہ الفاظ کہے تو سلطان اٹھا اور اس نے شیخ رحمہ کو نہایت ہی اعزاز و اکرام کے ساتھ واپس بھیج دیا - اسے (سلطان) اس بات کی بے حد ندامت ہوئی - چنانچہ اسی روز اس نے قاضی رکن الدین ابو الحی کو عہدۂ قضاۃ سے معزول کر دیا -

(تاریخ فرشتہ - جلد دوم)

* * *

Marfat.com

Marfat.com

**التباس از تاریخ فرشته مطبوعہ نولکشور جلد دوم زیر عنوان ذکر امیر خسرو دہلوی صفحہ ۴۰۲ - ۴۰۳**

**امیر خسرو دہلوی :**

نام اصلی او ابوالحسن ست و پدرش امیر سیف الدین محمود از امیر زاد های ہزارہ بلخ ست و در حوالی قریش می بود اما در قرب چنگیز خان بہندوستان آمدہ در سلک امرا منتظم گر دید و امیر خسرو در قصبہ مومن آباد کہ درین عصر بہ پتیالی شہرت دارد تولد یافت و در ہشت سالگی چنانکہ ذکر کردہ شد در خدمت پدر و برادران کہ اعزالدین شاہ و حسام الدین باشد بعہد پادشاہ غیاث الدین بلبن بشرف خدمت شیخ نظام الدین اولیا مشرف گشتہ مرید شد چون نُہ سال گذشت امیر سیف الدین محمود ہشتاد و پنجسال عمر داشت در یکی از معارک کنار شربت شہادت چشیدہ و اعزالدین علیشاہ قایم مقام او گردید و امیر خسرو در مرثیہ پدر گفتہ ، بیت :

سیف از سرم گذشت و دل من دو نیم شد
دریای خون روان شد و در یتیم شد

و بعد از شہادت امیر سیف الدین محمود جد مادری امیر خسرو عمادالملک کہ از اعیان عصر خود بودہ صد و سیزدہ سال عمر داشت ، وصف او در دیباچہ غرۃ الکمال مرقوم ست تربیت او کردہ چندان التفات و توجہ نسبت باو بجا آورد کہ از فضلا و دانشمندان گردید - روزی شیخ نظام الدین اولیا با اصحاب خود از بازار می گذشت و امیر خسرو کہ در عنفوان جوانی بود نیز ہمراہ بود - خواجہ حسن شاعر کہ حسن و جمال وافر و فضل و دانش کامل داشت در دکان خبازی نشستہ بود و چون چشم امیر خسرو بر وی افتاد منظری دید زیبا و حرکات موزون و دلربا مرغ دلش گرفتار گشتہ

Marfat.com

نزدیک دکان رفته پرسید نان چگونه میفروشی ؟ حسن گفت نان در پله ترازو می نهم و خریدار را میفرمایم که زر در پله دیگر گذارد ، هرگاه زر گران تر آید مشتری را راهی مینایم - امیر خسرو گفت اگر مشتری مفلس باشد مصلحت چیست ؟ گفت درد و نیاز هم عوض زر می ستانم - امیر خسرو از حسن کلام خواجه حسن حیران مانده کیفیت حال بشیخ عرض کرد و خواجه حسن را نیز درد طلب دامن گیر شده ، و در آن زودی ترک دکان کرده ، اگرچه آن وقت مرید شیخ نشد اما پیشتر از اول بکسب علوم و کمالات ظاهری مشغول گشته بخانقاه شیخ متردد گردید و میان او و امیر خسرو الفت تمام بهمرسید - هر دو نوکری شاهزاده محمد سلطان خان شهید بن بادشاه غیاث الدین بلبن وقت حکومت ملتان اختیار نمودند - الغرض امیر خسرو مصحف دار شده خواجه حسن دوات دار گردید و چون محمد سلطان خان شهید بدهلی می آمد هر دو عزیز از خدمت شهزاده فراغ می یافتند - اکثر اوقات در ملازمت شیخ بسر می بردند و رفته رفته عاشقی و معشوق ایشان شهرت یافته بجای رسید که صاحب غرضان بعرض شهزاده رسانیدند که همه خلق ایشانرا بزبان گرفته از اهل ملامت میدانند ، قابل خدمت نزدیک نیند امیر خسرو در آن وقت غزلی که مطلعش اینست ، گفت بیت :

زین دل خود کام کار من برسوائی کشید
خسروا فرمان دل بردن همین بار آورد

بعده محمد سلطان خان شهید از روی مصلحت خواجه حسن را از مصاحبت و اختلاط امیر خسرو منع فرمود اما چون سر رشته محبت میان ایشان استحکام داشت برآن منع سودی مترتب نشد و اهل غرض باز این معنی بمحمد سلطان خان شهید عرض کردند و درین کرت محمد سلطان اعراضی شده تازیانهٔ چند بر خواجه حسن زد و خواجه حسن چون از آنجا بیرون آمد راست بخانه امیر خسرو رفت و بمحمد سلطان خان شهید هماندم این خبر رسید - تعجب

Marfat.com

نمود و یکی از حضار مجلس که بر حقیقت حال مطلع بود معروض داشت که محبت مجازی ایشان بزیور حقیقت آراسته شده است و جمال حال اینها به پردهٔ عفت و صلاح پیراسته - محمد سلطان خان شهید کس فرستاده امیر خسرو را طلب نموده پرسیدکه محبت شما از شائبهٔ هوا مبراست یا نه ؟ او جوابداد که دوئی از میان ما رخت بربسته - محمد سلطان خان شهیدگواه طلبید امیر خسرو دست از آستین برآورده گفت مصرع : گواه عاشق صادق در آستین باشد پس محمد سلطان خان شهید دید که اثر تازیانه بر همان موضع که بر خواجه حسن رسیده بود بر دست امیر خسرو ظاهر است - پس سکوت اختیار نمود و امیر خسرو فی الفور این رباعی بخواند - رباعی :

عشق آمد و شد چو خونم اندر رگ و پوست
تا کرد مرا تهی و پر کرد ز دوست
اجزای وجودم همگی دوست گرفت
نامیست مرا بر من و باقی همه اوست

و در آن وقت چون نسیم عالم تحقیق بر ریاض امید او وزیده عالم و ما فیها در نظر همتش خسی نمود و از ملازمت استعفا جست ، لیکن محمد سلطان خان شهید مرخص نساخت و بعد از آن که محمد سلطان در ملتان بدرجهٔ شهادت رسید امیر خسرو بدهلی آمده ملازم امیر علی جامه دار شد و مدائح او در دیوان امیر خسرو بسیارست و بعد ازو مقرب پادشاه جلال الدین خلجی گشته مانند برادر و پدر از امرا گردید و تا عهد پادشاه قطب الدین مبارک شاه هریک از پادشاهان که بر تخت نشستند امیر خسرو را معزز داشته در جرگهٔ امرا نگاه می داشتند و پادشاه غیاث الدین تغلق شاه که تغلق نامه بنام نامی اوست امیر خسرو را بیش از دیگران عزت داده در سفر بنگاله همراه برد - اما هنگام مراجعت پادشاه برای کاری در لکهنوتی ماند و دران اثنا شنید که حضرت شیخ نظام الدین اولیا برحمت حق پیوست - بنا بران بیتاب گشته -

Marfat.com

ایلغار فرمود و برسر مزار آنحضرت حاضر شده ہرچه داشت جهت ترویح روح پرفتوحش بفقرا و مساکین داده ترک خدمت پادشاه کرده مجرد شد و جامه سیاه ماتمیانه پوشیده برسر قبر وی ساکن گشت و با غم و اندوه اوقات گذرانیده بعد ششماه از فوت شیخ در شب جمعه بیست و نهم ماه ذیعقده ۷۲۵ھ، سنه خمس و عشرین و سبعماة بجوار رحمت ایزدی پیوست و در ہمان حظیره پایان مرشد خود مدفون گشت و گویند شیخ بارہا گفته بود که امیر خسرو بعد از من نخواہد زیست چون رحلت کند پہلوی من دفن کنند که او صاحب اسرار منست و من بی او قدم در بہشت ننہم و اگر جایز بودی که دوکس را دریک قبر گذارند وصیت کردمی که اورا در قبر من دفن نمایند تا ہر دو یکجا باشیم ۔ الحاصل چون امیر خسرو فوت شد خواستندکه بموجب وصیت پہلوی قبر شیخ درون گنبد دفن کنند یکی از خواجه سرایان که منصب وزارت داشت و مرید شیخ بود مانع شده که بر بعضی مریدان شیخ و امیر خسرو مشتبه خواہد شد پس او را در پایان شیخ برچبوتره یاران مدفون ساختند چنانچه ہذا قطعه استادی در مادۂ تاریخ اوست :

قطعه :

میر خسرو خسرو ملک سخن — آن محیط فضل و دریای کمال
نثر او دلکش تر از ماء معین — نظم او صافی تر از ماء زلال
بلبل بستان سرای داد و دین — طوطیٔ شکر مقال بیزوال
از پیٔ تاریخ سال فوت او — چون نہادم سر بزانوی خیال
شد "عدیم المثل" یک تاریخ او — دیگری شد "طوطی شکر مقال"

و در تذکرة الاتقیا مسطورست که امیر خسرو نسبت باستادان ماضیه زبان طعن کشودی خصوص در آن وقت که خمسه نظامی را جواب می گفت و سلطان المشائخ از باطن ایشان ترسانیده منع کردی و امیر خسرو در

Marfat.com

جواب گفتی که در پناه شمایم آسیبی بمن نرسد - قضا را وقتیکه این بیت گفت :

بیت :

کوکبه خسرویم شد بلند غلغله در گور نظامی فکند

تیغ برهنه حوالهٔ امیر خسرو شد و امیر خسرو نام شیخ و شیخ فریدالدین مسعود گنج شکر بر زبان آورد درین صورت دستی پیدا شده سر آستین بدم تیغ داد و تیغ ازان گذشته بر درخت کناریکه در آنجا بود رسید و امیرخسرو بخدمت شیخ آمده خواست که اظهار آن حاله نماید شیخ سر آستین بدو نمود من بعد امیر خسرو سر بر زمین نهاده دعا کرد و شیخ در حق او این دو بیت فرمود :

ابیات :

خسرو که بنظم و نثر مثلش کم خاست
ملکیت ملک سخن از خسرو ماست
این خسرو ماست ناصر خسرو نیست
زیرا که خدا ناصر این خسرو ماست

شیخ آذری در جواهرالانوار آورده که شیخ مصلح الدین سعدی شیرازی در نهایت پیری از شیراز جهت دیدن امیر خسرو بهندوستان آمده در شعر حق استادی برو میگذاشت و امیر خسرو نیز اعتقاد فراوان بها او داشت - الغرض این بیت مشعر ازانست ، بیت :

خسرو سر مست اندر ساغر معنی بریخت
شیره از خمخانهٔ سعدی که در شیراز بود

و جای دیگر گفته - ع :

جلد سخنم دارد شیرازهٔ شیرازی

Marfat.com

و گویند شیخ نظام الدین اولیا بارہا گفته بود که خدا مرا بسوز سینهٔ این ترک بخشد و امیر خسرو در مدح او سخن بسیار گفته و این دو بیت ازالست ـ بیت :

جـدا از خـانقـاه او بتـقـدیم حطیم کعبه را مانـد بـه تعظـیم
ملـک کـرده بسقفش آشیـانـه چو الـدر سقفها گنجشک خـانه

و در بعضی کتب بنظر آمده که ریاضت او درجه اعلیٰ داشته باوجود شغل امارت چهل سال بصوم الدهری گذرانید و هم صحبت خواجه خضر دریافته التماس لعاب دہان نمود و حضرت خواجه خضر گفت این دولت نصیب شیخ مصلح‌الدین سعدی شیرازی گشته ـ امیر خسرو بملازمت شیخ نظام الدین اولیاء رسیده حقیقت آن معروضداشت ، شیخ آب دہان خود را در دہان او انداخت و برکات آن بعدی ظاہر شد که نود و دو کتاب در سلک نظم کشیده و مشهور ست که امیر خسرو در بعضی از تصانیف خویش مرقوم قلم بدیع رقم گردانیده که اشعار من از پانصد ہزار کمتر و از چهار صد ہزار بیشترست و از امیر خسرو منقول‌ست که گفت روزی در خاطرم گذشت که تخلص من باہل دول نسبتی دارد چه بودی که تخلصم بفقرا منسوب بودی تا در عرصه قیامت مرا بآن نام خواندندی و حضرت شیخ این معنی را دریافته گفت در وقت صالح برای تو نامی خواسته خواہد شد و بعد از چند گاه گفت مرا چنین مکشوف شد که ترا در صحرای محشر محمد کاسه لیس خواہند خواند ، پس مدت عمرش ہشتاد و چهار سال بود ـ

* * *

Marfat.com

**امیر خسرو دہلوی :**

اس کا اصلی نام ابوالحسن تھا ۔ اس کا باپ امیر سیف الدین محمود ہزارہ بلخ کے امیر زادوں میں سے تھا اور قریش کے نواح میں رہتا تھا ۔ لیکن چنگیز خاں کے زمانے میں بر صغیر پاکستان و ہندوستان آیا اور امرا کی لڑی میں پرویا گیا ۔ امیر خسرو قصبہ مومن آباد میں کہ اب پٹیالی کے نام سے مشہور ہے ، تولد ہوا ۔ ابھی آٹھ سال ہی کا تھا کہ اپنے باپ اور بھائی اعزالدین شاہ اور حسام الدین کے ساتھ غیاث الدین بلبن بادشاہ کے عہد میں شیخ نظام الدین اولیا کی خدمت گزاری کا شرف پایا اور ان کا مرید بن گیا ۔ جب سال گذرا امیر سیف الدین محمود جس کی عمر ۸۵ سال تھی ایک معرکہ میں شربت شہادت نوش کر گیا ۔ اعزالدین شاہ اس کا قایم مقام بنا ۔ اپنے باپ کے مرثیہ میں امیر خسرو نے لکھا ہے :

سیف از سرم گذشت و دل من دو نیم شد
دریای خون روان شد و در یتیم شد

امیر سیف الدین محمود کی شہادت کے بعد امیر خسرو کے نانا عمادالملک نے ، کہ اپنے دور کے بڑے لوگوں میں سے تھا اور اس نے ایک سو تیرہ سال کی عمر پائی ، اورغرۃ الکمال کے دیباچہ میں اس کے اوصاف کا ذکر ہے ، امیر خسرو کی تربیت کی طرف اس قدر توجہ دی کہ اس کا شمار فاضل اور دانشمند لوگوں میں ہونے لگا ۔ ایک دن شیخ نظام الدین اولیا اپنے ساتھیوں کے ہمراہ بازار میں سے گذر رہے تھے ۔ امیر خسرو کا آغاز شباب تھا ۔ وہ بھی ساتھ تھا ۔ خواجہ حسن شاعر کہ حسن و جمال وافر رکھتا تھا اور فضل و کمال میں بھی کامل تھا ایک نانبائی کی دکان پر بیٹھا ہوا تھا ۔ جب امیر خسرو کی نظر اس پر پڑی ۔ اس نے ایک خوبصورت چہرے والے کو دیکھا جس کی بول چال سلیقہ کی اور دل چھین لینے والی تھی ۔

Marfat.com

چنانچہ اس کا مرغ دل گرفتار ہو گیا ۔ دکان کے قریب گیا اور پوچھا روٹی کیسے دیتے ہو ۔ حسن نے کہا کہ ترازو کے ایک پلڑے میں روٹی رکھتا ہوں اور خریدار کو کہتا ہوں کہ دوسرے پلے میں زر رکھے اور جب زر کا وزن زیادہ ہو جائے تو گاہک کو وہ رای (روٹی) دے دیتا ہوں ۔ امیر خسرو نے کہا اگر گاہک مفلس ہو تو کیا صورت ہو سکتی ہے ۔ اس نے کہا رقم کے بدلے میں درد و نیاز بھی لے لیتا ہوں ۔ امیر خسرو ، خواجہ حسن کی خوش گفتاری پر حیران رہ گیا ۔ اس نے اس کیفیت حال کا ذکر شیخ سے کیا ۔ ادھر خواجہ حسن کو بھی درد طلب دامن گیر ہوا ۔ اور جلد ہی اس نے بھی دکان ترک کر دی ۔ لیکن سر دست شیخ کی مریدی اختیار نہ کی ۔ ہاں پہلے سے زیادہ کسب علم اور کمالات ظاہری حاصل کرنے میں لگ گیا اور شیخ کی خانقاہ پر آنے جانے لگا اور اس کے اور امیر خسرو کے درمیان الفت انتہا کو پہنچ گئی ۔ دونوں ہی شہزادہ محمد سلطان خاں شہید بن بادشاہ غیاث الدین بلبن کی نوکری میں چلے گئے جب اسے ملتان کی حکومت ملی ۔ غرض امیر خسرو مصحف دار ہو گیا اور خواجہ حسن دوات دار ۔ محمد سلطان خاں شہید جب دہلی آتا تو دونوں عزیزوں کو شہزادہ کی خدمت سے فراغت مل جایا کرتی اور وہ اکثر وقت شیخ کے حضور گذارتے ۔ ہوتے ہوتے ان کی عاشقی و معشوقی کی باتیں عام ہوگئیں اور نوبت یہاں تک پہنچی کہ خود غرضوں نے شہزادہ تک یہ باتیں پہنچا دیں کہ ساری دنیا ان کی باتیں کرتی ہے ، ان کو اہل ملامت میں شمار کرتی ہے ، اور شہزادہ کی خدمت میں رہنے کے لائق نہیں جانتی ۔ امیر خسرو نے اس وقت وہ غزل کہی جس کا مقطع یہ ہے :

زین دل خود کام کار من برسوائی کشید
خسروا فرمان دل بردن ہمی بار آورد

(اس خود غرض دل کے ہاتھوں میرا معاملہ رسوائی پذیر ہوا ، اے خسرو دل کا کہا ماننے کا یہی ثمر ہوتا ہے) ۔

Marfat.com

اس کے بعد محمد سلطان خاں شہید نے مصلحت یہی دیکھی کہ خواجہ حسن کو امیر خسرو کے ساتھ میل جول رکھنے سے منع کر دیا جائے۔ لیکن چونکہ ان کے درمیان محبت کا رشتہ کچا نہیں تھا اس لیے یہ ممانعت سود مند نہ نکلی۔ اہلِ غرض نے پھر یہی باتیں محمد سلطان خاں شہید تک پہنچائیں اور اب کے بار شہزادہ نے بگڑ کر چند تازیانے بھی خواجہ حسن کو لگوا دیے۔ خواجہ حسن جب وہاں سے باہر نکلا تو سیدھا امیر خسرو کے گھر پہنچا۔ ادھر محمد سلطان خاں شہید کو بھی اسی وقت اطلاع مل گئی۔ اسے تعجب ہوا اور حاضرین مجلس میں سے ایک نے جسے حقیقت حال کا علم تھا عرض کیا کہ ان کی مجازی محبت حقیقت کے زیور سے آراستہ ہو چکی ہے اور ان کا جمال حال عفت و صلاح کے پردہ سے سجایا جا چکا ہے۔ محمد سلطان خاں شہید نے کسی کو بھیج کر امیر خسرو کو طلب کیا اور پوچھا کہ تمہاری محبت میں حرص و ہوا کی بھی کوئی آلودگی ہے یا اس سے پاک ہے۔ اس نے جواب دیا کہ ہم میں دوئی مٹ چکی ہے۔ محمد سلطان خاں شہید نے گواہی چاہی تو امیر خسرو نے آستیں سے ہاتھ باہر نکالتے ہوئے کہا کہ — گواہ عاشق صادق در آستین باشد۔ چنانچہ محمد سلطان خاں شہید نے دیکھا کہ تازیانے کے نشان اسی جگہ پر ہیں جہاں کہ خواجہ حسن کے بدن پر پڑے تھے۔ شہزادہ چپ ہو گیا اور امیر خسرو نے یہ رباعی پڑھی:

عشق آمد و شد چو خونم اندر رگ و پوست
تا کرد مرا تہی و پر کرد ز دوست
اجزای وجودم ہمگی دوست گرفت
نامیست مرا برمن و باقی ہمہ اوست

اور اس وقت جب نسیمِ عالم تحقیق اس کی امید کے باغ میں چلی یہ دنیا اور جو کچھ اس میں ہے اس کی نگاہ میں تنکے سے زیادہ وقعت کی نہ رہی۔ اس نے ملازمت سے استعفا دینا چاہا لیکن محمد سلطان خاں شہید نے اجازت

Marfat.com

نہ دی اور جب ملتان میں محمد سلطان نے درجہ شہادت پایا تو امیر خسرو دہلی آ گیا ۔ امیر علی کا ملازم ہوگیا ۔ چنانچہ دیوان امیر خسرو میں اس کی مدح میں بہت سے قصیدے موجود ہیں ۔ اس کے بعد وہ جلال الدین خلجی کا مقرب ٹھہرا ۔ اور قطب الدین مبارک شاہ کے عہد تک تخت پر بیٹھنے والے ہر بادشاہ نے اسے عزت بخشی اور امرا کے زمرہ میں رکھا ۔ لیکن سب سے زیادہ غیاث الدین تغلق شاہ نے ، کہ تغلق نامہ اسی کے نام نامی سے منسوب ہے ، امیر خسرو کی عزت افزائی کی ۔ بنگال کے سفر میں بھی اسے ساتھ لے گیا ۔ لیکن واپسی پر بادشاہ ایک کام کے باعث لکھنوتی میں رک گیا ۔ انہی دنوں خبر آئی کہ حضرت شیخ نظام الدین اولیا رحمت حق سے جا ملے ہیں ، چنانچہ خسرو بے قابو ہوکر تیزی سے آیا اور مزار پر حاضری دی اور جو کچھ پاس تھا مرشد کی روح پر فتوح کی راحت و آسائش کے لیے فقرا و مساکین میں بانٹ دیا ۔ بادشاہ کی ملازمت سے کنارہ کر لیا ۔ سیاہ لباس پہن کر شیخ کی قبر پر بیٹھ گیا ۔ اور غم و اندوہ میں دن گذارنے لگا ۔ آخر شیخ کی وفات کے چھ ماہ بعد جمعہ کی رات کو کہ ذی‌قعد کی انیس تھی اور سن ۷۲۵ تھا ، جوار رحمت ایزدی سے پیوست ہوگیا اور اسی احاطہ میں مرشد کے پاؤں کی جانب مدفون ہوا ۔ کہتے ہیں کہ شیخ نے بارہا کہا تھا کہ امیر خسرو میرے بعد زندہ نہیں رہے گا اور جب رحلت کرے تو اسے میرے پہلو میں دفن کرنا کہ وہ میرا محرم راز ہے ۔ میں اس کے بغیر بہشت میں قدم نہ رکھوں گا ۔ اگر دو آدمیوں کو ایک قبر میں دفنانا جائز ہوتا تو میں وصیت کر جاتا کہ اسے میری قبر میں دفن کیا جائے ۔ غرض جب امیر خسرو نے وفات پائی تو لوگوں نے وصیت کے مطابق اسے شیخ کی قبر کے پہلو میں گنبد کے اندر دفن کرنا چاہا لیکن خواجہ سراؤں میں سے ایک نے ، جو منصب وزارت پر فائز اور شیخ کا مرید تھا روک دیا کہ اس طرح بعض مریدوں کو شیخ اور امیر خسرو میں مغالطہ

Marfat.com

لگے گا ۔ چنانچہ اس کو شیخ کے پاؤں کی جانب چبوترہ پایاں پر دفن کیا گیا اور یہ قطعہ ایک استاد نے مادہ تاریخ نکالتے ہوئے لکھا :

میر خسرو ، خسرو ملک سخن
آن محیط فضل دریائے کمال
نثر او دلکش تر از ماء معین
نظم او صافی تر از آبِ زلال
بلبلِ بستان سرای داد و دین
طوطی شکر مقال بے زوال
از پی تاریخ سال فوت او
چون نہادم سر بزانوی خیال
شد ''عدیم المثل'' یک تاریخ او
دیگری شد طوطیٔ شکر مقال

اور تذکرۃ الاتقیا میں مسطور ہے کہ امیر خسرو نے ماضی کے اساتذہ کے بارے میں کچھ تلخ باتیں کہی تھیں ۔ خاص کر اس وقت جب خمسہ نظامی کا جواب لکھ رہا تھا ، اور سلطان المشائخ ان کے باطن سے ڈراتے ہوئے اسے منع کرتے تو امیر خسرو کہتا کہ میں آپ کی پناہ میں ہوں مجھے کوئی گزند نہیں پہنچے گا ۔ اتفاق کی بات کہ جب خسرو نے یہ شعر کہا :

کوکبہ خسرویم شد بلند غلغلہ در گور نظامی فگند

تو ایک ننگی تلوار امیر خسرو کی طرف آئی ۔ امیر ، شیخ اور شیخ فریدالدین مسعود گنج شکر کا نام زبان پر لایا ۔ اسی وقت ایک ہاتھ نمودار ہوا جس نے آستین کا کنارہ تلوار کی دھار پر رکھ دیا اور تلوار ادھر سے ہٹ کر قریب کے ایک درخت کو جا لگی ۔ امیر خسرو ، شیخ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے اظہارِ حال کرنا چاہا ۔ شیخ نے آستین کا کنارہ اسے

Marfat.com

دکھایا ۔ امیر خسرو نے اسی وقت زمین پر سر رکھ دیا ۔ دعا کی اور شیخ نے اس کے حق میں یہ دو شعر کہے :

خسرو کہ بنظم و نثر مثلش کم خاست
ملکیت ملک سخن خسرو راست
این خسرو ماست ناصر خسرو نیست
زیرا کہ خدا ناصر این خسرو ماست

شیخ آذری نے جواہرالانوار میں لکھا ہے کہ شیخ مصلح الدین سعدی شیرازی بہت بڑھاپے کے عالم میں شیراز سے امیر خسرو کو ملنے کے لیے ہندوستان آئے اور شعر کے معاملہ میں اسے استاد ٹھہرایا اور خود امیر خسرو بھی شیخ سعدی کے بارے میں خاصا اعتقاد رکھتا تھا اور یہ شعر اس سے منسوب ہے :

خسرو مرست اندر ساغر معنی بریخت
شیرہ از خم خانۂ سعدی کہ در شیراز بود

ایک اور جگہ کہا ہے :

جلد سخنم دارد شیرازۂ شیرازی

کہتے ہیں کہ شیخ نظام الدین اولیاء نے بارہا کہا تھا کہ خدا مجھے اس ترک کے سوزِ سینہ کے طفیل بخش دے گا اور امیر خسرو نے ان کی شان میں بہت شعر کہے ہیں ۔ یہ دو بیت اسی کے ہیں :

جدا از خانقاہ او بتقدیم حطیم کعبہ را مانند بہ تعظیم
ملک کردہ بہ سقفش آشیانہ چو اندر سقف ہا کنجشک خانہ

بعض کتابوں میں یوں بھی دیکھنے میں آیا ہے کہ خسرو بہت ریاضت کرتا تھا ۔ امارت کی مصروفیات کے باوجود اس نے چالیس سال روزے

Marfat.com

میں گذارے ۔ اسے خواجہ خضر کی صحبت بھی نصیب ہوئی اور اس نے ان سے لعابِ دہن کی التماس بھی کی ، لیکن حضرت خواجہ خضر نے کہا کہ یہ دولت شیخ مصلح الدین شیرازی کے نصیبوں میں تھی ۔ امیر خسرو شیخ نظام الدین اولیاء کے پاس گیا اور حقیقتِ حال عرض کی ۔ شیخ نے اپنا آبِ دہان اس کے منہ میں ڈال دیا اور اس کی برکتیں اس حد تک ظاہر ہوئیں کہ خسرو نے ۹۲ کتابیں نظم کی لڑی میں پرو دیں ۔ مشہور ہے کہ امیر خسرو نے اپنی بعض تصانیف میں اپنے بدیع رقم (نادر تحریر والے) قلم سے یہ لکھا ہے کہ میرے اشعار کی تعداد پانچ لاکھ سے کم اور چار لاکھ سے زیادہ نہیں ہے اور امیر خسرو ہی سے منقول ہے کہ اس نے کہا کہ ایک دن دل میں خیال آیا کہ میرا تخلص اہلِ دولت سے نسبت رکھتا ہے ۔ کیا ہی اچھا ہوتا اگر فقراء کے ساتھ اس کی نسبت ہوتی تاکہ قیامت کے روز اسی نام سے پکارا جاتا ۔ حضرت شیخ نظام الدین کو اس کا پتا چل گیا ۔ انھوں نے کہا کہ کسی نیک گھڑی تیرے لیے نام کی آرزو کی جائے گی اور پھر کچھ عرصہ کے بعد کہا کہ مجھ پر یہی منکشف ہوا ہے کہ تجھے صحرائے محشر ہیں محمد صلی اللہ علیہ و سلم) کاسہ لیس کہہ کر پکاریں گے ۔ اس کی عمر ۸۴ سال تھی ۔

* * *

Marfat.com

Marfat.com

# کتاب نورس

## نورالدین ظہوری

ملا نورالدین محمد نام اور ظہوری تخلص ۔ اس کی تاریخ ولادت معلوم نہیں ، البتہ مختلف واقعات کے پیش نظر ۹۴۴/۱۵۳۷ کے لگ بھگ متعین کی جا سکتی ہے ۔ ۱۰۲۵/۱۶۱۶ میں فوت ہوا ۔ ترشیز (ایران) کے قریب ایک قصبے قائن کا رہنے والا تھا ۔ کچھ عرصہ یزد اور شیراز میں رہا ۔ ۹۸۸/۱۵۸۰ میں احمد نگر پہنچا ۔ اسی دوران میں اس نے فریضہ حج بھی ادا کیا ۔ ۱۰۰۴/۱۵۹۵ میں وہ ملک قمی کے ساتھ بیجا پور چلا گیا ، جہاں علوم و فنون کے مربی و سرپرست ابراہیم عادل شاہ کے دربار سے وابستہ ہوا اور آخری عمر تک وابستہ رہا ۔ وہ ایک دیندار ، صوفی مشرب ، صاحب ایثار و قناعت تھا ۔

ابراہیم عادل شاہ ثانی نے علم موسیقی پر دکنی اردو نظم میں کتاب نورس کے نام سے ایک رسالہ تحریر کیا تھا ۔ اس کا دیباچہ ظہوری نے فارسی نثر مرصع میں ، ۱۰۰۶-۹۸/۱۵۹۷ کے لگ بھگ لکھا ۔ ذیل میں یہی دیباچہ پیش کیا گیا ہے ۔

Marfat.com

Marfat.com

# کتاب نورس

سرود سرایانِ عشرت کدۀ قال که بنورسِ سرابستانِ حال کارِ کام و زبان ساخته ، بشهد ثنای صانعی عذب‌البیان اند که چاشنیٔ نغمه های شیرین در رگ و پے نے دوانیده و خوش نفسان چمنِ نشاط که به بسط بساطِ انبساط پرداخته ، بزلالِ حمد خالقی رطب اللسان اند که گل ترانهای تراز شاخسارِ صوت و صدا دمانیده ـ محملِ شوقِ حجازیانش بصدای تال هندیان زنگله بند ، و زخمِ جگر عراقیانش به نمک تارِ طنبور ترکان در شکر خند ـ جلاجل اوراقِ درختان بهوای او ترانه ریز و بلبلان منقارِ بلبان بنوای او نغمه خیز ـ

**مثنوی :**

درین بستان سرا افگنده غلغل — سخن گردید گلبن نغمه بلبل
زبان را مطربِ بزمِ دہن کرد — نفس را دم کشِ سازِ سخن کرد
بضبطِ نغمهٔ اسرار پرداخت — ز صندوقِ تنِ خلق ارغنون ساخت
رباب از مغز راز آمد بگفتن — شدش خشک از غمِ او پوست بر آن
گلِ داغش کسی را دسته از شاخ — که چون نے استخوانش گشته سوراخ
چو نی آن کس نفس در نغمه افگند — که از کاهش سراپای خود آ گند
چو از دردش شود پشت دوتا چنگ — دود دل ، تار های ناله در چنگ
پُر و خالی پر اند از نغمهٔ دوست — ببین دف را که چون برمی‌درد پوست

درود با ساز و برگ بر لوازندۀ امتان که قانونِ دین بمضراب ہدایتش پر صد است ، و صلوة پُر شعبه و آوازه بر آل و اصحابش که بدمکشی ضراعت شان سازِ شفاعتش لغمه زاست ـ

Marfat.com

**رباعی :**

سلطان رسل که جمله را تاج سر است　　قانونِ بقا طفیلِ او نغمه دراست
در چار حد از شعبگی او زده دم　　هرکس ز دوازده مقاش خبر است

اما بعد مژده شنیدن را بگفتن شهنشاه سخنور نکته پرور نغمه پرداز ترانه ساز عرش طارم فلک خیم ،کیوان همم ، مریخ حشم ، خورشید علم ، برجیس شیم ناهید نغم ، عطارد رقم ، قمر خدم ، خلیل نوال یوسف جمال ، داؤد الحان ، سلیمان مکان ، عدل افزای ظلم کاه ابراهیم عادل شاه خلدالله ملکه' و سلطانه' و افاض العالمین بره' و احسانه'

**مثنوی :**

جهانگیر و جهاندار و جهان بخش　　فلک قدر و فلک تخت و فلک رخش
کفِ همت دم شمشیر جرأت　　دماغ هوش منـدی مغز فطـرت
خلیلِ کعبهٔ دل ز و مبـاهـی　　برو صادق ثنـای قبلـه گاهـی
چنین تـارک پئی افسر کـه دارد　　شهنشاهی جز او دیگـر که دارد
اگـر بزمست عیشستان ز جـامش　　دگـر رزم است رنگین از حسامش
ز عدلش گـوی عدل دیگران چیست　　باو نازد لقب نوشیروان کیست
تفاوت کفـر و دیـن آسـد بمعنی　　میـانِ عدلِ او تـا عدل کسری
ز بیـداریش خـواب ایمـن ز نالش　　بچشمِ پـاسبانش کـرد بـالش
ز تیغش پیکـر خصمانِ دو پیکـر　　ز گـرزش فـرقها را سینه مغفـر
سمندش را سپند از خـالِ محبـوب　　کمندش را نخ از رگهـاے مجـذوب
مـهِ نـو حلقـه در گوشِ رکابش　　یکـے از نیـزه داران ، آفتابش
سنانش چوں علم سازد سرانگشت　　شود تسبیح سـاز از مهـرهٔ پشت
بر انگیزد بهـر جـانب که لشکر　　بگیرد گـرد روے راه صـرصـر
بکینِ چـرخ گر رخ بـر فروزد　　نگـه در چشم مهر و مـه بسوزد
ز جـودش قطـرهٔ در لجـه گنجید　　ز خلقش نفحـه' در غنچـه پیچید

Marfat.com

سخن ہائے کہ نشنیده شنیدست
فراست را تو گوئی آفریدست
خبر از راز پنهانیش دادند
سوادِ خطِ پیشانیش دادند
دعایش گر نگردد با اثر رام
اثر از دم رود چون وحشی از دام
بجانها تخم مهرے کشت ازان دست
کہ در ہر سو صد انبار دلش ہست
بہر از مهر ورزان بر سر آمد
عرض عشق و دل او جوہر آمد
نہ تنها عشق را پشت و پناه است
برائے حسن ہم امید گاه است
دماغ از تارِ موئے او تتار است
نگہ را باغ روئے او بهار است
نهد خور ہر طرف دامے ز تارش
کزان رو پرتوے گردد شکارش
ادب در پیشگاہش پیشکارے
جبینش را حیا آئینہ دارے
بزیرِ قصرِ قدرش در تماشا
سر بر پشت عقل دست بالا
خلائق جملہ مفتونِ ہوایش
وکیلم من ہمہ جانہا فدایش
بخلقش حق نداده احتیاجی
دہد مارا برای ما رواجی
دہد صد بحر و کان را حاصل از دست
نیارد داد اما یک دل از دست
کسی را زیبد اندازِ نثارش
نباشد عالمِ جان در کنارش

زہے اسکندر افلاطون فطنت کہ دانائی و دارائی ازو در پناه ہم می بالند ـ جنذا پرویز باربد ترانہ ریز کہ بسرِ انگشت نغمہای مسرت افزائش گوش محنت و غم می بالند ، بہ شمیم خلقش سمن را ختن ختن نافہ در جیب و بہ نسیم لطفش غنچہ را چمن چمن خنده در زیرِ لب پنهان ـ بتوفیق زمزمۂ ثنائش نطق را دمِ نوازشِ تقریر و بتوفیر اجارۂ دعایش صدف را کفِ اجابت پر از گوہرِ تاثیر ـ فرمان قضا را امضای حکم نافذش درکار و نسخۂ تقدیر را بلغۂ تدبیر صائبش برکنار ـ شمال گلشنِ وفاق را تاکید غنچۂ دل شگفانیدن و صرصر کوی نفاق را تہدید غبار بر خاطر نشانیدن ـ در قتل بدعهدان جلادِ اجل با شحنۂ غضبش ہم سوگند ، و در کارخانہ محبتش سررشتۂ عمر با عشرتِ دوام ہم پیوند ـ نغمۂ قانونِ عدالتش ملک نواز و

Marfat.com

شعله کانون سیاستش ظلم گداز ـ سطوتش زور در پنجهٔ شیرشکن ـ رزمش اجل در خون افگن ـ الفتش رم آهو ربا ـ بزمش جام بر جم پیما ـ آب تیغش آتش خرمن زندگی ، باد تیرش صفیر مرگ ناگهانی ـ رایتش سرو بن گلشن فتح و نصر ـ خنجرش ماهیٔ دریای ظفر ـ کمر سعی بمعاضدت مرحمتش چست و شکست ہنر بمومیائی تربیتش درست ـ گوہر در نظرش بے قدر تر از ریگ بصحرا ، وعده اش بوفا نزدیک تر از موج بدریا ـ به استعارهٔ بحر کفش ابر را درفشانی و به تشبیه رخسارهٔ دل فروزش آفتاب را درخشانی ـ با سنگینیٔ حلمش گرانی کوه سبکی کاه و با علو قدرش بلندیٔ سدره پستیٔ گیاه ـ سخن بآن بلندی که از کوتاہی سقف فلک صد جا خمیده چمیده در انداز آستان بوس ثنایش سر بزیر پا کشیده ـ تعداد فضائل و حصر کمالاتش آب دریا بکیل مشت پیمودن و ریگ صحرا بانگشت شمردن ـ بر اہل زمان شکر این عطیهٔ عظمیٰ که به ادراک زمان ابد پیوندش مفتخر و مستسعد اند ، واجب و لازم است ـ خصوصاً بر ساکنان عرصهٔ دکن که در ہر طرف مجلسی و در ہر گوشه محفلی آراسته و پیراسته بصدای دوام بر خوان ذوق حضور و مایهٔ عیش و سرور نشسته اند ـ بنوازش روزگار دائره را که مرکز دائرهٔ اصول است ، مغز نشاط از پوست بدر چیده و بتارہای قانون که مسطر کتاب نغمات است ، رقم عیش بر صفحات احوال کشیده ـ طنبور در شکار ہوش کمند تار بردوش نے به احیای سور در دمیدن صور ـ از کیل کاسهٔ کانچه گوش سامعه انبار نغمه ـ ترانه سازان ہند بسنجیدن ترانہای خرانگی ترازوی جنتر و بین در دست و ورع پیشگان ہوشیار مغز بشراب خم مندل سرمست ـ بپا کوبی اصول و دستک زنی تال تارک اندوه و ملال پائمال و بنغمہای نقش نورس فضای کہن سرای جہان از نشاط مالا مال ـ

**ابیات :**

ز بس در نغمه انگیزیست ایام  سزد رقصد اگر در گور بہرام

Marfat.com

تذرو نغمه برلب آشیان ساخت　ترنم خانه در کام و دهان ساخت
بشهرے مرغ دلها راست آهنگ　که از بام و درش میروید آهنگ
هوا را ز امتزاجِ نغمه آن حال　که موسیقار سازد مرغ را بال
ز بانها از شرابِ نغمه سرمست　نفسها پای کوبان دست بردست
خموشی را در آورده به آواز　به نورس شهر یارِ نعمه پرداز
گر اکسیرِ سرور و سور سازند　ز خاکِ پاکِ بیجاپور سازند

اگر به رسومِ جهانبانی و قواعدِ گیتی ستانی و ترتیبِ رزم و بزم و رعایتِ عزم و جزم که آیتی است در شانِ او و تشریفی است بر قد او ، کماینبغی قیام و اقدام نماید ، چه عجب ـ عجب آن ست که در هر فن مثل ساز و خط و تصویر که ذوفنونانِ عصر قرنها بمشقِ بی قرینگی بر زانوی جد و جهد نشسته منشور هنر درست نموده کلاهِ گوشه تفاخر بر آسمان شکسته اند ، باندک توجهی و کمتر زمانے علم امتیاز بر افراشته در زبان ها به تحسین خود سخنی نه گذاشته ـ شهنشاهِ هنر آفرین خواندنش بیان واقع و مهارتش در صنائع دلیلِ قدرتِ صانع ـ خرد خرده‌کار قلم بندنقش پردازی اش و عقل رنگ آمیز صدف دار صورت سازیش ، بجلا پردازی چشمِ کور سوادان بمیل قلم در سرمه سائی و به نبض گیری تارِ طنبور بعلاج علیل نهادان در مسیحائی ـ خطِ بندگی خطش در بغل چهرهٔ لاله رویان و تاردان سازش بر دوش طرهٔ مرغوله مویان ـ با توقیع خامهٔ عنبر شمامه اش عطارد را چه چاره جز سر بر خط فرمان نهادن ـ بمشاهدهٔ شاهد پردهٔ سازش زهره راچه زهره غیر از پرده بدر افتادن ـ قلمش ماشطه صفحهٔ دهر ـ رقمش منتسخ چهره مهر ـ

**مثنوی :**

ز خطش سرمه پرور چشم دیدن　ز سازش حلقه در گوش شنیدن
بفرِ تاجِ او سوگند خورشید　به تارِ سازِ او پیوند ناهید
چکد چون خامه بردارد به انشاء　عطارد در دواتش قطره آسا

Marfat.com

عروس صفحه را خطش نگاریست / حروفش گرچه هریک خود نگاریست
نقط بر حرفهائش دانه چیدست / چنین دام نگه گیری که دیدست
کمرچون در فن صورت‌گری بست / قلم از طرهٔ حور و پری بست
ز نقاشی برنگے چهره آراست / که نقش ساده اش چین رونما خواست
اگر بلبل کشد آواز بشنو / دهد آواز را پرواز بشنو
نگیرد طائرش بر صفحه آرام / نسازد گر بپائش مهر خود دام
ز گلچینان باغش فصل خورداد / شگفته غنچها از جنبش باد
چو اوکس صورت معنی نه پرداخت / بدعوی‌ای لیک چون مانی نه پرداخت
هنر گو خندها بر لب به انبار / ز اشک غم بن مژگان بیفشار
هنر پرور بزی گو در عزیزی / که آخر شد زمان بے تمیزی

آنچه تا غایت روزگار مضایقه در کم هنری نهاده کرم زیاده بخشش دست بتلافی آن کشاده - تمنای ارباب هنر به پیرایه التفاتش معشوق حصول و از اهل استعداد نکته بکتابی و گاهی بگلزاری قبول - خار راه هنر درپای که خلیده که به شگفتگی مرحمتش باغ باغ گل مراد بچیده و تلخی مشقت کسب کمال که چشیده که بچاشنیٔ رافتش مصر مصر شکر بکام در نکشیده و در هیچ چیز حسن هنر پنهان نه‌گردید که تمیزش آشکارا به آن عاشقی نورزیده - اگر از تحریک باد موجهٔ آب به هنجاری تحریر ریزست یا از جلوهٔ آتش دخانی مرغوله انگیز به تعریف این گرم نفس است و بتوصیف آن تر زبان - اگرچه بسبب عادلیت داد اقسام هنر داده و می دهد - سبحان الله در فن سخن چها پرداخته و می پردازد - هر چه درمیان نه نهادهٔ ذهن نقادش از زیور قبول برکران و آنچه نه سنجیده طبع وقادش از سبکی بر خاطر گران - بالغ کلامان مدرسهٔ سخن طفلان مکتب زبان دانیش و شهسواران میدان بیان پیادگان عرصه نکته رانیش - گاه تفصیلش قطرهٔ منبع دریای بیکران و وقت اجمالش ذره مغرب آفتاب درخشان - آوازه طومار

Marfat.com

بلاغتش آویزۂ گوش فصاحت و شور شیرینیٔ گفتارش نمک مائدۂ ملاحت۔ نقطه خامه ابهامش مهر گنجینهٔ اسرار ۔ شعشعهٔ شعله توضیحش آئینهٔ اظهار۔ کامِ سخن در شکر افتادۂ شیرینی ادا ۔گردن صید معنی در کمند اندازِ رسا ۔ دیدۂ امیدِ جانها بر جنبشِ لب بشارت و سند تملیکِ دلها در کفِ ابروی اشارت ۔ نثرش نثره رفعت و شعرش شعرئ مرتبت ۔ هر حرفش فصلے و هر فرعش اصلی ۔

**مثنوی :**

سخن را بارِ خاطر بودکو ہے | نبودے صاحبِ صاحب شکوہے
عروسی بود از پیرایه عاری | ز بختِ پستِ خود در شرمساری
کنونش آسمان در پای بوس است | سراپا گردن و گوشِ عروس است
لآلی حقهٔ پروین سپند است | خیالِ شاہِ والا بس بلند است
ز شاگردیش استادان سخن ساز | نزاکت را ز طبعش ناز بر ناز
حلاوت چاشنی گیر از بیانش | بشیرینی موظف از زبانش
چنان شیرین کند هر حرف حنظل | که شیرینی کند در گوشها تل
به آن سنگینی از کاه آورد یاد | که کوه از بار رشک آمد بفریاد
نسازد لفظ گل در گفتگو درج | نسازد تا درو صد رنگ و بو خرج
بجامِ شوق گردد باده پیما | دهد در قطره سر طوفان دریا
بحرف آورد ترکیبش ثنا را | متانت گشته آله این بنا را
سخن از فکر حفظِ مرتبت رست | ز تر تیبش بجای خویش به نشست
برو گر عیب بین چشمے کشاید | دگر زو جز هنر بینی نیاید

و از جمله حقوق که بر اصحابِ عقل و فرہنگ و اربابِ نغمه و آہنگ ثابت و لازم ساخته آن ست که بترتیب و تسوید کتابِ نورس پرداخته و سامعه و ناطقه را بخواندن و شنیدنِ آن نواخته و التزام این نموده که چنانچه نازکی معنی طراوت به الفاظ بخشیده ، نوی نغمات نقشهای که برین اشعار

Marfat.com

در نثار بسته شد - حلقهٔ اثر بر دلها کوبد و بباد نفس گویندگان گرد غمهای نو و کهن از زوایای خاطر اشنوندگان روبد -

**رباعی :**

از شاه دکن جهان نشاط آباد است   خرگ غم از آب نغمه اش برباد است
ارباب ترانه کهنه شاگردانند   آنکس که ازو نو شده طرز استاد است

وجه تسمیه این کتاب آنکه هندیان نه شیرهٔ مجتمع را نورس می گویند' و فارسیان اگر نورس نهال فضل وکمالش دانند بجاست و باین معنی که این شاهد بے عیب از پردهٔ غیب بجلوه گاه ظهور نو رسیده نورس خوانند هم رو است -

قیاس مسمیٰ ازین اسم گیر !

فضای دیدن بصفحاتش گلشن و سواد خواندن به بیاضش روشن ، هر صفحه چمنے و هر سطری نخلی ، برگش لفظ دلکش - بارش معنیٔ بیغش - بلبل فصاحت بر گل نزاکت تحریر در تقریر و نظر نظارگیان از موج رطوبت عبارات روان در زنجیر - سنبل حرفش از آه ناشکیبان بنفشه ، نقطه اش از خال دلفریبان - از رشح طراوت کلمات نهر سطر مالا مال آب حیات - خضر تشنه لب سیرابی ادا ، بمسیحا مرده جان بخشی هوا - نکته های برجسته غنچهای سر بسته - رنگینی بشقائقی در کار - شگفتگی بشیرینی پر بار -

**مثنوی :**

ز رنگینیش گل در غازه جوئی   ز سیرابیش مل در تازه روئی
مگر نورس که فردوس برین است   نه تنها خلق رضوان هم برین است
کسی زینسان تواند ساخت گلزار   که چیند چون خلیل از نار گلنار
رسید از داد رس شاه سخن رس   بفریاد نفسها نقش نورس
بفرمان حق و طبع بفرمان   سخن را کرد پیکر نغمه را جان
ره پژمردگی بر تازگی بست   چه نقشی در بلند آوازگی بست

Marfat.com

بخورشید درخشان پرتوی داد — لوی را طرفه تشریف نوی داد
سخن پاس شکوه و شان خود داشت — که در دیوان شه ایوان خود داشت
کشد صد داستان بر صفحه در لب — ورق را گر زنند انگشت برلب
سطور از رشتهٔ آواز دارد — ورق از پردهای ساز دارد
حروفش در ورقها جمله هم پشت — که ننهد ، هیچکس بر حرفش انگشت
لوی میبال گو خوش فارغ البال — که نورس کهنگی را کرد پامال
خدا پیرایه بخشد از قبولش — مضمون دارد ز رد هر فضولش

از انجا که عواطف خسروانه و مراحم پادشاهانه شامل حال دور و نزدیک است اهل عراق و خراسان را از ذوق این محروم ساخت و خواست که این نسخه را سیر عجم اتفاق افتد تا بدرک معنیش بر روزه نو روزے کنند ـ فرمان واجب الاذعان عز صدور یافت که استادگان پایه سریر خلافت مصیر عرش نظیر نقد قابلیت و استعداد خود را بپای محک امتحان آورده ، شرحی بلفظ مجمل و معنیٔ مفصل بر دارند و بعضی آموده مبنی بر مصطلحات مرقوم سازند ـ باوجود آنکه بتلاش استیار در موشگافیها نهایت دقت بکار رفت ، هنگام عرض سخن از تغیر الفاظ و تبدیل عبارات و تصرفات بجا و بجا آوردن حق ادا عدیم السهو اینکه صفحه انشای شان هرگز آشنای کزلک حک و قلم اصلاح نشده بود ـ سطر سطر و صفحه صفحه بخری خجالت شستند و آنچه از زبان معجز بیان شنیدند ، نوشته خود را درین شرح نویسی بمثابه خامهٔ خود آلت تحریر انگشتند ـ غرضیکه هم متانت متن از همه دانی او وهم انشراح شرح از شگفته بیانیٔ او :

ادب آموز و نکته اندوز اند — گر عراقی و گر خراسانی
کو فلاطون که با همه فطنت — که کند زانوی سبق خوانی

اینکه خود بنفس نفیس توجه بر تحریر دیباچه نفر موده اند ، فوائد و اغراض منظور و ملحوظ است ـ آری بدفع گزند عین الکمال باعقد لآلی شاهوار خزف

Marfat.com

نا چار است ـ و فضای جانفزای باغ و بوستان را خار و خسی درکار ـ کافور در جنب قیر کشیدن و شکر بعد از حنظل چشیدن حکمت است ـ و فی‌الحقیقت ترقیمِ دیباچه هم بفیضِ تعلیماتیست که بتقریبات فرموده اند که سخنور را باید که اول ملاحظهٔ نشستِ سخن نماید ـ چه بسا عبارت باشد که لفظی در آن زیاده و کم نکنند و به اندک تقدیمی و تا خیری معنی به سرفرازیٔ دیگر بر کرسیٔ لفظ نشیند و بر چیدنِ سنگریزهٔ لفظِ درشت از راه سخن که آسیب بپای اسپ بیان نرسد ، امر کرده اند ـ از تاریکی و باریکیٔ الفاظ که دست و پای خرد راه بمعنی آن نیابد نهی فرموده اند ـ و امثالِ آن سخنها مکرر استماع افتاده ـ به پالایش ذهنش طبع مستفیدان صاف و حلقه شاگردیش زیورکوش اہلِ انصاف ـ الحاصل اگر گلی تحفهٔ بهار شود هم از بهار است و اگر دری نثارِ دریا گردد هم از دریاست ـ

بیت :

در کمالات ای خرد پهنا ببین !
کم ز رشحی پیش آن دریا ببین

چون صفتِ بے‌نیازی خاصه کردگار است و سایه کردگار را اگر احتیاجی ہست ، نیست الا بحریفانے که در خورکیفیت و چاشنی خود شرابِ سخن و نقل نغمه بر ایشان بپماید و باندازهٔ عقول در اندازها لب ہمزبانی کشاید ـ خوشا ذوق چمن طبعے که بدرک نکات رنگینش رنگ فهمیدن بر چهره تواند بست و زہے سبکروحے که ببال اهتزاز مرغ دلش بر شاخسارِ نغمهای نازک تو اند نشست ـ چه دشوار است بر قایل بلند سخن با سامع کوتاه دریافت ساختن ـ و سخنِ والا رتبه را بضرورت از پایهٔ خود انداختن مثل حال جوہر فروش و نقاشے است که یکے در شکستن گوہرِ گران بها دل سخت کند تا مشتری تنک مایه دست بیع تواند داد ـ و دیگری

Marfat.com

قلمِ نزاکت رقم از تیزی بپردازد تا سبصر کند نظر چشم تماشا تواندکشود ـ چون صفحاتِ خواطر خاص و عام زیر مشق خامهٔ اوہام است ـ آنانکه بتماشای مجلس بهشت آئین آئین نگاه و سماع نه بسته اند ، و عید نوروز چشم و گوش ندانسته و عقل مصوّر و روح مجسم ندیده و لآلی کلام معجز نظام در درجِ گوشِ ہوش نچیده اند ، گمان برند که این ستایش از مقوله ستایش دیگر مداحانست که در مدح ممدوح خود مبالغه ہا می کنند و قطره و ذرهٔ ایشان را منبع دریا و مطلعِ آفتاب می دانند ـ اگرچه صدقِ مقالِ ظهورے ظهوری دارد اما برفع این مظنه قسم یاد می کند ـ به نگارندهٔ که به ریحان خط خوبان مشک را بر نسرین برات دادهٔ و بنوازندهٔ که بمفتاح نغمه در نوازش بروی سامعان کشاده ، که مد دفترِ توصیفش اندازه قلم ہیچ بدیع رقم نیست ، و شدّ قانونِ تعریفش حد نفس ہیچ خجسته دم نے ، ہمگنان را بمساعدت بخت سعادت بساط بوسی روزی باد تا فراخور فطنت و فطرتِ خود بهره مند و محظوظ گشته بر حقیقت حال و صدق مقال مطلع گردند ـ بتقریب این دعا یاد آمد که اطناب نه از ادب است ـ بزمزمه دعای اختتام دمِ نوازش اثر اہتمام واجب و لازم دا نست ـ

**فقراتِ دعائیه :ـ** تا ازکاسهٔ طنبور خورشید تار شعاعی در دمیدن است. نسیمِ نغمه از مهب مجلس خدایگانے در وزیدن باد و تا بر قانونِ سخن تارِ نفس نواختهٔ مضرابِ زبان است ، ترانه ثنای جهانبانی ذخیره کام و زبانِ جهانیان باد ـ

**قطعه :**

تادو معنی بهرِ لفظ چنگ و قانون آورند  لفظ پردازانِ معنی ساز در بزم بیان
باز اقبالش بصید ملک رنگیں چنگ باد  تار چنگ عشرتش بادا رگسستن درامان
هم برآهنگِ ثنائش لغمه قانون دہر  ہم بوفق مدعایش رسم و قانون جهان
زین دعاہا براجابت منت بسیار باد

Marfat.com

Marfat.com

# کتاب نورس

عشرت خانۂ قال[1] کے نغمہ سرا کہ جنھوں نے حال کے بستان سرا کا نورس (تازہ پکا ہوا پھل) کھا کر کام و دہن کے لیے لذت مہیا کی ہے، اس صانع مطلق کی حمد کے شہد سے شیریں بیان ہیں ، جبھی تو انھوں نے ، نے کے رگ و پے میں شیریں نغموں کی چاشنی دوڑا دی ہے - اور چمن عیش و نشاط کے خوش نفس (شعرا و اسرا) کہ جنھوں نے مسرت و شادمانی کی بساط پھیلائی ہے ، پروردگار کی ثنا کے شیریں و مصفا پانی سے رطب اللسان ہیں ؛ اسی لیے تو انھوں نے تازہ نغموں کے پھول آواز و صوت کی شاخوں سے کھلائے ہیں - اس کے حجازیوں[2] کے محمل عشق بندیوں کے تال (ایک ساز) کی صدا سے زنگہ بند[3] ، اور اس کے عراقیوں[4] کا زخم جگر ترکوں کے تار طنبور کے نمک سے متبسم ہے - درختوں کے پتوں کے منجیرے اس کی آرزو میں ترانہ ریز اور بلبلوں کی چونچوں کے الغوزے اس کی لوا سے نغمہ خیز ہیں -

درین بستان سرا افگندہ غلغل
سخن گردید گلبن ، نغمہ بلبل
زبان را مطرب بزم دہن کرد
نفس را دم کش ساز سخن کرد
بہ ضبط نغمۂ اسرار پرداخت
ز صندوق تن خلق ارغنون ساخت
رباب از مغز راز آمد بگفتن
شدش خشک از غم او پوست برتن
گل داغش کسی را رستہ از شاخ
کہ چون نی استخوانش گشتہ سوراخ

Marfat.com

چو نی آنکس نفس در نغمہ افگند
کہ از کاہش سرا پای خود آگند
چو از دردش شود پشت دو تا چنگ
دود دل ، تار ہای نالہ در چنگ
پُر و خالی پر اند از نغمۂ دوست
ببین دف را کہ چون بر می درد پوست

''اس باغ میں اس نے چہچہوں کا شور ڈال دیا ؛ گلاب کی جھاڑی سخن اور بلبل نغمہ بن گئی ۔"

"زبان کو اس نے محفلِ دہن کا مطرب اور نفس کو سازِ سخن کا دم کش[5] بنا دیا ۔"

"وہ بھیدوں کے نغمے کو ضبط (ریکارڈ) کرنے میں مشغول ہوا ۔ اس نے خلق کے جسم کے صندوق سے باجا بنایا ۔"

"رباب ، راز کے مغز سے گفتار میں آیا اور اس (باری تعالیٰ) کے غم سے اس (رباب) کی کھال اس کے جسم پر خشک ہوگئی ۔"

"اُس (خدا) کے داغ کا پھول صرف اسی کی شاخ سے آگا کہ جس کی ہڈیاں بانسری کی طرح چھد گئیں ۔"

"بانسری کی مانند صرف وہی شخص نغمے میں روح پھونک سکا کہ جس نے کاہش (گھٹنا) سے اپنا تمام جسم بھر دیا ۔''

"جب اس کے درد سے چنگ ، پشت دونا ہو جاتا ہے تو دل ہاتھ میں نالۂ تار لیے دوڑتا ہے ۔"

"تمام ابھری ہوئی اور خالی چیزیں اس (محبوب حقیقی) کے نغمۂ محبت سے پر ہیں ۔ دف کو دیکھو وہ کس طرح اپنی کھال کو پھاڑتی[6] ہے ۔")

Marfat.com

امتوں کے نوازندہ[7] (حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم) پر ساز و برگ کے ساتھ درود ہو کہ جس کی ہدایت کے مضراب سے دین کا قانون[8] پر صدا ہے - اور آپ صلعم کی آل و اصحاب پر نغمہ و ترانہ سے پر صلواۃ ہو کہ جن کی زاری و عاجزی کی 'دم کشی' سے آپ صلعم کی شفاعت کا ساز نغمہ ریز ہے - رباعی :

"آپ صلعم تمام رسولوں کے سلطان اور سب سروں کے تاج ہیں - آپ صلعم ہی کے طفیل زندگی کا باجا نغمہ ریز ہے -"

"اس دنیا کے چار کونوں (چار خلفاء) میں صرف وہی شخص آپ صلعم کی اولاد ہونے کا دعوی کر سکتا ہے جو آپ صلعم کے بارہ مقاموں (بارہ امام) سے بہ خوبی آگاہ ہے -"

اما بعد ! 'سامعہ' کو شہنشاہ کے بولوں کی خوش خبری ہو ۔ شہنشاہ بھی کون ؟ ابرہیم عادل شاہ کہ جو سخن ور ، نکتہ پرور ، نغمہ سرا اور ترانہ ریز ہے ، جو عرش مکانی ہے ، جس کے خیمے آسمان پر گڑے ہیں ، جو زحل[9] کے ارادوں والا ، مریخ جیسے نوکر رکھنے والا ، خورشید ایسے جھنڈوں والا ، مشتری ایسی خصلتوں والا ، زہرہ کی طرح نغمے الاپنے والا ، منشی فلک[10] کی سی تحریر والا ، چاند جس کا نوکر ، جو حضرت ابراہیم خلیل اللہ کی مانند سخی ، یوسف علیہ السلام ایسا صاحب جمال ، داؤد علیہ السلام جیسا خوش گلو ، سلیمان علیہ السلام جیسا صاحب منزلت ، انصاف پھیلانے والا اور ظلم کو مٹانے والا ہے - خدا اس کے ملک و سلطنت کو تا ابد قائم رکھے اور دنیا اور اہل دنیا کو اس کے کرم اور نیکیوں سے فیض حاصل ہو !

**مثنوی :**

جہانگیر و جہان دار و جہان بخش فلک قدر و فلک تخت و فلک رخش
کف ہمت دم شمشیر جرأت دماغ ہوش مندی مغز فطرت

Marfat.com

خلیل کعبهٔ دل زو مباهی — برو صادق ثنای قبله گاهی
چنین تارک پی افسر که دارد — شهنشاهی جز او دیگر که دارد
اگر بزمست عیشستان ز جامش — وگر رزمست رنگین از حسامش
ز عدلش گوی عدل دیگران چیست — باو نازد لقب نوشیروان کیست
تفاوت کفر و دین آمد بمعنی — میان عدل او تا عدل کسری
ز بیداریش خواب ایمن ز نالش — بچشم پاسبانش کرد بالش
ز تیغش پیکر خصمان دو پیکر — ز گرزش فرقها را سینه مغفر
سمندش را سپند از خال محبوب — کمندش را نخ از رگهای مجذوب
مه نو حلقه در گوش رکابش — یکی از نیزه داران آفتابش
سنانش چون علم سازد سر انگشت — شود تسبیح ساز از مهرهٔ پشت
بر انگیزد بهر جانب که لشکر — بگیرد گرد روی راه صرصر
بکین چرخ گر رخ بر فروزد — نگه در چشم مهر و مه بسوزد
ز جودش قطرهٔ در لجه گنجید — ز خلقش نفحهٔ در غنچه پیچید
سخنهای که نشنیده شنیدست — فراست را تو گوی آفریدست
خبر از راز پنهانیش دادند — سواد خط پیشانیش دادند
دعایش گر نگردد با اثر رام — اثر از دم رود چون وحشی از دام
بجانها تخم مهری کشت ازان دست — که در هر سو صد انبار دلش بست
بمهر از مهرور زان بر سر آمد — عرض عشق و دل او جوهر آمد
نه تنها عشق را پشت و پناه ست — برای حسن هم امید گاه است
دماغ از تار موی او تتار است — نگه را باغ روی او بهار است
نهد خور هر طرف دامی ز تارش — گزان رو پرتوی گردد شکارش
ادب در پیشگاهش پیشکاری — جبینش را حیا آئینه داری
بزیر قصر قدرش در تماشا — سر بر پشت عقل دست بالا
خلایق جمله مفتون هوایش — و کیلم من همه جانها فدایش
بخلقش حق نداده احتیاجی — دهد ما را برای ما رواجی

Marfat.com

دہد صد بحر و کان را حاصل از دست نیارد داد اما یک دل از دست
کسی را زیبد انداز نثارش کہ باشد عالم جان در کنارش

("وہ دنیا کو پکڑنے والا ، جہان کو روکنے والا اور عالم کو بخشنے اور آسمان جیسی قدر و منزلت والا ہے ۔ آسمان اس کا تخت اور فلک اس کا گھوڑا ہے ۔"

"اس کی کف ہمت جرأت کی تلوار کی باڑھ ہے ۔ اس کا ہوش مند دماغ فطرت کا مغز ہے ۔"

"کعبۂ دل کا خلیل اس سے نازاں ہے ۔ 'قبلہ گہی' کی مدح و ثنا اس پر صحیح اترتی ہے ۔"

"تاج پہننے کے لیے جو سر اسے عطا ہوا ہے وہ کسی دوسرے شہنشاہ کو نصیب نہیں ہوا ۔"

"اگر بزم ہے تو اس کے جام سے وہ عیش و طرب کی جگہ ہے ۔ اگر رزم ہے تو اس کی تلوار سے وہ رنگین ہے ۔"

"اس کے برابر انصاف کرنے والا کوئی اور نہیں ۔ نوشیرواں[۱۳] کون ہے ؟ یہ لقب تو (میرے ممدوح پر) ناز کرتا ہے ۔"

"اس کے اور نوشیرواں کے عدل میں تو درحقیقت کنر و دین والا فرق ہے ۔"

"اس کی بیداری کے سبب نیند نے فریاد و فغاں سے امن میں ہو کر اس کے پاسبان کی آنکھوں کو اپنا سرہانا بنا لیا ہے ۔"

"اس کی تلوار سے دشمنوں کے جسم ایک ایک کے دو دو ہو گئے اور اس کے گرز سے ان کے سروں کے لیے ان کے سینے خود بن گئے ہیں ۔"

Marfat.com

"معشوق کا تل اس کے گھوڑے کے لیے حرمل کا کام دیتا ہے ، مجذوب کی رگیں گویا اس کی کمان کی رسی ہیں ۔''

"ہلال اس کی رکاب کا حلقہ بہ گوش اور آفتاب اس کا ایک نیزہ بردار ہے ۔"

"اس کی سنان جب انگلی اٹھاتی ہے تو دشمن کی ریڑھ کی ہڈی سے تسبیح بناتی ہے ۔''

''جس طرف بھی وہ لشکر کشی کرتا ہے ، اس کے لشکر کی گرد بادِ صرصر بن جاتی ہے ۔''

"اگر کبھی آسمان کی دشمنی پر اس کا چہرہ چمک اٹھے ، تو اس چمک ہی سے وہ آفتاب و ماہ تاب کی آنکھوں میں 'نگاہ' کو جلا کر رکھ دیتا ہے ۔"

"اس کی سخاوت کا صرف ایک قطرہ بھنور میں سمایا اور اس کے خلق سے ذرا سی خوش بو کلی میں داخل ہوئی ہے ۔"

''اس نے ان سنی باتوں کو سن لیا ہے ؛ گویا وہ فراست کے لیے پیدا ہوا ہے ۔"

''ایسے قدرت کی طرف سے چھپے ہوئے بھیدوں اور ماتھے کی لکیروں کا علم ملا ہے ۔"

''اگر اس کی دعا 'اثر' کے ساتھ مطیع نہ ہو تو دم سے اثر اس طرح دور ہو جائے جس طرح وحشی جال سے ۔"

"محبت کرنے کی وجہ سے وہ عشاق کا سردار بن گیا ہے ؛ گویا عشق عرض ہے اور اس کا دل جوہر ۔"

''وہ صرف عشق ہی کے لیے پشت و پناہ نہیں ہے بلکہ حسن کے لیے بھی امید کا مرکز ہے ۔"

Marfat.com

"دماغ اس کے بالوں کے تار سے 'تتار'[۱۴] ہے اور نگاہ اس کے چہرے کے باغ سے بہار ہے ۔"

"سورج ہر طرف اپنی کرنوں کا جال بچھاتا ہے تاکہ ممدوح کے چہرے کی شعاعوں کو شکار کرے ۔"

"اس کے حضور میں 'ادب' ایک ادنیٰ ملازم اور 'حیا' اس کے ماتھے کی آئینہ دار ہے ۔"

"اس کی قدر و منزلت کے محل کے نیچے عقل بالا دست بھی تماشے کے وقت سر کو پیچھے جھکائے ہوئے ہے ۔"

"تمام لوگ اس کے اشتیاق میں شیدائی ہو رہے ہیں : میں اس بات کا ضامن ہوں کہ تمام جانیں اس پر فدا ہیں ۔"

"اس کو خدا نے خلق کی حاجت نہیں رکھی بلکہ وہ تو ہمیں ہمارے فائدے کے لیے شہرت دیتا ہے[۱۵] ۔"

"وہ سیکڑوں سمندروں اور کانوں کا حاصل تقسیم کر دیتا ہے لیکن ایک دل بھی ہاتھ سے جانے نہیں دیتا[۱۶] ۔"

"اس کے قدموں میں جان نثار کرنے کا ڈھنگ اسی شخص کو زیب دے سکتا ہے جس کے پہلو میں ہزاروں جانیں ہوں ۔")

واہ ! کیسا افلاطون[۱۷] کی ذہانت والا اسکندر[۱۸] ہے کہ جس کے تحت دانائی اور حکمت ایک دوسرے کی پناہ میں نشو و نما پاتی ہیں ۔ واہ ! واہ ! کیسا باربد[۱۹] صفت ماہر نغمہ سرا پرویز[۲۰] ہے کہ جس کے مسرت افزا نغموں کی انگلی[۲۱] کے سرے سے رنج و غم کے کان ملے جاتے ہیں ۔ اس کے خلق کی شمیم سے چنبیلی کا دامن بے انتہا خوش بو سے بھر گیا ہے ۔ اس کے لطف و کرم کی نسیم سے کلی کے زیر لب 'چمن چمن'[۲۲] مسکراہٹیں ہیں ۔ اس کی مدح کے نغموں کی توفیق سے ناطقہ کو گویائی

Marfat.com

حاصل اور اس دعا کے اجارے کی کثرت سے صدف کی قبولیت کی ہتھیلی تاثیر کے موتیوں سے بھر پور ہے - قضا کے فرمان کے لیے اس کے حکم نافذ کا اجرا درکار ہے ، اور تقدیر کے نسخے (کتاب) کی درستی اس کی راست کار تدبیر سے ہے - موافقت کے باغ کی باد شمال کو اس کی طرف سے یہ تاکید ہے کہ وہ دل کے غنچے کھلائے اور نفاق کے کوچے کی باد صرصر کو یہ تنبیہ کہ وہ دلوں پر غموں کی خاک نہ بیٹھنے دے - بد عمدوں کے قتل کرنے میں موت کا جلاد اس کے غضب کے تھانے دار سے 'ہم پیمان' ہے - اور اس کی محبت کے کارخانے میں زندگی کا سر رشتہ ہمیشہ ہمیشہ کے عیش سے 'ہم پیوند' ہے - اس کی عدالت کے قانون کا نغمہ ملک نواز اور اس کی سیاست کی بھٹی کا شعلہ ظلم گداز ہے - اس کا دبدبہ شیر کے پنجے کے زور کو ختم کرنے والا اور اس کی رزم خون میں ڈبو دینے والی اجل ہے - اس کی الفت ہرن کا رم چھیننے والی ، اس کی بزم جمشید کے سامنے جام چڑھانے والی اور اس کی تلوار کی آب (دھار) زندگی کے کھلیان کے لیے آگ ہے - اس کے تیر کی ہوا ناگہانی موت کی آواز ہے - اس کا جھنڈا فتح و نصرت کا شرو ہے اور اس کا خنجر فتح کے دریا کی مچھلی ہے - کوشش کی کمر اس کی مہربانی و عنایت کی مدد سے چست اور ہنر کی شکستگی اس کی تربیت کی مومیائی سے درست ہے - موتی اس کی نظر میں صحرا کی ریت سے کم وقعت ؛ اس کا وعدہ موج کے دریا سے قریب ہونے سے بھی زیادہ وفا کے نزدیک ہے - اس کی ہتھیلی کے سمندر (بہت زیادہ سخاوت) کے استعارے سے بادل کو یہ دُر فشانی حاصل ، اور اس کے دل افروز گالوں کی تشبیہ سے سورج کو یہ درخشانی ملی ہے - اس کی بردباری کی سنگینی کے سامنے پہاڑ کی گرانی (سنگینی) گویا پھوس کی مانند ہلکی ہے اور اس کی قدر و منزلت کی بلندی کے مقابلے میں سدرہ کی بلندی گویا گھاس کی پستی ہے -

Marfat.com

سخن نے کہ جس کی بلندی کے سامنے آسمان بھی اتنا نیچے ہے کہ اسے (سخن) پرواز کے وقت کئی جگہوں پر جھکنا پڑا ، جب اس (ممدوح) کی مدح و ستائش کے محل کی دہلیز کو چومنے کا ارادہ کیا تو وہ (سخن) شرم کے مارے پانی پانی ہو گیا ۔ اس (ممدوح) کی فضیلتوں کا شمار اور اس کے کمالات کا احاطہ کرنا گویا سمندر کے پانی کو مٹھی کے پیمانے سے ناپنا اور صحرا کی ریت کے ذروں کو انگلی سے گننا ہے ۔

دنیا والوں پر اس عظیم عطیے کا شکر واجب و لازم ہے کہ وہ اس کے ہمیشہ قائم رہنے والے عہد حکومت کو پا کر مفتخر اور صاحبان سعادت و خوش بختی ہوئے ہیں ۔ خاص طور پر اہل دکن کے لیے (یہ شکر اور بھی لازم ہے) کہ وہ ہر طرف اور گوشہ میں محفلیں اور مجالسیں آراستہ کیے ہوئے ہمیشہ ہمیشہ کی دعوت میں عیش و نشاط کے دستر خوان اور 'ذوق حضوری[۲۳]' کے مائدے پر بیٹھے ہوئے ہیں ۔

دائرے[۲۴] پر کہ جس پر تمام نغموں اور قانون کا دار و مدار ہے ، زمانے نے اس قدر نوازش[۲۵] کی ہے کہ وہ بے حد مسرت کے سبب جامے میں نہیں سما رہا اور قانون کے تاروں سے ، کہ کتاب نغمات کا مسطر ہیں ، احوال کے صفحات پر 'عیش' کی تحریر رقم ہے ۔ طنبور[۲۶] ہوش کا شکار کرنے کے لیے تاروں کی کمان کندھوں پر لیے ہوئے ہے ، اور بانسری مسرت و شادمانی کو نئے سر سے جلانے کے لیے صور پھونکنے میں مصروف ہے ۔ کماچہ[۲۷] کے پیالے کے پیمانے سے 'سامعہ' کے کان نغموں کے انبار سے پر ہیں ۔ ہندوستان کے ترانہ ساز (گویے) بیش بہا ترانوں کو تولنے کے لیے جنتروبین[۲۸] کے ترازو ہاتھ میں لیے ہوئے ، اور بیدار مغز پرہیزگار لوگ مندل[۲۹] کے مٹکے کی شراب سے سرمست ہو رہے ہیں ۔ گت کی پا کوبی (رقص) اور تال کی دستک زنی سے رنج و ملال کا سر پامال ہے ۔ اور نورس (یعنی نئے نئے) راگوں اور نغموں سے اس دنیا کی پرانی فضا نشاط و شادمانی کی دولت سے مالا مال ہے ۔

Marfat.com

## ابیات

زبس در نغمہ انگیزیست ایام | سزد رقصد اگر در گور بہرام
تذرو نغمہ برلب آشیان ساخت | ترنم خانہ در کام و دہان ساخت
بشہری مرغ دلہا راست آہنگ | کہ از بام و درش میروید آہنگ
ہوا را ز امتزاج نغمہ آن حال | کہ موسیقار سازد مرغ را بال
زبانہا از شراب نغمہ سرمست | نفسہا پای کوبان دست بر دست
خموشی را در آوردہ بہ آواز | بہ نورس شہریار نغمہ پرداز
گر اکسیر سرور و سور سازند | ز خاک پاک بیجاپور سازند

("زمانہ اس قدر نغمہ انگیزی میں مبتلا ہے کہ اگر بہرام۳۰ اپنی قبر میں ناچنا شروع کر دے تو عین مناسب ہے۔"

"نغمے کے تذرو (ایک خوش رفتار پرندہ) نے ہونٹوں پر آشیاں اور ترنم نے کام و دہاں میں گھر بنا لیا ہے۔"

"دلوں کا پرندہ اس شہر کا آہنگ (ارادہ) کر رہا ہے کہ جس کے بام و در سے نغمے پھوٹ رہے ہیں۔"

"نغموں کی آمیزش کا یہ حال ہے کہ اگر کوئی پرندہ پھڑپھڑائے تو اس ہوا میں بھی موسیقی ہوتی ہے۔"

"زبانیں لغموں کی شراب سے نشے میں دھت ہیں اور روحیں ہاتھ پر ہاتھ رکھے رقص کر رہی ہیں۔"

"نغمہ پرداز بادشاہ نے نورس لکھ کر گویا 'خموشی' کو بھی آواز عطا کر دی ہے۔"

"اگر لوگ مسرت و شادمانی اور عیش و نشاط کی اکسیر بنانا چاہیں تو وہ بیجا پور ہی کی خاکِ پاک سے بنائیں گے۔")

Marfat.com

اگر وہ جہاں بانی کی رسموں ، جہانگیری کے قاعدوں ، رزم و بزم کی تنظیم اور عزم و جزم کے پاس میں ، کہ یہ اس کی شان میں ایک آیت اور اس کے جسم پر ایک خلعت ہے ، کماحقہ قیام و اقدام کرتا ہے تو یہ کوئی تعجب کی بات نہیں ؛ تعجب تو اس بات میں ہے کہ اس نے ہر فن میں ـــــ مثلاً ساز ، کتابت اور مصوری کہ جن میں صاحبانِ فن مدتوں مشق میں قرینہ نہ ہونے کے سبب بے حد جد و جہد کرتے اور جب کہیں جا کر فن کے منشور کو درست کر کے کمالِ فخر کا اظہار کرتے ہیں ـــــ معمولی سی توجہ سے اور تھوڑی سی مدت میں اس قدر امتیاز پیدا کر لیا کہ لوگوں کے پاس اس کی تعریف کرنے کے لیے الفاظ کا ذخیرہ نہیں رہا ۔ اسے 'ہنر آفریں' شہنشاہ کہنا عین مناسب اور مختلف فنون میں اس کی مہارت و قدرت پروردگار کی دلیل ہے ۔ نکتہ چیں عقل اس کی نقاشی کا مو قلم بنانے والی اور رنگ آمیز[۳۲] فرد اس کی مصوری کے رنگوں کا پیالہ اٹھانے والی ہے ۔

وہ (ممدوح) کور سواد[۳۳] (جاہل) لوگوں کی آنکھیں روشن کرنے کے لیے قلم کی سلائی سے سرمہ لگانے میں مصروف اور طنبور کے تار کی نبض گیری سے 'بیمار طینتوں' کے علاج میں مسیحائی دکھا رہا ہے ۔ اس کے خط کی غلامی کا پروانہ حسینوں کے چہرے کی بغل میں[۳۴] ؛ اور اس کے ساز کا 'تار دان' مرغولہ مو[۳۵] حسینوں کے دوش پر ہے ۔ اس کے عنبر ایسی خوش بو رکھنے والے قلم کی توقیع[۳۶] کے سامنے 'منشی فلک[۳۷] (عطارد)' کے لیے بھی سوائے خطِ فرمان پر سر رکھ دینے کے اور کوئی چارہ نہیں ۔ زہرہ[۳۸] میں بھی اس کے پردۂ ساز[۳۹] کے شاہد (معشوق) کا مشاہدہ کرنے کا زہرہ[۴۰] نہیں ، سوائے اس کے کہ وہ 'پردے' سے باہر گر پڑے ۔ اس کا قلم زمانے کے صفحے کو سجانے والا اور اس کی تحریر مہر کے چہرے کا مسودہ نقل کرنے والی ہے[۴۱] ۔ (یعنی محبت و الفت کی کتاب ہوتی ہے)

Marfat.com

**مثنوی :**

ز خطش سرمہ پرور چشم دیدن — ز سازش حلقہ در گوش شنیدن
بفر تاج او سوگند خورشید — بہ تار ساز او پیوند ناہید
چکد چون خامہ بردارد بہ انشاء — عطارد در دواتش قطرہ آسا
عروس صفحہ را خطش نگاریست — حروفش گرچہ ہر یک خود نگاریست
نقط بر حرفہایش دانہ چیدست — چنین دام نگہ گیری کہ دیدست
کمر چون در فن صورت گری بست — قلم از طرۂ حور و پری بست
ز نقاشی برنگی چہرہ آراست — کہ نقش سادہ اش چین رونما خواست
اگر بلبل کشد ، آواز بشنو — دہد آواز را پرواز بشنو
نگیرد طائرش بر صفحہ آرام — نسازد گر بپایش مہر خود دام
ز گلچینان باغش فصل خورداد — شگفتہ غنچہا از جنبش باد
چو اوکس صورت معنی نہ پرداخت — بدعوی لیک چون مانی نہ پرداخت
ہنر گو خندہا برلب بہ انبار — ز اشک غم بن مژگان بیفشار
ہنر پرور بزی گو در عزیزی — کہ آخر شد زمان بی تمیزی

"اس کے خط سے 'دیکھنے' کی آنکھ سرمہ پرور اور اس کے ساز سے 'سامعہ' کے کانوں میں حلقہ[۴۲] ہے ۔"

"خورشید اس کے تاج کی شان و شوکت کی قسم کھاتا[۴۳] ہے ۔ اس کے ساز کے تار سے ناہید (مطربہ فلک) کا پیوند ہے ۔"

"جب وہ لکھنے کے لیے قلم اٹھاتا ہے تو اس کی دوات میں عطارد قطروں کی طرح ٹپکتا ہے ۔"

"صفحے کی دلہن کے لیے اس کی تحریر آراستگی کا باعث ہے ، اگرچہ اس کی تحریر کا ایک ایک لفظ خود ایک معشوق ہے ۔"

"اس کے حرفوں پر نقطے گویا دانے بکھیرے ہوئے ہیں ۔ بھلا اس قسم کا نگاہوں کو پکڑنے والا جال کس نے دیکھا ہے ۔"

Marfat.com

"جب اس نے فن مصوری پر کمر باندھ لی تو حور اور پری کی زلفوں سے اپنا مو قلم تیار کیا ۔"

"نقاشی سے اس نے چہرے کو اس طرح سجایا کہ اس کے سادہ سے سادہ نقش کے لیے بھی چین[۴۴] کا رونما[۴۵] در کار ہے ۔"

"اگر بلبل کی تصویر بنائے تو تم اُس (بلبل) کی آواز سن سکتے ہو ۔ وہ آواز کو پرواز بخشتا ہے ۔"

"اگر وہ اس کے پاؤں میں اپنی محبت کا جال نہ لگائے تو اس کا پرندہ (یعنی تصویر) صفحے پر آرام سے نہ رہے ۔"

"موسم بہار اس کے باغ (تصویر) کے گل چینوں میں سے ہے ، اور (اس کے کاغذ پر بنائے ہوئے) غنچے ہوا کے چلنے سے کھل جاتے ہیں ۔"

"کسی نے بھی اس کی مانند 'معنی' کی تصویر نہیں کھینچی ، لیکن پھر بھی اُس نے[۴۶] مانی کی طرح کبھی بلند بانگ دعوے نہیں کیے ۔"

"ہنر سے کہہ دو کہ وہ اپنے ہونٹوں پر مسکراہٹوں کے انبار لگا لے اور پلکوں سے غم کے آنسو پونچھ لے ۔"

"ہنر مند سے کہو کہ وہ اب ارجمندی کی زندگی بسر کرے کہ بے تمیزی کا زمانہ اب ختم ہو چکا ہے ۔"

اب تک زمانے نے ہنر کو کم کرنے میں جس 'تنگی' کا مظاہرہ کیا تھا ، اس (ممدوح) کے زیادہ بخشش والے کرم نے اس کی تلافی میں ہاتھ کھول دیے ہیں ۔ ارباب فن کی آرزو اس کی توجہ و مہربانی کے لباس میں حصول کی معشوقہ ہے اور اہل استعداد کا ایک ایک نکتہ ایک ایک کتاب کی صورت ، اور ایک ایک گلاب ایک ایک ہزار کی شکل میں قبول کیا گیا ہے ۔ کون ہے جس کے پاؤں میں راہ ہنر کا کانٹا چبھا

Marfat.com

ہو اور اس نے اس (ممدوح) کی عنایت کی شگفتگی سے جھولیاں بھر بھر کر گل مراد نہ چنے ہوں - کون ہے جس نے ذرا بھی کسب کمال کی مشقت کی تلخی چکھی ہو اور پھر اس کی مہربانی کی چاشنی سے اپنے حلق میں مصر مصر (بہت زیادہ) شکر نہ انڈیلی ہو ، اور کون سی چیز ہے کہ جس میں ہنر کا حسن پنہاں نہ ہوا ہو اور اس کی عقل و ہوش نے آشکارا اس سے عشق نہ کیا ہو ؟ اگر کسی وقت ہوا کی جنبش سے پانی کی لہریں ایک تحریر کی سی صورت اختیار کریں تو وہ ان کی تعریف میں رطب اللسان ہو جاتا ہے - یا اگر ممدوح کبھی آگ کو دھوئیں کے مرغولے بناتے دیکھے تو اس کی توصیف میں نرم نفسی کا مظاہرہ کرتا ہے - اگرچہ اس نے اپنے عدل و انصاف کی وجہ سے ہر قسم کے فنون کی داد دی اور اب بھی دیتا ہے ، لیکن (سبحان اللہ) فن سخن کو اس نے بہت کچھ دیا اور دے رہا ہے - جو کلام اس کے نقاد ذہن کے سامنے پیش نہیں کیا گیا وہ قبولیت کے زیور سے محروم رہا اور جس کلام کو اس کی طبع روشن نے نہیں جانچا پرکھا وہ اپنے ہلکے پن کی وجہ سے دلوں پر گراں گذرا -

ء

مکتب سخن کے بڑے بڑے بالغ کلام (شعرا) اس کی زبان دانی کے مدرسے کے طفل ، اور بیان کے میدان کے بڑے بڑے شہسوار (شعرا) اس کی نکتہ سنجی کے میدان کے پیادے ہیں - جب وہ تفصیل سے بات کرتا ہے تو قطرہ ایک دریائے بے کراں کا منبع بن جاتا ہے - اس کے اختصار کا یہ عالم ہے کہ آفتاب درخشاں کی 'جائے غروب' ذرہ بن جاتی ہے - اس کی بلاغت کے طومار کا شہرہ فصاحت کے کانوں کا بندا اور اس کی شیرینی گفتار کا شور[۴۷] ملاحت کے دسترخوان کا نمک ہے - اس کے ابہام[۴۸] کے قلم کا نقطہ بھیدوں کے خزانے کی مہر[۴۹] ہے - اس کی وضاحت کے شعلے کی روشنی آئینہ اظہار کا صیقل ہے - اس کے طریقۂ اظہار کی شیرینی سخن کے حلق کو شیریں بنا دیتی ہے - 'معنی' کے شکار کی گردن اس کے

Marfat.com

'انداز رسا' کی کمند میں ہے - جانوں کی امید کی نگاہیں اس کے خوش خبری دینے والے ہونٹوں کی جنبش پر لگی ہیں اور دلوں کی ملکیت کی سند اس کے اشارے کی بھوؤں کی ہتھیلی میں ہے - اس کی نثر نثرہ[50] (ستارہ) کی مانند رفیع الشان اور اس کے شعر شعریٰ[51] کی طرح بلند مرتبہ ؛ اس کا ہر حرف ایک فصل (باب) اور ہر فرع (شاخ) اصل (جڑ) ہے -

مثنوی :

سخن را بار خاطر بود کوہی نبودی صاحب صاحب شکوہی
عروسی بود از پیرایہ عاری ز بخت پست خود در شرمساری
کنونش آسمان در پای بوس است سراپا گردن و گوش عروس است
لآلی حقۂ پروین سپند است خیال شاہ والا بس بلند است
ز شاگردیش استادان سخن ساز نزاکت را ز طبعش ناز بر ناز
حلاوت چاشنی گیر از بیانش بشیرینی سوظف از زبانش
چنان شیرین کند ہر حرف حنظل کہ شیرینی کند در گوشہا تل
بہ آن سنگینی از گاہ آورد یاد کہ کوہ از بار رشک آمد بفریاد
نسازد لفظ گل در گفتگو درج نسازد تا درو صد رنگ و بو خرج
بجام شوق گردد بادہ پیما دہد در قطرہ سر طوفان دریا
بحرف آورد ترکیبش ثنا را متانت گشتہ آلہ این بنا را
سخن از فکر حفظ مرتبت رست ز ترتیبش بجای خویش بہ نشست
برو گر عیب بین چشمی کشاید دگر زو جز ہنر بینی نیاید

("سخن کا دل اس غم کے بوجھ سے پہاڑ کی طرح بوجھل ہو چکا تھا کہ کوئی بھی حشمت و شکوہ والا صاحب سخن نہ تھا[52] -"

"وہ (شعر) ایک آرائش کے بغیر دلہن تھی اور اپنی بدبختی و کم نصیبی کے سبب خود ہی شرم سار -"

Marfat.com

''لیکن اب تو اس کا مرتبہ اتنا بلند ہو چکا ہے کہ آسمان اس کے پاؤں چومتا ہے اور وہ سرا سر دلہن کا کان اور گردن بن گیا ہے ۔''
(یعنی اب شعر کو بہت زیادہ آرائش حاصل ہو گئی ہے)

''شہنشاہ والا قدر کا تخیل اتنا بلند ہے کہ اس کے نزدیک ستاروں کے موتی گویا حرمل کے دانے ہیں ۔''

''اس کی شاگردی اختیار کرنے سے شاعر استاد بن جاتے ہیں ، اور اس کی لطافتِ طبع پر نزاکت بھی ناز کرتی ہے ۔''

''حلاوت اس کے بیان سے چاشنی حاصل کرتی ہے اور اس کی زبان سے اسے (حلاوت) شیرینی کا وظیفہ ملا ہے ۔''

''وہ ہر کڑوے لفظ کو اس طرح شیریں بناتا ہے کہ کانوں میں شیرینی کا ڈھیر لگ جاتا ہے ۔''

''وہ گھاس کا ذکر اس سنگینی (بوجھ) سے کرتا ہے کہ پہاڑ بھی رشک کے بوجھ سے چیخ اٹھتا ہے ۔''

''وہ گفتگو میں پھول کا لفظ اس وقت تک استعمال نہیں کرتا جب تک اس میں بے شمار رنگ و بو صرف نہ کر لے ۔''

''اگر وہ عشق[۵۳] کے جام سے شراب پیے تو طوفانی دریا کو ایک قطرہ بنا کر چھوڑے ۔''

''اس کی ترکیب (ساخت) نے ثنا کو گویائی عطا کی اور متانت و سنجیدگی اس عمارت کا اوزار بنی ۔''

''(اب) سخن حفظِ مراتب کی فکر سے چھوٹ اور اس (ممدوح) کی ترتیب سے اپنی جگہ پر بیٹھ گیا ۔''

''اگر کوئی عیب نکالنے والا اس کو دیکھے تو اسے اس میں 'ہنر بینی' کے سوا اور کچھ نظر نہ آئے گا ۔'')

Marfat.com

ان تمام حقوق میں سے ، جو اس نے اربابِ عقل و دانش اور صاحبان نغمہ و آواز پر ثابت و واجب کیے ، ایک یہ بھی ہے کہ اس نے کتاب 'نورس' لکھ کر 'سامعہ' اور 'ناطقہ' کو اس کے پڑھنے اور سننے سے نوازا ہے ، اور اس بات کا التزام کیا ہے کہ جس طرح معنی کی تازگی نے الفاظ کو طراوت بخشی ہے ، اسی طرح ان راگوں کے الاپ کی ، جو موتی بکھیرنے والے شعروں میں باندھے گئے ہیں۵۴ ، تازگی دلوں پر بے حد اثر کرے اور گانے والوں کے سر اور آواز سے سننے والوں کے دلوں کے گوشوں سے تمام نئے پرانے غموں کی گرد صاف کر دے :

رباعی :

از شاہ دکن جہان نشاط آبادست
خاک غم از آب نغمہ اش برباد است
اربابِ ترانہ کہنہ شاگردانند
آنکس کہ ازو نو شدہ طرز استاد است۵۵

اس کتاب کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ ہندوستان والے اس مجموعے کو 'نورس' کہتے ہیں جس میں نو قسم کے رس اکھٹے ملائے گئے ہوں ، اور اگر فارسی زبان والے (ایرانی) اسے (کتاب نورس) اس کے فضل و کمال کے نہال کا نورس۵۶ سمجھیں تو یہ بھی عین درست ہے اور اس لحاظ سے کہ یہ بے عیب معشوق غیب کے پردے سے ظہور کی جلوہ گاہ میں نورسیدہ۵۷ ہے ، اسے نورس کہہ لیں تو بھی روا ہے : ع

قیاس مسمیٰ ازین اسم گیر

بصارت کو اس کے دیکھنے سے باغ و بہار حاصل اور ذہن اس کے پڑھنے سے روشن ہے - اس کا ہر صفحہ ایک چمن اور ہر سطر درخت ہے کہ جس کے پتے اس سے دلکش الفاظ اور جس کا پھل اس کے پاکیزہ معنی

Marfat.com

ہیں - فصاحت کا بلبل اس کی نزاکت تحریر کے گلاب پر لغمہ پرداز اور نظارہ کرنے والوں کی نظر اس کی رواں عبارتوں کی رطوبت کی موج سے گویا زنجیر میں جکڑی ہوئی ہے - اس کے حرفوں کی سنبل[۵۸] ناشکیبوں (عشاق) کی آہ سے بنی اور اس کے نقطوں کا بنفشہ حسینوں کے تل سے بنا ہے - طراوت الفاظ کے ٹپکنے سے سطر کی نہر آب حیات سے بھری پڑی ہے - پیاسا خضر اس کے طرز ادا سے سیراب اور اس کی ہوا[۵۹] مردہ مسیحا کو جان بخشنے والی ہے - اس کے برجستہ لکتے گویا سربستہ غنچے ہیں - اس کی رنگینی لالہ کے پھولوں کے کام آتی اور اس کی شگفتگی شیرینی سے پر ہے :

## مثنوی

ز رنگینیش گل در غازہ جوئی — ز سیرابیش مل در تازہ روئی
مگو نورس کہ فردوس برین است — نہ تنہا خلق ، رضوان ہم برین است
کسی زینسان تواند ساخت گلزار — کہ چیند چون خلیل از نار گلنار
رسید از داد رس شاہ سخن رس — بفریاد نفسہا نقش نورس
بفرمان حق و طبع بفرمان — سخن را کرد پیکر نغمہ را جان
رہ پژمردگی بر تازگی بست — چہ نقشی در بلند آوازگی بست
بخورشید درخشان پرتوی داد — نوی را طرفہ تشریف نوی داد
سخن پاس شکوہ و شان خود داشت — کہ در دیوان شہ ایوان خود داشت
کشد صد داستان ہر صفحہ در لب — ورق را گر زنند انگشت برلب
سطور از رشتہ آواز دارد — ورق از پردہای ساز دارد
حروفش در ورقہا جملہ ہم پشت — کہ ننہد ہیچکس بر حرفش انگشت
نوی میبال گو خوش فارغ البال — کہ نورس کہنگی را کرد پامال
خدا پیرایہ بخشد از قبولش — و مضمون دارد از دہر فضولش

(''اس کی رنگینی سے پھول کو یہ سرخی ملی ، اور اس کی سیرابی و

Marfat.com

تازگی سے شراب کو تازہ رونق حاصل ہوئی ۔"

"اسے نورس مت کہو کہ یہ تو فردوس بریں ہے ۔ صرف خلقت ہی نہیں بلکہ رضوان بھی اس قول سے اتفاق کرتا ہے ۔"

"(کیا) کوئی اس قسم کا گلزار بنا سکتا ہے کہ جس میں (حضرت ابراہیم) خلیل اللہ[٦٠] کی طرح کوئی نار[٦١] میں سے گلنار[٦٢] چنے ۔"

"بادشاہ دادرس[٦٣] کہ سخن رس بھی ہے ، کی طرف سے 'نفسوں'[٦٤] کی فرہاد پر نورس کا نقش[٦٥] پہنچا ۔"

"خدا کے حکم اور فرمان پذیر طبع سے اس نے سخن کو جسم عطا کیا اور نغمے کو جان بخشی ۔"

"پژمردگی کی رہ[٦٦] کو اس نے تازگی بخشی اور بلند آواز میں کیسا راگ باندھا ۔"

"اس نے چمکتے ہوئے سورج کو روشنی دی اور 'نئے پن' کو ایک عجیب نئی خلعت عطا کی ۔"

"سخن نے اب اپنی شان و شوکت کی حفاظت کر لی ہے کیوں کہ بادشاہ کے دیوان[٦٧] میں اب اس کا ایوان ہے ۔"

"اگر اس کے ورق کے ہونٹ پر انگلی لگائیں تو اس کا ہر صفحہ ہونٹوں پر سیکڑوں داستانیں لے آئے ۔"

"اس کی سطریں آواز کے دھاگے کی اور اس کے اوراق ساز کے پردوں سے بنے ہیں ۔"

"اس کے اوراق میں جملہ حروف[٦٨] ہم پشت[٦٩] ہیں تا کہ کوئی اس کے حرف پر انگلی[٧٠] نہ رکھ سکے ۔"

"اے 'نئے پن' تو اب فخر کر اور مطمئن و فارغ ہو جا کہ کتاب نورس نے کہنگی (پرانا پن) کو پامال کر دیا ہے ۔"

Marfat.com

''خدا اسے اپنی قبولیت کا زیور عطا کرے اور ہر بیہودہ شخص کی تنقیص سے بچائے۔''

چوں کہ شاہانہ لطف و عنایت اور خسروانہ کرم و مرحمت ہمیشہ دور و نزدیک کی رعایا کے شامل حال رہتی ہے ، اس لیے (اس موقع پر بھی) بادشاہ سلامت نے عراق اور خراسان کے لوگوں کو اس ذوق سے محروم نہ رکھنا چاہا اور خواہش کی کہ یہ کتاب سارے عجم میں پھیل جائے تاکہ لوگ اس کے معنی سے آگاہی پا کر اپنا ہر روز روزِ عید اور ہر شب شب برات بنالیں ۔ چنانچہ شاہی فرمان جاری ہوا کہ اس 'عرش نظیر' تخت خلافت کے پائے پر کھڑے ہونے والے (صاحبان استعداد) اپنی اپنی قابلیت و لیاقت کو مکمل طور پر کام میں لاتے ہوئے اس کتاب کی شرح بڑے فصیح و بلیغ انداز میں کریں اور کتاب کے بعض فوائد کو اصطلاحات کے مطابق لکھیں ۔ اس بات کے باوجود کہ ہر صاحب استعداد نے دوسروں سے ممتاز ہونے کی خاطر موشگافیوں میں بہت زیادہ محنت و جستجو سے کام لیا ، لیکن جب ان لوگوں نے اپنی اپنی تحریریں بادشاہ کے حضور میں پیش کیں تو (بادشاہ کی جانب سے) ان کی تحریروں میں الفاظ کی تبدیلی ، عبارتوں کے تغیر ، بجا قسم کے تصرفات اور 'حق ادا'[۴۱] بجا لانے کے سبب بڑے بڑے عدیم السہو[۴۲] ادبا نے ، کہ جن کی انشا کے صفحے پر کبھی حک و اصلاح کا چاقو اور قلم نہ چلا تھا ، اپنی شرحوں کی ایک ایک سطر اور ایک ایک صفحے کو شرمندگی کے پسینے سے دھو ڈالا اور پھر جو کچھ جہاں پناہ کی زبان معجز بیان سے سنا اسے لکھ کر اپنے آپ کو اس شرح نویسی میں اپنے قلم کی طرح ، لکھنے کا اوزار سمجھا ۔ مختصر یہ کہ متن کی متانت میں بھی اسی کی ہمہ دانی اور شرح کی انشراح[۴۳] میں بھی اس کی شگفتہ بیانی کو دخل ہے :

ادب آموز و نکتہ اندوز اند    گـر عـراق وگـر خراسانی
کو فلاطون کہ با ہمہ فطنت    تہ کند زانـوی سبق خوانی

Marfat.com

اور یہ جو حضور عالم پناہ نے بہ نفسِ نفیس دیباچہ لکھنے کی طرف توجہ نہیں فرمائی تو اس میں کچھ فائدے اور اغراض مقصود و ملحوظ ہیں - ہاں ! بیش بہا موتیوں کو نظر بد سے بچانے کے لیے ان کی لڑی میں ٹھیکری باندھنا ضروری اور باغ و بوستاں کی فضاے جاں فزا کے لیے خار و خس کا ہونا لازمی ہے - سیاہ روغن[۴۴] کے قریب کافور[۴۵] رکھنا اور حنظل[۴۶] کے بعد شکر چکھنا حکمت ہے اور اس دیباچے کا لکھنا بھی درحقیقت گیتی پناہ ہی کی ان تعلیمات کے فیض سے ہے جو آپ نے مختلف موقعوں پر فرمائیں ، کہ سخن ور کو چاہیے کہ وہ سب سے پہلے الفاظ کی چستی و بندش کو ملاحظے میں رکھے ، کیوں کہ اکثر عبارتیں ایسی ہوتی ہیں جن میں ایک لفظ بھی زیادہ یا کم نہیں کیا جاتا اور معمولی سی تقدیم و تاخیر سے معنی میں زمین آسمان کا فرق آ جاتا ہے - نیز حضور نے ہمیشہ 'کلام' کی راہ سے ثقیل اور بے ڈھنگے الفاظ کے سنگ ریزے اٹھانے کو کہا ہے تا کہ بیان کے گھوڑے کے پاؤں کو کسی قسم کا گزند نہ پہنچے - آپ نے الفاظ کی تاریکی اور باریکی سے بھی ، کہ جس کے معنی تک عقل کے ہاتھ پاؤں نہ پہنچ سکیں ، منع فرمایا ہے - خاکسار نے حضور سے اس قسم کی باتیں کئی مرتبہ سنی ہیں - آپ کی صفائی ذہن کے وسیلے سے آپ سے استفادہ کرنے والوں کی طبیعت میں صفائی آ گئی ہے اور آپ کی شاگردی کا بُندا اہلِ انصاف کے کانوں کا آویزہ ہے - مختصر یہ کہ اگر کوئی پھول بہار کا تحفہ بنے تو بھی اس کا وجود بہار ہی کے دم سے ہے اور اگر کوئی موتی نثار دریا ہو تو بھی اس کا وجود دریا ہی کے طفیل ہے : **بیت**

در کمالات ای خرد پہنا ببین کم ز رشحے پیش آن دریا ہیں

جس طرح بے نیازی اس پروردگار کی صفت خاص ہے ، اسی طرح اس کے سایہ[۴۷] کو بھی اگر کوئی احتیاج ہے تو صرف ان ندیموں کی کہ جن

Marfat.com

کی موجودگی میں وہ اپنی کیفیت و چاشنی کے مطابق شرابِ سخن کے جام چڑھائے اور نغموں کا نقل[۷۸] اڑائے اور عقول[۷۹] کے اندازے کے مطابق 'انداز[۸۰]' کے بارے میں ہم زبانی کے ہونٹ کھولے ۔

واہ واہ ! اس چمن ایسی شگفتہ طبیعت رکھنے والے کے ذوق کا کیا کہنا کہ جس کے رنگین نکتوں کی آگاہی سے چہرے پر 'ادراک[۸۱]' کا رنگ مَلا جا سکتا ہے ۔ سبحان اللہ کیسا سبک روح[۸۲] ہے کہ اس کے دل کا پرندہ اہتزاز[۸۳] کے پروں سے نازک نغموں کی شاخوں پر بیٹھ سکتا ہے[۸۴] ۔ سخن بلند[۸۵] کہنے والے کے لیے ایک کوتاہ فہم سننے والے سے بنا کر رکھنا کس قدر دشوار ہے اور بلند مرتبہ کلام کو کسی ضرورت کے تحت اپنے رتبے سے گرانا ایسا ہی ہے جیسے کوئی جوہری کسی بیش بہا موتی کو توڑنے پر دل کڑا کر لے تا کہ ایک کم مایہ گاہک اسے خرید سکے ۔ یا جیسے کوئی نقاش اپنے 'نزاکت رقم' قلم کو بڑی تیزی سے چلائے تا کہ ایک موٹی نظر والا مبصر اسے چشمِ تماشا سے دیکھ سکے ۔

چونکہ خاص و عام کے دلوں کے صفحات پر اوہام کا قلم مشق کرتا رہتا ہے[۸۶] ، اس لیے وہ لوگ جنھوں نے 'بہشت صفت' محفل کے نظارے سے چشم و گوش کو آراستہ نہیں کیا ، جو نگاہ و سماع کی عید نوروز[۸۷] سے قطعاً ناواقف ہیں ، جنھوں نے عقل کی تصویر اور روح کی تجسیم نہیں دیکھی اور جنھوں نے معجزہ صفت کلام کے موتیوں کو ہوش کے کانوں کی ڈبیا میں نہیں سنبھالا ہے ، یہ سمجھتے ہوں گے کہ میرا اپنے (ممدوح کی) یہ تعریف و ستائش کرنا بالکل انھی مداحوں کی طرح ہے جو اپنے ممدوح کی مدح میں زمین آسمان کے قلابے ملا دیتے اور اس (ممدوح) کے قطرے کو دریا کا منبع اور ذرے کو سورج کے طلوع ہونے کی جگہ کہہ کر پکارتے ہیں ۔ لیکن اگرچہ ظہوری کے قول کی سچائی اظہر من الشمس ہے ، پھر بھی وہ اس گمان و شبہ کو دور کرنے کے لیے قسم کھاتا ہے ۔

Marfat.com

"قسم ہے اس نگارندہ[۸۸] کی جس نے حسینوں کے خط[۸۹] کے ریحان[۹۰] سے مشک[۹۱] کو نسرین[۹۲] کے اوپر حصہ دیا اور قسم ہے اس نوازندے[۹۳] کی جس نے نغمے کی چابی سے سننے والوں کے لیے نوازش[۹۴] کا دروازہ کھولا کہ کسی بھی 'نادر قلم' کا قلم اس کے دفترِ مدح کی 'مد' ٹھیک طرح نہیں لکھ سکتا[۹۵] ، اور اس کی تعریف کے قانون[۹۶] کی 'شد' کسی مبارک نفس کے حدِ نفس میں نہیں ہے۔" خدا کرے سب کو نصیبے کی یاوری سے اس کی آستاں بوسی کی سعادت نصیب ہو ! تا کہ ہر کوئی اپنی اپنی ذہالت و فطرت کے مطابق بہرہ مند اور محظوظ ہو کر حقیقت حال اور میرے قول کی راستی سے آگاہ ہو۔ اس دعا کے ساتھ ہی یہ یاد آ گیا کہ کلام کو طول دینا ادب سے دور ہونے کے مترادف ہے ، للہذا دعاے اختتام کے زمزمے سے 'نوازش' کا اثر رکھنے والا دم کرنے کو واجب و لازم جانا۔

## دعائیہ کلمات

جب تک سورج کے طنبورے کے پیالے سے شعاعوں کے تار نکلتے بجتے ہیں ، اس وقت تک ظلِ الٰہ کے مہب (ہوا چلنے کی جگہ) سے نغموں کی نسیم چلتی رہے اور جب تک سخن کے ساز پر زبان کی مضراب سے نفس کے تار بجتے رہیں ، اس وقت تک عالم پناہ کی مدح و توصیف کا ترانہ اہلِ جہاں کے گلے اور زبان کا ذخیرہ بنا رہے !

## قطعہ

تا دو معنی بہر لفظ چنگ و قانون آورلد
لفظ پردازان معنی ساز در بزم بیان
ساز اقبالش بصید ملک رنگین چنگ باد
تار چنگ عشرتش باد از گسستن در امان

Marfat.com

ہم بر آہنگ ثنایش نغمۂ قانون دہر
ہم بوفق مدعایش رسم و قانون جہان

(جب تک معنی ساز ادیب 'بیان' کی محفل میں 'چنگ' اور 'قانون' کے لیے دو علیحدہ علیحدہ معنی لاتے رہیں ، اس وقت تک اس (ممدوح) کے نصیبے کا باز 'ملک رنگین' کے شکار میں 'چنگ' (پنجہ) بنا رہے اور اس کے عشرت کے چنگ (باجہ) کے تار ٹوٹنے سے محفوظ رہیں ! اسی طرح زمانے کے 'قانون' کا نغمہ اس کی مدح کے آہنگ (لَے ' ارادہ) پر رہے اور دنیا کے رسم و قانون اس کے مدعا کے موافق رہیں !)

زبان دعا ہا بر اجابت منتِ بسیار باد

(مغلیہ دربار میں فارسی ادب ، جلد سوم ، ضمیمہ الف)

* * *

Marfat.com

# شاہجہان نامہ

**محمد صالح کنبو :**

عمل صالح یا شاہ جہان نامہ کا مؤلف ، محمد صالح کنبو لاہور میں پیدا ہوا - شیخ عنایت اللہ (شاہ جہان کا میر منشی اور تاریخ دلکشا اور بہار دانش کا مصنف) کی وساطت سے اسے شاہجہانی دربار میں رسائی حاصل ہوئی - اپنی قابلیت کے سبب جلد ہی صوبۂ لاہور کے عہدۂ دیوان پر فائز ہوا - ۱۰۷۰/۶۰ - ۱۶۵۹ میں اس نے موچی دروازہ لاہور کے اندر ایک مسجد بنوائی جو آج بھی مسجد محمد صالح کے نام سے وہاں موجود ہے - اسی مسجد سے ملحق اس کی اقامت گاہ تھی - مسجد کے بارے میں "تاریخ لاہور" کا مؤلف کنہیا لال لکھتا ہے کہ یہ "چھوٹی سی مسجد نہانت مقطع و خوبصورت بنی ہوئی ہے" - موچی دروازہ سے شہر میں داخل ہوں تو یہ مسجد بالکل سامنے نظر آتی ہے - محمدصالح نے ، تحقیقات چشتی کے مطابق ۱۰۷۵/۱۶۶۴ میں اور لطیف (انگریزی تصنیف لاہور کے مؤلف) کے مطابق ۱۰۸۵/۱۶۷۴ میں وفات پائی - لیکن محمد عبداللہ قریشی نے اپنے ایک مضمون مشمولہ مجلہ نقوش لاہور نمبر (ص : ۹۶۸ بعد) میں ان دونوں سے اختلاف کرتے ہوئے اس کی وفات ۱۱۲۰/۱۷۰۸ کے بعد ثابت کی ہے - محمد صالح کنبو گنبد کنبوں میں

Marfat.com

دفن ہوا - یہ مقبرہ اب "سینٹ اینڈریوز پارش چرچ" کے نام سے موسوم ہے -

عمل صالح یا شاہجہاں نامہ تاریخی لحاظ سے خاصی اہمیت کی حامل ہے - اس میں شاہجہاں کی ولادت سے وفات تک کے تمام واقعات آ گئے ہیں -

* * *

Marfat.com

# اقتباس از شاه جهان نامه

بیست و چهارم سهر جگناتهه کلاونت که دربنولا سهاگت راج خطاب یافته در فنِ موسیقی روش ہند خصوصی ترکیبِ نغمات و بستن تصانیف و ابداع معانی بدیعه و مضامینِ عالیه در سر تا سر این کشور ہمتا و ہمسر ندارد از دارالسلطنت لاہور که حسب الامر اعلیٰ برای تالیف و تصانیف آنجا توقف نموده بود به زمین بوس خلافت رسیده دوازده دہرپد که در آن مدت بنام نامی بندگان حضرت مشتملی بر معانی و نغمات مختلفه مؤلف ساخته بود در انجمن والا به سمع عالی رسانید و بغایت پسند طبع اقدس و خاطر حقایق یاب دقایق رس بادشاه ہنر سنج قدردان افتاد ـ و از عنایت حضرت با زر ہم ترازو گشته چهار ہزار و پانصد روپیه ہم وزن او بدو مرحمت شد ـ و دہرپد عبارتست از تصنیف نغمات مؤلفه که بنام ملوک و اصحاب دولت ساخته ابیات آن مدح و ثنای ایشان باشد و بشن پد که بمعنی تصنیفی است بنام شری کشن معبود ہنود که آن طبقه واہی عقیده باطل کیش در حق آن مبطل باوتار یعنی حلول حق تعالی قایل اند ہر دو از مخترعات راجه مان تونور راجه گوالیار است ـ و علت این ابداع آن شد که در عہد باستان تا زمان راجه مان مذکور مدار اہلِ ہندوستان در غنا و سرود بر نوعی از صوت و عمل بود که آنرا کبت و چند و دوہره میخوانند ـ و چون نظم آنها به لغت اہلِ کرناتک بود که فنون موسیقی از آن ولایت در سایر بلادِ ہند انتشار یافته بنا بر کمال اشکال آن زبان اہلِ کشور از آنها به حسن نغمه تنها پسند نموده چندان ذوق سرشار از معانی آن نداشتند ـ لاجرم راجهٔ مذکور که نہایت مہارت در فنِ موسیقی و تالیف نغمهٔ مطربه داشت ، چنانچه نایک بخشو گوالیاری که پیشوای اہلِ این علم است تربیت کرده و

Marfat.com

بر آوردهٔ اوست ، بلغت گوالیار دہرپد و بشن پد وضع نموده آنها را منسوخ ساخت ـ و رفته رفته نایک مذکور که درین فن فرید قرون و اعصار است بدءت طبع نازک در آنها تصرفات بجا کرده این طرز تازه را بسرحد کمال رسانید ـ از آن عهد باز بتوجه راجه و بخشو نایک گوالیار که لغت آنجا در تمام ہند و سند تمند است و اہل آن از ذکور و اناث به لطیفه گوئی و شیرین زبانی و ملاحت گفتار و لطف تکلم و نزاکت طبع و دقت فہم و حسن صوت و درستیٔ اصول وآہنگ توافق نطق مورد ضرب‌المثل اند ، معدن نغمه و منبع فن موسیقی شد ـ و تصانیف نایک مذکور که از باب کارنامهای عبدالقادر است ، که استادان صاحب قدرت این فن از استماع آن گوش می گیرند بلکه حلقهٔ شاگردی و غلامی اش در گوش ہوش می کشند در ہیچ جا بہتر از اہل آن سر زمین یاد ندارند بلکه بخوبی ایشان نمی خوانند ـ مجملاً نایک مذکور یگانهٔ عصر بلکه وحید قرون قبل و بعد خود بوده ، چنانچه گلبانگ آوازهٔ او چون صیت حسن صوت ہزار داستان آویزهٔ گوش ہوش اہل چہار حد خرم بوستان ہندوستان بل شش جهت ہفت کشور شده بود از اصحاب مہارت این فن بچندینْ وجه امتیاز داشت ـ از جمله آنکه علم و فضل را بنحوی باہم ضم کرده بود که در عین خوانندگی پکھاوج را که دہلیست ہلیلجی نواخته مراعات نطق و ضرب در کمال توافق می نمود ـ چنانچه استادان فن ایقاع و اصول که بهزاران جرثقیل ریخت ضروب و تال آنرا نگاه می دارند بدرستیٔ او نمی توانند نواخت ـ دیگر آنکه تیز آہنگی آواز و قدرت آن بلند آوازه در سایر دقایق فن خوانندگی و گویندگی خصوص علو درجه شد و پد در مرتبهٔ داشت که مافوق آن امکان ندارد ، چه جای آنکه بعدل توان آورد ـ و برخلاف خوانندہای این کشور که بی دم کش نفس نمی توانند کشید از ہم آواز و ہمدست بی نیاز بود ـ دیگر آنکه نہایت مراتب فصاحت و بلاغت بآن مرتبه خبرت درین فن جمع کرده بود که فحول شعراء درین ملک به براعت او اقرار داشتند ـ الحاصل

Marfat.com

رتبهٔ نیک درین فن بمرتبهٔ رسید که با آنکه دست پرورد راجه بود آن قدردان هنرآور از مفاخر خود دانسته بر سایر راجهای این کشور بوجود بدیع الجود او تفاخری می نمود و آن نادرهٔ دهر و یگانهٔ هفت اقلیم نیز باوجود این خصایص دقایق حق شناسی و وفاداری که در امثال این طبقه عزیز الوجود است بدرجهٔ داشت که باکمال تطمیع و ترغیب راجهای عظیم الشان این ملک جدائی از ولی نعمت خویش اختیار ننموود و تا وقت نزع روان راجه به هیچ وجه روی ازو نتافت ـ چون بعد ازو ابراهیم بن سکندر لودی گوالیار را از دست راجه بکرماجیت پسر او انتزاع نمود بنا بر مقتضای پیمان حقیقت شناس به همراهئی دشمن او رضا نداده پای در راه فرار نهاده خود را به راجه کیرت سنگها ، راجهٔ کالنجر رسانیده سادس خصایص حواس خمسهٔ او شد ـ چه راجهٔ مذکور از مواهب خاص عالم بالا باختصاص پنج نادرهٔ عصر از جمیع سلاطین روی زمین امتیاز داشت ـ و از مبداء آفرینش تا آن عهد بملوک هفت اقلیم در هیچ یک روزگاری امثال یکی از آنها روزی نه شده بود ، چه جای اتفاق وجود هر پنج در یکجا ـ چنانچه کسرای پرویز نیز بر سایر خسروان عجم بل سلاطین عالم بچند مراتب لوای مزید امتیاز می افراشت ـ اگر نظیر یکی ازین بی نظیری چند بنظر در آوردی عموم آن مزایای خصوص شمایل شیرین محبوبه اش از چشم افتادی ـ و اگر ازین دست نوادری بچنگ او آمدی هر آئینه طلای مشت افشار از دست دادی و از تگاور صبا رفتار سبک خیز شبدیز که ابلق نیرنگ روزگار پای هم پویگئی آن نداشت و سمند مهر و خنگ ماه بل قبلهٔ گردون گیتی نورد بگرد گرد او نمی رسید شکال تعلق و عقال علاقهٔ خاطر گسستی ـ و دیگر بر تخت طاقدیس که در روی کرهٔ هفت طبقهٔ خاک و زیر رواق نه طاق افلاک به یکتائی طاق بود و هیچ صاحب دیهیمی را از شهریاران اولی الابصار از آن دست تختی بچنگ نیفتاده بود و آن رنگ گرانمایه اورنگی هیچ تاجداری نداشته بلکه نظیر آن سریر فرخنده بنظر هیچ

Marfat.com

صاحب افسری در لیامده نه نشستی - مجملا جمله نوادر راجه که بحقیقت سر آنها می شد حکیمی بود دانا از طبقهٔ براهمه که بر همه انواع دانش قادر بود - در جمیع حکمت یعنی الٰهی و طبعی و ریاضی و سایر فروع آن اصول اصیله از اصناف نوع بشر بدان سان امتیاز داشت که انسان از جنس حیوان ، و در حکمت عملی و سیاسات مدنی و منزلی بدانگونه ماهر که راجه به نیروی رای انورش از سایر رایان آن کشور باج گرفتی - و بزور تدبیرات متین و ترویج رای مبینش دقایق نظام کارخانهٔ دولت راجه اعلی درجات رونق و رواج پذیرفته بود چنانچه سهاراج ادای خراج پذیرفتی - بی تکلف اگر نوشیروان را که سر اکابرهٔ اکاسره است صحبت او رو دادی بر آئینه بدستوری خرد ادب آئین دست از مصاحبت دستور دانش منش خویش بزرجمهر دانا شسته نظر از صوابدید او بستی - و گر هرمز را در انجمن حضور او نقش مجالست درست نشستی لامحاله بر بزرگئی او اعتراف نموده پیوند امیدواری از بزرگ امید وزیر خویش گسستی - دیگر پسری نیکو محضر فرخنده سیر که از سایر ابناء زمان در همه ابواب بر سر آمده بود در هیچ ماده از هیچکس پای کم نمی آورد - خصوص در باب کمال جمال و حسن خلق که درین مواد شامل نصیب کامل نصاب آمده در جمیع فضایل نفسانی و خصایل انسانی ثانی نداشت - چنانچه راجه بحسب آن مزیت بر پرویز آن مشابه تفوق داشت که مافوق آن بتحت تصرف تصور در نیاید - چه از ناخلف پسر بیهوش پدرکش به خلف صدق ادب پرورد که سرچشمهٔ حیات جاوید و سرمایهٔ امید پدر باشد فرق در مرتبهٔ نیست که تا روز شمار بزار یک مراتب آن بشمار در آید - سوم دو مطربه که در حسن صورت و لطف صوت و نهایت تفرد در فنون غنا و رقص و کمال مهارت در انواع رود و سرود هر دو یگانهٔ دهر و فتنهٔ شهر بودند - چنانچه از شرم تیز آهنگیٔ آواز و تندیٔ مضراب ساز شان زهره چنگی پرده ناخن خویشتن را از بن دندان شکسته - و دستبرد و موافقت ضرب و نطق شان

Marfat.com

دست مطربان بالا دست بسته - در انفعال خوبیٔ رقص و پای کوبیٔ ایشان رقاصان سرآمد از پانشسته - اگر خسرو پرویز حرکات و سکنات موزون و نشست و برخاست مطبوع هریک از آن دو شوخ چشم شیرین شمایل شور انگیز بنظر در آوردی مجنون آن لیلیٰ وشان شد. شکر شیرین اداهای شیرین در کام عیش او کار زهراب خنجر شیرویه کردی - اگر یک بار الحان ترانهای طرب آمود و تازهٔ آن دو نگار پرکار استماع نمودی دیگر گوش هوای نکیسا نکشادی و از آن پس آرزوی شنیدن لحن باربدی را در پیشگاه خاطر بار ندادی - دیگر طوطی که از غنچهٔ منقار دو برگه اش که گل صد برگ را طرز شگفتگی آموخته در یک داستان هزار گل دستان شگفتی - و هرچه بدو تعلیم کردی اگر همه سر نکو بودی پیش از گفتن نکو گفتی - سبز بختی که روشنی بیان بدانگونه سخن سفید کردی که رنگ بیرون داده معنی سخن رنگین در نظر صورت بستی - بالغ کلامی که بد انسان ابواب طلاقت لسان و بلاغت بیان کشادی که رونقِ بازار بضاعت سحبان شکستی - نوش لبی شکرین منقار خضر شمائلی سکندروش آئینه دار - روان گفتاری که چشمِ سخن ازو جان پذیرفته بود - شیرین بیانی که از معلم سلیمان منطق الطیر یاد گرفته - قوت حافظه در پایه که اگر تعلیم یافتی هر آئینه لوحهٔ سینه اش معائینه مانند لوحِ محفوظ حافظ قرآن گشتی - قدرت ناطقه در مرتبه که چون معانی بیان نمودی از طلوعِ هلال منقارش صنعت براعت استهلال نمودار شدی - ملخص سخن نایک مذکور مفت بچنگ راجه در افتاده بود نوادر پنجگانهٔ او برین سر نازل شدهٔ منزله متمه ضروریه بل کمال عشرهٔ کامله پذیرفت - لاجرم آن قدردان هنرمندان در خور قدرت حق قدر او بجا آورده تا بجای در مقام انعام و اکرام او که سهر سهر بر او افکنده حاصل خزینهٔ شایگان برآن گنج باد آورد رایگان افشاند - بلکه سهر سهر از آن پنج گنج روان که داشت برداشته بصد دل دل بروبست - و سر پنجهٔ تعلق از همه آنها بآب دل سردی شسته سرگرم صحبت آن باعث گرمیٔ هنگامهٔ سور و

Marfat.com

سرود شد ـ درین اثنا گوش زد سلطان بهادر گجراتی شد که ازین دست دستان سرای از قضایای اتفاق بدست راجه کیرت سنگه آمده لاجرم بنا برچشمک زنئی طمع خام بمقام پخته کاری درآمده نامه از روی کمال ملایمت و همواری براجه نوشت ـ سر جملهٔ مطالب آنکه چون از مواهب آسمانی ازین عالم عطایا به راجه ارزانی شده انصاف و مروت اقتضای آن دارد که از جملهٔ آن مکارم عظمیٰ در باب ایثار یک مکرمت که ارزان بدست آمده یعنی نایک مذکور اگرچه سر جمله آنهاست آثار جواب مردی بظهور آرد ـ راجه بچارهٔ آن درماند چندانکه دست و پا زد و اموال عظیمه در بدل آن بی بدل پیش کرده سودی نداده بجای نرسید ـ چه سلطان همه باب بزور و زر و لشکر و کشور برو غلبه داشت ـ معهذا از در مردمی در آمده لاجرم باوجود آنکه این سعنی بغایت برو گران بود چار ناچار باکمال دل گرانی نایک را برسبیل بدیه بخدمت سلطان فرستاد و تا فرجام روزگار معزز و مکرم به خدمت سلطان روزگار بسر برد ـ و بعد از نایک سرزمین گوالیار که برو بوش عیش انگیز و نغمه خیز و آب و هوایش طرب آمود و نشاط آمیز است تان سین نام سرور سرای را جلوه داده محفل آرای بزم روزگار ساخت ـ و او در مبادی روزگار خود نزد رامچند بگهیله راجه ملک ماندهو می بود تا آنکه حسب الامر حضرت عرش آشیانی راجه او را بدربار سپهر مدار فرستاد و از پرتو عنایت و تربیت آن حضرت کارش بحدی بالا گرفت که در زیر چرخ والا نظیر خود نداشت ـ چنانچه روش تازهٔ آن نیرنگ طراز بنحوی مطبوع طبع افتاد که رفته رفته روش خوش آیندهٔ نایک را یکباره از یاد مردم برد و باوجود آنکه گمان آن بود که طریق مستقیم او از کمال قوام و متانت تا قیام قیامت بر نهج استقامت خواهد بود امروز تصانیف متین او نظر بر روش تان سین حکم تقویم پارین دارد ـ

* * *

# اقتباس ۲ از شاه جهان نامه

از سوانح حضور پرنور باقیائی نامی برادر فتحائی مصنف که در فن سخنوری طبع روان دارد و در تصنیف و تالیف نغمات بروش موسیقای یونان و فرس بی نهایت ماہر است و تصانیف خود را که بروفق ریختهٔ طرز امیر خسرو و بنغمهٔ ہوش‌ربای ہند بر آمیخته لہذا بغایت مرغوب و مطبوع مسامع و طبایع افتاده چون دریہنولا قصیدهٔ غرا در مدح این خدیو سخنور نواز بنظم آورده معروضداشت لاجرم آن حضرت او را به بخشش بر نواخته شاہد احسان را در صورت وزن آن موزون بزر که پنجہزار روپیه بر آمد جلوه دادند ۔

* * *

Marfat.com

Marfat.com

# اقتباس ۱ از شاہ جہاں نامہ

۲۴ مہر (۱۴ جولائی) کو جگن ناتھ کلاونت ، جسے حال ہی میں خطاب مہا کَت راج ملا ہے ، لاہور سے درگاہ والا میں حاضر ہوا ۔ ہندوستان کے پکے گانوں بالخصوص دھنیں باندھنے ، ٹھمریاں اور گیت وغیرہ تصنیف کرنے اور نئے اصول نکالنے میں تمام ہندوستان میں اس کا ثانی نہیں ۔ وہ بادشاہ کے حسب الحکم گانے اور دھنیں تیار کرنے کے لیے لاہور میں رک گیا تھا ۔ اس نے دھرپد راگ کے کئی گانے بادشاہ کا نام ڈال کر تالیف کیے تھے ، حاضر ہو کر محفل اقدس میں سنائے ۔ حضرت کی دقیقہ سنج طبیعت کو بہت بھائے ۔ حکم ہوا کہ چاندی میں تول دیا جائے ۔ ساڑھے چار ہزار روپے جو اُس کے وزن میں چڑھے ، اسے عطا ہوئے ۔ دھرپد راگ میں بادشاہ اور امرا کی مدح ہوتی ہے ۔ بشن پد ایک اور گانا ہے جس میں کرشن کی تعریف کی جاتی ہے ۔ سری کرشن ہندوؤں کے اوتار ہیں جنھیں یہ بد عقیدہ باطل پرست لوگ خدا کا مثالی پیکر سمجھتے ہیں ۔ عقیدہ یہ ہے کہ خدا نے ان کے پیکر میں حلول کر لیا تھا ۔ دھرپد اور بشن پد کو راجا مان تونور والیٔ گوالیار نے ایجاد کیا تھا ۔ اس کی صورت یہ ہوئی کہ ہندوستان میں عہد قدیم سے راجائے مذکور کے وقت تک کبت ، چھند اور دوہے گائے جاتے تھے ۔ گانا اور رقص دونوں سادہ تھے ۔ یہ چیزیں اہل کرناٹک نظم کیا کرتے تھے کیونکہ موسیقی کے تمام قاعدے وہیں مرتب ہو کر باقی ملک میں پھیلے تھے ۔ کرناٹک کی زبان ملک کے باقی علاقوں میں نہیں سمجھی جاتی تھی ۔ گانا سنتے وقت الفاظ اور مصرعے بالکل نہ سمجھ سکتے ، صرف گانے کی دھن سے محظوظ ہوتے ۔ راجا مان کو موسیقی میں بھی دخل تھا اور گانے کے مصرعے اور بول بھی تصنیف کرنے پر قادر

Marfat.com

تھا ۔ نایک بخشوی ساکن گوالیار جو موسیقاروں کا پیشوا مانا جاتا ہے ، اسی کا تربیت کردہ ہے ۔

غرض راجا مان نے دھرپد اور بشن پد تالیف کرکے کرناٹک والے چھند اور دوہرے منسوخ کیے ۔ بعد ازاں نایک بخشوی نے ان میں اپنی دقیقہ رس طبیعت سے باریکیاں پیدا کر کے ان نئی چیزوں کو کمال عروج تک پہنچا دیا ۔ اس زمانے سے گوالیار والے موسیقی کے ماہر ٹھہرے اور گوالیار موسیقی کا گھر قرار پایا ۔ وہاں کی بولی سارے ملک میں سمجھی جاتی ہے ۔ باشندے بھی کیا مرد ، کیا عورتیں شیریں زبانی ، خوش گفتاری ، خوش لہجگی ، نزاکت طبع ، خوش آوازی ، اصول دانی اور گلوکاری میں ضرب المثل ہیں ۔ عبدالقادر کا بیان ہے کہ ارباب فن نایک بخشوی کی دھنیں اور دھرپد سن کر احتراماً کان پکڑتے بلکہ اس کے حلقہ بگوش ہو جاتے ہیں ۔ واقعہ یہ ہے کہ علاقہ گوالیار کے گویوں سے بہتر موسیقار کہیں نہیں ہوتے ۔ مختصر یہ کہ نایک مذکور جیسا باکمال گویا نہ پہلے پیدا ہوا نہ بعد میں ۔ ہند کے طول و عرض میں اس کے گانے کی دھوم تھی بلکہ ہفت اقلیم میں اس کا ثانی نہ تھا ۔ بعض خوبیاں اس کی ذات کے ساتھ مخصوص تھیں ۔ پکھاوج جو طبلے کی پرانی شکل ہے اور ڈھولک جیسی ہوتی ہے ، گانا گاتے ہوئے اس کمال کے ساتھ بجاتا تھا کہ تال سم بالکل درست رہتے تھے ۔ بڑے بڑے پکھاوجی جو بڑی محنت سے تال سم اور ٹھیکے میں سہارت حاصل کرتے ہیں ، اس جیسی پکھاوج بجانے سے قاصر تھے ۔ پاٹ دار آواز تھی ۔ موسیقی کے نکتے ایسے یاد تھے اور اس خوبی کے ساتھ گاتا تھا نیز گلے بازی اور تان پلٹے میں اس کا دم اتنا بڑھا ہوا تھا کہ برابری تو کیا کوئی اس کا تصور بھی نہیں کر سکتا ۔ ہندی گویے بالعموم ہم صفیروں اور بازوؤں کے بغیر گانے کی ہمت نہیں کرتے ، نایک بخشوی ان کا محتاج نہ تھا ۔ زبان میں خدا داد لوچ تھا اور گلے میں

Marfat.com

رس - فصاحت و بلاغت کے نکتے ایسے یاد تھے کہ بڑے بڑے شاعر اس کے کمال کے معترف تھے -

نایک بخشو کو اپنے کمال کی بدولت وہ عروج حاصل ہوا کہ اگرچہ راجا مان اس کا مربی تھا لیکن قدر دانی کے سبب اسے اپنے دربار کی زینت سمجھتا تھا بلکہ دوسرے راجاؤں کے سامنے اس کا مربی ہونے کی حیثیت سے فخر کیا کرتا تھا - گویے بالعموم لالچی اور بے وفا ہوتے ہیں لیکن یہ باکمال ایسا وفادار تھا کہ ہر چند بڑے بڑے راجا اسے لالچ دے کر اپنے دربار میں رکھنا چاہتے تھے لیکن اس نے راجا مان کو چھوڑنا گوارا نہ کیا ، مرتے دم تک راجا کی رفاقت سے منہ نہ موڑا - راجا کی وفات کے بعد اس کا بیٹا بکرما جیت حاکم ہوا - ابراہیم بن سکندر لودھی نے گوالیار کو بکرما جیت کے ہاتھ سے چھین لیا - نایک نے وفا داری و حق شناسی کے تقاضے سے اپنے آقا کے دشمن کی ملازمت اختیار نہ کی - گوالیار سے بھاگ کر کالنجر کے راجا کیرت سنگھ کے پاس چلا گیا - اس نے اسے ہاتھوں ہاتھ لیا اور اپنا مقرب بنا لیا - عنایت الٰہی کی بدولت راجا کو مبداء فیاض سے پانچ چیزیں ایسی ملی تھیں کہ شاہان دہر اس پر رشک کرتے تھے - سلاطین زمانہ میں سے کسی کو ان میں سے ایک چیز بھی نصیب نہ تھی - مشہور ہے کہ خسرو پرویز چند خصوصیات کی بدولت ایران کے بادشاہوں بلکہ سلاطین عالم پر فوقیت جتایا کرتا تھا - اگر اسے راجا کی ان چیزوں میں سے ایک بھی میسر آ جاتی تو اسے اتنا پسند کرتا کہ اپنی محبوبہ شیریں کو نظر سے گرا دیتا ، طلاے مشت افشار یعنی نرم سونے کی گیند اور بے نظیر گھوڑا شبدیز اگرچہ اسے بے حد عزیز تھے لیکن ان دونوں سے بھی ہاتھ اٹھا لیتا - اور وہ اپنے تخت سلطنت کو بھی ، جسے طاقدیس کہتے تھے اور جو بہت شاندار تھا اور کسی بادشاہ کو ایسا عالیشان تخت نصیب نہ ہوا تھا ، ٹھکرا دیتا -

Marfat.com

المختصر راجا کے پانچ نایاب رتن یہ تھے - ایک تو برہمن حکیم جو مختلف علوم یعنی الٰہیات ، طبیعیات اور ریاضی پر کامل عبور رکھتا تھا - ان علوم کا ایک ایک نکتہ اسے ایسا از بر تھا کہ دوسرے حکما اس کی برابری نہ کر سکتے تھے - حکمت عملی ، سیاست مدن اور تدبیر منزل میں اس کی فراست کا یہ عالم تھا کہ اس کی بدولت راجا کیرت سنگھ آس پاس کے تمام راجاؤں سے باج لیتا تھا - اس کی خوش تدبیری اور اصابت رائے کی وجہ سے راجا کی حکومت بڑی شان سے قائم تھی - تمام راجا سہا راجا اس کے خراج گزار تھے - کیانی بادشاہوں میں نوشیرواں کی بڑی دھوم ہے - اس کا وزیر بزرجمہر بھی اپنی دانائی و حکمت میں بے نظیر سمجھا جاتا ہے - اسی طرح ہرمز کے وزیر بزرگ امید کی عقل و دانش کا بھی بڑا شہرہ ہے - لیکن اگر نوشیرواں اور ہرمز اس برہمن حکیم کی صحبت سے مستفید ہوئے ہوتے تو اس کی دانائی و برتری کا اعتراف کر کے اپنے وزیروں سے نظر پھیر لیتے - دوسری نعمت جو راجا کو ملی تھی ، اس کا وجیہ ، فرخندہ سیر بیٹا تھا جو حسن صورت اور حسن سیرت کا مجموعہ تھا - فضل و کمال اور حسن و جمال میں اس کی نظیر نہ تھی - اس نعمت کے پیش نظر راجا کو خسرو پرویز پر ہزار درجہ فضیلت حاصل تھی کیونکہ خسرو پرویز کو تو اس کے نالائق ناخلف بیٹے نے قتل کر دیا تھا - راجہ کا یہ فرزند نہایت سعادت مند ، آداب داں اور باپ کی امیدوں کا سرمایہ تھا - راجہ کی تیسری دولت یہ تھی کہ اس کے دربار میں دو نہایت حسین و جمیل باکمال گانے والیاں تھیں جن کے حسن گلو سوز ، رقص و سرود اور موسیقی میں مہارت کی وہ دھوم تھی کہ اہل زمانہ ان پر جان دیتے تھے - ایسی دلکش سریلی پاٹ دار آواز تھی کہ زہرہ ان کی تانیں سن سن کر رشک کے مارے کباب ہو جاتی تھی - اندر کے اکھاڑے کی پریاں ان کے رقص و سرود کو دیکھ کر محو حیرت رہ جاتی تھیں اور دنیا کی تمام رقاصائیں ان کے

Marfat.com

ناچ گانے سے خجل تھیں ۔ اگر خسرو پرویز ان ملائک فریب حور شمائل طوائفوں کی صورت دیکھ پاتا یا گانا سن لیتا تو اپنی محبوبہ شیریں کی صورت اسے زہر لگتی ۔ ان کی موسیقی کے سامنے باربد اور نکیساکی نغمہ سنجی دل سے اتر جاتی ۔

چوتھی چیز وہ بولنے والا طوطا تھا جو ہزار طرح کی بولیاں بولتا تھا ۔ کوئی بات کتنی ہی دقیق کیوں نہ ہو ، ایک بار سن کر یاد کر لیتا ۔ حیوان تھا لیکن خوش گفتاری اور فصاحت میں انسانوں کو مات کرتا ۔ نکتہ سنجی اور بلاغت میں بڑے بڑے ادیب اس کے سامنے ہیچ تھے ۔ خوش کلامی سے ہر بات میں جان ڈال دیتا ۔ حضرت داؤد سے خوش الحانی اور منطق الطیر کا درس پائے ہوئے تھا ۔ قوت حافظہ ایسی کہ اگر کوئی اسے قرآن پڑھاتا تو بہت جلد تیسوں پارے حفظ کر لیتا ۔ گویائی کا یہ عالم تھا کہ کوئی بات نکتہ پردازی اور صنائع بدائع سے خالی نہ ہوتی ۔ راجا کا پانچواں گوہر نایاب نایک بخشوی تھا ، جسے وہ بے حد عزیز رکھتا ۔ قدر دان راجا نے اس ہنرمند موسیقار کی اتنی قدر کی کہ انعام و اکرام سے نواز کر خزانہ خالی کر دیا ۔ اگرچہ دربار کے باقی رتنوں سے بھی بہت لگاؤ تھا ، لیکن نایک سے ایسی محبت ہوئی کہ اوروں کو بھول گیا ۔ دن رات گانے بجانے کے جلسے ہوا کرتے ۔

اسی اثنا میں سلطان بہادر گجراتی کو خبر لگی کہ راجا کیرت سنگھ کو محض حسن اتفاق سے نہایت بے نظیر گویا ہاتھ آیا ہے ، سنتے ہی ہوس پیدا ہوئی کہ کسی طرح راجا سے اس کو طلب کرے ۔ محبت اور مدارات سے بھرا ہوا خط راجا کو لکھا کہ پروردگار نے آپ کو اپنی عنایت سے کئی نعمتیں عطا فرمائی ہیں ، اگر ان میں سے ایک چیز (نایک بخشوی) جو نہایت نادر ہے ، لیکن آپ کو بلا زحمت مل گئی ہے ، مجھے بخش دیں تو مروت و محبت سے بعید نہ ہوگا ۔ یہ خط پڑھ کر راجا سخت مضطرب

Marfat.com

ہوا ۔ چاہا کہ اس بے نظیر با کمال کے بجائے مال و دولت کی پیش کش کر کے اس فرمائش کو ٹال دے لیکن ممکن نہ ہوا ۔ سلطنت اور لشکر کے لحاظ سے سلطان کو اتنا غلبہ حاصل تھا کہ راجا کو نافرمانی کی مجال نہ تھی ۔ غرض سخت ملال کے ساتھ نایک کو بطور ہدیہ سلطان کے دربار میں بھیج دیا جہاں وہ عمر بھر نہایت عزت و حرمت کے ساتھ رہا ۔

نایک مذکور کے بعد سر زمین گوالیار سے ، جو نہایت عشرت انگیز اور نغمہ ریز ہے ، اور جس کی آب و ہوا میں رقص و سرود شامل ہے ، تان سین جیسا موسیقار اٹھا ۔ اول اول وہ مانڈو کے راجا رام چندر بگھیلے کا نوکر تھا ۔ بعد ازاں اکبر بادشاہ کے حسب الحکم راجا نے اسے دربار شاہی میں بھیج دیا ۔ اکبر کی مہربانی اور تربیت سے اس کا فن ایسا چمکا کہ سارے عالم میں اس کی نظیر نہ تھی ۔ اس نیرنگ طراز موسیقار کے نغمے لوگوں کو اتنے پسند آئے کہ نایک بخشوی کی یاد دلوں سے محو ہو گئی ۔ اگرچہ عام خیال تھا کہ نایک کا انداز موسیقی قیامت تک مقبول رہے گا لیکن اب یہ عالم ہے کہ تان سین کے گانوں اور متین طرزوں کے سامنے نایک کے نغمے تقویم پارینہ سمجھے جاتے ہیں ۔

* * *

Marfat.com

# اقتباس ۲ از شاہ جہاں نامہ

اہلِ دربار میں سے حضرت نے فتحائی کے بھائی باقیائی کو عنایات شاہانہ سے سرفراز فرمایا ۔ یہ شخص یونان و ایران کی موسیقی کا زبردست ماہر ہونے کے علاوہ طبع موزوں رکھتا ہے اور ٹھمری ، گیت ، ترانے وغیرہ خوب کہتا ہے ۔ گانے کا نیا انداز نکالا ہے جس میں امیر خسرو کی طرز اور ہندوستان کے ہلکے گانے کا امتزاج ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ اس کا گانا مقبول خاص و عام ہے ۔ باقیائی نے انہی دنوں حضرت صاحب قران ثانی کی مدح میں قصیدہ تصنیف کر کے سنایا تھا ۔ حضرت نے از راہ کرم حکم دیا کہ روپوں میں تول دیا جائے ۔ پانچ ہزار روپے چڑھے جو اسے مرحمت کر دیے گئے ۔

بتاریخ ۱۲ رجب (۱۵ اکتوبر ۱۶۴۲ء) خان دوراں بہادر، راجا جے سنگھ ، قلیج خاں ، رستم خاں اور اصالت خاں قندھار سے آکر حاضر خدمت ہوئے ۔ حضرت نے انھیں اپنی اپنی جاگیروں پر جانے کی اجازت دی ۔ لعل خاں کلاونت کو جس کا لقب "گن سمندر" ہے ، ہاتھی عطا فرمایا ۔

نذر محمد خاں اور عادل خاں کے ایلچیوں کو بیس ہزار روپے مرحمت ہوئے ۔ فتحا کلاونت کو دو ہزار روپے اور دوسرے کلاونتوں کو تین ہزار روپے انعام ملا ۔

۱۲ اکتوبر کو آپ نے بچتر خاں کلاونت کو چار سو اشرفیاں انعام دیں ۔ واضح ہو کہ ابراہیم عادل خاں والی بیجاپور نے نالائقی اور بے تمیزی کے سبب اپنی بھتیجی اس شخص سے بیاہ دی تھی ۔ اس عقد سے کئی اولادیں پیدا ہوئیں ۔

Marfat.com

بتاریخ ۲۴ (جمادی الاول) ۳ مئی ۱۶۵۲ء خوشحال خاں اور بیرام خاں کو، جنھیں ان کے باپ لعل خاں گن سمندر کے انتقال کے بعد حضرت کے حسب الحکم "خاں" کہنے لگے تھے، ہزار روپے انعام ملا۔

★ ★ ★

Marfat.com

## بادشاہ نامہ

**عبدالحمید لاہوری :**

عہدِ شاہجہانی کا مشہور مؤرخ عبدالحمید لاہور کا رہنے والا اور ابوالفضل کا شاگرد تھا ۔ شاہجہان نے اس کی شہرت سنی تو اسے اپنے دربار میں بلا لیا ؛ یہ وہ زمانہ ہے جب وہ پٹنہ یا ٹھٹھہ میں زندگی گذار رہا تھا ۔ شاہجہان نے اسے اپنے دور کے وقائع قلمبند کرنے پر مامور کیا ۔ چنانچہ اس نے دس دس سال کے دو ادوار کی تاریخ بادشاہ نامہ کے نام سے دو جلدوں میں ۱۰۵۷/۱۶۴۷ میں مکمل کی ۔ سعد اللہ خان وزیرِ شاہجہان نے اس پر نظر ثانی کی ۔ تیسری جلد بھی وہ لکھنا چاہتا تھا لیکن بڑھاپے اور ضعف کے سبب نہ لکھ سکا ، تاہم اس کے ایک شاگرد محمد وارث نے ۱۰۶۷/۱۶۵۷ میں یہ جلد ترتیب دی ۔ عبدالحمید نے ۱۰۶۴/۱۶۵۴ میں وفات پائی ۔

بادشاہ نامہ عہدِ شاہجہانی سے متعلق ایک مستند اور اہم ماخذ ہے ۔ برِ صغیر پاک و ہند کے کئی ایک مؤرخوں اور یورپ کے مؤرخین بالخصوص ایلیٹ اور ڈاؤسن نے اس سے استفادہ کیا ہے ۔ اس کی دونوں جلدوں میں شاہجہان کے عہد میں رونما ہونے والے تاریخی واقعات و حالات مندرج ہیں ۔ ان کے علاوہ

Marfat.com

اس میں بعض معاشرتی جھلکیاں بھی آ گئی ہیں جن میں جشنہاے شمسی و قمری و نوروز ، شہزادوں کی رسمِ کتخدائی ، اسلامی تہواروں اور تقریبات وغیرہ پر خیرات و انعامات خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں ۔ انھی جھلکیوں میں ایک جھلکی موسیقی سے متعلق بھی ہے جسے اس کتاب میں شامل کیا گیا ہے ۔

★ ✶ ✶

Marfat.com

# مغنیان دورهٔ تیموریان

غرهٔ رجب (۱۰۴۷ھ) لعل خان کلاونت را که دریں عہد سعادت مہد سرآمد نغمہ سرایان ہندوستانی زبان است ، بمرحمت خلعت و خطاب گن سمندر بر نواختند - او داماد بلاس پسر تان سین است (که حالش گزارش می یابد) و طرز او را از شاگردانش نیکو فرا گرفته - و در خواندن دہرپدہای او بروش او عدیل ندارد - او چهار پسر دارد که ہنگام خواندن با او انبازند - بهترین اینها خوشحال است و بسرام - ایناں در خوانندگی قرین یکدیگران اند - و نخستین چون فہمی و سلیقهٔ درستی دارد بنام نامیٔ خدیو اقبال تصنیفات می بندد - اما سر دفتر مصنفان دریں زمان عشرت آگین بهجت تزئین جگن ناتھ مہا کت رای است - اگرچه مدار استانی خوانندگان ہندوستان ہشت نشان بر تصانیفی که آن را کبت و چهند و دہرپد و استت گویند ، بود ، لیکن از آن روکه این نغمات شگرف آئین بزبان کرناٹک شیوع داشت ، ومردم این سرزمین از عدم ادراک معانیٔ آن بجز نغمہ و آہنگش در نمی یافتند ، میر خسرو ہزاره نژاد ، که از مریدان شیخ نظام‌الدین بداونی مولد دہلوی منشاء است ، چهار گونه بر سرائید - یکی قول که بقانون گیت مشتمل است بر عربی و فارسی بنظم یا به نثر - و بناء آن بر یک تال است یا دو یا سه یا چهار - دوم فارسی که اشعار فارسی با ترانه مبنی بر یک تال فراہم آورده ، سوم ترانه که بے اشعار اساس آن بر یک تال گذاشته - چهارم تصنیفی است که بهندوستانی زبان بر گذارده و آن را خیال و امثال آن نامیده است ، و خیال پیش از میر نیز یک، چندی بر سرائیده اند - پس ازاں راجه مان تونور که قلعهٔ گوالیار در تصرف او بود و بر دقایق نغمات و تصنیفات ہندوستان آگہی تمام داشت و معانیٔ تازه بزبان گوالیار گزارش داده ، طرز جدید درمیان آورد - تا

Marfat.com

دریافتِ آن بر ہمگنان آسان گردد ـ و تصنیف متضمنِ ذکر کشن را کہ پیشوای دینِ کفرہ بود ، بشن پد نامید ـ و ہرچہ در ستایشِ دیگر بزرگانِ کیش یا تعریفِ اربابِ ثروت یا تفصیلِ مراتبِ عشق فراہم آوردہ ، استتو دہرپد ـ

نایک بخشوی کلاونت کہ از تربیت کردہای راجہ مان بود دہرپد را بجزالتِ مضامین رنگین ، و سلاستِ عباراتِ نو آئین ، و حسنِ نغمۂ دلنشین ، و لطفِ تصرفاتِ گزین ، بپایۂ کمال رسانید ـ چنانچہ آہنگ بی ہمتائی او روزگار را در گرفت ـ رسائی آوازِ او بمرتبۂ بود کہ برخلاف سائر نغمہ سرایان ، کہ اقل مرتبہ تا دوکس ہم آواز نشوند ، نیکو نتوانند خوانند ، تنہا در کمالِ خوبی و سیرِ آہنگی می خواند ـ و شدّ بغایت بلند را ، کہ بزبان ہندوستان ٹیپ خوانند ، بنوعی ادا می کرد کہ دانایانِ دشوار پسندِ این فن تحسین و آفرین می نمودند ، و متاثر می گشتند ـ و در وقت خواندن پکھاوج نیز می نواخت و در الاپ ، کہ ادای نغمۂ صرف است و ہنگام سرائیدن بآن آغاز کنند ، طرزِ یکتای داشت ـ پس ازان کہ راجہ مان رخت ہستی بربست ، چندی با پسرِ او راجہ بکرماجیت بسر برد ـ و چون قلعۂ گوالیار با ولایتش از تصرفِ راجہ بکرماجیت بر آمد نزدِ راجہ گیرت مرزبان قلعۂ کالنجر رفت ، و در آنجا نیز روزگار بکام روانی گذرانید ـ آخرالامر سلطان بہادر گجراتی ، از شنیدنِ احوال غرابت اشتمال نایک فریفتہ گشتہ ، از راجہ گیرت طلب نمود ، و راجہ کام و ناکام دل از نایک برگرفتہ ، پیشِ او فرستاد ـ سلطان بہادر برسیدنِ آن یگانۂ زمانہ لشاط بی پایان اندوخت ـ و نایک بقیۂ عمر ہمان جا بسر آورد ـ بعد ازان آوای نغمۂ دلکشای تانسین کلاونتِ گوالیاری ، کہ منظورِ شیخ محمد غوث بود ، گوشِ جہانیان بر افراخت ـ او سا بقاً نزدِ راجۂ ملک تپہ و قلعۂ باندھورام چند بگھیلہ اسبابِ کامیابی آمادہ داشت ، چون یکتائی او درین فنِ دقیق در مجلسِ بہشت

Marfat.com

آئین پادشاہ فلک بارگاہ حضرتِ عرش آشیانی ، کہ مجمعِ دانشورانِ روزگار و مرجع ہنرمندان ہر دیار بود ، مکرر مذکور گردید ، منشورِ طلب او مصحوبِ معتمدی نزدِ راجہ فرستادند ۔ راجہ باوجودِ کمالِ خواہش از روی فرمان پذیری تانسین را روانۂ حضور گردانید ۔ بعد ازانکہ شرف آستان بوس دریافت و نغمہ پردازی و لطف آواز او خاطرِ اقدس را نشاط آگین ساخت ، از پیشگاہِ عنایت مشمول نوازشِ بی کران فرمودہ ، نسبت بہمسران ، پایۂ اعتبارش بر افزودند ۔ امروز مدارِ خنیاگرانِ ہندوستانِ بہشت نشان بر تصانیفِ بخشو و تصانیفِ اوست ۔

(بادشاہ نامہ صفحہ ۵ تا ۷)

★ ★ ★

Marfat.com

Marfat.com

# مغلیہ دور کے ارباب موسیقی

یکم رجب (۱۰۲۷ھ) کو عالم پناہ نے لعل خاں کلاونت کو، کہ اس 'سعادت نشان' دور میں ہندوستانی زبان کے نغمہ سراؤں کا سرگروہ ہے، 'گن سمندر' کے خطاب اور خلعت سے نوازا - یہ لعل خاں تان سین (جس کا ذکر آگے چل کر ہو گا) کے بیٹے بلاس کا داماد ہے اور اس (بلاس) کی گائیکی کو اس نے اس کے شاگردوں سے بہت عمدگی سے سیکھا ہے - اس (بلاس) کے طرز (گائیکی) میں دھرپد گانے میں اس (لعل خاں) کا کوئی ثانی نہیں ہے - اس کے چار بیٹے ہیں جو راگ گاتے وقت اس کے ہم آواز ہوتے ہیں - ان میں سب سے اچھے خوشحال اور بسرام ہیں - یہ دونوں گانا گانے میں ایک دوسرے کے مماثل ہیں - اول الذکر چوں کہ بڑا صاحبِ فہم اور درست سلیقہ ہے، اس لیے سلطان بلند اقبال کے نامِ نامی پر بول (راگ) ایجاد کرتا رہتا ہے - لیکن اس پرمسرت اور عشرت افزا دور میں تصنیفیں (راگ - بول) گانے والوں کا سردار جگن ناتھ سہاگت رائے ہے -

اگرچہ ہندوستان کی سرزمینِ جنت نظیر کے قدیم گویوں کا دار و مدار تصنیفوں پر تھا، جنھیں کبت، چھند، دھرپد اور استت کہتے ہیں، لیکن چوں کہ عجیب و نادر ترانے کرناٹکی زبان میں رائج تھے اور اس سرزمین کے لوگ ان کے مطالب و معنی سے نا آشنا ہونے کے سبب سوائے ان کے سُروں اور لے کے اور کچھ بھی نہیں سمجھ پاتے تھے، اس لیے امیر خسرو نے، جو ہزارہ نسل سے تعلق رکھتے اور شیخ نظام الدین بدایونی ثم دہلوی کے مریدوں میں سے تھے، انھیں چار قسموں میں ڈیا - پہلی قسم قول ہے جو گیت کی شکل میں عربی فارسی نظم یا نثر پر مشتمل ہوتا ہے - اس کی بنیاد ایک تال، دو تال، یا تین تال اور چار تال پر ہے - دوسری قسم

Marfat.com

فارسی ہے جس میں فارسی اشعار ایک تال پر مبنی ترانے کے ساتھ فراہم کیے ہیں - تیسری قسم کا نام ترانہ ہے جو بغیر اشعار کے ہے اور اس کی بنیاد ایک تال پر رکھی ہے - چوتھی قسم میں تصنیف آتی ہے جو ہندی زبان میں وضع کی اور اسے خیال وغیرہ کے نام سے موسوم کیا ہے -

امیر خسرو سے کچھ عرصہ پہلے بھی چند ایک گویوں نے خیال گایا ہے - ان کے بعد راجا مان تونور نے ، کہ قلعۂ گوالیار کا حاکم اور ہندوستانی نغمات و تصنیفات کی تاریکیوں سے بہ خوبی آگاہ تھا اور جس نے گوالیاری زبان میں نئے نئے معانی پیدا کیے تھے ، طرزِ جدید نکالا تا کہ ہر ایک کے لیے اس تک رسائی آسان ہو جائے - اس نے اس تصنیف کو جس میں ہندوؤں کے مذہبی پیشوا کشن کا ذکر تھا ، بشن پد کا نام دیا اور جو کچھ دوسرے بزرگوں کی تعریف اور اربابِ ثروت کی مدح میں یا مراتبِ عشق کی تفصیل میں فراہم کیا اسے استت اور دہرپد کے ناموں سے یاد کیا -

ء

نایک بخشو کلاونت نے ، جو راجا مان کے پروردہ لوگوں میں سے تھا ، دہرپد کو مضامینِ رنگین کی استواری ، آراستہ و پیراستہ عبارت کی سلاست ، دل نشیں نغمے کے حسن اور پسندیدہ تصرفات کے لطف سے پایۂ کمال تک پہنچایا - یہاں تک کہ اس کی بے مثل لے نے ایک دنیا کو مسحور کر دیا - اس کی آواز کی رسائی اس درجہ تھی کہ دوسرے تمام نغمہ سراؤں کے برعکس ، کہ جب تک وہ کم از کم دو مل کر نہ گائیں اچھا نہیں گا سکتے ، وہ اکیلا بڑی عمدگی اور بلند آواز سے گاتا تھا اور بہت ہی اونچی شبد کو جسے ہندی میں ٹیپ کہتے ہیں ، کچھ اس طرح ادا کرتا تھا کہ اس فن کے بڑے بڑے دشوار پسند ماہر بھی اس پر تحسین و آفرین کے پھول نچھاور کرتے اور متاثر ہوتے تھے - وہ گاتے وقت پکھاوج (طبلہ) بھی

Marfat.com

بجایا کرتا ، اور الاپ میں تو ، کہ جو محض نغمے کا ادا کرنا ہے اور گانے وقت اس سے آغاز کرتے ہیں ،وہ طرزِ لاثانی کا مالک تھا ۔

نایک مذکور راجا مان کے مرنے کے بعد کچھ عرصے تک اس کے بیٹے راجا بکرماجیت سے وابستہ رہا اور جب گوالیار کا قلعہ اور علاقہ راجا بکرماجیت کے قبضے سے نکل گیا تو وہ قلعہ کالنجر کے حاکم راجا کیرت کے پاس چلا گیا ۔ وہاں بھی اس نے بڑے ٹھاٹھ کی زندگی بسر کی ۔ آخر سلطان بہادر گجراتی نے اس (نایک) کے عجیب و غریب احوال سننے کے سبب فریفتہ ہو کر اسے راجا کیرت سے مانگا ۔ راجا کو چار و ناچار اسے سلطان کے پاس بھیجنا پڑا ۔ اس یگانہ روزگار کے وہاں پہنچنے پر سلطان بہادر نے بے پناہ مسرت و شادمانی کا مظاہرہ کیا ۔ نایک مذکور نے بقیہ زندگی اسی جگہ بسر کی ۔

اس کے بعد گوالیاری کلاونت تان سین کے ، جو شیخ محمد غوث کا منظورِ نظر تھا ، نغمہ دلکشا کی آواز نے لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کیا ۔ تان سین اس سے پہلے قلعہ باندھو اور علاقہ تپہ کے راجا ، رام چند بگھیلہ کے پاس کامیابی و کامرانی کی زندگی بسر کر رہا تھا ۔ جب اس فنِ دقیق میں اس کی یکتائی کا شہرہ بادشاہ فلک بارگاہ حضرت عرش آشیانی (اکبر بادشاہ) کی 'فردوس مثال' محفل میں ، کہ دنیا کے دانش وروں کے جمع ہونے کی جگہ اور ہر ملک و دیار کے ہنرمندوں کا مرجع تھی ، بار بار پہنچا تو انھوں نے راجا مذکور کے پاس اپنا ایک معتمد اس (تان سین) کی طلبی کا منشور دے کر بھیجا ۔ راجا نے کمالِ خواہش کے ساتھ شاہی فرمان قبول کرتے ہوئے اسے بادشاہ کے پاس بھیج دیا ۔ جب وہاں آسے آستاں بوسی کا شرف حاصل ہوا اور اس کی نغمہ پردازی اور لطفِ آواز نے خاطرِ اقدس کو

Marfat.com

نشاط آ گیں کیا تو بادشاہ سلامت نے اُسے اپنے بے پناہ لطف و کرم سے نواز کر ہم سروں کی نسبت اُس کا مرتبہ اور بلند کر دیا۔

آج کل ہندوستان کی سرزمین 'بہشت نشاں' کے گویوں اور موسیقاروں کا دار و مدار بخشو اور تان سین کی تصنیفوں (راگوں) پر ہے۔

(بادشاہ نامہ)

★ ★ ★

Marfat.com

## مراۃ الخیال

### شیر خان لودھی :

شیرخان لودھی کے والد کا نام علی امجد خان لودھی تھا ۔ اس کا والد حاکم بنگال محمد شاہ شجاع (برادر اورنگ زیب ۔ متوفی ۱۰۷۱ / ۱۶۶۱) کے دربار سے وابستہ تھا جس کی بنا پر شیرخان کا بچپن بنگال میں گذرا ۔ یہیں اس نے ملا فرخ حسین ناظم ہراتی (جو ترک وطن کر کے اس وقت جہانگیر آباد یعنی ڈھاکہ میں مقیم تھا) سے تعلیم حاصل کرنا شروع کی ، لیکن ۱۰۶۸ / ۱۶۵۸ میں ناظم کی وفات کے سبب یہ سلسلہ منقطع ہو گیا ، اور شیر خان مزید تعلیم حاصل نہ کر سکا ، البتہ اپنے والد اور اس کے دوستوں سے اس نے کچھ کسب فیض کیا ۔ باپ کی وفات اور ایک بھائی کی شہادت کے غم کو بھلانے کے لیے اس نے خود کو تالیف و تصنیف کی طرف مائل کیا ۔ ۱۰۹۰/۱۶۷۹ میں وہ شکر اللہ خان خوافی سے منسلک ہوا جو اس کے والد کا دوست تھا ۔ ۱۶۹۳ میں اس نے وفات پائی ۔

شیر خان نے ۱۱۰۲ / ۱۶۹۱ میں مراۃ الخیال تصنیف کی ۔ اس میں مشہور شعرا کے علاوہ علوم و فنون کا تذکرہ بھی ہے ۔ جن میں علم موسیقی اور علم السحر

Marfat.com

خاص طور پر قابل ذکر ہیں ۔ شیر خان کو چونکہ خود بھی علم موسیقی سے بڑا ربط تھا اس لیے اس علم سے متعلق اس کی معلومات خاصی مفید ہیں ۔ موسیقی سے متعلق اس مقالے میں ، جو ہماری کتاب میں شامل ہے ، اس نے برِ صغیر پاک و ہند اور ایران کی موسیقی سے بحث کی ہے ۔

★ ★ ★

Marfat.com

# مرآة الخیال

آسمان فضل وکمال را بدر منیر عالی قدر بلند مکان میرزا روشن ضمیر از اعاظم مستعدان و اکابر عالی فطرتان روزگار بوده چنانکه در عربی و فارسی لطایف خسروی بظهور آورده و در علم ہندی از ثقات آن فن گذرانید۔ علمای ہند اکثری پشت دست و روی امید درشش می(؟) نهادند و در علم لاحل موسیقی بجای رسیدکه اوستادان ماہر بشاگردیش مباہات می نمودند۔ گویند بچهارده ہزار نوای متباین و سامعه نواز اہل صحبت گردیده بود و در اکثری از آن مقامات تصنیفات عربی و فارسی و ہندی ساخت و با ہزاران ترزبانی علم بلند آوازگی بر افراخت - زہی جامعیت حضرت انسان ، خهی بلندیهای فطرت این نوع کرامت نشان مؤلف این مجموعهٔ دانش بسبب الفت و دوستی بزرگانه بیغرضانه که والد بزرگوار را با وی ثابت بود بارہا فیض صحبتش دریافته ، لیکن بنابر حداثت سن استفاده نتوانست نمود و چون بحدتمیز رسید پرده مفارقت درمیان افتاد و میرزای‌مذکور را خدمت واقعه‌نگاری و بخشی گری بندر سورت مقرر گردید ، اما مدتی قلیل در اینجا بسر برده از عالم صورت بملک معنی شتافت وکان ذلک فی شهور سنه الف و سبع و سبعون ۔ سبحان الذی بیده الملکوت کلشی و الیه ترجعون :

جهانا فسونست و نیرنگ د رنگ — همه کار و کردار تو سر بسر
همین ست آئین و دستان تو — که گاهی دهی زہر گاہی شکر
هم از تو غمینیم و هم شادمان — هم از تو تهی دست و هم بهره ور
خطا گفتی استغفرالله خطا — جهان را چه جرم است ای بی خبر
قضا این چنین اقتضا می کند — ز تقدیر دانند هر داد گر
چه خوش گفت آنمرد دانش پژوه — که خورسند شو پردهٔ خود مدر
فیوم علیها و یوم لنا — و یوم لشانا و یوم نشر

Marfat.com

دران ہنگام کہ مشیت ازلی حضرت عالمگیر شاہ را بر سریر فرمان روای توفیق حفظ قرآن ارزانی داشت میرزا روشن این رباعی در تہنیت حفظ بنظر مبارک گذرانیدو باوجود نفرت خاطر جہان گشای از شعر و شاعری ہفت ہزار روپیہ در وجہ صلہ مرحمت کردند :

محی‌الدینی و مصطفی‌ای حافظ تو  صاحب سیفی و مرتضی حافظ تو
تو حامی شرع و حامی تو شارع  تو حافظ قرآن و خدا حافظ تو

چون بتقریب سخنوران آفاق موسیقی ذکر موسیقی بہ زبان قلم افتاد از آنجا کہ این جویای رموز را این علم بقدر ذرہ از ریگ بیابان و قطرۂ از دریای بیکران بدسکشی آمدہ است درین مقام نخست رقاصل وسعت دستگاہ را دست آویز جلوہ گری نمود و بدسکشی شوق در ترانہ ریزی ایراد محملی از مفسدانش (؟) گرہ از رشتہ دراز نفسی کشود و للہ در قائلہ :

بیا ساقی ای دلبری پیشہ ات  نی بزم دل قلقل شیشہ ات
کہ ما ہم برآریم ازین پردہ شور  بالحان داودی آریم زور
درین نشا دل سخت جادو نواست  قیامت رقم ساز لوح ہواست
ولیکن بجز آب گردیدنش  محال است چون سنگ خندیدنش
گل نغمہ رنگ گداز دل است  چو دل آب شد مدعا حاصل است

بباید دانست کہ موسیقی لفظ سریانی است ۔ 'مو' در اصطلاح آن طایفہ ہوا را گویند و 'سیقی' بمعنی گرہ آمدہ یعنی صاحب این فن گرہ بر ہوا میزند اگرچہ در تعریف و توصیف این علم غامض دست و زبان کشادن نظر بر پاس امر شریعت بی ادبی است اما بتحریر بعضی روایات صوفیہ بطریق نقل می پردازد ۔ اکثری از ثقات بر آنندکہ در ابتدای آفرینش روح لطیف بصحبت جسم کثیف تن در نمیداد و رحل اقامت درین دامگاہ ظلمانی نمیکشاد تا آنکہ آہنگ دلکشای یزدان بردر(؟) از پردۂ غیب ہویت بسمع وی رسید و روح آن صدای بی کیف را انجشیت قرار صحبت بدن قبول فرمود بر تقدیر صدق

Marfat.com

این قول باید که تعلق روح با صوت مرغوب از تعلق بدن مقدم باشد ایضاً بروایات صحیحه درکتب معتبره مثل کشف المحجوب وکیمیای سعادت مذکورست که نوبتی حضرت خاتم الانبیاء صلوات‌الله و سلامه علیه از غزوه بفتح و فیروزی بمدینه مطهره تشریف آوردند و زنان مطربه زنگیان بنا بر نذری که با خودها مقرر کرده بودند در حین مسجد بگفتن سرود و دف زدن و پا کوفتن شروع کردند - پیغمبر خدا بعایشه صدیقه رضی‌الله عنها فرمودند میخواهی که تماشا کنی - گفت آری - پس آنحضرت برسر دروازه آمد و صدیقه از عقب رسیده زنخ بر دوش مبارک نهاد و تماشا میکرد - بعد از لمحه پیغمبر صلی الله علیه وسلم فرمود بس نباشد ، گفت نه ، تا سه نوبت این سخن تکرار یافت - نوبت سیوم گفت بس ست - درین حال عمر فاروق رضی الله عنه رسید و بچوب دستی آنهارا براند- زنان مطربه بگریختند ، چنانکه چادر از سرهای بعضی افتاد و بی ستر شدند ، پیغمبر خدا علیه السلام فرمود که ان الشیطان یفر من العمر و گویند در حدیث واقع شده : السماع معراج الاولیاء مخصوص(؟) و الله اعلم بصحة - حضرت سلطان المشائخ نظام الدین اولیاء قدس سره بارها میفرمود که ما را در روز میثاق ندای الست بربکم در آهنگ پوربی بگوش رسیده بود و آنصورت بنوعی مشاهده میشود گویا دیروز بود بوده بلکه آن روز را هنوز شب نیامده ست و در رساله ترجمة العوارف که در زمرهٔ اهل تحقیق اعتبار تمام دارد مذکور است که هرکس از آواز خوش لذت نیابد نشان آنست که دلش مرده است یا سمع باطنش باطل گشته : انک لاتسمع الموتی ولا تسمع الصمء الدعا و انهم من السمع المعزولون ، وصف حال این طایفه است - وقتی شافعی رضی الله عنه در راهی می گذشت ، یکی با او همراه بود بجای رسید که قوالی نغمه میخواند . بایستاد و باآن رفیق گفت تو ازین سماع در خود هیچ طرب می یابی ، گفت نی ، شافعی گفت معلوم شد که حس باطن نداری ، از جنید قدس سره پرسیدند که سبب چیست که شخصی آرمیده با وقار ناگاه آوازی می شنود اضطراب و

Marfat.com

قلق در نهاد وی می افتد و حرکات غیر معتاد صادر شود گفت حق سبحانه در عهد ازل و میثاق اول بذرات و زیات بنی آدم خطاب الست بربکم کرد و عذوبت آن کلام در مسامع ارواح ایشان ماند - لا جرم هرگاه آواز خوش بشنوند لذت آن گیرند و بذوق آن در حرکت آیند - سمنون محب رحمة الله علیه گوید السماع من الحق للارواح والوجد عبارة عن اجابة الارواح لذلک النداء والغشی عبارة من الوصول الی الحق و البکاء اثر من آثار فرح الوصول- یکی از ابو سهیل صعلوکی پرسید که سماع چیست؟ گفت یستحب لاہل الحقایق و یباح لاہل العلم و یکره لاہل الفسق و الفجور - درین مقام احتراز للاطناب بدینقدر اکتفا افتاد و ہنگام آن رسید که قلم شکسته رقم بصفیر صریر نغمه حقیقت آواز بگوش اہل ہوش رساند -

**مقدمه دربیان آواز** که بزبان ہندی نادگویند - مخفی نماندکه آواز بر دو نوعیست - یکی آنکه بی توسط موجودات ممکنه باشد و آنرا بطور علمای ہند اناہد گویند ، و آن صدایی است که در ازل ازال بوده والحال نیز بمقتضای ''الآن کما کان'' ہمان صفت جاریست و اکثوی برآنند که علامت ذات بیچون در مرتبه بحت و عما(؟)ہمان صدای بی انقطاع بود - فقرای مسلمین و ہنودان صدا را از جمله اذکار بزرگ شمرده بریاضات شاقه حاصل نمایند و چون بکمال رسد ہمه تن در استماع آن گوش گردد وخصوصیت سامعه از میان برخیزد - اما در فریقین اینقدر تفاوت است که مسلمانان اسم الله را برآن آواز تصور نموده بذکر سماعی و سلطان الاذکار موسوم گردانند و ہنود لفظ شوہنگ را برآن فرود آورده گرمی بازار انبساط نمایند - درکتب سلف مرقوم ست که چون حضرت موسیٰ علیٰ نبیّنا و علیه‌السلام از کوه طور برگشته دعوی استماع کلام حق سبحانه تعالیٰ نمود، یکی از فلاسفه یونان بصورت انکار نزد آنحضرت آمد و گفت ای پسر زن حایض مگر تو دعوای آن میکنی که کلام ازلی حق تعالیٰ شنیدهٔ ای و آراده حکیم از ایراد آن عبارت آن بود که شخصی که مادهٔ وجود وے خون حیض بوده باشد آن کلام پاک راچگونه تواند

Marfat.com

شنیند و ندانست که این استماع معجزهٔ نبوت انبیاست و اگر از یمن پیروی آنها پرتوے از آن صدا نصیبهٔ اولیای است نیز شده باشد چه عجب - القصه حضرت موسیٰ فرمود بلی من کلام حق شنیدم - حکیم پرسید که چگونه شنیدی ؟ گفت از جمیع اعضا و جمیع جهات شنیدم - حکیم تصدیق نموده بازگشت - دوم آوازی که بتوسط موجودات بصدور پیوندد و آن را اہل (ہند) آہد گویند و آن کیفیتی ست قائم بهوا که یکی از عناصر چهارگانه ست و حکما گفته اند ہر گاه دو چیز که سلب و متاوم باشند چون بسختی جدا شوند که آنرا قلع نامند تا بشدت پیوندند که آنرا قرع گویند ، ہوای آن میان بتموج گردد بر مثال تموج آب و آن تموج باعث بر حدوث کیفیتی گردد که آنرا صوت و آواز گویند - صدای رعد و برق و سنگ و آہن و چوب وغیره که برہم خورد ازین قبیل ست - اما آنچه مفهوم میگردد در آواز آدمی و سایر حیوانات لطیفهٔ دیگر نیز ہست ، چه ہوای که از دہان و بینی در بدن راه یابد چون آنرا بزور سینه اخراج نمایند بنا بر ضیق مخرج حنجره آن کیفیت حاصل آید و بسبب حرکت کام و زبان و شنفتن حروف و کلمات یا عوارض دیگر مثل زیر و بم و غنه باختلاف لغات ظاہر گردد ، ذلک تقدیر العزیز العلیم ولیکن صفا و کدورت آواز بحسب اختلاف امزجه ست و گفته اند که چون در حلق آدمی ہمیشه تولید بلغم لزوج میشود اگر قوت طبیعت بدفع یا تحلیل آن اکتفا نماید آواز صاف و مرغوب بود د اگر تحلیل نتواند کرد مکدر و نا مطبوع باشد از ینجاست که اکثر مردم سالخورد را آواز مکدر میباشد ، چه قوت طبیعت آنها در انحطاط ست و بر تحلیل آن چنانچه باید قادر نیست و از معالجات حنجریه اطبای ہند ست که اگر قدری جو پاک را درشیرهٔ برگ تاتوره تا بسه روز تر نمایند از چهارم در آفتاب خشک نموده باتش نرم بریان کنند و ہر روز چهار پنج بار ، ہر بار بوزن دو سه ماشه ، اختیار نمایند در عرض یک ہفته کاہش صفای حنجره حاصل آید شروع در

Marfat.com

اصل مدعا ! بعد تمهید مقدمات نموده میشود که چون لذت موسیقی بر طوایف انام اعم و اشتمل افتاده ست بر گروہی از آہنگ زیر و بم بطریقی که مطبوع و مستحسن نموده عشرت پیرا و بهره اندوز اند :

بــر طــایفــه بجست و جوئی — دانند تــرا بگفت و گــوئی
مرغــان چمن بهــر صباحــی — خــوانند تــرا بــاصطلاحی

ولیکن امروز آنچه در ایران و توران و ہندوستان نزد ارباب الباب اشتهار و اعتبار دارد ، منحصر در دو قسم است ، اول نغمی که تعلق باہل ولایت دارد۔ قسم دوم آنکه مخصوص باہل ہند است ۔ ذکر نغمات اہل فرس بقول فخر رازی علیه الرحمة ، ابتدای آن از حکیم فیثاغورس تلمیذ سلیمان علیه السلام شده ؛ چنانچه در حدیقة الانوار آورده که حکیم مذکور شبی در رویای صادقه معاینه نمود که شخصی میگوید "فردا برلب دریا برو و علمی بر تو مکشوف خواہد گردید ۔ فیثاغورس علی الصباح بر دریا رفت و ساعتی چند در طلب مقصد نامعلوم صرف نمود ، تا بجای رسید که آہنگران آہنها را از کوره برآورده بمطرقه می کوفتند و صدای زیر و بم لو ہر جانب بلند شده بود ۔ حکیم در آنجا بمراقبه نشست و از آواز ضربات مطرقه استنباط موسیقی نموده قصیدهٔ مشتمل بر مواعظ و نصایح ترتیب داد ، و در مجمع بنی اسرائیل آمده باہنگ دلفریب بخواند ۔ مستمعانرا حال متغیر گشت و جمعی کثیر بتصرف نغمات ملایمه از خود رفته بیش از بیش راغب گردیدند ، والله در قایله :

دل وقت سماع بوئی دلدار برد — جانرا بسرا پرده اسرار برد
این نغمه چو مرکبی است مر روح ترا — بر دارد و خوش بعالم یار برد

بعد ازان چون حکمای دیگر بتعمیق نظر دریافتند که از آفتاب عالمتاب در ہنگام تحویل بر برجی از بروج آوازی مخالف صدور می یابد ؛ لاجرم مطابق بروج اثنا عشر مقامات دوازده گانه اخذ کردند و این دو بیت مشتمل بر اسامی مقامات مذکور ست :

Marfat.com

عشاق بو سلیک بساز  با نوا اصفهان  بزرگ  نواز
شیر افگن (؟) عراق و زنگوله  پس حسینی و راهوی و حجاز

و شعبهای آن نظر بر ساعات لیل و نهار به بیست و چهار رسید و نغمات را برطبق روزهای سال بر سیصد و شصت مقرر نمودند ، ولا مانع فی ازدیاده من الامتزاجات ـ و بعضی برآنند که حکیم فیثاغورس اصول موسیقی را از اصوات افلاک استنباط نموده گفته که هیچ نغمه خوش آینده تر از آواز افلاک نیست کتاب لمعات الا شراق مذکور است که در نسبت(؟) ـ

حرکات فلکی بحسب سرعت و بطی و مقادیر ازمنه که تابع اوست واقع است، هرآینه نسبتی بغایت شریف خواهد بود که مدار انتظام عالم کون و فساد برآن مبتنی باشد ـ پس عجب نیست که اگر آن نسبت را یا قریب بآن نقل باصوات نغمات کنند رعایت ملایمت باشد و در علم موسیقی مقرر شده که هیچ نسبتی شریفتر از نسبت مساوات نیست و هر نسبت که بر وجهی از وجوه انحلال راجع نیست مساوات شود از چه ملایمت خارج باشد و در حیطهٔ تنافر داخل و بهانا منفطان ـ صاحب بصیرت داند که تعلق نفس بدن بنا بر نسبت شریفهٔ اعتدالی است که میان اجزای عناصر حاصل شده باشد و لهذا زوال آن نسبت سبب قطع تعلق میشود پس بحقیقت نفس عاشق بدان نسبت است و هم ازین سبب است که نسبت شریفه در هر جا یافت شود موجب انجذاب نفس و اهتزاز او گردد ، چون حسن که عبارتست از مناسبتی که میان اعضا شد و فصاحت و بلاغت و ملایمت که عبارتست که میان اجزاء کلام و میان کلام و مقتضای مقام مرعی باشد ـ پس همین تاثیر نغمت هم از جهت تناسب است ـ تا اینجا عبارت لمعات الاشراق بود و مسعود بیگ رحمة الله علیه که از علمای عامل و عرفای کامل بوده است ، در بعضی از تصنیفات خود ذکر کرده که نغمات را مزاجهاست در حرارت و برودت و غیره ذلک بر مثال امزجه آدمیان و لهذا مقرر است که جمع

Marfat.com

نغمات بریک طبع ملایم نیفتد خواه مستمع باشد و خواه قوال که بعضی نغمات را بنا بر تقارب مزاج بالطبع راغب باشند و برخی دیگر را بجهته اظهار مهارت وکمال خویش فرا گیرند و باعتقاد مؤلف درین قول هیچ تشبه نیست هرکس خواهد بر طبع خویش ملاحظه و امتحان نماید ذکر نغمات اہل ہند در ایجاد و ابتدای آن اختلافات بیشمار است ، تا بحدی که در قدم و حدوث آن نیز اختلاف کرده اند ـ جمعی اصل آنرا بر اثامد متفرع ساخته ازلی و ابدی گویند و این روایت نزدیکست باشاره سلطان مشائخ که فرمود کلام حق را در روز میثاق باہنگ پوربی شنیدم و ازینست که بسیاری از موسیقی دانان ہند در مبالغه و بطلان سرحد علو و افراط شتافته سر ایسر گویند ـ شرح این لفظ درین اوراق نمودن از حفظ مراتب دور است اما صاحب بصرات از مضمون این بیت اندکی بحقیقت این سخن پی میتواند برد :

پسر و خالی پسرند از نغمهٔ دوست
به بین دف راکه چون برمی درد پوست

و فرقه دیگر بر حدوث آن قایل بوده از قسم آید که بتوسط ممکنات صورت پذیر است ، می شمارند و درین طایفه نیز اختلاف است ـ گروہی بکشن خواہرزاده راجه کنس که فرمانروای شهر متهرا بود نسبت کنند و این قول ضروری البطلان است چه ، کشن را آنچه مشهور است ، بیش از چند راگ معدود که زنان شیرفروشان را بدان میفریفت ، بخاطر نبود و آن راگها در اہل ہند شہرتی تمام دارد و اما آنچه بیشتری از نائکان دکن بر آن اتفاق دارند آنست که مہا دیو سر حلقه دیوان آفاق بوده و جمیع دیوان اطاعت بلکه طاعت وی لازم میشمردند از آنجمله شش دیو و سی عدد پری که باہر دیو پنج تن از آنها مقرر بود ، مخصوص و مقرب بوده اند و ہریکی در وقتی خاص از اوقات شبانروزی باہنگی معین پرستش او می کردند ـ نام راگ و راگنی بر اسامی ہانجماعت مقرر گردید و اوقات خواندن نیز ہمان دستور قرار یافت و باقی از

Marfat.com

آمیزش دو سه راگ و راگنی با شش راگنی بهمرسید و آنرا بهارجا گویند و بهارجا از حساب و شمار افزونست حکم حروف مفرده دارند که بعد از ترکیب بانواع لغات تکلم توان نمود و این آمیزش و ترکیب از تصرفات انسان ست ، و بعضی گویند که تعداد بهارجا ، بموجب خبر اوستادان دکن چهل و نه هزارست ـ مؤلف این مجموعه را اکثری از بهارجاهای مشهور و غیر مشهور در خاطر بود ولیکن در تحریر اسامی آنها چندان فایده ننمود چه، ظاهر ست که از نام تنها هیچ صاحب شوقے بهره نگیرد و سامعه از استماع آن استمطاع نپیذرد لهذا بتحریر اسامی راگ و راگنی اصلی که درینمقام ناگزیر افتاد اکتفا نمود **اسامی شش راگ :** اول بهیرون، دوم مالکوس، سیوم هندول، چهارم دیپک، پنجم سری راگ، ششم میگه راگ ـ چون در اسامی راگنیها روایات متنوعه ست بر آنچه مختار یک طائفه بود اقتصار نمود : **اسامی راگنیهای بهیرون :** اول بیروین، دوم مالسری، سیوم تت تاراین، چهارم پت منجری، پنجم للت، **اسامی راگنیهای مالکوس :** اول مالی کور ، دوم گهپاوتی ، سیوم مارو ، چهارم رام کلی ، پنجم گن کلی ـ **اسامی راگنیهای هندول:** اول بلاول، دوم نودی، سیوم ولیساگهه ، چهارم کندهار ، پنجم مده ماده **اسامی راگنیهای دیپک :** اول دهنامری، دوم کلیان سیوم پوربیا، چهارم کدارا، پنجم دیسی ـ **اسامی راگنیهای سری راگ :** اول گوری ، دوم کوکب، سیوم مدپنچم، چهارم گوجری، پنجم اساوری ـ **اسامی راگنیهای میگه راگ :** اول مده ملار ، دوم کامودی سیوم بنکال چهارم گوند ، پنجم کمود و پسران بسیار باینها نسبت کنند ـ مادهونل که یکی از علمای این فن بود بر آن رفته که بر راگی پنج راگنی و شصت پسر دارد چنانچه شیخ عالم در رساله تالیف خود که موسوم بمادهونل ساخته ، به تفصیل ذکر کرده ست و بطور این جماعه هفت سر است که آنرا ست سر گویند اول کهرج ، دوم رکهب سیوم کندهار، چهارم مدهم، پنجم پنچم، ششم دهیوت، هفتم نکهاد ـ گویند که در نوع بشر هیچ احدی از متقدمین و متاخرین زیاده از سه سر نخوانده ، باقی چهار سر خاص دیوان ست و درین هفت سر مقامات ست که آنرا گرام گویند اما در انتقال

Marfat.com

راگ از دیو ن بانسان دو روایت ست - طایفه ای گویند که در ایام پیشین دیوان را با آدمیان مواجهه و اختلاط بوده . و نیکن د ین این عام را در هنگام از آنها فرا گرفته اند و این قول مطابق ست بروایت مؤرخان که گفته اند کیومرث را که اول بادشاهان روی زمین بود، در انتقام پسر با دیوان محاربات صعب روی داد و بسیاری از آنها بقتل رسیدند - از آن هنگام دیوان متوهم گردیده بجبال دور دست افتادند و از نظر انسان مستور گشتند - و زعم گروهی آنکه دیوان همیشه از آدمی مستور بودند و احیاناً بر احادالناس ظاهر میشدند ولیکن نایکن ملک دکن که نسبت بملکهای دیگر دیولاخ ست آنها را بزور سحر و جادو حاضر نموده موسیقی تعلیم میگرفتند و مدتهای مدید و عهد های بعید تالیفات را بهان زبان دیوان که آنرا سهنس کرت گویند در مدح مها دیو و پسر لطیفش که گینس نام داشت و دیگر دیوان ساخته به نیت پرستش میخواندند چه در معبدها و چه در مجالس اهل دول همین رسم بوده آنرا گیت و سنگیت میگفتند تا آنکه راجه مان فرمانروای شهر اوجین یک دهرپت مشتمل بر ماجرای نایک و نایکان یعنی مرد و زن بزبان گوالیار تصنیف کرده و در بهیرون راگ بحضور نایک بخشو که سرآمد آنروزگار بود بخواند - نایک آنرا نه پسندید و در اندیشه دور و دراز افتاد - پس از ساعتی راجه پرسید که چون صنعتی تازه از من بوقوع آمده است ، نایک را در محل تحسین و آفرین اینهمه اندیشه چرا روی داد - نایک سر بر آورد وگفت چه جای تحسین است - علم مارا که از قرنهای بیشمار بر روی کار بود ، امروز از رواج انداختی، چه جای اینهمه تصرف موسیقی را بر دلهاست ، چون بسرگذشت مرد و زن این جهت گردد در عبارات سریع‌الفهم ادا شود - این طریق دشوار را کیست که رغبت نماید و نیز آگاه باش که گناهی عظیم از تو سر زده که عبادت را بلذت بدل ساختی و بحکایات عاشقی و معشوقی برآمیختی ، بسا مردم تن پرست باشند که آنرا بر مجاز فرود آورده از حقیقت غافل مانند و اینمعنی سرمایهٔ فسادهای عظیم

Marfat.com

گردد و معصیتهای بزرگ از اہل عالم صادر شود - راجہ خجل گردید ولیکن آن دہرپت بر زبانہا افتادہ بود شہرت یافت و اکثری در تتبع راجا دہرپتہا ساختہ ہنگامۂ نشاط گرم نمودند تا آنکہ پس از چند گاہ نایکان نیز بجز آن علاجی ندیدہ بتصنیف دہرپت اشتغال نمودند ، چنانچہ امروز مشہور و معروف است ، و بعد از مدتی دیگر سلطان حسین شرقی تخت نشین جونپور دہرپت را کہ مشتمل بر چہار مصراع میشد تخفیف دادہ بر دو مصراع مقرر نمود و در آہنگ نیز تصرفی کردہ رنگین‌تر ساخت و بخیال حیکہ؟ مسمی گردانید ، لیکن گفت و گوی مجاز را صریح‌تر نمودہ ، چنانکہ تاویل کنندہ تا از تفاوت نباشد خلاصہ مضمونش را بجانب حقیقت نتواند برد و بعد از آنکہ گردش ادوار مقتضی صنعتی مجدد گردید نایک گوپال کہ در علم سنگیت مہارتی عظیم داشت از دکن بصورت دعوی برآمدہ بجانب ہندوستان متوجہ شد و گویند کہ ہزار و ہفتصد پالکی سوار بازی بود - بہر شہریکہ میرسید حاکم آنجا ہرچہ از نقد و جنس در خانہ داشت پیش کش مینمود تا آنکہ در شہر دہلی بملازمت سلطان محمد تغلق شاہ رسید و بزور علم برجمیع موسیقی دانان پای تخت چیرہ دستی نمود - سلطان ازینمعنی رنجیدہ با خواجہ خسرو دہلوی علیہ‌الرحمۃ و الغفران مشورت درمیان آورد و چنانچہ مشہور است شبی خواجہ را در زیر تخت خود پنہان ساخت - نایک گوپال سنگیت بخواند و خواجہ از کمال فراست قانون آنرا بخاطر داشتہ تا بہ التفات نمود قولہای رنگین بر روی کار آورد و آنرا قول ازین سبب گویند کہ در ابتداء آن یکی از اقوال مشائخ و غیرہ مثل الاشی ما خلا اللہ باطل درج نمودہ است - روز دیگر حضرت خواجہ در مجلس سلطان چند قول بحضور نایک خواند ، نایک متحیر شد و گفت اگرچہ بیقین میدانم کہ این دزد مدت ولیکن بطریق دزدی نمودہ کہ مرا بر وی دست نیست - از ان ہنگام قول شہرت یافت و نایک بقدرت کاملہ ایزدی معترف شدہ متوجہ وطن گردید و سلطان مالی

Marfat.com

فراوان بوی انعام فرمود - اینست شمهٔ از بیان موسیقی که بمؤلف اوراق بعد از صحبتهای ثقات این فن و مطالعهٔ کتب معلوم شده بود - اما صورت صوت و آهنگ را بمدد قلم و مداد در عرصهٔ قرطاس جلوه گر ساختن ممکن نیست پیدا که اشکال این علم از این راه ست - بو علی سینا گفته که در جمیع علوم خود را غالب یافتم و در این علم مغلوب ، والعلم عند مقلب القلوب -

* * *

Marfat.com

# مرآة الخیال

آسمانِ فضل و کمال کے بدرِ منیر ، عالی قدر اور بلند مرتبہ میرزا روشن ضمیر اپنے وقت کے اکابر اربابِ عالی فطرت اور اصحابِ استعداد و لیاقت میں سے تھے - عربی اور فارسی میں "لطائف خسروی" ان سے یادگار ہے جبکہ علم ہندی میں ان کا شمار ثقہ اہل فن میں ہوتا ہے - موسیقی ایسے مشکل فن میں انہیں وہ مقام حاصل ہوا کہ استادانِ ماہر بھی ان کے آگے پانی بھرتے تھے - کہتے ہیں کہ مختلف قسم کے چودہ ہزار نغموں (دھنوں) سے انھوں نے اہلِ محفل کو محظوظ کیا تھا - ان میں سے اکثر کے بارے میں انھوں نے عربی ، فارسی اور ہندی زبانوں میں کتب بھی تصنیف کیں اور یوں اپنی بے پناہ ترزبانی سے اپنے شہرہ و بلند آوازہ کا پرچم بلند کیا - کیا کہنے ہیں حضرت انسان کی جامعیت کے اور لائق تحسین ہیں اس اشرف مخلوقات کی فطرت کی بلندیاں -

اس مجموعۂ دانش کے والد بزرگوار کی ان سے بے غرض اور بزرگانہ دوستی تھی ، جس کے باعث راقم کو بھی بارہا ان کی صحبت سے مستفیض ہونے کا موقع میسر آیا ، لیکن لڑکپن کے سبب استفادہ نہ کر سکا - اور جب میں سن تمیز کو پہنچا تو بدقسمتی سے جدائی درمیان میں آ پڑی - یعنی میرزا مذکور کو بندر سورت کی واقعہ نگاری اور بخشی گری کی خدمت سونپ دی گئی - مگر وہ جگہ انھیں راس نہ آئی اور تھوڑی ہی مدت کے بعد وہ اپنے مالک حقیقی سے جا ملے - یہ واقعہ ۱۰۷۷ میں رونما ہوا -

(سبحان الذی بیدہ الملکوت کل شیٔ و الیہ ترجعون)

(پاک ہے وہ ذات جس کے ہاتھ میں ہر شے کی بادشاہت ہے اور اس کی طرف ہمیں لوٹنا ہے) -

Marfat.com

جہانا فسو نست و نیرنگ و رنگ — ہمہ کار و کردار تو سر بسر
ہمین است آئین و دستان تو — کہ گاہے دہی زہر گاہے شکر

(اے دنیا تیرا تمام‌تر کار و کردار سحر و فسوں اور دھوکا ہے -
یہی تیرا دستور و آئین ہے کہ کبھی تو زہر دیتا ہے اور کبھی شکر)

**ذکر موسیقی :**

سخنوران عالم کا جب ذکر چھڑا تو موسیقی کی بات بھی قلم کی زبان پر آ گئی - رموزِ فن کے اس متلاشی کو اس علم سے کچھ بہرہ نصیب ہوا ہے، جس کی مثال بیابان سے ایک ذرے اور دریائے بیکران سے ایک قطرے کی ہے - تاہم اس معمولی دسترس ہی کو جلوہ‌گری کی دستاویز بنا کر اور شوق کی دلکشی کے ساتھ ترانہ ریزی میں . . (؟) :

بیا ساقی ای دلبری پیشہ ات — نی بزم دل قلقل شیشہ ات
کہ ما ہم بر آریم ازین پردہ شور — بالحان داودی آریم زور
درین نشاء دل سخت جادو نواست — قیامت رقم ساز لوح ہواست
و لیکن . . (؟) گردیدنش — محال ست چون سنگ خندیدنش
گل نغمہ رنگ گداز دلست — چو دل آب شد مدعا حاصل است

(اے ساقی آ ! دلبری تیرا شغل ہے - تیری صراحی کی قلقل بزم دل کی بانسری ہے - آ ! کہ ہم بھی اس نغمے و لَے کو حضرت داؤدؑ کے لحن میں الاپیں - اس مستی میں دل کے نغمے بیحد سحر آفریں ہیں اور لوح ہوا پر قیامت کی عبارت رقم کر رہے ہیں - لیکن ——— ؟) ——— اس کا پتھر کی مانند ہنسنا محال ہے - گل نغمہ دل کے گداز کا رنگ ہے جب دل گداز ہو گیا تو مقصود مل گیا -

واضح ہو کہ موسیقی سریانی زبان کا لفظ ہے - اہل فن کی اصطلاح میں "مو" کے معنی ہوا کے ہیں جبکہ "سیقی" کا مطلب گرہ ہے - گویا موسیقار ہوا میں گرہ لگاتا ہے - اگرچہ حکم شریعت کو پیش نظر رکھتے ہوئے

Marfat.com

اس مشکل فن کے بارے میں کچھ لکھنا اور کہنا بے ادبی متصور ہوگا تاہم اس ضمن میں یہاں صوفیہ کی بعض روایات کو بطورِ نقل پیش کیا جاتا ہے ۔ اکثر ثقہ حضرات کا عقیدہ یہ ہے کہ ابتدائے آفرینش میں روحِ لطیف جسم کثیف میں داخل ہونے پر آمادہ نہ تھی اور اس تاریک داسگاہ میں قیام پذیر نہ ہو رہی تھی ۔ تا آنکہ خدائے لم یزل کی دلکش آواز لاہوت کے پردۂ غیب سے اس (روح) کے کانوں تک پہنچی ۔ چنانچہ اس نے اس پرکیف آواز سے متاثر ہوکر جسم کی رفاقت کو قبول کر لیا ۔ اس قول کی صداقت کے مطابق ضروری ہے کہ روح کا صوتِ مرغوب سے تعلق بدن کے ساتھ اس کے تعلق سے مقدم ہو ۔ اسی طرح روایات صحیحہ کے مطابق بعض معتبر کتب مثلاً کشف المحجوب اور کیمیائے سعادت میں مذکور ہے کہ ایک موقع پر جب حضرت خاتم الانبیا صلوات اللہ و سلامہ علیہ کسی غزوہ سے فتح و فیروزی کے ساتھ مدینہ مطہرہ میں تشریف لائے تو حبشی مطرباؤں نے اپنی مانی ہوئی منت کے مطابق مسجد کے نزدیک گانا ، دف بجانا اور ناچنا شروع کر دیا ۔ پیغمبر[ص] خدا نے حضرت عایشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا کہ تم دیکھنا چاہتی ہو ؟ انھوں نے اثبات میں جواب دیا ۔ چنانچہ حضورِ اکرم دروازہ پر تشریف لائے اور حضرت صدیقہ حضور[ص] کے عقب میں آ گئیں اور حضور[ص] کے دوشِ مبارک پر ٹھوڑی رکھ کر محوِ تماشا ہو گئیں ۔ ایک لمحہ کے بعد پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ، بس کافی ہے ؟ عرض کیا نہیں ۔ حضور[ص] اکرم نے تین مرتبہ یہی یہ بات دہرائی ۔ تیسری مرتبہ فرمایا "کافی ہے" ۔ اسی اثنا میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ آ پہنچے ۔ انھوں نے ڈنڈے سے ان عورتوں کو بھگا دیا ۔ یہ مطربائیں کچھ اس بدحواسی میں بھاگیں کہ بعض کے سروں سے دوپٹے ڈھلک گئے ، اور یوں وہ بے پردہ ہوگئیں ۔ پیغمبر خدا علیہ السلام نے فرمایا "ان الشیطان ؟) من العمر (شیطان عمر سے بھاگتا ہے ۔ کہتے ہیں حدیث میں آیا ہے "السماع معراج الاولیا مخصوص . . . (سماع اولیا کا معراج ہے . . . ؟)، واللہ اعلم بالصواب ۔

Marfat.com

حضرت سلطان المشائخ نظام الدین اولیا قدس سرہٗ نے بارہا فرمایا کہ روز ازل ہمارے کانوں میں ''الست بربکم'' کی ندا ہوئی راگ میں پہنچی تھی ۔ اور یہ صورت کچھ اس طرح نظر آتی ہے گویا کل کی بات ہو بلکہ ابھی تک اس دن کی رات نہیں آئی ۔ رسالہ ترجمۃ العوارف میں ، کہ اہل حقیقت میں اسے ایک معتبر مقام حاصل ہے ، مذکور ہے کہ جوکوئی آواز خوش سے لذت اندوز نہیں ہوتا اس کا دل گویا مردہ ہے یا پھر اس کے باطن کی قوت سماعت ختم ہو چکی ہے ۔ آیہ ''انک لا تسمع الموتی و لا تسمع الصم الدعا و انہم من السمع لمعزولون (تو نہ مُردوں کو سناتا ہے نہ بہروں کو اپنی بات سناتا ہے اور وہ سننے سے قاصر ہیں) گویا ایسے ہی لوگوں کے بارے میں اتری ہے ۔

ایک مرتبہ امام شافعی رضی اللہ عنہ کہیں سے گذر رہے تھے ، کوئی شخص ان کے ہمراہ تھا ۔ دونوں ایک ایسی جگہ پہنچے جہاں ایک قوال کچھ گا رہا تھا ۔ امام وہاں رک گئے اور ہمراہی سے فرمانے لگے تم اس نغمہ سے خود میں کچھ طرب محسوس کرتے ہو ؟ اس نے کہا ''نہیں'' ۔ شافعی رضی اللہ عنہ نے فرمایا معلوم ہوتا ہے تم میں حسن باطن نہیں ہے ۔ حضرت جنید قدس سرہٗ سے پوچھا گیا کہ کیا سبب ہے کہ ایک شخص بڑے اطمینان سے لیٹا ہے ، اچانک وہ کوئی آواز سنتا ہے ، اس سے اس کے دل میں قلق و اضطراب پیدا ہو جاتا ہے ، اور وہ خلاف عادت حرکات کرنے لگتا ہے ۔ انھوں نے جواب دیا کہ حق سبحانہٗ نے عہد ازل و میثاق میں اول بنی آدم کے ذرات و زیات (؟) سے ''الست بربکم'' کا خطاب فرمایا ۔ اس کلام کی شیرینی ان کی ارواح کے مسامع میں باقی رہ گئی ۔ جس کے نتیجے میں وہ جب بھی کوئی سریلی آواز سنتی ہیں تو اس کی لذت اور ذوق کے سبب وجد میں آ جاتی ہیں ۔ سمنون محب رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں : ''السماع من الحق للارواح و الوجد عبارۃ عن اجابتہ الارواح لذالک الندا و الغشی عبارۃ عن الوصول الی الحق و البکاء اثر

Marfat.com

من آثار فرح الوصول"۔ (سماع روحوں کے حقوق میں سے ایک حق ہے اور وجد ارواح کی طرف سے جواب (اجابت) ہے اور گریہ حقیقت تک پہنچنے کی خوشیوں میں سے ایک خوشی ہے)۔

کسی نے ابو سہل صعلوکی سے پوچھا کہ سماع کیا ہے ؟ اس نے جواب دیا ''یستحب لاہل الحقایق و یباح لاہل العلم و یکرہ لاہل الفسق و الفجور'' (یہ حقیقت دانوں کے لیے پسندیدہ ہے اور علم والوں کے لیے جائز اور اہل فسق و فجور کے لیے ناپسندیدہ)۔ طوالت سے بچنے کی خاطر ہم اسی پر اکتفا کرتے ہیں۔

## مقدمہ

(آواز کے بیان میں جسے ہندی میں ناد کہتے ہیں)

واضح ہو کہ آواز کی دو قسمیں ہیں۔ ایک وہ جو موجودات ممکنہ کے توسط کے بغیر ہو۔ اسے علماء ہندی اناہد کہتے ہیں ، اور یہ وہ صدا ہے جو ازل ازال سے ہے اور ''الآن کما کان'' (آج بھی ویسی ہے جیسی پہلے تھی) کے مصداق آج بھی اسی طور جاری ہے۔ اکثر لوگوں کا خیال ہے کہ اس ذات بے ہمتا کی علامت (؟) وہی نا منقطع صدا تھی۔ مسلمان اور ہندو فقرا صدا کو اذکار بزرگ میں سے سمجھ کر بڑی سخت ریاضت کے بعد حاصل کرتے ہیں۔ جب وہ کمال کو پہنچ جاتی ہے تو جسم اس کے سننے کے لیے سراپا گوش بن جاتا ہے اور سامعہ کی خصوصیت درمیان سے اٹھ جاتی ہے۔ البتہ دونوں فریقوں (مسلمان فقرا اور ہندو فقرا) میں اس قدر فرق ہے کہ مسلمان ''اللہ'' کے اسم کو اس آواز پر تصور کر کے اسے ''ذکر سماعی'' اور ''سلطان الاذکار'' سے موسوم کرتے ہیں۔ جبکہ ہندو لفظ ''شوہنگ'' کو اس پر اتار (؟) کر بازار انبساط کی رونق کا سامان کرتے ہیں۔ قدما کی کتابوں میں مرقوم ہے کہ حضرت موسیٰ ، علیٰ نبینا ؑ و علیہ السلام ، کوہ طور سے واپس تشریف لائے اور انھوں نے

Marfat.com

اس کے بھائی کو آلات کے ترتیب دینے میں کمال حاصل ہے ۔ چار چار گھڑی کتنے ہی رنگوں میں اور مختلف نغموں میں بہت سے آہنگ چھیڑتا ہے ۔ اور بڑی مہارت کے ساتھ اصل آہنگ کی طرف پلٹ آنے کی صلاحیت رکھتا ہے ۔ اس کی نقل اتارنے میں مغنیوں کے ہوش سر سے اڑ جاتے ہیں ۔ اس قسم کی صفت اور قدرت ہر کسی کا مقدر نہیں ہے ۔ اس کی ادائیگی کیفیت میں ڈوبی ہوتی ہے ۔ اس کا بھتیجا ستار بجانے میں کمال مہارت رکھتا ہے ۔ اس نے نئی طرز ایجاد کی ہے ۔ عمدہ سازوں سے جو تلاشیں (؟) ظہور میں آتی ہیں وہ ستار (سہ تار) سے پیدا کر لیتا ہے ۔ زمانہ کے نادرات میں سے ہے ۔ کئی بار ملنے کا اتفاق ہوا ۔ بڑی بڑی تفصیلی محفلیں میسر آئیں ۔ اور وہ میری بہت خاطر داری کیا کرتا تھا ۔ اور بے شمار جھنجھلاہٹوں کے باوجود صبح تک ایک ہی وتیرہ سے سرگرم ترنم رہا کرتا تھا ۔ فرمایشیں قبول کر لیتا تھا اور کھلے دل سے گانے لگتا تھا ۔

**تاج خان :** قوالوں میں سے ہے ۔ اس کی گائیکی اپنی رنگینی (؟) میں عالم بیخودی سے پیام لے کر آتی تھی ۔ اور اندر سے خالی بانس کی طرح خود بخود اس میں راہ پیدا ہو جاتی (؟) ۔ اس کا نغمہ بلبل کے آہنگ سے بھی زیادہ رنگیں تھا ۔ اس کی آواز برگ گل سے بھی نازک تر ۔ سننے والا بے اختیار جھومنے لگتا ۔ اور شوق حد سے بڑھ بڑھ کر آرزو کرتا تھا کہ

Marfat.com

اس آہنگ کو بار بار چھیڑا جائے ۔ خامہ بہزاد کی طرح سو نیرنگیاں اس کی بغل میں تھیں ۔ اس کی آواز اور الفاظ کتنی شاخوں میں بٹ بٹ جانے کے باوجود اسی مجمل فقرہ پر پلٹ آتی ۔ طبیعت کو اس سے ایسا حظ حاصل ہو جاتا تھا کہ اس کے نغمے کے سوا کسی طرف جھکتی ہی نہیں تھی ۔ کھانے پینے کی جانب بھی اس کو دلچسپی نہیں تھی ۔ عمداً کئی بار میں نے اندازہ لگا کر دیکھا ۔ اس کے مذاق میں چونکہ فقر و درد کی چاشنی تھی اس لیے اکثر گاتے گاتے رونے لگتا ۔ غرض اس کی آواز تاثیر والی تھی اور اس کا اثر دلوں تک جا پہنچتا تھا ۔ ہر ماہ کی ساتویں کو اس کے گھر اجتماع ہوتا تھا ۔ فقرا و مشائخ میں سے اکثر جو سننے کے شائق تھے تشریف لایا کرتے ۔ تمام اونچے پائے کے قوال بھی موجود ہوتے ۔ باری باری نغمہ آزمائی کرتے ۔ فقیر کے اعتقاد میں تمام حاضرین سے وہ بڑھ چڑھ کر تھا ۔ اس کے بیٹے جانی اور غلام رسول بھی اس روحانی شراب سے بہرہ مند ہیں اور باپ کے سپوت ہیں ۔ ایک دوسرے کے ساتھ ان کا اتحاد یہاں تک ہے کہ کوئی فرق محسوس ہی نہیں ہوتا ۔ ان کے ساتھ بھی چونکہ تعلق تھا اس لیے ان کی صحبتوں سے اکثر لطف اندوز ہوتا رہا ۔

**باقر طنبورچی** ۔ طنبور کی تار اس کی راگ جان ہے ، کہ ادھر حرکت میں آئی ادھر دل تھر تھرانے لگے ۔ اس کا نغمہ ایک ایسا سوہان تھا کہ گراں جانوں کے دل سنتے ہی چھل جاتے ۔ اس کے ساز کی صدا کی حزنیت اکثر سننے والوں پر رقت طاری کر دیتی اور وہ خود بھی وجد میں آ جاتا ۔ اس کے طنبور کا کاسہ مستوں کی نگاہ میں جام شراب سے زیادہ خوش نما اور اس کے ساز کی گردن گردن مینا سے رنگیں تر نظر آتی ۔ اس کی برجستہ تلاشیں آفرین کی صدائیں سمیٹتی اور اس کی بے ساختہ سلجھی ہوئی اداؤں پر تحسین کے آوازے ہوا میں بکھر جاتے ۔ اس کے خر طنبور کو اگر خرِ عیسیٰ پر ترجیح دیں تو بجا ہے اور اس کے نغمہ کو اگر لحنِ داؤدی

Marfat.com

تصور کریں تو جچتا ہے - بادشاہ کی سرکار میں اس کا مقام ہے اور اپنے امثال و اقران میں وہ قابلِ احترام ہے -

**حسن خاں رہابی :** اس فن میں اس کا قد چنگ کی طرح (کثرتِ مشق سے) جھک گیا ہے اور پختگیٔ مشق میں اس کی جیبِ عمر سے صبحِ پیری جھانک رہی ہے - ضعیفی کے باعث اس کا سر رباب کے تار کی طرح ہلتا رہتا ہے اور معقول روزی کے غم میں اس کا سینہ سدا چاک ہے - بیچارہ تنگ دستی کے پنجے میں جکڑا ہوا ہے - شاید رب‌الارباب کبھی اس کی امداد کو پہنچے - رباب نوازی کے اس فن میں استعداد رکھنے والوں میں وہ مسلم‌الثبوت ہے اور بڑی مہارت رکھتا ہے - دہلی کے مشاہیر میں سے ہے -

**غلام محمد سارنگی نواز :** بڑا تر زبان ہے - اس کا ساز سمع نوازی کرتا ہے آہنگ کامزن دلخراش اور پتھر کو پگھلا دینے والا ہے - اس کا کمانچہ ہر کشش پر جانوں کے جانب لگا تار تیر چلاتا ہے اور اس کی مضراب متواتر دلوں میں ناخن زنی کرتی رہتی ہے - بڑا پختہ مشق ہے اور بڑی صفائی والا ہے - اس کے ساز کی آواز سننے والوں کو لذت اندوز کرتی ہے اس فن کے سرکردہ اسے یکتا مانتے ہیں - اس کی عزت کرتے ہیں - مشائخ کے ساتھ اس کا زیادہ تعلق ہے - اپنے خیال میں اسے نشہ فقر بھی ہے - سب لوگوں کو اس کی صحبت بھاتی ہے اور ہر جگہ اس کی تعریف کی جاتی ہے -

**رحیم سین اور تان سین :** یہ تان سین کی لڑی میں سے ہیں - ان کے فن کی پختگی ان کے نسب کی صحت پر گواہی دیتی ہے - اور حقیقت میں سب مغنی ان کو مخدوم زادہ سمجھتے ہیں - اس کے گلے کی رسائی بزم ناہید میں ہلچل ڈال دیتی ہے - نغمات پر اس کو اتنی قدرت حاصل ہے کہ ہوا میں گرہ ڈالتی ہے - آواز گلے کے یوں گہرے میں ہے کہ جس قدر بھی

Marfat.com

مد و شد سے کام لے زور نہیں ٹوٹتا ۔ آہنگ اس ڈھب سے ساتھ دیتا ہے کہ آواز کو اٹھا لے جانے میں جہاں تک لے جائیں بے سرا نہیں ہوتا ۔ کبت کہنے ہیں اعجوبہ روزگار ہے ۔ دھرپد کے میدان میں مبارز سپہ سالار اس کی آمد آمد سن کر سیل بہاری کو تعلیم خرام دیتا ہے ۔ اس آہنگ کو پلٹانا آواز کے اصول کے مرکز کی جانب امواج دریا میں تلاطم پیدا کر دیتا ہے ۔ ایک بار ان کے ساتھ اور حسین ڈھولک نواز کے ساتھ کہ نادرالعصر تھا اور حسن خاں ربابی اور گھانسی رام پکھاوجی کہ اپنے وقت کے بے نظیر ہیں سب کے سب یکجا ہوئے ۔ برکھارت تھی ۔ ایسی محفل جمی کہ ان کے نغمات میں زور کا شور بھی سنائی نہ دیا ۔ اور جس عمارت میں بیٹھے تھے یوں لگتا تھا کہ ان کی آواز چھت پھاڑ کر باہر جارہی ہے ۔ مدتوں اس صحبت کا مزہ دل میں جاگزیں رہا ۔

یاد ایامی کہ عیش رایگانے داشتیم

**قاسم علی :** نعمت خاں کے شاگردوں میں سے ہیں ۔ اور ان سے ہی یہ نعمت حاصل کی اور خاصہ حصہ پایا ۔ ان کے ماتھے ہی سلامت روی کے آثار چمکتے تھے اور نگہت قبول صورت کے شامہ سے پھوٹتی رہی ۔ کبت پوری رنگینی کے ساتھ گاتے ہیں اور سننے والوں کو ممنون کرتے ہیں ۔ ظل سبحانی کے حضور اپنے جیسوں میں امتیاز رکھتے ہیں اور اکثر امرا ان کی توقیر کرتے ہیں ۔ چوں کہ عنفوان جوانی ہے اور نغمہ و صوت میں کمال کی مناسبت ہے اس لیے جمہور میں مقبول ہیں اور دلوں پر ان کے نغمے کا اثر گہرا ہوتا ہے ۔ ایک دفعہ سننے کا اتفاق ہوا اور دوبارہ سننے کا اشتیاق بھی بہت ہے لیکن بے استعدادیاں حایل ہیں ۔

**معین الدین قوال :** استاد زمانہ ہے ۔ اور قوالی کے فنون میں اپنے ہم پیشہ میں یگانہ ۔ اس کے نغمے کشمیر کے پھولوں کی طرح لاتعداد ہیں اور آہنگ کے سیلاب کی لہریں زمانے کے تسلسل اور الٹ پھیر کی

Marfat.com

طرح متعذرالانحصار - اس کا آہنگ خامئہ بہزاد کی طرح نغمے کی صفحہ ہوا پر تصویر کشی کر دیتا ہے اور برجستہ صدا کے غزال کو دام نفس میں لے آتا ہے - گانے کے پاٹے اس کے گلے سے وابستہ ہیں اور الاپ کی ادائیگی اس کی شیفتہ آرزو مند ہے قصہ مختصر کہ عالم امکاں میں کان کے لیے اس سے بڑھ کر کوئی ضیافت نہیں ہے - خدا اسے سننے والے کان عطا کرتا رہے -

برہانی : غنائے مطلق کا قوال ہے - اس نے موسیقی میں جو تصرفات کیے ہیں سینے کے قابل ہیں - اور اس کے نغموں کا آہنگ دوستوں کے کانوں کے لیے تمنا کرنے کے قابل ہے اس کی مشق پختگی سے بھی آگے خیال کی جاتی ہے - اور اسی فن میں اس کے مطلع عمر سے صبح پیری پھوٹ پڑی ہے - شاہ کمال کے ساتھ جو وجد کے سر دفتر ہیں اس کا بہت زیادہ ربط ہے - منگل کے روز مجلس لگتی ہے اور صوفیانہ رجحان والوں کے ہاتھ میں وجد کے لیے عجب تحفہ آ جاتا ہے - ایک بار ایسی صحبت نصیب ہوئی تھی اور اسی محفل میں اس کی آواز کے دبدبہ کے پہلو میں کرنا کی آواز بھی شرمسار ہوتی تھی -

برہانی امیر خانی : اس کا آہنگ اعتدالی ہے - اس کی آواز درمیانی امیر خاں کے مزاق کے مطابق اس کا ترنم ہے - نغمات کی ادائیگی میں بڑی تمکین سے کام لیتا ہے - سننے والوں کو اس کی انتظار رہتی ہے -

رحیم خاں جہانی : امیر خاں کی سرکار سے وابستہ لوگوں میں سے ہے خیال کو بڑے مزے سے گاتا ہے - ایسی ایسی تلاشوں سے کام لیتا ہے کہ سننے کے قابل ہیں -

شجاعت خان : اعلیٰ حضرت کے عمدہ کلاونتوں کے ساتھ اسے بھی نسبت ہے - کبت گانے میں اسے اپنے آپ پر ناز ہے - لیکن دلوں پر

Marfat.com

اس کی گرفت نہیں ہے ۔ اس کی وضع متعدیوں جیسی ہے اور پگڑی ترتیب اور تقطیع کے ساتھ باندھتا ہے ۔ اور اس پر سرپیچ ضرور ہوتا ہے۔ آنکھوں میں سرمہ ہر وقت لگا ہوتا ہے ۔ لیکن میں اسے بے بہروں میں شمار نہیں کرتا ۔

**سواد خان :** مکولہ اور سوادہ مشہور ہے ۔ کبھی مشاہیر دہلی میں سے تھے ۔ اس وقت دہلی کی سی ان کی ساکھ نہیں ہے ۔ قدما کو ان کی صحبت سے شغف تھا ۔ لیکن آج کے نوجوان ان کے کمال کو خاطر میں نہیں لاتے اور ان کا احترام اپنے جیسوں اور اپنے زمانہ کے لوگوں میں اسی وتیرہ کا تھا ۔

**بولے خان کلاولت :** بادشاہ کے ملازموں میں سے ہے اور ناظران شاہی کے جرگہ میں با وقار ہے اس کی گائیکی قدما کو پسند ہے ۔

**گھانسی رام پکھاوجی :** اپنے فن میں بلا شبہ مہارت رکھتا ہے ۔ اگر اس کے ساز کو چمڑے کی جگہ پھولوں کی پتی کہیں تو بجا ہے کہ اس کے ہاتھ کی حرکتیں برگ گل ہی کی طرح ہوا میں خرام کرتی ہیں ۔ انگلیوں کی گردش کمال نزاکت کے ساتھ نبض کی لپک کی طرح دائم آرام کے ساتھ چلتی ہیں اور فرط ملایمت سے ذوالعقول کے خیال کی طرح ہموار اور سنجیدہ ہوتی ہیں ۔

**حسین خان ڈھولک نواز :** نادرہ روزگار اور زمانے کے کم نظیر لوگوں میں سے ہے ۔ ڈھولک بجانے کے مرتبہ کو وہ آسمان تک لے گیا جس سے زیادہ کا تصور بھی نہیں کیا جاسکتا ۔ اہل ہند کا اتفاق ہے کہ اس سے بہتر ڈھولک بجانے والا سرزمین دہلی سے دوئی نہیں اٹھا ۔ مجمع میں وہ فخر سے کہا کرتا تھا کہ اگر چھ ماہ تک ایک ہی مجمع جم رہے تو ڈھولک کو ہر راگ میں رات کی طرح بجا سکتا ہے ۔ کہ اس میں

Marfat.com

ابتذال کا سوال ہی پیدا نہ ہو ۔ اور حاضرین اس کی تصدیق کیا کرتے تھے ۔ واقعی اس کے پاس ید بیضا تھا ۔ اگر آفتاب اور ماہتاب کو (؟) کے طور پر استعمال کریں تو زیب دیتا ہے ۔ اور اگر اس کی انگلیوں کو جو تیز حرکتی میں شوخی نگاہ سے بازی لے جاتی ہیں قیمتی جواہرات سے بھر دیں تو روا ہے ۔ دماغ پر زور ڈالے بغیر وہ بجانے لگتا ۔ گت تبدیل کرتا اور انگلیوں کے ساتھ تفہیم کی طرف رجوع کرتا ۔ ایک سماں باندھ دیتا تھا ۔ لوگوں کی زبانیں اس کی تحسین میں لگی رہتیں اور منہ آفرین کہنے میں لگے ہوتے ۔

**دھناکہ :** اس کے تلامذہ میں سے ہے اس کا خلیفہ ہونے کا امتیاز بھی رکھتا ہے ۔ اور اگرچہ اس تک نہیں پہنچتا چونکہ دہلی میں اس سے بہتر کوئی نہیں ہے اسے نعم البدل خیال کرتے ہیں ۔

**شہباز دمدمہ نواز** (؟) **:** اس کا باپ اعظم شاہ کی سرکار میں نوکر تھا اور یہی ساز بجاتا تھا ۔ اس وقت دہلی میں اس کی نظیر نہیں ملتی ۔ ایسی کاریگری دکھاتا ہے کہ پکھاوج اور ڈھولک بجانے والوں سے ممکن ہی نہیں اور گانے والے کے پیچھے ہر راگ جس کا وقت ہو اپنے ساز پر بجا لیتا ہے ۔ اور یوں کہ سننے والوں کو آہنگ کی سمجھ آجاتی ہے ۔ اس بات کو تسلیم کرنے میں ہر چند مجھے پہلے انکار تھا لیکن بعد میں اس روایت کی صحت کی تصدیق ہوگئی ۔

**نقد نام شاہ درویش :** گھڑا بجانے والا اندھا مادر زاد تھا ۔ گھڑے بجانے میں یوں طرح طرح کے تصرفات کیا کرتا تھا کہ ڈھولکیوں اور پکھاوجیوں کے ماتھوں سے خجالت کا پسینہ بہنے لگتا ہے ۔ اور ان کے حوصلے کا شیشہ اس کے ہاتھوں کی چابکدستی کے آگے ٹوٹ ٹوٹ جاتا ہے ۔ مجلسی لوگ بڑی عزت کے ساتھ اس کو سواری بھیج کر تکیے سے منگواتے ہیں ۔ اور محفلیں جماتے ہیں ۔ اس نے ایسا ساز ایجاد کیا ہے کہ

Marfat.com

جس میں کئی ساز جمع ہیں ۔ ڈھولک کی آواز بھی رکھتا ہے اور پکھاوج کی بھی ۔ پھر ضمن میں طنبور کی آواز بھی آتی رہتی ہے ۔ اگرچہ بصر نہیں رکھتا لیکن بصیرت تو رکھتا ہے ۔

ایک اور نابینا نظر پڑا جو پیٹ کو ڈھولک اور پکھاوج کی طرح قانون اور اصول کے مطابق بجاتا تھا اور بڑی بڑی نازک تلاشیں اختراع کیا کرتا تھا ۔ اس کے سازِ شکم کے ساتھ اکثر طوائفیں رقص کیا کرتی تھیں اور ارکانِ اصول میں کوئی گڑبڑ نہیں ہوتی تھی ۔ کثرت ضرب سے اس کا شکم اس کے بخت کی طرح سیاہ ہو چکا تھا ۔

**لقی** : چوٹی کے بھگت بازوں میں سے ہے اور تمام شعبدہ بازوں کا سرگروہ ۔ جناب سلطانی کے نظر منظوروں میں سے ہے اور خلوت خانہ خاقانی کے اربابِ سرا میں ہے ۔ بڑے بڑے امرا اسے عزت کے ساتھ پاس بلاتے ہیں اور اس کی صحبت کے خواہش مند رہتے ہیں ۔ بھگت بازی کا سامان کپڑوں اور آلات کی صورت میں ہر جگہ کا اور ہر فرقہ کا اس کے گھر میں موجود اور ہزار رنگ کے تماشوں کا مال و اسباب نقل کے حسبِ حال اس کی استعداد کے کیسے میں سدا رہتا ہے ۔ کتنے ہی لونڈے رنگ رنگ کے پھولوں کی طرح اس کے کارخانہ کے باغ میں حاضر اور نوخیز عنبربو نئے کھلے ہوئے ریاحین کی مانند اس کے اکھاڑے کے چمن زار میں مستعد ۔ ایک طرف نوخطوں کا ٹولہ دیکھنے والوں کے دل شکار کرنے کے لیے سبزے لئے دامِ گرفتاری بچھا رہا ہے تو دوسری سمت خوش نگاہوں کا جرگہ دلدوز غمزوں کے تیروں سے تماشائیوں کو نخچیر بنا رہا ہے ۔ اس کے صبیح چہروں والے صبحِ فطرت کی سفیدی کے خمیرمایہ کو نسر لڈانے میں معروف ہیں تو ملیح رنگ کے قدرت کے نعمت خانہ کے دسترخوان ہے نمک کی ڈلی . . . . . . . . اس کا گھر پری صورتوں کی جلوہ گاہ ہے تو اس کا کاشانہ آئینہ خانے کو رشک دلانے والا ۔

Marfat.com

نازک کمروں کی کمر کے بل پھول کی پتی میں بل ڈالتے ہیں اس کے مشکبوؤں کی زلف کا سلسلہ سنبل کی نبض کو مضطرب کر دیتا ہے۔ سیدھے قد والے اپنی ناز بھری چال کے ساتھ دلوں کو تسخیر کرنے میں لگے ہیں تو سیاہ چشموں والے تمام کے جانوں کا پیغام دینے والی باتوں میں مصروف ہیں۔ امرد مردانہ لباس ترک کر کے آتا ہے تو چشمِ تمنا روشن ہو جاتی ہے اور ہر کہیں کوئی نہ کوئی ملایم لونڈا مل جاتا ہے۔ اس کا بے مثال گھر رشکِ گلشن اور ہر صنف کے بےٹھکانوں کا ٹھکانہ کہ کمال اس پر جا کر ختم ہوتا گردانتے ہیں۔ وہ گویا ہر نوع کے مخنثوں کا رب النوع ہے جو اس کی تقلید کرنے اور پیچھے چلنے میں فخر کرتے ہیں۔ مختصر یہ کہ وہ رئیس المخنثین ہے اور انیس الفوادین(؟)۔

**عطائے عدیم المثال شاہ دالیال المعروف بہ سرخی:** اس کی زبان بلبل ہزار داستان کی طرح نواسنجی کے ساتھ ساتھ کتنی ہی زبانوں سے آشنا ہے نقالی اور لطیفہ گوئی میں قدما کے اسلوب پر مصاحبی کی دنیا میں بے مثال ہے مشق کی کثرت اور اختلاط کی کثرت کے باعث جو اسے موسیقی کے سلسلے میں میسر ہے کبت اور خیال وغیرہ اس فن کی قسموں میں خاصی مہارت رکھتا ہے۔ چنانچہ اس پیشہ کے ماہر اس کی عزت کرتے ہیں۔ اور چونکہ اس حالت میں اپنے آپ کو فقر سے نسبت دیتا ہے اور آباء اجداد کو مشایخ ٹھہراتا ہے اس لیے لوگ اس کے احترام کو ضروری کے جانتے ہیں۔ اس کی گائیکی میں بڑی پختگی اور رنگینی ہے۔ اور حقیقت میں باب مجلس اکابر ہے۔ قدما کی نشیدوں میں سرخی کی نشیدیں ہر رنگ ہزاروں ساتھ ایک نمونہ کی معلوم ہوتی ہیں اور یوں اس کی مادی ضرورتیں پوری ہوتی رہتی ہیں اور پھر تمام محفلوں میں بلایا جاتا ہے اور تمام اکٹھوں میں شہر کے امرازادوں کے ساتھ اس کی رسم و راہ ہے چونکہ متحمل اور خوش گو انسان ہے اس لیے اس کی دوستی کا رشتہ ہر جگہ بندھا ہے۔

Marfat.com

جہاں کہیں پہنچا منفعت کی کوئی سبیل نکل آئی ۔ ان لوگوں میں سے جن کا دم غنیمت ہے ۔ وہ رنگ رنگ کے کھانوں کا شوقین ہے اس کی صحیح بھوک کے آگے جوع البقر شرمسار ہے اس کو کھاتے دیکھ کر اذکیا کی طبیعتیں مکدر ہوتی ہیں بھر کھاتے ہوئے دیر تک کھاتا رہتا ہے ۔ حقہ کی خواہش بھی اسے بے تاب کر دیتی ہے ۔

**ذکر خواصی اور الوٹھا کا ۔** یہ دہلی کے معتبر نقالوں میں سے ہیں اور بادشاہ کی سرکار سے منسلک اور وابستہ ہیں ۔ رنگین مضامین اشعار میں باندھنا جو نشاط آور بھی ہوں لاجواب ہیں اور تازہ ایجاد نقلیں سنانے میں بے مثال خیال گانا ۔ رقص کرنا بھی ان کا ایک عالم رکھتا ہے ۔ جس مجمع میں طوائف آئی ہو ان کا نشہ رنگین دوبالا ہو جاتا ہے ۔

**ذکر معشوقہ ابوالحسن خاں پسر شریف خاں کا ۔** اس کا خمیر مایہ تمکین سے اٹھا ہوا ہے ۔ مزاج سراپا شگفتگی لیے ہے ۔ صحن گلشن کی طرح ہر حرف کی ادائیگی دل پر احسان کرتی تھی ۔ اس کے تبسم کی بہار ایک گلشن کی طرح ڈالنے کا ارادہ کیے ہوتی ۔ تکلم اس کا سنجیدہ تھا ۔ جس میں متانت اور وقار ہوتا اور سلیس روزمرہ میں اس کے حسن گفتار سے مفہوموں کا ایک جہان سامنے آتا ۔ گانا اس کا کمال خوبی اور دلربائی کے ساتھ ہوتا ۔ اور رقص خوش آیندگی اور رعنائی کی انتہا پر ہوتا ۔ میاں محمد ماہ (خدا اسے بخشے) کے گھر اس کا ورود اتفاق کی بات تھی ۔ ارباب محفل نے وہ لطف اٹھایا کہ آج بھی جب ذکر چلتا ہے سب اس محبت کی تجدید کی حسرت میں افسوس کرنے لگتے ہیں ۔ ایک کبت اور ایک خیال سوہٹھ میں سنا گیا کہ اگر عمر بھر اسے سنتے رہیں تو بھی طبیعت سیر نہ ہو ۔ اور اس کے ساتھ پھر بیٹھنے کا امکان ہی نہیں ۔ وہ تو ایک برق کی تجلی تھی کہ دوبارہ نہ چمکی ۔

Marfat.com

**ذکر جٹا قوال کا:** ارباب وجد وحال کے مجمعوں کی زینت اور تواجد اشتغال صوفیہ کی محفل کی شمع - ان آیات قرآنی کو جن میں وحدت وجود کا اشارہ ملتا ہے حزنیہ آہنگ میں گاتا ہے اور تصوف کی چاٹ والوں کو مرغ بسمل کی طرح مضطراب کردیتا - مشائخ سلف کے اقوال اسے اسقدر نوک زباں ہیں کہ اگر وہ کتاب سلوک ترتیب دینا چاہے تو کرسکتا ہے - شعرائے صوفیہ کے اشعار اسقدر یاد ہیں کہ اگر ان کو قید تعین میں لانا چاہے تو ایسا پائے کا مجموعہ بن جائے جس میں قدما کے تمام دیوانوں کے انتخابات شامل ہوں - وجد وحال فقر اس کے نغموں کے ساتھی ہوتے ہیں اور دلوں کا اضطراب اس کے ساز و نوا کے سنگی - تمام بڑے بڑے مشائخ اس کی تعریف کرتے ہیں اور وہ تمام اہل فقر کا محبوب ہے - شاہ باسط کی خانقاہ میں کہ صمصام الدولہ کے برادر زادہ ہیں اور اپنے آپ کو فقرا میں شمار کرتے ہیں اور ہر اتوار کو محفل خاص لگتی ہے - جس میں امیر غریب ہجوم کرکے آتے ہیں - اور سارا دن سماع پورے زوروں پر رہتا ہے - حسین لوگوں کی کثرت کے باعث ان کا گھر پری خانہ بن گیا ہوتا ہے - جٹا چونکہ ان کے وابستوں میں سے ہے بلکہ ان کا تربیت یافتہ ہے اس لیے وہ ہمیشہ اس انجمن فیض نشان میں شامل ہوتا ہے - اور اکثر ان کی تصانیف گا کر سنائی جاتی ہیں - ان محفلوں کی خصوصیات وجدانی ہیں اور بیان سے باہر -

**ذکر رحیم خاں - دولت خاں - گیان خاں اور هذه(؟):** ان کے کمال کی پہلی دلیل تو یہ ہے کہ وہ کولہ و سواد (؟) کی لڑی میں سے ہیں - جن کی گائیکی کی شہرت اتنی واضح ہے کہ بیان کی محتاج نہیں اور حقیقت بھی یہی ہے کہ یہ چاروں بھائی خیال گانے میں نظیر نہیں رکھتے - اس ناز کی اور اس ادائیگی کے ساتھ گاتے ہیں کہ ان کی معشوقانہ نازک مزاجی قیامت ڈھاتی ہے - ہر ماہ کی پانچویں کو ان کے گھر اکٹھ ہوتا ہے -

Marfat.com

تمام قوال گویئے وہاں آجاتے ہیں اور داد خوش نوائی دیتے ہیں - چونکہ اس ہنگامہ میں اہل کمال آتے ہیں جہاں گانے والوں کو پختگی کی سند ملتی ہے اس لیے دوسروں سے فارغ ہوکر ان کی باری آتی ہے جس کے لیے بہت انتظار کرنا پڑتا ہے - تب کہیں جاکر دولت خان گانا آغاز کرتا ہے اس کی آواز چونکہ باریک ہے اور لوگوں کی کثرت بےتابی سے قریب بیٹھنے کی خواہش کرتی ہے اس لیے عجیب عجیب کوششیں عمل میں لائی جاتی ہیں - کہ جب تک آواز بلند نہ ہو سننا ممکن نہیں ہوتا -

**رحیم خاں** کی سادگی میں بھی پرکاری ہے اور اس کی مشق پختگی کے کمال کو پہنچی ہوئی ہے - وہ خوش ادا ہے اور اس کا آہنگ بہت دلربا اور خاطر فریب ہے - امرا بڑے شوق سے اور قصد کے ساتھ ان کو اپنی سرکاروں سے وابستہ کرتے ہیں اور ہاتھوں ہاتھ لیتے ہیں اور کثرتِ شراب کے باعث جو ناملایم حرکتیں ان سے سرزد ہوتی ہیں ان کو برداشت کرتے ہیں - خوبصورتوں کی سیاہ مست آنکھوں کی طرح دن بھر مخمور رہتے ہیں اور مینا و جام کی گفتگو کے بغیر کچھ لب پر نہیں لاتے - گیان خاں اور بڈو کہ چھوٹے بھائی ہیں یہ بھی اپنے عالم میں تلاشیں رکھتے ہیں اور اہلِ مجلس سے تحسین و آفرین سمیٹتے ہیں - دہلی کے تمام مشاہیر اس مجمع میں موجود ہوتے ہیں اور اظہارِ کمال کرتے ہیں - مجمع خاطر خواہ ہوتا ہے اور صحبت دلچسپ رہتی ہے -

**اللہ بندی (؟)** : ایک امرد ہے جس کی داڑھی ابھی پھوٹ رہی ہے - بڑے متناسب اعضا رکھتا ہے - راوں کو بہت اچھا لگتا ہے - اس کا باپ مشہور قوالوں میں تھا - خود بھی خیال بڑے مزے سے گاتا ہے اور بڑی رنگینی سے کام لیتا ہے - بہت منظورِ نظر ہے اور دل سے چاہے جانے والا ہے -

Marfat.com

رجبی امرد : سیاہ رنگ کا ہے ۔ اس کا گلہ اپنی نازکی میں تار کی صدا کے ساتھ مقابلہ کرتا ہے اور جب تک قوت ِ ممیزہ درست نہ ہو دونوں میں فرق کرنا دشوار ہو جاتا ہے ۔ ساز کے تار سے اس کی آواز کو پہچاننا مشکل ہے ۔ دہلی کے مروجہ خیالوں سے جن کو سدا رنگ کہتے ہیں اس کی زبان آشنا ہے اور اس کا ناطقہ اس مرغوب اسلوب میں زمزمہ پیرا ہوتا ہے ۔

میاں پھینگا (؟) : ایک ہنگامہ آرا امرد ہے ۔ اس کا رنگ چینی (؟) ہے اور وہ سفید لباس پہنتا ہے ۔ قلعہ دارالخلافہ کے سامنے ہر روز بزم آرا ہوتا ہے اور تماشائیوں کی خواہش کے مطابق ہنگامہ آرائی کرتا ہے ۔ اس کا رقص دیکھنے کو سیر چوک کے لیے معتبر لوگ آتے ہیں اور اس کا جمال دیکھنے کو نفیس اور نادر چیزیں خریدنے کو بہانہ بناتے ہیں ۔ بے تکلف گاہک کسی نفع کے شائبہ کے بغیر ارد گرد باد پا گھوڑوں پر سوار ہو کر جمع ہو جاتے ہیں اور صنعت الہی کا معائنہ کرتے ہیں ۔ بیٹھے ہوئے اور کھڑے ہوئے لوگوں کی کثرت اس تماشا گاہ کے گرد استقدر ہوتی ہے کہ شمار سے باہر ہے ۔ لوگ خریدنے کی ضروری چیزوں کو چھوڑ کر اس تفریح میں مشغول ہو جاتے ہیں اور خریدنے کے پیسوں کو وقت کی پونجی کو ہاتھ سے کھو کر گھاٹا کھاتے ہوئے گھروں کو جاتے ہیں ۔ اس کے خرام کی ادائیں دنیا کے گھروں کی بربادی کا باعث ہیں اور اس کے التفات ِ خاص لوگوں کی غارت کا سبب ۔ اس کے رنگ کی صباحت ملاحت سے باج وصول کرتی ہے اور سبزۂ خط چمن کے گل بوٹوں سے خراج لیتا ہے ۔ سفید پوشی کے باعث اس قدر خوشنما لگتا ہے کہ گویا عین شام کے وقت صبح پھوٹ پڑی ہے یا گل ِ چاندنی ہے کہ فضائے چمن میں بے اختیار آگ پڑے ہیں ۔ سورج ڈوبنے تک جلوہ گری کرنا اور خاصی رقم بٹور کر گذر کی راہ لیتا ہے ۔ ہرچند بڑے عزت دار لوگ وہاں جاتے ہیں لیکن وہ

Marfat.com

کسی کے گھر نہیں جاتا - جو اس کا شیفتہ ہو اسے چاہیے کہ اس کے گھر جائے اور حظ اٹھائے -

سلطانہ امرد بھی ایک ہے - سبزہ رنگ اور بارہ سال کی عمر کا - رقص میں عجیب عجیب ادائیں اور شوخیاں کرتا ہے - اس کے گانے کی سحر کاریاں ایک دنیا کو مفتون اور خلقت کو مجنون کیے ہوئے ہیں - اس عمر میں اس نے علمِ موسیقی کو اس قدر سیکھ لیا ہے کہ مزید کی گنجایش نہیں رہی - اپنی غنچہ عالمی میں شگفتہ پھولوں کا مقابلہ کرتا ہے اور ہرچند کہ اس کے چراغ کا پرتو زیادہ نہیں ہے آفتاب کی ہمسری کا دعویٰ کرتا ہے - اپنی کم وسعتی کے باعث کان اس کی حسرت رکھتے ہیں اور آنکھ نگاہ کی کم ظرفی کے سبب خجلت میں ہے - ایک رات صبح تک ہمارے صاحبوں کی محفل کی رونق رہا اور جی بھر کر اس کی صحبت میسر آئی - ساری رات عشرت و انبساط میں کٹ گئی - اس کے ساتھ پھر مل بیٹھنے کی حسرت کے کانٹے یاروں کے دلوں میں موجود ہیں - شوق تحریک کا آرزومند ہے - درگاہی نام ایک زنگولہ نواز بھی اس کے ساتھ تھا وہ امردی کے مراحل طے کر چکا تھا - چونکہ اس کے مزاج سے اس کے بارے میں تعین نہیں ہو پاتا تھا اس لیے سوچ نے اس کی ٹوہ لگائی تو معلوم ہوا کہ زنگولہ نوازی اور رقص میں بے نظیر ہے - ہرچند اس کی وضع قطع رقص کی متقضی نہیں تھی لیکن طبیعت اس پر آئی کہ امتحان کی کسوٹی پر اس کا کھرا کھوٹا جانچا جائے - چنانچہ اسے رقص کو کہا گیا حقیقتاً اس کا استغنا اور تعین بجا تھا - اکیلا رقص کر کے لوگوں کو حسرتی کر جاتا - ہمہ تن کان بنا دیتا - کبھی ناچتے ناچتے ایک گھونگھرو کی آواز نکالتا کبھی دو کی اور کبھی سب کی - غرض حیرت انگیز قدرت اور مشق کا مالک تھا - اس طرح مورچنگ نوازی کو بھی اس طبقے میں دیکھنے کا اتفاق ہوا - گھاس کے ایک پتے کو منہ میں لے کر بلبل ہزار

Marfat.com

داستان کی طرح نواسنجی کرنے لگتا اور ہزار زبان کے ساتھ بولتا معلوم ہوتا ۔ اس کی نوا اور بلبل داستان سرا کے چہچہے میں فرق کرنا دشوار ہو جاتا ۔ منطق الطیر کو یوں لگتا کہ مجسم مشاہدہ کیا جا رہا ہے ۔

سرس روپ کی دلفریب حرکتیں دیکھ کر چشمِ تمنا روشن ہوتی ہے اور اس کی خرام کو سوچ کر دلوں کے صفحات رشکِ گلشن ہو جاتے ہیں ۔ اس کے آہنگ کی نسیم بہار آفریں ہے اور اس کے نغمے کی خوشبوئیں عطر سے بھری ہوئی ۔ اس کا رقص بہت ہی رنگین اور من بھاونا ہے اور اس کا گانا دور دور تک دلپسند و مرغوب ہے ۔ اہلِ جاہ و جلال کا وہ انتخاب ہے اور اصحاب وجد و حال کا پسندیدہ ۔ اس کے حسن کی جھلک نظر کو خیرہ کرتی ہے اور اس کے جلوہ کے پرتو کا تصور بھی عقل کو تیرہ کر دیتا ہے ۔ اس کی صحبت کا حصول اہلِ اقتدار کے وسیلے کے بغیر ممکن نہیں اور اس سے ملاقات کا ہو جانا تواضعات مناسب پیش کرنے کے بغیر دشوار ہے ۔ اللہ تعالیٰ اربابِ ذوق کی خاطر خواہی کو ملحوظ رکھتے ہوئے اسے ممکن بنا دے اور دستِ شوق کو دامانِ تمنا تک پہنچا دے ۔

**نور حدیقہ خوش ادائی اور خمیرمایہ روشنائی نور بائی :** دہلی کی ڈومنیوں میں سے ہے ۔ اس کی شان کی بلندی اس درجہ ہے کہ امرا اسے دیکھنے کی التجا کرتے ہیں ۔ بلکہ بعض تو خود اس کے گھر چلے جاتے ہیں ۔ اس کا گھر دولت مندوں کے گھروں کی طرح ہزاروں قسم کے سامان تجمل رکھتا ہے ۔ اور اس کی سواری نکلنے پر کتنے ہی چاؤش اور چوبدار آگے آگے ہوتے ہیں ۔ زیادہ تر وہ ہاتھی پر سوار ہو کر جاتی ہے ۔ جب بڑے بڑے لوگوں کے گھروں میں جاتی ہے تو جواہر کی مخصوص رقم رونمائی کے طور پر اسے پیش کی جاتی ہے ۔ اور اچھی خاصی رقم اس کے گھر بھیجی جاتی ہے کہ وہ دعوت قبول کرے ۔ رخصتانے کا اندازہ اسی سے لگایا جا سکتا ہے کہ اس کی صحبت کا چسکا جس کو پڑ گیا اس کی

Marfat.com

خانہ خرابی کا باعث بنا ۔ اور اس کی آشنائی کا نشہ جس کے سر چڑھا اس نے گرد باد کی طرح اس بے تابی کے حل میں دنیا بھر کی پونجی اس کام میں پھونک دی ۔ خلقت نے سرمایے اس ستمگر کی غارت کے نذر کر دیے ۔ اس کی صحبت جب تک جیب بھری ہے آپ کو جکڑے رکھتی ہے اور الفت بھی اس وقت تک قبول ہوتی ہے جب تک پیسے پلے ہیں ۔ اس کی تمکنت موتیوں کی تمکین کے ہم وزن ہے اور آب و رنگ گلشن کے آب و رنگ کا سا ہے ۔ سخن فہمی میں بے نظیر ہے اور نکتہ داں ایسی ہے کہ اس کی باتوں میں مزہ آتا ہے ۔ روزمرہ اس قدر شستہ کہ کان بوے بہار میں غوطے لگائیں ۔ محاورے کا استعمال ایسا کہ زبان پھول کی پتیاں تراشتی ہے ۔ ایسا رنگین ہم نشیں اگر مل جائے تو سب کچھ دے کر بھی سمجھو کہ مفت ملا ۔ اور اس قدر شوخیوں والا ہمدم میسر آئے تو اپنا جو کچھ ہو اسی کا سمجھو ۔ مجلس و ادب کے طور طریقوں کا لحاظ ایسا کہ ادیبوں کو اس سے درس لینا چاہیے ۔ حاضرین محفل کی پاسداری اس اندازہ کی کہ تہذیب الاخلاق کا درس دینے والوں کو اس سے تلقین لینی چاہیے ۔ گانا اس کا بے مزہ نہیں ہے ۔ اربابِ موسیقی اس کی تحسین کرتے ہیں جنگلہ کی جس کا آج کل دہلی میں بہت رواج ہے اس نے خوب مشق کی ہوئی ہے ۔ چند عورتوں کے ساتھ مل کر جن میں سے ہر ایک بیگم اور خانم نام والی ہے بزم آرائی کرتی ہے اور ہر کسی کی رعایت ملحوظ رکھتے ہوئے سفارشیں کرتی ہے ۔ اس کی خاطر داری چونکہ ہر کسی کو منظور ہے اس لیے جو کہتی ہے اسی قدر رقم دوسرے دے دیتے ہیں ۔ مختصر یہ کہ وہ دیکھنے کی چیز ہے سننے کی نہیں ۔ فقیر کو ایک بار اس کی صحبت میں بیٹھنے کا موقع ملا ۔

**چمنی** بھی دہلی کے مشاہیر میں سے ہے اور بادشاہ تک اس کی رسائی ہے ۔ موسیقی میں کسب کمال کے باعث اپنے عصر کے صاحب کمالوں سے

Marfat.com

مالہ ملاتی ہے - اسی لیے ہر کہیں معزز اور محترم ہے - اس کی محفل خاصی رقم خرچ کیے بغیر نا ممکن ہے - اس کمال کے علاوہ خوش صحبت بھی ہے اور خوش روزمرہ بھی - باتیں بڑی پختگی سے کرتی ہے - اس کی بہار جوانی سے صبح پیری کی تبا شیر پھوٹ پڑی ہے اس لیے بجز اس کے کوئی اس کے سرود کا شوق کرے وہ کسی کی طرف رجوع نہیں کرتی - بادشاہ بھی گاہ گاہ اسے یاد فرماتے ہیں - اور التفات کرتے ہیں - اس کا نغمہ ہوش کو سر سے اڑ جانے کی رخصت دیتا ہے اور اس کا آہنگ آرزو کے پانی کو ندی میں واپس لے آتا ہے - اس کی زبان ترانہ سنجی میں قینچی کی طرح چلتی ہے - اس کے اکثر ہم عصر اس کے کمال کا اعتراف کرتے ہیں - اہلیت کی مالک ہے - آشنائی کا پاس رکھتی ہے - ایک رات اس کے ہاں لطف صحبت اٹھایا صبح تک وہیں رہا -

بیگم دہلی میں مشہور و معروف ہے - کہتے ہیں کہ پاجامہ نہیں پہنتی - اور بدن کے نچلے حصے کو نقاش کے قلم کی رنگ آمیزیوں سے پاجامے کی کاٹ کے مطابق رنگین کر لیتی ہے کمخواب کے بند رومی تھان میں چھپے گل و برگ سے ذرا بھی مختلف نہ ہونے دیتے ہوئے قلم سے بنا لیتی ہے - امرا کی محفلوں میں جاتی ہے - پاجامے اور اس رنگ میں ذرا بھی فرق کیا نہیں جا سکتا - جب تک پردہ خود نہ اٹھائے کسی کا فہم بھی اس صنعت کو سمجھ نہیں پاتا - چونکہ ندرت اور اچنبھے سے خالی نہیں ہے اس لیے دلوں کو اس کی یہ ادا مرغوب ہے -

**مہیناری فیل سوار :** مشہور رقاصوں میں سے ہے اور طائفہ داروں کی سردار - اس کے نوکر چوبدار ہوتے ہیں - امرا کے ساتھ اس کے ہم چشموں جیسے مراسم ہیں - سفارشی رقع لکھتی ہے - اور وہ لوگ ان کو قبول کر لیتے ہیں - پہلے اعتماد الدولہ کے ساتھ اس کا خاصہ تعلق تھا - وہ اس کے گھر بھی جایا کرتے تھے - ایک بار تواضع کے طور پر آلات میکشی

Marfat.com

جن سے گلابی ، پیالہ وغیرہ مراد ہوتی ہے پیش کیے گئے ۔ چونکہ سب کے سب جڑاؤ تھے ان کی قیمت ستر ہزار روپے اٹھی ۔ یہ بات اس کے تمول کی دلیل ہے ۔

**خوشحالی رام جنی :** اعتماد الدولہ کی سرکار سے وابستہ لوگوں میں سے ہے ۔ عجب شان کا مالک ہے اور بڑے ٹھاٹھ رکھتا ہے مجلس میں ایک بار رقص کر رہا تھا شہر کے اکثر بڑے لوگ موجود تھے اس کی نظر میں کسی کی وقعت نہ تھی بے نیازی کے باعث کسی جانب توجہ نہیں کرتا تھا نہ مخاطب ہوتا تھا اس کا گانا بہت رنگین ہے اور اس کی حرکات بڑے پر تمکین ۔ آسا پورا بھی رام جنیوں ہیں سے ہے ۔ اپنے کمال شہرت کے سبب تمام محفلوں میں قابل احترام ہے اور تمام نغمہ سنج اس کا احترام کرتے ہیں ۔ اس کا گانا قدیم کلاونتوں کی طرح بہت مضبوط اور اتار چڑھاؤ استادوں کے قانون کے مطابق ہیں ۔ اس کے نغمے میں انتہائی ربط ہوتا ہے اور ہر حال میں سرسبز ۔ اس کا آہنگ ہر کہیں سرخرو ہے ۔ ذرا عمر کے ڈھلنے کے باعث ہم مجلسی کا لطف لینے والوں سے البتہ قدرے کٹا رہتا ہے لیکن نغمے کے قدر دانوں کی نگاہ میں اس کی بہت قدر ہے وہ حرمت طلب بھی ہے مستحق حرمت بھی عزت کا خواہاں بھی ہے اور حق دار بھی ۔

**چک مک** کی بہار جوانی میں شوخی کا عجب رنگ تھا ۔ جمہور کے دلوں کو اس نے موہ لیا ہوا تھا بادشاہ جم جاہ بھی اس کے فریفتہ تھے ۔ چک مک اسے خطاب دیا ہوا تھا اب کے قدم بڑھاپے کی جانب اٹھ چکا ہے اس کی آؤ بھگت بھی ڈھل رہی ہے ۔ اس کا آہنگ سامعہ پرور ہے اور اس کے شور نغمہ کا جنوں سر میں ہے ۔ لوگ بڑی رقمیں خرچ کرتے تھے جب کہیں جا کر اس کے ساتھ شب بسری ممکن ہوتی تھی اور زر راہوں میں اچھالنے سے راہ مدعا کھل پاتا تھا ۔ اب بھی خاصہ خرچ کیے

Marfat.com

بغیر اس کی صحبت میسر آنا ممکن نہیں اور اس سے آشنائی کا رابطہ بڑی پہنچنے والی ساجتوں کے بغیر نامکمل ۔

کالی گنگا (؟) : چوٹی کی رقاصاؤں میں سے ہے اور احترام کیشوں (؟) کے فرقہ میں سے ہے ۔ اس کا کالا رنگ گلرخوں کے خال کی طرح زیب افزا ہے اور سیاہ چشموں کی آنکھ کی سیاہی کی طرح مردمک آرا ۔ اس کی تمکنت اس مرتبہ ہے کہ بات بڑے پیچ و تاب کھا کر کہیں زباں تک راہ پاتی ہے ۔ اس کا خرام یوں تدریجی ہے کہ مجلس کے دائرہ میں قدم رکھتے ہی دلوں میں اضطراب کو راہ مل جاتی ہے اس کا گانا نغمہ سنجوں کے لیے نمونہ ہے اس کا رقص چابک خراموں کا دستورالعمل ٹھاٹھ سے خالی نہیں ہے اور وہ اسے جچتا بھی ہے لوگ اس کی مصاحبت کی آرزو بھی کرتے ہیں اور مصاحبت رکھتے بھی ہیں ۔

زینت : کی خوش ادائی مواد باہ کو ہیجان میں لانے میں دخیل ہے اور اس کی نازک اندامی شہوت کو ابھارنے میں کفیل ہے ۔ اس کا نغمہ پیغام حلاوت دیتا ہے اور اس کا آہنگ اپنی صفائی کے باعث کانوں پر احسان دھرتا ہے ۔ اس کے دلکش نغمے چہرے کی صفائی کے ساتھ ہم رنگ ہیں اور آہنگ رنگ کی صفائی کا ہم سنگ ۔ لطیف طبعوں کا اس کی لطافتوں کے نظارہ کی جانب طبعی میلان ہے اور لطیف مزاجوں میں اس کے مشاہدہ لطافت کو دیکھنا ایک فطری خواہش ۔ اس کا رقص خرام کے سوا کچھ نہیں اور دلوں کے زیادہ قریب ہے اور اس کا ہم آغوشی کو قبول کرنا جانوں پر قدم رکھتا ہے اور خوش آیند ہے ۔ ہر رات وہ کسی نئے حریف کی ہم آغوش ہوتی ہے اور ہر روز کسی نئے خوش مزہ کے پہلو میں ۔ استدعاؤں کے ہجوم کے باعث اس کی محبت میسر آنے کا امکان کم ہے کاش کہیں سے کوئی راہ پیدا ہو جاتی ۔ مصروفیات کی کثرت سے وقت کا قافیہ تنگ ہے اور اس کا گھر یاروں کے دوش پر ہے اور اس کا

Marfat.com

خانہ بدوشی کا دعوٰی بے تردید ۔ اس کا کاشانہ ہم بزموں کی بغل میں اور ان کا بغل گیری کا ادعا بھی اس کے ساتھ مناسب اور حتمی ہے :

می کشندش چو قدح دست بدست
می برندش چو سبو دوش بدوش

گلاب کے گانے سے گلاب کی خوشبو مشام تک پہنچتی ہے ۔ اس کی رنگین حرکات دیکھ دیکھ کر شراب کی کیفیت ہاتھ لگتی ہے ۔ اس کی وضع کی پختگی طبع کو اچھی لگنے والی ہے ۔ اور حاضر جوابی ہر کسی کو پسند ہے اور منی جاتی ہے ۔ وہ نکتہ فہم ہے اور خوش نغمہ سخندان ہے ۔ سب نغمہ سنج اسے تسلیم کرتے ہیں :

محو کدام آئینہ سیما شود کسے
آئینہ خانہ ایست دوعالم زروی تو

**رمضانی :** اس کا خیال عید رمضان کی صبح کی طرح دلوں کا زنگ اتار دیتا ہے ۔ اس کا نغمہ ہم نشینوں کے دلوں میں تاثیر ہوتا ہے ۔ جس محفل میں وہ وارد ہو گویا وہ جگہ عیدگاہ بن جاتی ہے ۔ جس مجمع میں وہ آئے وہاں سب تہنیت کہنے لگتے ہیں ۔ قدردانوں کی صحبت کا اسے خود اشتیاق ہے اور ادا فہم اور نکتہ دان کی آرزو ۔ اس کی عمر اختلاط کا کرم کرنے میں مانع ہے ۔ ہوس اس کے آگے جاکر ٹھوکر کھا جاتی ہے اور اس کی کہولت اجتناب کا سبب ۔ ورنہ اس کا پہلو تکلف سے خالی ہے ۔

**رحمان بائی :** وہاڑی (؟) زادوں میں سے ہے ۔ اس کے رنگ کی سیاہی قلمی تصویر سیاہی کی طرح صاحب نظروں کو پسند ہے اور اس کے آہنگ کی تاثیر نشتر فصاد کی طرح رگ جاں میں حرکت کا باعث ۔ استعداد کے چہرے پر وہ تل کی طرح ہے اور چشم ایجاد کے لیے سرمہ کی مانند ۔ شام کشمیر

Marfat.com

کی طرح اس کی رنگت نظروں کو بھلی لگتی ہے - اس کے چاہ ذقن کی تاریکی آب حیات کی سیاہی کی طرح آنکھ کی پتلیوں میں جان ڈالنے والی ہے - اس کی سکنات شوخی بھری رہتی ہیں اور حرکات فتنہ انگیز - جس محفل میں وارد ہوتی ہے بڑے تکلف کے ساتھ بدن چرا کر جاتی ہے اور دست برد ہوس سے محفوظ واپس بھی چلی جاتی ہے - کہتے ہیں کہ ابھی اس کا خط بند ہے اور مہر نہیں ٹوٹی ہے :

خطش نہ کردۂ مانی نہ نقش بہزاد است
کہ ایں سیاہ قلم کار خوب آستاد است

**پنا بائی :** یہ نعمت خاں کے مخصوص شاگردوں میں سے ہے - اور اس کی بلبلِ زبان غزل خوانی کرتی ہے - اگر اس کے وصف بیان کرنے کے لیے زمرد کا قلم ایجاد ہوجائے تو زیب دیتا ہے کہ اس کے آہنگ کی سرسبزی کی بہار اس کی صدا سے وابستہ ہے اور فراق کے مارگزیدوں کا تریاق بنتی ہے - اس کی نوا بلندی پر جاکر بھی پھٹ نہیں جاتی - اس کے نغموں کی گرانی اس درجہ کی ہے کہ سانس لینے کے وقفہ ہی میں اس کے نغمے کی آواز پوری شد و مد کے ساتھ شعاع آفتاب کے تار کی طرح آسمان سے جا ملتی ہے - اور اسے تصرفات میں وہ مہارت حاصل ہے کہ جتنے عرصے میں فہم سلیم اسے سمجھ پاتا ہے وہ تار ہوا پر گرہ لگا آتی ہے - ذوالعقول جانداروں کی سوچ کی طرح اس کا آہنگ رسا فلک تک جا پہنچتا ہے اور منجم کی سمجھ کی طرح اس کی بلند آواز گائیگی بلندیوں کو مائل ہوتی ہے - اس کی دلپذیر گفتگو مجلسی لوگوں کے لیے سند بنتی ہے اور اس کی بات چیت کی تمہید عشرت طرازوں کے لیے دستورالعمل کا کام دیتی ہے - ہربات میں کوئی نہ کوئی نکتہ رنگیں چھپا ہوتا ہے اور ہر حرف کی ادائیگی میں خاصی ذہانت ملی ہوتی ہے - اس کی حسن ادا دوسروں کے حسن سے زیادہ دلکش ہے اور بات کا سلیقہ ایرے غیرے

Marfat.com

کے ناز و ادا سے زیادہ خوش آیند ہے - جس کان کو اس کے آہنگ کا چسکا پڑگیا وہ دوسری مسموعات سے بے نیاز ہوگیا اور جس نے اس کے نغموں کے گھونٹ چکھ لیے دوسروں کی نوا کی چاشنی سے کنارہ کرگیا - اس کا قدم رکھنا ہرجگہ عزت افزائی گنا جاتا ہے اور اس کا گانا ہر حالت میں عشرت کا باعث بنتا ہے -

**کمال بائی :** خوشنوائی کی شاخ کی طوطی ہے - اس کے نام کی طرح موسیقی میں اس کی مشق کی صفائی کا شہرہ بھی دور دور تک ہے - اچھی ادا کے ساتھ رقص کرنے کا ڈھنگ بھی عظمت و جلال تک پہنچا ہوا ہے - ایک مدت تک بادشاہی محل میں بزم آرا رہی - اور گانے کی محفلوں میں سخن سرائی کرتی رہی - آج کل چونکہ نادرشاہی افتاد کے باعث بادشاہ دین پناہ کا مزاج ساز و نوا سننے سے ہٹ گیا ہے اور گانے والوں کا گانا بالکل بند کردیا گیا ہے اس لیے اس کی صحبت میسر ہوگئی ورنہ عقل اس کا تصور بھی نہیں کرسکتی - اس کا گانا کلاونت بچیوں کے ضابطوں کے مطابق ہوتا ہے - بڑی رنگینی اور دردیلی آواز کے ساتھ گاتی ہے اور سننے والے کو وجد کے دائرے میں لے جاتی ہے - اکثر نعمت خاں کا خیال گاتی ہے جو بادشاہ غازی سے منسوب ہے - اور یوں مشتاقوں پر انبساط کے دروازے کھول دیتی ہے - اس قدر پختہ مشق ہے کہ اگر دن رات بھی اسے گاتے رہنا پڑے تو بلبل بہار کی طرح گاتی چلی جائے گی اور چمن کے ٹکڑے کی طرح اپنی تر زبانی سے گلفشانی کرتی رہے گی - ہاں تمکین و ادا سے خالی نہیں ہے - شوخیاں کرنی جانتی ہے - آداب و آئین کے اعتبار سے اپنے امثال و اقران میں وہ مستثنٰی ہے - جس نے اسے بلایا حظ مستوفی سے لوح خاطر پر اس کی الفت رقم کی -

**اوسا بائی :** رنگینی اور پختہ روانی کا نمونہ ہے - اس کی بہار دلپذیر کی رنگینی نسیم بہار کی طرح انبساط و بہار کی چمن آرائی کرتی ہے -

Marfat.com

اس کے بےنظیر نغموں کا آہنگ نزہت و نشاط کے پھولوں کی گلدستہ بندی کرتا ہے - اس کی حاضر جوابیاں عالم ہدایت میں فکر امیر کی طرح شوخی اور رنگینی سے لبریز ہے - اس کی نقالی نقل شراب کی طرح نمکین لیکن بڑی خوش مزہ - حرکات و سکنات سب موزوں اور مرغوب - اس کا خرام ، اس کی ادا سب خوش اندام اور خوش اسلوب - کبت کی کی دنیا میں اکھاڑا مارنے والی اور فضاے خیال میں خیال ہی کی طرح بے نظیر - طبیعت الفت کرنے والی پائی ہے اور مزاج وفا آشنا ہے - اکنور (؟) اسی چمن کا نہال نوخیز ہے کہ موزوں قدی میں سرو گلشن کو رشک دلائے - میرے صاحب میاں محمد ماہ کی معشوقہ ہے جو معاشرت پیشہ طبقے کی سند ہیں - اور تمام اکبری بزم آراؤں کے سرگروہ - ان کے دولت خانہ میں اکثر محفلیں لگتی تھیں اور خوب لطف آتا تھا -

**پنا تنو (؟)** : اس طایفہ کی مقدم ہیں - حسن سرشار ، کمال وجاہت ، حسن غنا اور انگ ڈھنگ کے تناسب کے باعث بادشاہی جناب میں منظوری پائی - اور بڑی بڑی عنائتیں اس پرکی گئیں - آج کل آپ ہی مشتاقوں کےلیے بزم آرائی کرتی ہیں - اور آرزو مندوں کے لیے خود ہی رنگ افروز ہوتی ہیں - اس کا خرام جونہی رقص آشنا ہوا تحسین کا شور نغمہ میں بلند ہوجاتا ہے - اس کی صدا جب بھی بلند ہوئی آفرین کا غلغلہ فضاے ہوا کو تنگ کردیتا ہے - اس کے روزمرہ کی رنگینی کان کو گلگشت بہار کا سماں بخشتی ہے - اس کی میٹھی قسمیں جو اصل میں محاورہ ہی کا حصہ ہوتی ہیں دلوں کے کانوں پر بیخودی کا افسوں پھونک دیتا ہے - اس کا خیال الاپنا اس نزاکت اور انداز کا ہوتا ہے کہ سننے والے کا حوصلہ شور مچادیتا ہے اور بے اختیار بہار اسے بالوں سے پکڑ کر وجد و حال کے دائرہ میں لے آتا ہے - راگ کے بھوکوں کو اس کی صحبت کے دسترخان سے سیری نہیں ہوتی اور حسن کا نظارہ نہ کر پانے والوں کو اس کے دام اختلاط سے

Marfat.com

رہائی ممکن نہیں ہوتی - خصوصاً پنو(؟) کہ اپنے غمزے کی طرح ناز نخرے کے سرپنجے سے زبردستی جانوں کو پیچ و تاب میں ڈالتی ہے اور سامان حسن و جمال کی اعانت سے جس پر جملوں کی شوخی اور بڑی بڑی رنگین قسمیں جو بار بار آن کر غمِ دل کے نظم کو قابو کرلیتی ہیں مستزاد ہوتی ہیں - اپنی نگاہ کی کافر ماجرا اداؤں کے مقابلہ میں قلم نرگس کی طرح حیرت ایجاد اور اس کے بات کرنے کے اسلوب کے سامنے خامہ کا نالہ بانسری کی طرح سراپا فریاد - اس کے اسیروں میں سے ایک گل دستہ بند رنگینی مرزا میاں محمد ماہ ہیں جن کے ساتھ الفتیں اور بزم آرائیاں دماغ زندگی سے دھواں اٹھا دیتا ہے :

رفتیم و نرفت حسرت از دل　　　چوں آئینہ ایم جلوہ بسمل

* * *

Marfat.com

Marfat.com

## مرآۃ آفتاب نما

### عبدالرحمان شاہ نواز :

عبدالرحمان شاہ نواز خان ہاشمی نام اور لقب ہے - آخری مغلیہ دور کے بادشاہ اکبر شاہ ثانی کا وزیر تھا - اس سے پیشتر وہ شاہ عالم کی چہیتی بیٹی کا اتالیق اور شاہی محل کا ناظم مطلق بھی رہا - جب اکبر شاہ ثانی ۱۲۲۲/۱۸۰۷ میں تخت نشیں ہوا تو اس نے اسے اپنا وزیر بنا لیا - لیکن اس کے کوئی چھ ماہ بعد شاہنواز خان راہی ملک بقا ہوا -

مرآۃ آفتاب نما اس کی اہم تصنیف ہے - شاہ عالم کا تخلص آفتاب تھا - اسی رعایت سے شاہنواز نے اپنی کتاب کا مذکورہ نام رکھا - اس کے علاوہ اس نے اس نام کو تاریخِ تکمیل کے پیش نظر اختیار کیا - یعنی ۱۲۱۸/۱۸۰۳-۴ میں یہ کتاب ختم ہوئی اور ''مرآۃ آفتاب نما'' کے یہی اعداد (۱۲۱۸) بنتے ہیں - یہ کتاب ایک قسم کا تذکرہ بھی ہے اور ایک عمومی تاریخ بھی - اس میں شاہ عالم کے عہد کے حالات بڑی تفصیل سے دیے گئے ہیں -

شاہ عالم کے دور کی تفصیل کے علاوہ اس میں بعض مفید جغرافیائی اور سیرتی معلومات بھی شامل ہیں - یہ ۹۳۴ صفحات پر محیط ہے ، اور متنوع مضامین و موضوعات کی حامل - جن میں سے چند ایک یہ ہیں :

Marfat.com

تخلیق کائنات ، معدنیات ، حیوانیات ، اشجار ، نسل انسانی ، اخلاقیات ، انبیاے کرام علیہم السلام ، رسول اکرم صلی اللہ علیہ و سلم ، ازواج مطہرات رضوان اللہ علیہا ، اہلبیت عظام ، صحابہ کرامؓ ، فلاسفہ ، صوفیہ ، اولیا ، شعرا ، مصور ، خوش نویس ، ہندوون کے مذہبی فرقے ، بنوامیہ اور بنو عباس ، عجائب و غرائب دنیا وغیرہ - پھر موسیقی کے لیے بھی ایک باب مختص ہے جو یہاں پیش کیا گیا ہے - یہ کتاب ہنوز حلیہ طباعت سے آراستہ نہیں ہوئی -

* * *

Marfat.com

# مرآة آفتاب نما

## تجلی : در احوال و اصول علم موسیقی و تصنیف نایکان اہل ہند

پوشیده نماند که در تحریر (؟) اسماء قدمای اغانیه واضعین این علم و اسامی اغانیه متاخرهٔ یعنی نایکان که نظر بر عبادت دانسته معنی آن نمایند و بعضی راگہا مخترعه متاخرین و شمار بعض مشاہیر گندہپ و گن کار که بمرتبه از مراتب کمال این فن رسیده اند و ماره (؟) در ترقیم کیف و کم یعنی سر و تال و تال‌ہای مروجه و بعض اصطلاحات بر سبیل ایجاز و اختصار پرداخته تا بر خواہنده خواننده) و دانده فی‌الجمله بصیرتی محصول انجامد ـ چون مقصود از تدوین این کتاب طریقه ضبط تاریخ و تتبع اغنیاء مقرر گشته لہذا شمهٔ از احوال اغانیه قبله (؟) و متاخره نگشته آید ـ بعد آن به نظیر سر و تال و تعریف علم موسیقی و مصطلحات خراہد پرداخت ـ

اغانیه قدیمه که واضع ابن علم اند بر(در) مذہب ہنود دیوتا گفته میشود و ہنود آنہا را''سروپ خوب''(؟) یعنی واجب الوجود اعتقاد دارند ـ نعوذ بالله :

اول : شمیشر یعنی مہادیو که واضع اول این علم است ـ دوم : کہب ـ سوم : ہنومان ـ چہارم باربتی زن مہادیو ، پنجم سرستی ششم واہی ـ ہفتم سیس ، ہشتم نرد ، نہم کمناتہ ، یازدہم کشب ، دوازدہم ساول ، سیزدہم دسول ، چہاردہم استو ، پانزدہم بابا ، شانزدہم ہوہو ، ہفدہم راون ، ہزدہم دسا ، نوزدہم ارجن بیتم درگا ـ

Marfat.com

اسامی اغانیه متاخره : که این علم را بطور عبادت دانسته یعنی نمایند و آن یازده کس اند ـ اول جناب حضرت امیر خسرو دهلوی قدس سره که درین علم بمرتبه نائیکی رسیدند (؟) وا"لا ذات شریف ایشان اندرین سلسله شمردن و نوشتن دور از ادب است ، دوم گوپال ، سوم بیجو ، چهارم پانڈوی ، پنجم بکسو ، ششم لوہنگ ، ہفتم چرجو ہشتم بهگوان ـ نهم بهنو ، دهم دوندی یاز دہم دالو

اسامی گندهرب های دکن ـ کار زیاده از شمار است و از جمله مشاهیر آنها سلطان حسین شرقی و تان سین و باز بهادر روپ متی و شیخ پیر محمد و شیخ کبیر و ذوالقرنین فرنگی و بده سنگه و نعمت خان و فیروز خان وغیره درمحثی علیحده ازینکه نائیک کیست و گندهرب کدام و کلاونت احوال وغیره نوشته میشود ـ حضرت امیر خسرو دهلوی قدس سره ، کمالات صوری و معنوی آنجناب در طبقهٔ صوفیه در همین کتاب مرقوم است ، صاحب کمال این علم بودند ـ چون مدار خوانندگان هندوستان برکبت و چهند و دهرو پد وغیره بود این نغمات بزبان کرناٹک شیوع داشت و مردم اینجا از ادراک معانی آن سوای نغمه در نمی یافتند ـ حضرت امیر آنرا بر چهار گونه سرائید ـ اول قول عربی و فارسی نظم باشد یا نثر بنای وی بر یک تال یا دو باشد یا چهار تال باشد که اول از ایشان در مقابل نائیک گوپال ارشاد گشته است و این در کهتراگ فرموده اند ـ

دوم اشعار فارسی یا ترانه مبنی بر یک تال سوم ترانـــه بغیر اشعار ، چهارم خیال ـ و راجه مان و سلطان حسین شرقی بعد حضرت امیر خسرو بر خیالها تصنیف نموده و سبب تصنیف قول وغیره آنکــه چون نائیک گوپال از دکن بهند آمده بحضور سلطان علاءالدین خلجی

Marfat.com

در علم کبت و سنگیت بر معاصرین تفوق گرفت و بر سلطان تغلق اوگران آمد حضرت امیر خسرو پنهانی نغمۂ نائیک شنیده از اندازه کبت و سنگیت بر معاصرین تونق گرفت و بر سلطان خواند؟) از اندازۂ کبت وی به جودت ذهن قول و ترانه ازو استنباط نموده برنگینی پیش نائیک بخواند او حیران و متعجب ماند (؟) و گفت که عجب دزدی کردۂ که مرا بوی دسترس نیست۔ ہر چند این حکایت مشہور و در کتب مسطور است لیکن در احوال نائیک گوپال و امیر اخسرو بُعد کایست مگر این نائیک گوپال کسی دیگر بوده باشد۔

مخترعات امیر خسرو دوازده: مجیره، سازگری، یمن، عشاق، موافق، غنیم زیلف، فرغنه، سرپرده، باخرز، فرودست، صنم، بعضی بر (آنہا) اضافه کرده اند۔

مخترعات بہاءالدین زکریا قدس سره، دو راگنی است۔ ایشان در ٹوڈی مالسری را و دھناسری را ضم نموده ملتانی دھناسری نامیده اند و این مرغوب طبع حضرت خواجه قطب‌الدین قدس سره، بود و دویم پوریا را در دھناسری افزوده مسمی به پوریا دھناسری فرموده اند۔

بکسو نائیک از تربیت یافتگان راجه مان است۔ صوت وی برخلاف مغنیان که اقل یا دوکس ہم آواز میباشند نیک بخوانند و آنہا نہایت سیر آہنگی میخواہد و پست بلند میخواند و در آلات طرز یکتای داشت نغمۂ (؟) راجه مان چندی باپسرش راجه بکرماجیت بسرمی برد۔ چون ولایتش از تصرف بدر رفت وی نزد راجه کرت مرزبان قلعه کالنجر رفت و چندی در آنجا گذرانید آخر سلطان بہادر گجراتی آوازۂ کمالش شنیده از راجه کرت طلب نمود و سلطان از ملازمتش بسیار مسرور شد و او را تصرفات است۔ لہذا متصرفات وی مرقوم میگردد۔ در ٹوڈی دیسکار او حال داده بہادری

Marfat.com

نام نهاده بنام سلطان بهادر گجراتی که معاصر او بود و در کانهڑا سیام را دخل داده نائیکی کانهڑا نام نهاد و در کلیان تصرف نموده نائیکی کلیان مشهور ساخت و مغنیان هند میگویند که نائیک بکسو بکسوت فقیر و درویشی عمر گذرانید و بخدمت سلاطین و امرا نرفت و بصحرا می نشست. واضح آنکه بکسو غیر بخشو بوده است -

بیجو نائیک، در مرآت اسکندری مرقوم است که در عهدیکه همایون بادشاه بتسخیر ملک گجرات توجه داشتند و مسدد مفتوح شد و روز شنبه حضرت جنت آشیانی لباس سرخ بوشیده حکم بقتل عام فرسودند درین هنگام بیجو نائک که مقرب سلطان بهادر بود بدست مغلی افتاد و وی خواست که نائیک را بقتل رساند - نائیک گفت که از کشتن من چه منفعت بتو خواهد رسید، مرا نگهدار که برابر خود طلا وزن کرده بتو میدهم - مغل طماع دستش بد ستارش بسته گرفته بگوشه بنشست که ناگاه راجه ازسنشیان(؟) رکاب والا که به بیجو معرفت داشت رسید - فوراً از دست مغل رها کرده همراه خود گرفت و مغل تیغ آ ختهٔ فریاد زنان بدنبال شتافت تا آنکه هر دو بحضور بادشاه رسیدند و آنجناب در آنوقت در نهایت غضب بود - مغل فریاد بر آورد که بندی من از مقربان سلطان بهادر است - درین اثنا خوش حال بیگ قورچی حضور که اکثر نزد سلطان بهادر میرفت و بیجو را شناخت ، عرض کرد که این کلانوت بادشاه لولیان است بادشاه بنظر تشویش دید - باز همان لفظ را اعاده کرد و سی گست قربانت شوم گویند درین عصر مثل این موجود نیست - شعله غضب بادشاهی اطفای یافت و بیجو را حکم شد که چیز بگو - وی در نغمات فارسی دستی تمام داشت در آنحال این بیت در آهنگ ادا کرده :

کسی نماند که او را به تیغ ناز کشی
مگر تو زنده کنی عالمی و بار کشی

Marfat.com

فوراً تغیری بخاطر بادشاه براه داده و غضب برحمت ،بدل شد و لباس سرخ بخدمت سبز تبدیل گردیده و بیجو اشاره رفت که ہر چه می خواہی بیابی وی عرض کرد که قتل عام موقوف شود پذیرا شد ـ آنگاه ترکش خاصه در کمر بیجو بسته مقرب ہمراه داده فرمودند که ہرچه بیجو گوید بعمل آرند ـ چون این حکم ظهور یافت وی بسیار کس از مقربان سلطان بہادر مستخلص ساخت و خود گریخته پیش سلطان رفت ـ نائیک گوپال از شاگردان نائیک بیجو مذکور است گویند او روی قدم سرگذشت ـ منقول است که راجه از راجهای ہندوستان بصد اشتیاق نزد وی رفت و نائیک مذکور در آنحال بعبادت خود (؟) داشت اصلا بطرف راجه ملتفت نشد این معنی گرانیٔ خاطرش گشت ، ناگاه دیدکه مردمان سواری وی که قریب "انسمع" بودند و ہمه غنودند از مرکبہا افتادند و راجه نیز در کوچه بیخودی رفت ـ بعد از زمانی بہوش آمد بتعظیم و توقیر نائیک افزود ـ نائیک مذکور در عهد سلطان بہادر عزت تمام داشت و در مرآة سکندری منقولست که این مرتبه برائے نائیک بیجو بود واللہ اعلم بالصواب ـ رامداس بہیره مکی و نائیک ڈھونڈو ہر دو از کاملان فن بودند و معاصر ہم بودند ـ بسیاری از دہرپد . . . (؟) بدار (؟) کلام ایشان مروج و مشہور در خلاصة العیش مرقوم است که بسمع رسیده که در عهد عرش آشیانی بودند و در ملک ... که از اعاظم معابد ہنود است اوقات بسر می کردند و گویند تانسین در بدایت حال از ایشان استفاده (کرده ؟) تانسین گوالیاری برد امانت مغنیان ہند از دعای شیخ محمد غوث متولد گشت و در پنج سالگی پدرش در خدمت شیخ آورد ـ شیخ پس خوردۂ نان به تانسین داد ـ پدرش گفت که چون این پسرش از کیش ما برآمد و در خدمت شیخ شد ـ پس تانسین بخدمت شیخ بسر می برد بعد از رحلت آنجناب از افراط غم و اندوه فن موسیقی را از تصانیف نائیک

Marfat.com

بکسو آموخت و در ملک دکن تحصیل این علم نمود ـ گویند که از دفتر نایک بکسو بصحیح کسب نموده نائیک گردید ـ در زمان حکومت شیر خان افغان بر دولت خان بطرز عاشق شد و بعد مردنش بسمت پٹنه چون آوازهٔ یکتای وی درین فن درمجلس حضرت عرش آشیانی اکبربادشاه، مکرر رسید، ازش بدانجا حضور طلب شد ـ چون نغمهٔ شگرف وی طبع بادشاه را مسرور نمود پایهٔ اعتبارش بلندتر گردید ـ تصرفات تانسین آنکه در کانهڑا ملار و کلیان ضم نموده بحضور اکبر بادشاه درباری کانهڑا نام نهاده و در اساوری و کندهار آمیزش نمرده لفظ خوکیا افزوده و در ملار کانهڑا منضم ساخته ملامیان نام نهاد و توڈری میان و سارنگ میان که مشهور است از متفرقات اوست بسبب کثرت عمل اونست (؟) گشته خوشحال خان صاحب خلاصة العیش می نویسد که ویرا دربن فن چندان اعتباری نبود مگر نغمه اش پسند خاطر اقدس اعلیٰ حضرت گشته ، بدینجهت شهرت یافت ـ چنانچه در شاه جهان نامه مرقوم است که لعل خان کلاونت مخاطب به گن سمندر خان داماد بلاس خان پسر تان سین پدر خوشحال خان مذکور است ـ چهار پسر داشت ـ بهترین همه خوش خان بود ـ حکایت عجیبے بذکرش ملحق است ـ حکایت : روزی اعلیٰ حضرت با علیمردان خان خطاب فرمودند که در فراست شما کدام شهزاده کار نوبت سلطنت خواهد رسید ـ بدانجا که امیرالامرا مذکور دانش مند بود بمیزان خود سنجید که توجه جناب بادشاه بطرف محمد داراشکوه است و کار بالعکس است ، اندیشید که صاف عرض نمودن مخالف قانون ادبست و خلاف یقین منافی بندگی و دیانت است ـ این مراتب را ملحوظ داشته بعرض رسانید که هر مرشد زاده که مرشد قلی خان رفیق او باشد غالباً کامیاب گردد و خان مذکور از امرای شاه عباس ثانی بود که همراه علی مردان خان آمده امتیاز تمام داشت ـ چون حضرت را بر رایٔ

Marfat.com

امیرالامرا اعتقاد کلی بود محمد دارا شکوہ را نمودن وی نصیحتہا فرمود و خان موصوف را متعین بادشاہ زادہ ناز پروردہ فرمودند ۔ شاہزادہ قدر نوکران والد ماجد ندانستہ حکومت ہای بیجا می نمود خان مذکور در اندک زمان اعراض ورزیدہ بمرافقت امیرالامرا بسرمیکرد۔ دریں اثنا محمد اورنگ زیب را مرتبہ دوم نظامت صوبجات دکن مفوض گردید بتقریب عیادت بخانہ امیرالامرا آمدہ در باب ہمراہ بودن مرشد قلی خان مبالغہ فرمود ۔ گفت کہ ما را نظر تقیہ نیافتہ سابق دریں باب بحضور عرض کردن مناسب است ۔ ایشان متکفل این امر شوند ۔ امیرالامرا ناچار تکفل گرفت ۔ لیکن بجہت عرض سابق خود در مراعت این امر تردد بخاطر داشت ۔ اکثر دل گرفتہ و منقبض می بود روزی بمصاحبی اظہار کرد ۔ اتفاقاً آن کس با خوشحال خان اخلاص داشت باختلاط این مذکور کرد وی گفت اگر نواب بمن یک لک روپیہ مرحمت بنماید عرض ایشان پذیرای یابد لیکن این لمینہ ہنگامیکہ اشارہ کند بحضور کنند آن شخص بےباکانہ احوال بعرض امیرالامرا رسانید و وی قبول فرمود ۔ پس آنگاہ چندی بتقریب جشن نوروز خوش حال خان و ہمرام بزمانہ خود ایستادہ راگنی ٹوڈی می سرائیدند و تاسرکای بخاطر اقدس داشت ہم دران وقت خوشحال خان بامیرالامرا اشارہ کرد کہ این وقت عرضی قلی خان بنظر انور بگذرانید ۔ از بسکہ آنحضرت را درآن حالت بنہایت ربودگی بود نا خواندہ عرضی بصاد خاص مزین شد ۔ امیرالامرا صاحبہ ۲ بخدمت خانہ فرستاد در دیوان دوم خان موصوف را بجہت رخصت آوردند داروغہ خدمت خانہ صاحبہ بنظر اقدس گذرانید فرمودند کہ عرضی رخصت بیارند ۔ امیرالامرا عرضی بنظر در آورد آنجناب را د. ہنگام صاد توجہ حوالہ نبود اظہار غفلت نامناسب دانستہ حکم بہ خلعت رخصت دادند ۔ بادشاہ اورنگ زیب

Marfat.com

مرافقت خان مذکور را غنیمت دانسته پیوسته مورد مکرمت و مرحمت میداشت تا آنکه در جنگ ثانی محمد دارا شکوه مردانه وار جان درباخت پس آن گاه خلد مکان همواره بر فراست و جوہر فہمی امیرالامرا تحسین می فرمودند - بعد چندی تمام قصه بسمع مبارک اعلی‌حضرت رسید ہمین (؟) چشم بر دو برادر یعنی خوشحال خان و پسرام از مایه موروثی خود که بجائے تانسین می‌ایستادند ممنوع شدند - بدھ سنگھ ولد امرده سنگھ پاده راجه بوندی نبیرهٔ راجه مذکور در عقد داشت در اقسام نغمه قدرت تمام داشت خاصه در دیس یکتا بود - چندی بپادشاه زاده مکرم و معظم متعینه کابل ماند اکثر مصدر ترددات نمایان شد - ذوالقرنین فرنگی درین فن دقیق امتیاز تمام داشت و بہمرسانید شهره آفاق گشت -

یاد کار (؟) است از میرزا عاقل شاگرد میان تانسین کسب این فن کرده و بعضے گویند که از پسر میرزا عاقل که در عهد خلد مکانی امینی و فوجداری ساہر داشت در عمل وی آن محال به ہژده لک روپیه رسید سبحان خان گویند در مدینه منوره رفته در نعت جناب مقدس رسالت مآب از تصنیفات خود خوانده مورد تحسین اہل آن مرگه (؟) گردیده در ہمانجا مدفون است - سلطان حسین شرقی دریں علم مہارت تمام داشت بحدیکه کوس لمن الملک در چہار دانگ ہند می زد و کسی را در برابر خود حساب نمی کرد چنانچه درین فن راگنی‌ہای مخترعه سلطان حسین دوازده سیام مانند گور سیام و ملدر سیام و ہنومان سیام وغیره داشت و چہار ٹوڈی و یک اساوری چه در ٹوڈی جونپوری ٹوڈی را داخل کرده جونپوری اساوری نام نهاده و جونپوری ٹوڈی به ترکیب مالسری اختراع نموده - صاحب تاریخ اکبری می نویسد که وی از آخر طبقه سلاطین شرقیه بود با یک لک سوار و چہار صد زنجیر فیل . . . متوجه شد و مظفر و منصور گشت بعد ازان بجنگ سلطان بہلول لودھی لوای عزیمت بر افراخت و وی

Marfat.com

در عجز و زاری وسیله نجات ساخته امان خواست لیکن از غایت نخوت نشنید از آنجا که غرور پسند ذات باری نیست از سلطان بهلول لودهی شکست بر خورد و سلطان بهلول مظفر و منصور گشته جونپور بتصرف در آورد و یک قطعه زمین باو عنایت فرمود ـ

تانسین نے بعض تصرفات بھی کیے تھے ۔ مثلاً اس نے کانڑا میں ملار اور کلیان کو ملا کر اسے اکبر بادشاہ کے حضور درباری کانڑا کا نام دیا ۔ اساوری اور گندھار کو باہم ترکیب دے کر خوگیا کے لفظ سے یاد کیا ۔ ملار میں کانڑا کی آمیزش کی اور اس کا نام ملارمیان رکھا ۔ اور یہ جو ٹوڈری میاں اور سارنگ میاں (کے راگ) مشہور ہیں تو یہ تان سین ہی کے تصرفات میں سے ہیں ۔ کثرت عمل (ریاضت) کے سبب وہ مہنت بن گیا ۔

خلاصۃ العیش کے مؤلف خوشحال خاں کے مطابق تان سین کو اس فن میں چنداں مہارت نہ تھی لیکن اعلیحضرت (اکبر) کے خاطر اقدس

Marfat.com

کو چونکہ اس کا نغمہ پسند آ گیا اس لیے اسے یہ شہرت نصیب ہوئی - شاہجہان نامہ میں مذکور ہے . . . لعل خان کلاونت مخاطب بہ گن سمندر خان داماد بلاس خان ولد تان سین ، جو خوشحال خان کا باپ تھا ، کے چار بیٹے تھے جن میں سب سے بہتر خوشحال خان تھا - اس سے ایک عجیب حکایت منسوب ہے جو کچھ اس طرح ہے کہ ایک روز اعلیحضرت نے علی مردانخاں کو مخاطب کر کے فرمایا تمہاری فراست کے مطابق سلطنت کس شہزادے کو ملے گی ؟ - امیرالامراء مذکور صاحب دانش و بینش تھا ، تاڑ گیا کہ بادشاہ سلامت کی توجہ محمد دارا شکوہ کی طرف ہے ، لیکن معاملہ اس کے برعکس ہے - ڈرا کہ اگر صاف عرض کر دوں تو یہ قانون ادب کے خلاف ہوگا اور بر خلاف کہدوں تو یہ بندگی و دیانت کے منافی بات ہوگی - چنانچہ ان مراتب کو ملحوظ رکھتے ہوئے عرض پرداز ہوا کہ جس مرشد زادہ کا رفیق مرشد قلیخان ہوگا وہ غالباً کامیاب ہوگا - خان مذکور شاہ عباس ثانی کے امرا میں سے تھا اور علی مردانخان کے ہمراہ آ کر صاحب عز و امتیاز ٹھہرا تھا - چونکہ حضرت (شاہجہان) کو امیرالامراء کی رائے پر کامل اعتماد تھا اس لیے وہ محمد دارا شکوہ کو اس (مرشد قلی خان) کی طرف مائل کرنے کی خاطر نصیحتیں فرماتے رہے اور ادھر انھوں نے خان موصوف کو ناز پروردہ شاہزادہ (دارا شکوہ) کے ساتھ متعین کر دیا - شاہزادہ نے والد ماجد کے خدمتگاروں کی قدر نہ پہچانی اور ان پر بیجا قسم کی حکمرانی جتاتا رہا - جس کے نتیجے میں خان مذکور نے جلد ہی اس سے کنارہ کشی اختیار کر لی اور وہ امیرالامرا کی رفاقت میں رہنے لگا -

انھی دنوں محمد اورنگ زیب کو صوبجات دکن کی نظامت دوسری مرتبہ تفویض ہوئی - وہ مزاج پرسی کی خاطر امیرالامراء کے ہاں گیا اور مرشد قلی خان کو ساتھ لے جانے کے لیے اس نے بڑا اصرار کیا - اس نے

Marfat.com

جواب دیا کہ حالات سابق کو پیش نظر رکھتے ہوئے اس سلسلے میں حضور سے عرض کرنا مناسب ہے - یہ (امیرالامراء) اس بات کی ضمانت دیں - امیرالامراء نے اس ضمن میں ضامن بننا منظور تو کر لیا لیکن عرض سابق کے سبب وہ خود میں یہ بات کرنے کی جرأت نہیں پا رہا تھا اور اس تردد اور ہچکچاہٹ کی بنا پر وہ اکثر دلگرفتہ اور منقبض رہنے لگا تھا - آخر ایک روز اس نے ایک مصاحب سے اس کا اظہار کیا - اتفاق سے اس کے خوشحال خان سے مخلصانہ مراسم تھے - اس نے خان مذکور کے سامنے یہ مسئلہ رکھا - خوشحال خان نے جواب میں کہا کہ اگر نواب صاحب (امیرامراء) مجھے ایک لاکھ روپیہ مرحمت فرمائیں تو ان کی عرض شرف قبولیت پالے گی ، لیکن شرط یہ ہوگی کہ جب یہ ناچیز اشارہ کرے اس وقت وہ بادشاہ کے حضور مسئلہ عرض کریں - اس مصاحب نے یہ تمام بات بیباکانہ امیرالامراء سے کہہ دی - امیرالامراء نے قبول کر لیا - چنانچہ کچھ عرصے بعد جشن نوروز کے موقع پر خوشحال خان اور بسرام نے اپنی جگہ پر کھڑے ہو کر راگنی ٹوڈی چھیڑ دی ، جس سے خاطر اقدس نے حظ وافر اٹھایا - عین اس موقع پر خوشحال خان نے امیرالامراء کو اشارہ کیا کہ اب مرشد قلی خان کی عرضی بادشاہ سلامت کے سامنے پیش کر دیں - اس موسیقی کے باعث بادشاہ پر خاصی بےخودی کا عالم طاری تھا - چنانچہ انہوں نے پڑھے بغیر ہی اس پر صاد کر دیا - امیرالامراء نے صحاحہ (منظور شدہ درخواست) خلعت خانے بھجوا دی - جب دیوان دوم میں خان موصوف (مرشد) کو رخصت کی خاطر لایا گیا تو خلعت خانہ کے داروغہ نے بادشاہ کے حضور مذکورہ صحاحہ پیش کیا - فرمایا رخصت کی درخواست پیش کی جائے - امیرالامراء نے عرضی پیش کر دی - چونکہ صاد کرتے وقت آنجناب اس طرف پوری طرح متوجہ نہ تھے اس لیے اسے اپنی نامناسب غفلت کا نتیجہ جانتے ہوئے انہوں نے خلعت رخصت کا حکم دے دیا -

Marfat.com

اورنگ زیب ، خان مذکور (مرشد قلیخان) کی رفاقت کو غنیمت جان کر ہمیشہ اس کے ساتھ عزت و تکریم سے پیش آتا رہا ۔ تا آنکہ دوسری لڑائی میں جب دارا شکوہ نے مردانہ وار جان دے دی ۔ اس کے بعد خلد مکان (عالمگیر) ہمیشہ امیرالامراء (علی مردانخان) کی فراست اور جوہر شناسی کو سراہتے رہے ۔

کچھ عرصہ بعد یہ تمام قصہ اعلیٰ حضرت (شاہجہان) کے سمع مبارک تک پہنچ گیا ۔ جس کے نتیجے میں دونوں بھائیوں خوشحال خان اور بسرام کو اپنے موروثی مقام پر ، جہاں وہ تان سین کی جگہ کھڑے ہوا کرتے تھے ، کھڑے ہونے سے منع کر دیا گیا ۔

**بدھ سنگھ ولد الردہ سنگھ ہادہ** (یہ ریاست بوندی کا راجہ تھا) : راجہ جیسنگھ کے نواسے/پوتے بشن سنگھ کی لڑکی اس (بدھ) کی بیوی تھی ۔ موسیقی کی مختلف اقسام میں اسے پوری پوری مہارت حاصل تھی ۔ بالخصوص راگ ”دیس“ میں یکتا تھا ۔ کچھ عرصہ تک بادشاہزادۂ مکرم و معظم کے ہمراہ کابل میں رہا ، اور اسی دوران میں اکثر اس پر بڑی بڑی نوازشات ہوتی رہیں ۔

**ذوالقرنین فرنگی** : اس دقیق فن میں صاحبِ امتیاز تھا ۔ اپنے کمال کی وجہ سے شہرۂ آفاق ہوا ۔ دھرپد (؟) اس سے یادگار ہیں ۔ اس نے میاں تان سین کے شاگرد میرزا عاقل سے یہ فن سیکھا اور بعض کا کہنا ہے کہ میرزا عاقل (جو خلد مکاں کے عہد میں ایک امین اور سانبھر کا فوجدار تھا) کے بیٹے سے اس نے کسب فن کیا ۔

**سبحان خان** : کہتے ہیں اس نے مدینہ منورہ جا کر جنابِ مقدس رسالت مآب (صلی اللہ علیہ وسلم) کی نعت میں اپنی بعض تصنیفات گائیں جس کے سبب اس متبرک مقام کے لوگوں کی تحسین و ستائش کا مورد ٹھہرا ۔ اسی جگہ مدفون ہوا ۔

Marfat.com

**سلطان حسین شرقی :** اس فن میں اسے اس حد تک مہارت کامل حاصل تھی کہ برِ صغیر کے چار دانگ میں "لمن الملک" (کس کے لیے ملک ہے ؟) کا ڈنکا بجاتا تھا اور کسی کو اپنے برابر نہیں سمجھتا تھا - اس فن میں اس نے بارہ راگنیاں ایجاد کیں - مثلاً کور سیام ، ملار سیام اور ہومان سیام وغیرہ ، چار ٹوڈی اور ایک اساوری - کیونکہ اساوری میں اس نے جونپوری ٹوڈی کو ملا کر جونپوری اساوری کا نام دیا اور جونپوری ٹوڈی کو مالسری کی ترکیب سے اختراع کیا - تاریخِ اکبری کے مؤلف نے لکھا ہے کہ وہ خاندان سلاطینِ شرقیہ کا آخری فرمانروا تھا - ایک موقع پر وہ ایک لاکھ سوار اور چار سو ہاتھی لے کر (؟) کی طرف متوجہ ہوا ، جہاں سے مظفر و منصور لوٹا - اس کے بعد وہ سلطان بہلول لودی سے جنگ کے لیے روانہ ہوا - اس (بہلول) نے بڑے عجز و انکسار سے کام لیتے ہوئے اس سے امان چاہی ، لیکن اپنے انتہائی کبر و نخوت کے باعث اس (شرقی) نے بہلول کی یہ درخواست ٹھکرا دی - چونکہ غرور اور تکبر اس ذاتِ باری کو پسند نہیں ، وہ سلطان بہلول لودی سے شکست کھا گیا اور سلطان بہلول فتح کے ڈنکے بجاتا ہوا جونپور پر قابض ہو گیا اور بعد میں اس نے اسے زمین کا ایک ٹکڑا عنایت کیا -

**باز بہادر اور روپ متی :** ایک دوسرے پر مرتے تھے - وصال اور فراق سے متعلق انھوں نے ہندی میں بڑے زوردار اشعار کہے ہیں - ریاست کے باوجود اپنی زبان میں اس فن کا شغل کرتے تھے -

**شیخ شیر محمد اور شیخ کبیر :** قوالی میں دونوں نے بلند رتبہ پایا تھا - انھوں نے طرز جدید کو جنم دیا - اعلیٰ حضرت شاہجہان) کے حضور بڑے انعام و اکرام سے نوازے گئے - دونوں کا مقامِ ولادت اکبرآباد ہے - شاہجہان کے عہد میں راؔی ملکِ بقا ہوئے -

Marfat.com

**شیخ معین الدین خان :** مذکورہ شیخ شیر محمد کا نواسہ/پوتا تھا ۔ خیال کو بڑی رنگینی اور پوری پختگی سے گاتا تھا ۔

**نعمت خان :** پرسول خان کا بیٹا اور یکتائے زمان تھا ۔ اس کی بین نوازی وصف کی حدوں سے آگے نکل گئی تھی ۔ دھرپد ، خیال ، ترانہ اور دیگر بہت سی اقسام کی گائیکی میں اس کے یہاں بڑی نازکی ، پختگی اور رنگینی ہے ۔ شروع شروع میں شہزادہ محمد معظم کی محفل میں ساری قوال (؟) دیوپت گنیش اور اپنے زمانے کے دیگر باکمال اہل فن سے کسب کمال کرتا رہا ۔ اس کے بعد وہ بادشاہ سلیمان جاہ یعنی محمد معزالدین بہادر شاہ کے حضور پوری پوری عزت و امتیاز سے نوازا گیا۔ پھر فردوس آرامگاہ (محمد شاہ) نے اس پر عنایت و توجہ فرماتے ہوئے اس کی قدر دانی کی ۔ اسی بادشاہ کے عہد سلطنت کے آخر میں اس نے انتقال کیا ۔

**فیروز خان :** یہ مرحوم (نعمت خان) کا داماد اور شاگرد تھا ۔ اس فن میں اپنے معاصرین سے بازی لے گیا تھا ۔ اس کی گائیکی میں جو دشوارکاری، پختگی اور رنگینی تھی وہ کسی دوسرے کے بس کی بات نہ تھی ۔ بین نوازی میں تو وہ یگانۂ روزگار اور عدیم المثال تھا ۔ دھرپد ، ترانہ اور خیال کی گائیکی میں اسے پوری پوری قدرت حاصل تھی ۔

نائکوں کا تذکرہ ختم ہوا ، اب سر اور تال کے بارے میں مختصراً لکھا جاتا ہے ۔

**لمعہ : سر اور تال کے مختصر بیان میں :**

واضح ہو کہ آواز کی دو قسمیں ہیں ۔ پہلی قسم تو وہ ہے جو موجودات کے توسط کے بغیر ممکن ہو ۔ بر صغیر کے ارباب دانش اسے ناد کہتے ہیں ، اور یہ وہ صدا ہے جو ازل ازال میں تھی ۔ دوسری آواز وہ ہے جو موجودات کے توسط سے وجود میں آتی ہے ، اور یہ وہ کیفیت ہے

Marfat.com

جو عناصر اربعہ میں سے ایک عنصر یعنی ہوا سے قائم و برقرار ہے ۔ حکما کا کہنا ہے کہ جب بھی دو چیزیں ایک دوسرے سے متصل ہوں ، شدت کے ساتھ ایک دوسرے سے جدا ہوں (جسے قلع کہا جاتا ہے) یا شدت سے باہم پیوست ہوں (اس عمل کو فرع کہا جاتا ہے) تو ان کے درمیان اس عمل سے پیدا ہونے والی ہوا مسموع (ساعت پذیر) ہوگی ۔ اس کی مثال تموج آب (پانی میں لہروں کا اٹھنا) کی سی ہے ۔ اور یہ تموج ایک ایسی کیفیت کے پیدا ہونے کا باعث بنتا ہے جسے صوت اور آواز کہتے ہیں ۔ رعد اور برق کی صدا اور پتھر ، لکڑی اور لوہے کے باہم ٹکرانے کی آواز اسی قبیل سے ہے ۔ لیکن جو کچھ سمجھ میں آجاتی ہے (وہ یہ ہے؟) آدمی اور تمام حیوانات کی آواز میں ایک لطافت اور بھی ہے ، کیونکہ جو ہوا منہ اور ناک کے راستے سے بدن میں داخل ہوتی ہے جب اسے سینے کے زور سے باہر نکالا جائے تو حلق کے تنگ مخرج کے باعث یہ کیفیت پیدا ہوگی اور حلق ، زبان اور دونوں ہونٹوں کی حرکات اور جنبشوں کے سبب حروف ، کلمات یا دیگر عوارض ، مثلاً زیر و بم اور غنہ اختلاف لغات کے ساتھ ظاہر ہونگے ۔

اب جب آواز کی حقیقت واضح ہوگئی تو جاننا چاہیے کہ سُر وہ ہے جو راگ کے وجود سے ترکیب پاتا اور ظاہر ہوتا ہے ۔ سُر سات ہیں ۔ اور ان سات سروں کی اصل تین سر ہیں ۔ ایک وہ جو سب سے پست ہے اور اسے کھرج گرام کہتے ہیں ۔ دوسرا جو سب سے زیادہ بلند ہے اور اسے گندھار گرام کا نام دیا گیا ہے ، بعض نے اسے نکھاد گرام کہا ہے ۔ تیسرا سر وہ جو درمیانی ہے نہ زیادہ بلند نہ زیادہ پست ، اسے مادہم گرام کے نام سے یاد کیا جاتا ہے ۔ سات سروں کے نام یہ ہیں :

(۱) کھرج (۲) رکھب (۳) گندھار
(۴) مدھم (۵) پنچم (۶) دھیوت
(۷) نکھاد

Marfat.com

گرام اول ناف سے اٹھتا ہے ، جبکہ دوسرا گرام حلق سے اور تیسرا سر کی کھوپڑی سے نکلتا ہے - ؟ ؟ ؟ ؟

کھرج کا سر طاؤس کی آواز سے ماخوذ ہے ، اسی طرح رکھب بینوں کی آواز سے ، گندھار قوچ (مینڈھے) کی آواز سے ، مدھم کلنگ کی آواز سے ، پنچم کوئل کی صوت سے ، دھیوت گھوڑے کی صدا سے اور نکھاد ہاتھی کی آواز سے استخراج کیے گئے ہیں -

اگر سُروں کی ترتیب یعنی سین مہملہ سے ابتدا کرکے اور باقی حروف مذکورکو اپنے سے پہلے سے بلندتر کرتے ہوئے "نی" تک پہنچائیں تو اسے آروہی کہتے ہیں - پھر تھوڑی سی ترتی (؟) پر رک کر اعادہ کریں اور کھرج سُر تک پہنچیں تو اسے آوا روہی کہیں گے - اور یہ بھی جاننا چاہیے کہ اہل فن نے ان سات سروں میں سے ہر سر کے ذیل میں مراتب کی حد قائم کی ہے - ان مراتب کو سرب کا نام دیا گیا ہے - بلند آواز اور پست آواز اور وہ آواز جو ان دونوں میں بہم پہنچتی ہے سرب وہی ہے - مثلاً کھرج اور رکھب کے درمیان فاصلہ ہے - اس فاصلے کو چار حصوں میں تقسیم کرکے انہیں کھرج کے چار سرب کہا گیا ہے - اسی طرح رکھب سے گندھار تک تین سرب ر دھب ، گندھار تا مدھم دو سرب ، مدھم تا پنچم چار سرب ، پنچم سے دھیوت تک چار سرب ، دھیوت تا نکھاد تین سرب اور نکھاد سے کھرج تک دو سرب نکھاد مقرر لیے گئے ہیں - ان تمام کی تعداد بائیس ہی ہے -

مور چھنا : یعنی سکون حقیقت جو دو متضاد حرکتوں کے مابین وقوع پذیر ہوتا ہے - اور یہ پستی سے بلندی کی طرف جاکر ان سروں سے ، جو گرام کے درمیان ہیں ، عبور کرکے پھر اسی طرح اعادہ کرنے اور دو مرتبہ ( ؟ ) سروں کے مابین حقیقت رکھنے (؟) سے عبارت ہے - یہ کل اکیس ہیں - سرب اور مورچھنا ، آروہی اور آواروہی میں حاصل ہوتے ہیں - خلاصۃالعیش کے مؤلف کے مطابق سرب اور مورچھنا

Marfat.com

برصغیر کے مغنیوں سے مخصوص ہے ، یعنی دوسرے ملکوں کو ان کا علم نہیں ہے ، بلکہ ان کا انہیں فہم ہی نہیں ہے -

## سربوں کے اسماء :

کھرج سرب : تیرا - کمودوتی - مندا - چھنڈوتی -

رکھب سرب : ویاونی - رنجنی - رکتکا -

گندھار سرب : (سوہنی؟) - رودری - کرودہی -

مدھم سرب : بجرلکا - پرسارنی - پریتی - مارجنی -

پنجم سرب : (جھنی؟) - اکشنی - رکھا کتا - سندیپنی - الاپنی -

دھیوت سرب : سندنتی - روہنی - رومیا

نکھاد سرب : اگرا - جونہکا؟ - اکشوبنی -

یہ کل بائیس ہوئے -

واضح ہو کہ راگ اور راگنی کا ایک دوسرے سے اختلاف و امتیاز سربوں کی کمی بیشی کی بنا پر ہے - مثلاً سنپورن کی راگنیاں ، بادی‌الرائے میں ، ایک ہی صورت (صوت ، انداز ؟) میں سنائی دینی چاہئیں، کیونکہ تفاوت سروں کے اعتبار سے نظر آتا ہے ، لیکن اصوات کی کمی بیشی کا اختلاف ، سربوں کی تقدیم و تاخیر اور سروں کی تقدیم و تاخیر صورتوں کے اختلاف کا موجب بنا ہے ، اس لیے کہ ایک موقع پر ایک سر اپنے سربوں کے ساتھ پورے طور پر جلوہ گر ہے اور دوسرے مقام پر ایک سرب سر سے معدوم یا آگے پیچھے ہوگیا ہے - لہٰذا ان معنوں میں یہ اختلاف صورت کا ہے/(نہیں ہے)؟

اگر راگ اور راگنی پورے سات سُروں میں ، جن کا اوپر ذکر ہوچکا ہے ، گائے جائیں یا بجائے جائیں تو اس انداز کا نام سنپورن ہوگا ۔

Marfat.com

اگر چھ مذکورہ سروں میں گائیں تو وہ کھاڈ ہے اور اگر پانچ سروں میں گائیں تو اس کا نام اودھو (اوڈو) ہے -

تمام راگ راگنیاں تین قسم کی ہیں : سدھ ، سالنگ اور سنکرن - سدھ میں راگ یا راگنی میں آمیزش نہیں ہوتی - سالنک یہ ہے کہ راگ یا راگنی نہ سایہ رکھتا ہو ، جیسے سریراگ کہ کوری کے سایہ کا حامل ہے - اور سنکرن وہ جو دو کا مرکب ہو، جیسے بھیروں کہ ٹوڈی اور کانہڑا کا مرکب ہے - اور اہل فن کے نزدیک راگ بن گئے اور سنکرن کی راگنیاں آ گئیں - . . . . . کے چار دوسرے نام بھی تھے - اور بادی ، ویوادی ، سم بادی ، انو وادی - ان اصطلاحات کی تفصیل بیان کی جائے گی - لہٰذا یہاں اسے موقوف کیا جاتا ہے -

واضح ہو کہ ہر راگ کے جملہ سروں میں سے ایک کو گرہ کہتے ہیں - گرہ کے معنی خانہ (گھر) کے ہیں - اور یہ ایسا سر ہے جس سے راگ کی ابتدا کی جاتی ہے ، اس کے بعد دوسرے سر چھیڑ کر پھر اسی سر کے خانے میں آجاتے ہیں -

٭

**لمعہ : برصغیر کے راگ اور راگنیوں کے اوقات کا اجمالی ذکر :**

بھیروی ، بھوپالی ، سدھ مادھ ، دیوساکھ ، ملار ، بلاول ، گوجری، بنگال ، سیام ، دھناسری ، مالسری ، میگھ ، پنچم ، دیسکار ، بھروں ، للت، اور بسنت یہ تمام صبح کے وقت یا اس سے کسی قدر پہلے یا بعد میں گائے جاتے ہیں -

پٹ منجری ، گن کلی ، رام کلی اور مورٹھہ دن کے پہلے پہر میں گاتے ہیں یا اس سے کسی قدر آگے یا پیچھے -

براری ، ٹوڈری ، کامود ، سگھرائی ، گندھار ، دیسی اور سنگرا بھرن یہ سب دن کے دوسرے پہر میں گائے جاتے ہیں -

Marfat.com

سری راگ ، مارو ا ، گوری ، ترون ، نٹ ، کلیان ، کدارا ، بڈہنس اور ہمیر کے گانے جانے کا وقت دن کے تیسرے پہر سے آدھی رات تک کا ہے ۔

مالکوس ، پرج ، سوہنی ، کالنگڑا اور بھاکرا آدھی رات سے قریب صبح تک ، یا اس سے کسی قدر پہلے یا بعد تک ۔

**فائدہ :** قدیم اساتذۂ فن نے یہ طے کر دیا ہے کہ جس وقت اور جس موقع پر بھی کسی گانے والے اور سننے والے کو کسی بھی راگ (جس کا وہ مشتاق ہے) کا شوق ہو تو وہی وقت درحقیقت اس راگ کا وقت قرار پائے گا ۔

خلاصۃ العیش کے مؤلف نے ہر راگ اور راگنی کی حقیقت و صورت کے متعلق جو تحقیق بہم پہنچائی ہے ، وہ ہم یہاں بیان کیے دیتے ہیں :

(۱) **بھروں :** یہ مہادیو کے منہ سے نکلا تھا ۔ اس کی ذات آوڈو تھی ، یعنی سات سروں میں سے پانچ سروں کا مرکب ۔ تو جب ان پانچ سروں کے پہلے حروف جمع کریں تو اس کی ترکیب سرگم کی دھن اور حروف کے اعتبار سے اول تر ہوگی ۔ دھیوت کا سر اس راگ کا گھر ہوگا ۔ لہٰذا اسے درت کے سر میں صبح کے اول وقت گاتے ہیں ۔ بھروں کے اوڈو لکھنے میں اشتباہ کی گنجایش ہے ، کیونکہ اس دور کے یکتائے فن اسے سنپورن کا نام دیتے ور اس کی ترکیب کو ...نی سرگم کہتے ہیں ۔ شاجیو/. . ہنومان نے اسے پانچ سروں میں دیا ہے ۔

اس کی صورت مہادیو کی صورت کے مانند ہے ، یعنی جوگیوں کی طرح ، جنھوں نے منہ پر راکھ ملی ہوئی ہے ، اور اپنے جٹا سے رود گنگ (دریائے گنگا) کو نکالتا ہوا ، ہاتھوں میں لنگن ، پیشانی کے درمیان ہلال ، دو بھوؤں کے درمیان تیسری آنکھ ، جسم اور کندھے پر ایک سیاہ ناگ بل

Marfat.com

کھائے اور کنڈلی مارے بیٹھا ہوا ، ہاتھی کی کھال پاؤں کے نیچے بچھائے ہوئے ، آدمیوں کی آٹھ کھوپڑیوں کا ہار گلے میں ڈالے ہوئے ، ایک ترسول یعنی تین شاخہ بھالا پچھلی جانب سے اپنے سامنے زمین میں گاڑا ہوا اور . . . . باندھ رکھا ہو ۔

(۲) **مالکوس :** یہ بھی اسی طرح مہادیو کے منہ سے نکلا ہے ۔ یہ سنپورن ہے اور اس کی ترکیب سرگم کی دھن ہے ۔ اسے رات کے آخری حصے میں گاتے ہیں اس کی صورت ایک سفید فام مرد کی ہے جو نیلی پوش قوی جثہ ہے ۔ جس کے ہاتھ میں ایک لکڑی ہے ، جو غرورِ جوانی میں مست ، موتیوں کی مالا اس کی گردن میں ہے ۔ زبان - - - ہوئے اور میں

(۳) **ہنڈول :** یہ برہما کے بدن سے نکلا ہے ۔ یہ اوڈو ہے اور اس کی ترکیب - - - - - - - ہے ۔ اسے دن کے آغاز میں گایا جاتا ہے ۔ اس کی صورت ایک خورد سال آدمی کی ہے جو حسن و جمال میں کمال کو پہنچا ہوا ہے زردفام ہے سنہری گہوارے میں بیٹھا ہے اور خوش رو عورتیں جھولا جھلاتیں اور گانے گاتیں اس کے گرد جمع ہیں ۔

(۴) **دیپک :** یہ آفتاب کی آنکھ سے نکلا ہے ۔ سنپورن ہے ۔ اس کی ترکیب ؟ ؟ دن کے وسط میں گایا جاتا ہے ۔ اس کی صورت ایک سرخ فام آدمی کی ہے جو سرخ لباس اور گلے میں بڑے بڑے موتیوں کی کی مالا پہنے ایک تاریک حجرے میں ایک عورت کے ساتھ معاشرت و مباشرت میں مشغول ہو ۔

(۵) **سری راگ :** یہ زمین کی ناف سے نکلا ہے ۔ سنپورن ہے اور اس کی ترکیب و سرگم کی دھن ؟ مبہم/ ؟ میں ہے ۔ دن کے آخری وقت میں گایا جاتا ہے ۔ اس کی صورت ایک سفید پوش مرد کی ہے ۔

Marfat.com

جس نے یاقوت اور بلور کی مالا پہن رکھی ہو اور کنول کا پھول ہاتھ میں لیے تخت پر بیٹھا ہو اور مغنی اس کے سامنے گانا گا رہے ہوں ۔

(۶) **میگھ راگ :** یہ برہما کی کھوپڑی سے نکلا ہے ۔ اوڈو ہے ۔ اور اس کی ترکیب "سرگم کی دھن برکھا رت میں" ہے ۔ رات کے آخری حصے میں گایا جاتا ہے ۔ اس کی صورت ایک سیاہ فام خوش شکل آدمی کی ہے ' جس نے سر کے بالوں کو پگڑی کی صورت دے رکھی ہو اور ہاتھ میں سونتی ہوئی تلوار پکڑ رکھی ہو ۔

**مذکورہ سات راگوں کی راگنیوں کے اصناف :** مذکورہ مذہب کے اعتبار سے بھیروں راگ کی پہلی پانچ راگنیاں :

(۱) **بھیروی :** سنپورن ہے ۔ اس کی ترتیب/ترکیب ؟ ؟ ۔ صبح کے وقت گائی جاتی ہے ۔ اس کی صورت ایک حسین و جمیل خورد سال عورت کی ہے جو لمبے بالوں والی نازک اندام زرد فام ' خوش گفتار ' سرخ انگیا اور سفید ساڑھی پہنے ' چنپا کے پھول گلے میں ڈالے پہاڑ کی چوٹی پر جہاں کنول کے پھول کھلے ہوں ۔ ؟ مہا دیو کے . . . .

(۲) **براری کہ براری مشہور ہے :** یہ سنپورن ہے . . . . . . دن کے آخری حصے میں گاتے ہیں ۔ اس کی صورت ایک سیاہ بالوں والی خوش رو گندمی رنگ کی عورت کی ہے جس کے ہاتھوں میں کنگن اور کانوں میں بندے . . . . ہیں ، جو سفید پوش ہے اور آغوش میں حریف (عاشق) کو لیے شراب نوشی میں مصروف ہے ۔

(۳) **مدھ مادھ :** سنپورن ہے صبح کے وقت گائی جاتی ہے ۔ اس کی صورت ایک سنہری رنگ کی عورت کی ہے جو زرد لباس پہنے اور زعفرانی تلک لگائے نایک کے ساتھ کنارِ دریا بیٹھی ہوس و کنار میں مصروف ہو ۔

Marfat.com

(۴) **بنگال ۔دی** : سنپورن ہے ۔ اس کی ترکیب "سرگم کی دھن"(؟) ہے۔ دن کے آخری حصے میں گاتے ہیں ۔ اس کی صورت ایک حسین و جمیل عورت کی ہے جو سرخ لباس پہنے ، کانوں میں "دوپہریا پھول" (وہ پھول جو صرف دوپہر کو کھلتا ہے) ڈالے اور ہاتھ میں تین شاخہ بھالا پکڑے بڑے غضب کے عالم میں اس حریف (عورت کا محبوب) کے انتظارمیں بیٹھی ہو جو اس کے خلافِ منشا چلا گیا ہو ۔

(۵) **بنگال** : سنپورن ہے ۔ اس کی ترتیب (ترکیب؟) "سرگم کی دھن"؟ ہے ۔ دن کے آخر میں گائی جاتی ہے ۔ اس کی صورت ایک حسین عورت کی ہے جو جوگیوں کی طرح بھبوت ملے ، حیا کے باعث کلالہ ؟ (کلالہ : زلفیں ، کلابہ : ریشم یا سوت کے ڈوروں کا لچھا) جُوڑا باندھے ، دائیں ہاتھ میں کنول کا پھول اور بائیں ہاتھ میں پان پکڑے ، بدن پر صندل ملے ، مشک و زعفران کا قشقہ کھینچے اور زرد لباس پہنے بیٹھی ہو ۔

**مالکوس راگ کی پانچ راگنیاں :**

(۱) **ٹوڈی** : سنپورن ہے ۔ اس کی ترکیب "سرگم کی دھن" ہے ۔ دن کے شروع کے حصے میں گائی جاتی ہے ۔ اس کی صورت ایک سفید پوش عورت کی ہے جو کافور و زعفران کا تلک لگائے صحرا میں کھڑی ہو اور ہرن اس کے آگے سر رکھے اور بین نواز اس کے لیے نغمہ زن ہوں ۔

(۲) **گوری** : اوڈو ہے ۔ اس کی ترکیب "سرگم کی دھن" ہے ۔ دن کے آخری حصے میں گائی جاتی ہے ۔ اس کی صورت ایک ایسی نوخیز ، نازک اندام اور گندمی رنگ کی عورت کی ہے جو سفیدہ (سفید لباس؟) پہنے اور کانوں میں شگوفۂ آئینہ ڈالے عالم مستی میں گانا گا رہی ہو ۔

Marfat.com

(۳) **کنگلی** : یہ اوڈو ہے ------ صبح کے وقت گائی جاتی ہے۔ اس کی صورت ایک ایسی عورت کی ہے جو فراق کی ماری ہوئی ، ناتواں ، گریاں و نالاں اور بال پریشاں ، کھجور یا آم ؟) کے درخت کے نیچے سر لیہوڑائے بیٹھی ہو۔

(۴) **کھنباوتی** : یہ کھاڈو ہے۔ اس کی ترتیب "دھن سرگم"؟ ہے۔ دوپہر کی راگنی ہے۔ اس کی صورت ایک ایسی عورت کی ہے جو سفید پوست (یعنی سفید رنگ) عشرت دوست ، سبز انگیا اور سرخ ساڑھی پہنے اور اسبابِ نشاط مہیا کیے ہوئے خوش و خرم بیٹھی ہو۔

(۵) **ککبھہ** : سنپورن ہے۔ اس کی ترکیب سرگم کی دھن ہے۔ صبح کے وقت گائی جاتی ہے۔ اس کی صورت ایک زنِ ثمیں (قیمت و قدر والی عورت) ، سیمیں بدن ، خمار آلودہ کی ہے جو مجامعت ....... کے بعد اٹھی ہوئی اور اپنے سینہ پر چادر رکھے ہوئے ہو جس کا سبب یہ ہو کہ اس کی انگیا بدن پر پھٹ چکی ، چنپا پھولوں کا ہار مسلا جاچکا اور بستر درہم برہم ہوچکا ہو۔

**ہنڈول راگ کی راگنیاں :**

(۱) **رام کلی** : یہ اوڈو ہے۔ اس کی ترکیب -------- صبح کے وقت گائی جاتی ہے۔ اس کی صورت ایک سنہری رنگ کی عورت کی ہے ، جو نیلے رنگ کا لباس پہنے ، مشک کا قشقہ کھینچے ایڑھی بیٹھی ہو اور نایک کی معذرت میں پاؤں پڑا ہو اور اسے اعتبار نہ ہو۔

(۲) **دیساکھ** : کھاڈو ہے -------- دن کے پہلے حصے میں گائی جاتی ہے۔ اس کی صورت ایک ایسی عورت کی ہے جو تلوار سونتے ہوئے ، پہلوان کی طرح دونوں بازوں پر خاک ملے ہوئے غضبناک

Marfat.com

اور بیباک کھڑی ہو - بعضوں نے اس کی صورت کشتی لڑتے ہوئے دو پہلوانوں کی لکھی ہے - لیکن زیادہ صحیح پہلا قول ہی ہے -

(۳) للت : اوڈو ہے ---- صبح کے وقت گائی جاتی ہے - اس کی صورت ایک سفید فام اور نازک و باریک کمر والی عورت کی ہے جو سرخ رنگ کا لباس پہنے اور پھولوں کی مالا گلے میں ڈالے بیٹھی ہو -

(۴) بلاولی : سنپورن ہے - اس کی ترکیب سرگم کی دھن ہے - دن کے شروع میں گائی جاتی ہے - اس کی صورت ایک سیاہ فام نازک اندام حسین عورت کی ہے جو سرخ لباس پہنے ، پورا بناؤ سنگار کیے اور مہندی لگائے ملاقات کے مقام پر بیٹھی ہو -

(۵) پٹ منجری : سنپورن ہے --------- آدھی رات کے وقت گائی جاتی ہے - اس کی صورت ایک فراق زدہ عورت کی ہے جو گھر میں تنہا بیٹھی اور لاغر و ناتواں ہو چکی ہو اور اس کا پھولوں کا ہار اس کی گرمی باطن (قلب) سے افسردہ و پژمردہ ہو گیا ہو -

**دیپک راگ کی پانچ راگنیاں :**

(۱) دیسی : یہ کھاڈو ہے -------- دن کے دوسرے پہر میں گائی جاتی ہے - اس کی صورت ایک ایسی سفید فام سبز پوش عورت کی ہے جو غلبۂ مستی کے سبب عاشق کی آغوش میں پڑی جیسے مباشرت کی خواہاں ہو -

(۲) کامود : سنپورن ہے -------- یہ بھی دن کے دوسرے پہر میں گائی جاتی ہے - اس کی صورت ایک ایسی زود فام خوش اندام عورت کی ہے جس نے سفید انگیا اور سرخ ساڑھی پہن رکھی ہو ، جو مستی شہوت سے بری طرح مغلوب ہو اور ترساں وگریاں (ڈرتی ، روتی) صحرا میں عاشق کے انتظار میں بیٹھی ہو -

Marfat.com

(۳) **لٹ** : یہ بھی سنپورن ہے ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ **دن کے آخری** حصے میں گائی جاتی ہے ـ اس کی صورت ایک نوخیز سرخ فام عورت کی ہے جس نے مردانہ لباس پہن رکھا ہو اور جو میدان جنگ میں گھوڑے پر بیٹھی ، تلوار سونتے دشمن کے ساتھ چوسر کھیل رہی ہو (؟)

(۴) کدارا : یہ اوڈو ہے ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ آدھی رات کے وقت گائی جاتی ہے ـ اس کی صورت ایک جوگن (عورت) کی ہے جو سرخی مائل لباس اور زرد گنک (          ) میں صحن سے باہر نکلی ہو اور جس کے سر پر بل کھایا ہوا سانپ اور پیشانی پر چاند (قشقہ ؟) ہو اور جو سہادیو کی تصویر پر آنکھیں جمائے بیٹھی ہو ـ

(۵) **کانہڑا** : اسے کرنالی بھی کہتے ہیں ـ سنپورن ہے ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ ـ رات کے پہلے حصے میں گاتے ہیں ـ اس کی صورت ایک سفید فام سفید پوش آدمی کی ہے جس نے کافور کا تلک لگا رکھا ہو اور دائیں ہاتھ میں تلوار سونت رکھی ہو اور جو بائیں ہاتھ میں ہاتھی کا اکھڑا ہوا دانت پکڑے کھڑا ہو جبکہ ہاتھی پیچھے گرا پڑا ہو اور ایک خوشامدی تحسین و ستائش کر رہا ہو ـ

**سری راگ کی پانچ راگنیاں :**

(۱) **مالسری : سنپورن** ہے ـ اس کی ترتیب . . . . سرگم . . . . ـ دوسرے پہر ؟) گائی جاتی ہے ـ اس کی صورت ایک سرخ فام عورت کی ہے جو زرد لباس پہنے اپنی مصاحبوں کے ساتھ آم کے درخت کے نیچے خنداں بیٹھی ہو ـ

(۲) **ماروا** : کھاڈو ہے ـ اس کی ترکیب . . . دھن سرگم . . . ـ دن کے آخری حصے میں گائی جاتی ہے ـ اس کی صورت ایک حسین و جمیل

Marfat.com

عورت کی ہے جو زریں لباس پہنے اور گلے میں پھولوں کا ہار ڈالے وعدہ گاہ (مقامِ ملاقات) پر حیران بیٹھی ہو -

(۳) **دھناسری** : یہ بھی کھاڈو ہے - اس کی ---------- دن کے تیسرے پہر گائی جاتی ہے - اس کی صورت ایک ایسی عورت کی ہے جو فراق کی ماری ہوئی ، سرخ لباس پہنے گرمی میں (؟) مولسری کے درخت کے نیچے بیٹھی ہو -

(۴) **بسنت** : سنپورن ہے ---------- دن کے وسط میں گائی جاتی ہے - اس کی صورت ایک گندمی رنگ کے آدمی کی ہے جو سرخ لباس پہنے ، مور کے پروں کا تاج سر پر سجائے ، دائیں ہاتھ میں آم کی کلی اور بائیں میں پان کا بیڑا پکڑے رقاصاؤں کے ہمراہ ناقوس بجا رہا اور عیش و عشرت میں مصروف ہو - بعض نے سری کشن جی کو گوپیوں کے ساتھ اس حالت میں بتایا ہے -

(۵) **اساوری** : یہ اوڈو ہے ------------ دن کے دوسرے پہر میں گائی جاتی ہے - اس کی صورت ایک سیاہ فام نازک اندام سفید پوش حسینہ کی ہے جو بدن پر کافور کا قشقہ کھینچے ، بل کھائے سانپوں کے ساتھ ؟ سر کے بالوں کا جوڑا بنائے پہاڑ کی چوٹی پر آئی ہو - اور بعض کے نزدیک برہنہ ہوکر تیری سے انجیر کے پتوں سے ستر پوشی کر کے بیٹھی ہوئی ہو -

**میگھ راگ کی پانچ راگنیاں :**

(۱) **سک ؟** : یہ سنپورن ہے - اس کی ترکیب دھن سرگم - آدھی رات کے وقت گائی جاتی ہے - اس کی صورت ایک فراق زدہ عورت کی ہے جو اپنے دل کی آگ بجھانے کی خاطر کنول کے پتوں کا ڈھیر کیے اس پر سست پڑی ہو -

Marfat.com

(۲) **ملار** : اوڈو ہے ۔ اس کی ۔ ۔ ۔ ۔ نصف شب گائی جاتی ہے ۔ اس کی صورت ایک سفید فام نوخیز عورت کی ہے جو ہجر و فراق زدگی کے سبب نحیف و نزار ہوگئی ہو اور چنبیلی کے پھولوں سے خود کو آراستہ کر کے کسی کونے میں بحالم گریہ بین بجا رہی ہو ۔

(۳) **گوجری** : سنپورن ہے ۔ اس کی ترکیب ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ دن کے پہلے پہر گائی جاتی ہے ۔ اس کی صورت ایک پتلی کمر والی حسینہ کی ہے جو زرد رنگ کی انگیا اور سرخ ساڑھی پہنے اور پورا سنگار کیے ہو اور مطربائیں اس کے سامنے نغمے الاپ رہی ہو ۔

(۴) **بھوپالی** : سنپورن ۔ رات کے آخری حصے میں گائی جاتی ہے ۔ اس کی صورت ایک سفید فام سفید پوش عورت کی ہے ، جو بدن پر زعفران کا قشقہ کھینچے ، پھولوں کی مالا گلے میں ڈالے اور مہندی لگائے عاشق کی بغل میں خوش خوش بیٹھی ہو ۔

(۵) **دلکار** (دیسکار ؟) : سنپورن ہے ۔ اس کی ترکیب . . سرگم . . ۔ رات کے آخری حصے میں گائی جاتی ہے ۔ اس کی صورت ایک بڑی ہی حسین و جمیل سفید فام عورت کی ہے جو عنبریں بال ؟) ، موتیوں کی مالا پہنے ، صندل کا قشقہ بدن پر لگائے عاشق کے ساتھ ایک گھر میں قمار بازی میں خوش خوش مصروف ہو ۔

**مذکورہ بالا رگوں کے سروں کے نام (مذکورہ مذہب (آرائیہ؟) کے مطابق) :**

**بھروں راگ کے آٹھ سر :**

۱ ۔ ہوکہ ۲ ۔ تلک ۳ ۔ پوریا ۴ ۔ مادھو ۵ ۔ جونپور

۶ ۔ بلبلہ ۷ ۔ مدھ ۸ ۔ پنچم

Marfat.com

**مالکوس راگ کے آٹھ سر**

۱ - مارو ۲ - میواد(؟) ۳ - بڈھنس ۴ - ہرمل ۵ - چندرک
۶ - نند ۷ - ہور(؟) ۸ - کھوکھر (بعض کے نزدیک اس کا نام مانک(؟) ہے)

**ہنڈول راگ کے آٹھ سر :**

۱ - جندر سب ۲ - منگل ۳ - سوبھا ۴ - انند
۵ - ہود(؟) ۶ - بردھن(؟) ۷ - کھوار(؟) ۸ - بھاس - اسے بھانسکر/ بھالکر بھی کہتے ہیں -

**دیپک راگ کے آٹھ سر :**

۱ - کتھل(؟) ۲ - کمل(؟) ۳ - کانک ۴ - چیتک
۵ - کیسہ(؟) ۶ - برام(؟) ۷ - لہک(؟) ۸ - بمال

**سری راگ کے آٹھ سر :**

۱ - سندھو ۲ - مالوا ۳ - گوند - بعض نے اسے ہمیر اور بعض نے کلیان کہا ہے - ۴ - کنا کر(؟) ۵ - ککبہ
۶ - کنبھر(؟) ۷ - سنگرو(؟) بعض اسے اکٹ کہتے - ۸ - بھاکر

**میگھ راگ کے آٹھ سر :**

۱ - جالندھر ۲ - سارنگ ۳ - ہٹ نراین ۴ - سنکر بھرن
۴ - کلیان ہود ۶ - گجدھر(؟) ۷ - گندھر ۸ - شہانا

**مذکورہ چھ راگوں کے سروں کے بھارجاؤں کے نام :**

**بھروں راگ کے سروں کے بھارجا :**

۱ - سوہا ۲ - بلاولی ۳ - سورٹھی

Marfat.com

۴ - کنہاری ۵ - اندای ۶ - بھل گوجری ۷ - ہٹ منجری

۸ - بہری

**مالکوس راگ کے سروں کے بھارجا :**

۱ - دھناسری ۲ - مالسری ۳ - جیت سری ۴ - سکھرای

۵ - درگا ۶ - گندھاری ۷ - بھیم پلاسی ۸ - کامودی

**ہنڈول راگ کے سروں کے بھارجا :**

۱ - لیلاوتی ۲ - گیروی ۳ - جیسی(؟) ۴ - پوربی

۵ - ماروالی ۶ - مرون ۷ - دیوگری ۸ - سرستی

**دیپک راگ کے سروں کے بھارجا :**

۱ - میکل گوجری(؟) ۲ - جھنیاوی(؟) ۳ - مال گوجری

۴ - بھوپالی ۵ - منوھر ۶ - اہری

۷ - ایمن ۸ - ہیم

**سری راگ کے سروں کی بھارجا :**

۱ - نہجنا(؟) ۲ - دھناجی ۳ - کند(؟) ۴ - سوھنی

۵ - سرد(؟) ۶ - کھیم ۷ - سسر مکھا/کمھا(؟)

۸ - سرستی

**میگھ راگ کے سروں کے بھارجا :**

۱ - کتھر ناٹ ، اسے اگر ناٹ اور کرناٹک بھی کہتے ہیں -

۲ - کادوی ۳ - کد مناٹ ۴ - بہاری ۵ - باکھ

۶ - برج ۷ - نٹ منجری ۸ - سدھناٹ

Marfat.com

مذکورہ راگوں ، ان کی راگنیوں ، مروں اور بھارجاؤں کی تفصیل ختم ہوئی - اب ذرا ان کے تال کا ذکر ہوجائے ، جسے ہندی بحور و اصول کا علم کہا جاتا ہے - **تال کا ذکر :** واضح ہو کہ تال ایک فعل کا نام ہے اور وہ یہ کہ جب دو چیزیں باہم ٹکرائیں اور ان کے اس ٹکرانے سے آواز پیدا ہو تو اس آواز کو تال کہا جائے گا - یہی آواز موسیقی ، ساز اور رقص کی بنیاد ہے ، اور اس کے بغیر یہ تینوں صورت پذیر نہیں ہو پاتے - اس کی اصل و آغاز مہادیو مارسی سے ہے - مخفی نہ رہے کہ تال کی ترکیب نبض کی مانند حرکت و سکون سے ہے - بین الحرکتین کو ، جو کسی تصنیف یعنی دستک سے حاصل ہوتی ہیں ، کال کہا جاتا ہے - یہ کال گویا دو حرکتوں کے درمیان سکون ہے - اور اس سکون کا کمتر ، کہ ایک کلال ہے یہ ہے ، کہ کنول کے سو پتے اوپر تلے رکھ کر ان میں اس طرح سوئی چبھوئی جائے کہ اس کی ایک ہی ضرب سے تمام میں سوراخ ہوجائے - اس طرح وہ سکون جو ہر پتے میں سوراخ ہونے کے باعث ہوا . . . . . . . . . . . سوواں حصہ ہوگا اور یہ ۱/۱۰۰واں حصہ ایک کال ہوگا اسے چھن بھی کہتے ہیں ، یہ سکون محسوس نہیں ہوتے - حاصل یہ کہ آٹھ چھن مل کر ایک "لو" بنتا ہے ، آٹھ "لو" ہوں تو ایک "کشتھا" اور آٹھ کا شتھا" کا ایک "لکھ" بنے گا - اسی طرح آٹھ لکھ کی ایک "کلا" ، آٹھ کلا کا ایک ترت اور دو ترت کا ایک "آن" ہوگا - اور "آن" چوتھائی حصہ ہوگا "مان" کا - اور یہاں سے "کلا" عمل میں آتے ہیں - تال کی صورتوں میں اختلاف "کالوں" کی تعداد سے ہوسکتا ہے جبکہ "ضرب" کی صورت ایک ہی ہے - دو آن ایک درت کے برابر دو درت ایک لکھو کے برابر ، دو لکھو ایک گُر کے اور تین لکھو ایک پلٹ کے برابر ہیں - اور انودرت نیم ماترا ہوگا . . . . . . . . . . مذکورہ ثلث کو ایک پل شمار کرتے ہیں ، یعنی تین تالوں کو - آٹھ پل کو ایک گھڑی ، ساٹھ گھڑی کو ایک دن ، تیس دنوں کو ایک مہینہ اور بارہ مہینوں کو

Marfat.com

ایک سال (شمار کرتے ہیں) - لہذا ازمنہ کا ادراک چھن سے لیا گیا تا کہ
. . . . . . محسوس نہ ہو کہ اس کا احساس بہت دشوار ہے -

اب واضح ہو کہ "آن" ماترا کا چوتھائی ہے اور اس کی ضرب لفظی تی تی ہے - . . . . اور بجانے کے اعتبار سے اس کا سکون بین الفرعین کمتر اور مختصر ہوگا یعنی سریع ہوگا - جہاں تک درت کا تعلق ہے وہ نیم ماترا اور اس کی ضرب لفظ مات(؟) درت ہے اور بجانے کے اعتبار سے اس کی فرعات زمانہ بین الفرعین متواتر ہوگی نبض کی طرح متواتر و مسلسل . . . . . . لکھ ایک ماترا ہے اور اس کی ضرب لفظی تہی تہی بغیر امالہ کے اور بمعنی "خوردہ" کے ہے اور بجانے کے اعتبار سے سکون کے فرعات کا وقفہ اس کے بین الفرعین معتدل حرکت ہوگا نبض کی حرکات کی طرح ، وہ صحیح ہوگا یعنی لکھ کی دو ضربیں نبض کی دو حرکتوں کے مابین وقفے کی طرح صحیح ہونگی - گُر دو ماترا ہے اور اس کی ضرب لفظی لتھی ضرب کے ساتھ اور تتھی خالی - اس کے معنی کلاں (بڑا) کے ہیں ، اور بجانے کے اعتبار سے اس کے بین الفرعین سکون کی فرعات مختلف و متفاوت ہیں ، اور طویل ہیں - متفاوت نبض کی حرکت کی طرح یہ لکھ کے سکون سے دگنا ہیں اور ماترا کے حساب سے دونوں برابر ہیں -

**پلٹ** : تین ماترا ہے - اس کی ضرب لفظی تتھی ہے ضرب کے ساتھ اور دو تتوی خالی (؟) - پلٹ کے معنی بہت لمبے اور بڑے کے ہیں تال بجانے کے اعتبار سے پلٹ کے فرعات بہت مختلف ہیں - یعنی فرعین کے درمیان سکون کا وقفہ طویل ہوتا ہے -

**درت** : نیم ماترا ہے - اس کی ضرب لفظی لت لت(؟) ہے - تھوڑے وقفے کے ساتھ - بجانے کے اعتبار سے درت کے فرعات بہت متواتر و مسلسل ہیں ، یعنی فرعین کے مابین سکون کا وقفہ تھوڑا ہو گا -

Marfat.com

**برام :** . . . . . لک اور درب کو ملا دیا جائے . . . . دو ماترا . . . . . . . . اور وہ ماترا کا دسواں حصہ/ڈیڑھ ماترا ہے . . . . . . . .

**تال :** اور یہ لکھ اور گر کے ماتروں کے فرعین کے درمیان سکوں کے وقفے کی مدت ہے ۔ اور یہ ہر جگہ ایک ہی اندازے کے مطابق ہونا چاہیے نہ کہیں زاید ہو نہ کم ، یعنی اگر لکھ ہے تو لکھ کے اندازے کے مطابق ہو اور اگر گر ہو تو گر کے اندازے کے مطابق ۔

تال ، تان ، سم ،گرہ ، سر اور . . . ، تال کے ظاہری اسباب میں سے ہیں ۔

**مصطلحات :** جہاں تال سکون پذیر ہو اسے گرہ تال اور سم کہتے ہیں اور جہاں سے تال کو شروع کرتے ہیں اسے احار(؟) اور احار (؟) سے گرہ تک یعنی اس مجموعہ . . . . . . چند بے معنی لفظ ہوتے ہیں اور رقص کی بنیاد انہی الفاظ کے اصول پر ہے ۔

تال کے اقسام نسخۂ سنگیت کے مطابق ایک سو ستر ہیں اور سرمند(؟) کے مطابق چونسٹھ ، اور تال میں یہ مشہور و معمول ہیں ۔ یہ تمام تال رقص کے اصول میں اہم تر ہیں ۔ اور نغموں میں اگر کوئی مشہور اور اہم دوتال/تالہ بارہ تال سے کام لے تو یہ مغتنمات میں سے ہے ۔ یہ بارہ ہیں :

۱ ۔ **پت تال : پت (چتر ستر روپک) :** یہ ایک تالہ کے نام سے مشہور ہے ۔ یعنی ڈیڑھ لکھ ، لہذا اس کا بند ایک ماترا ہے اور اس کی ضربات لفظی ہیں تھی تھی ۔

۲ ۔ **چت تال : اس کا بند ماترا کا تین چوتھائی ہے یعنی ایک برام درت ۔ اس کی لفظی ضربات ہیں تتت تت (؟)**

۳ ۔ **تال ہولی : اس کا بند ڈیڑھ ماترا ہے ۔ اس کی لفظی ضربات تھی تتھی ہیں ۔**

Marfat.com

۴ - داوکت؟ : اسے دوتالہ بھی کہتے ہیں - اس کا بند ڈیڑھ ماترا ہے - اس کی لفظی ضرب تت تھی ہے اور یہ ایک درت ، ایک برام درت اور ایک لکھ کا مرکب ہے -

۵ - اوگہن تال : تین تالہ ہے - یہ مرکب ہے دو لکھ اور ایک گُر کا - اس کا بند چار ماترے ہیں - اس کی لفظی ضربات ہیں تھی تھی ضرب کے ساتھ اور تتھی خالی

۶ - تتالہ : بقول مطلق(؟) - ایک لکھ ، ایک درت اور ایک لک کا مرکب ہے - اس کا بند سوا دو ماترے ہیں - اس کی لفظی ضربات تت تتت تھی -

۷ - سول تاحتہ : ایک لکھ اور درت . . . . . کا مرکب ہے - اس کا بند ڈھائی ماترے ہیں - لفظی ضربات تت تتت تھی ہیں -

۸ - جھومرا (جھومر؟) تال : دو درت اور ایک لک/لکھ کا مرکب ہے - اس کا بند دو ماترے ہیں - لفظی ضربات تھی تت تھی ہیں -

۹ - صکہ(؟) : یہ مرکب ہے ایک برام درت ، ایک درت اور ایک لکھ کا - اس کا بند سوا دو ماترے ہیں - اس کی لفظی ضربات ہیں تتت تت تھی -

۱۰ - تال سواری : مرکب ہے دو لک ، ایک برام درت اور برام لک کا - اس کا بند سوا چار ماترے ہیں - لفظی ضربات ہیں :
تھی تتھی تت تھی -

۱۱ - چند(؟) تال : یعنی چوتالہ - یہ مرکب ہے دو درت اور دو لک کا - اس کا بند تین ماترے ہیں - لفظی ضربات ہیں :
تت تتت تھی تھی -

Marfat.com

۱۲ - (؟) : یہ بھی چوتالہ ہے - لفظی ضربات ہیں :
تتت تت تھی تھی -

جس طرح اہل ہند کے علم موسیقی میں تال ہے اسی طرح ولایت ، (ایران) میں "بحور" مثلاً بحر مخمس ، بحر دویک ، بحر و در ، بحر ثقیل ، بحر خفیف ، بحر چہار ضرب ، بحر دُر افشاں ، بحر ضرب بفتح ، بحر فاختہ ، بحر چنبر ، بحر ارصد ، بحر رمل اور بحر ہزج مستعمل ہیں -

لمعہ : سازوں کے بیان میں یہ چار ہیں :

۱ - تت/اتت : (زبر کے ساتھ) جو باز داشتہ (روکا گیا ، بند کیا گیا) ہو - اس کا موجد مہادیو ہے - اس میں بین ، ستار ، رباب ، طنبور اور سارنگی آتے ہیں - ان سازوں کے بجانے والے کو تت کار/تنت کار کہتے ہیں جیسے نعمت خان کا خاندان -

۲ - تنت : (زیر کے ساتھ) جو کھال سے منڈھا ہو جیسے مردنگ اور ڈھولک -

۳ - گھن . . . : جس میں دو ساز اکٹھے بجائے جائیں جیسے منجرہ -

۴ - سکر/سگھر : (زیر کے ساتھ) وہ ساز جو منہ سے بجائے جاتے ہیں جیسے بانسری اور شہنائی - بانسری کے موجد کشن ہیں -

سر اور تال وغیرہ کے مراتب واضح کرنے کے بعد گایکوں کی اقسام کا ذکر ضروری معلوم ہوتا ہے - ان کی پانچ اقسام بتائی گئی ہیں :

۱ - سچھیا کار : اس سے مراد وہ گایک (گانے والا) ہے جس نے موسیقی کسی استاد سے سیکھی ہو ، خود بھی اس فن کی تعلیم دے سکتا اور اس میں تصرف کرسکتا ہو -

Marfat.com

۲ - **الکارد(؟)** : یعنی وہ جو بطور استاد کے نغمہ سرا ہو (یعنی وہ جو بغیر استاد کے نغمہ سرا نہ ہو) اور ہر بات میں اس کا تابع ہو ۔ وہ نہ تو تصرف کرتا ہو اور نہ (تصرف) کر سکتا ہو اور اسی طرح دوسروں کو سکھائے ۔

۳ - **رسک(؟)** : ایسا گایک جو گاتے وقت خود بھی حظ اٹھائے اور اپنے سامع کو بھی محفوظ کرے ۔

۴ - **رنجک** : ایسا گایک جس کے گانے سے سامع تو لطف اندوز ہو اور وہ خود اس (لطف) سے بے خبر ہو

۵ - **بھاوک** : ایسا گایک جس کی موسیقی سے خود وہ اور سامع دونوں لذت اندوز ہوں ۔

ان پانچ قسموں میں آگے چل کر ہر ایک کی تین تین قسمیں ہیں ۔

اول - **الکل ادہم** : یعنی اعلیٰ اور اول ۔ ایسا مغنی جو گانے پر تنہا قادر ہو اور اس میں کسی دوسرے کی اعانت کا محتاج نہ ہو ۔

دوم - **حل مدہم** : یعنی درمیانہ اور اوسط ۔ ایسا مغنی جو ایک اور شخص کے ساتھ مل کر گانے اور اس سے داوں کا زنگ دور کر دے ۔

سوم - **لکسب ادہم ؟)** : یعنی کم ۔ ایسا نادان (اناڑی) مغنی جو دو یا دو سے زیادہ آدمیوں کی مدد سے گائے (؟) . . . . .

مغنی کا کمال دو باتوں پر مبنی ہے ۔ پہلی حسن صوت (اچھی آواز) کی حیثیت سے اور دوسری علم و عمل کے اعتبار سے ۔ پہلی صفت کے حامل مغنی کی چودہ قسمیں ہیں :

۱ - **مرشٹ** : یعنی علم کے ساتھ ساتھ خوش آواز ۔

۲ - **مدھر** : جس کا گانا اصول کے ساتھ دلچسپ ہو ۔

Marfat.com

۳ - **جھپال** : جس کا گانا سانس کی قوت کے ساتھ ہو لیکن کسی تکلیف کے بغیر گلے میں رواں ہو -

۴ - **ترستھان** : جو تینوں باتوں (؟) میں دلچسپ ہو -

۵ - **سکھامہ** : جس کی آواز ''آرام دہ'' ہو -

۶ - **کوملی** : یعنی نرم و نازک اور خوش آیند آواز (والا ؟)

۷ - **سرادک**(؟) : جس کی آواز دور تک پہنچتی ہو -

۸- **کبت** : جس کی آواز جلد ہی غمگین بنا دیتی ہو -

۹ - **گھن** : جس کی آواز ''قوی'' صاف اور دور تک پہنچنے والی ہو - جو دلیرانہ نہ گائے بجائے -

۱۰ - **سلچھن کدہ ؟** : . . . . . . . . اور خوش آواز ہو -

۱۱ - **کاد** : جسے آواز پر قدرت ہو -

۱۲ - **سلچھن** : جس کے گانے میں یہ خوبی ہو کہ گاتے وقت سلسلۂ اتصال منقطع نہ ہو -

۱۳ - **پرجر** : جس کی آواز صاف اور واضح ہو -

۱۴ - **رکب چکت** (؟) : جس کی آواز پُر لذت اور مرغوب ہو -

دوسری بات (یعنی حسنِ صوت کے بغیر علم و عمل کی رو سے کمال) کی سولہ اقسام یا صفات ہیں -

۱ - یہ کہ الفاظ کو الگ الگ یعنی بریدہ نہ گائے -

۲ - یہ کہ مقامات (راگوں ؟) کی اصناف کو ان کی صفات سے وابستہ کر کے گائے -

Marfat.com

۳ - صفتِ تال کو سمجھ کر گائے (؟) اصول کے احوال سے بخوبی آگاہ ہو۔

۴ - گاتے وقت تینوں گرہوں (یعنی سم ، ست اور اتا کت) کو عمل میں لائے۔

۵ - جو گانا آرام سکون اور تمکنت سے گاتا ہے۔

۶ - جو آلات موسیقی اور آواز و سرود میں (؟) کامل العمل ہو۔

۷ - دلیرانہ گائے۔

۸ - جو گانے کے دوران میں جا و بیجا سانس نہ ٹوٹنے دے۔

۹ - جس نے استادوں سے علم و عمل پایا ہو۔

۱۰ - گانے کی مشق کو اس نے کمال تک پہنچایا ہو۔

۱۱ - جو اساتذۂ قدیم کے بہت سے بول (تصانیف) یاد کر کے گائے۔

۱۲ - جو نغموں کے امتزاج سے بخوبی واقف ہو۔

۱۳ - جو سامع کو لطف اندوز کرنے کی خاطر گانا مہارت و چستی سے گائے اور راگ گانے کے ساتھ ہی صورت دکھائے (جیسے ہی راگ گانے لگے صورت دکھائے)۔

۱۴ - جو لغت و معنی کے علم سے با خبر و واقف اور خوش طبع ہو۔

۱۵ - جو تصنیف (بول) پر قدرت رکھتا ہو۔

۱۶ - جو . . . . . . اور عروض و قافیہ کے علم سے واقف ہو ، طبعاً نغمے کا شایق ، عاشق مزاج ، موزوں طبع اور سخن فہم ہو۔

مغنیوں کے کمال کا ذکر ختم ہوا اب ان کے عیوب کا بھی تذکرہ ہو جائے۔ عیوب بھی دو قسم کے ہیں - پہلی قسم ''زشتی لحن" (بونڈی

Marfat.com

آواز) کے اعتبار سے ہے - یہ سات قسم کی ہے -

۱ - **دو چھٹ** : جس کی آواز خنک اور خراشیدہ ہو -

۲ - **استھت** : جس کی آواز پریشان اور منتشر ہو -

۳ - بہ (کا کوئی ؟) : جس کی آواز خشک اور خراشیدہ ہو -

۴ - (کاتب لکھنا بھول گیا ہے) -

۵ - **سنت کیت** : جس کی آواز خرابی کے سبب کسی بھی موقع پر جمی نہ رہے -

۶ - **کرش** : جس کی آواز باریک اور بے مغز ہو -

۷ - **بھکن** : جس کی آواز خچر اور گدھے کی طرح درشت اور سخت ہو -

مغنیوں کے عیوب کی دوسری قسم یعنی نغمے کے پیش کرنے میں بے گمانی (غیر یقینی حالت) - یہ عیوب پچیس قسم کے ہیں -

۱ - **سندشٹ** : جو دانت بھینچ کر گائے -

۲ - **اودھشٹ** : جو گانے کی بلندی پر پہنچ کر برا گائے -

۳ - **کنپت** : جو گانے میں سریں پھاڑے (**جو سر گانے میں کانپے ؟**)

۴ - **کراگی** : جو گاتے وقت منہ کھلا رکھے -

۵ - **بھیت** : جو گانا ڈرتے ڈرتے گائے -

۶ - **سنکٹ** : جو اضطراب کے ساتھ گائے -

۷ - **کپل** : جو سروں میں کمی بیشی کرے -

۸ - **کاگے** : جو گانا شور و غوغا کے ساتھ گائے -

Marfat.com

۹ - **بیتال** : جو تال کے اندازے کے ساتھ نہ گائے -

۱۰ - **کربہ** : جو گاتے وقت استائی(؟) کے دوران اپنی گردن دراز نہ کرے (دراز کرے؟) -

۱۱ - **ادھر** : جس کی آواز سرناماد(؟) . . . . . کی فریاد (بلند آواز) کے مشابہ ہو -

۱۲ - **جنیک** : گانا گاتے وقت جس کی گردن اور پیشانی کی رگیں نظر آئیں -

۱۳ - **ملسکی** : گانا گاتے وقت جس کا گلا اور گال پھول جائیں -

۱۴ - **بکرے** : جو گانا گاتے وقت خود کو کج کر کے کندھے سے چپکالے -

۱۵ - **پر ساری** : جو گاتے وقت ہاتھوں کو دراز کرتا اور اعضا کو چھپاتا ہے -

۱۶ - **نمیلک** : جو گاتے وقت اپنی آنکھیں ڈھانپ لے -

۱۷ - **کبرس** : جس کا گانا اصول و قاعدہ کے مطابق ہوتے بھی رنگ . . . . سے عاری ہو -

۱۸ - **اپسر** : جو گاتے وقت سروں کو ملحوظ نہ رکھتے ہوئے غلط گائے -

۱۹ - **ابگہت** : جو گانا اس طرح گڈ مڈ گائے کہ الفاظ اکٹھے یا پورے نہ نکلیں اور آواز گلے میں اٹک جائے -

۲۰ - **ستھان بھرشٹ** : جو تینوں ستھان میں . . . . . -

۲۱ - **انودھان** : جو گانے کے قواعد اور قوانی سے آگاہ نہ ہو -

Marfat.com

۲۲ - **سسکاری :** جو گاتے وقت سانس اس طرح اوپر کو کھینچے کہ اس سے آواز پیدا ہو اور یہ فعل اس سے بار بار سرزد ہو۔

۲۳ - **شرک :** جو شدھ ، سالیک اور سنکیرن راگوں کو گڈ مڈ کرکے گائے۔

۲۴ - **سان ناسک :** جو گانا چھپا کر (یکایک) گائے۔

۲۵ - **کرکس :** جو گانا ہر وقت اور رات کے وقت گائے۔

چونکہ یہ تمام مراتب واضح ہو چکے لہذا ضروری ہے کہ اب علم موسیقی کی بھی تعریف بیان کردی جائے۔ جاننا چاہیے کہ ریاضی کی اصطلاح میں یہ ایک ایسا علم ہے جس سے ملائمت اور مساخرت(؟) کے لحاظ سے نغمات کے احوال کا اور اس کے عمل سے احوال ازمنہ کا پتا چلتا ہے - یہ علم و عمل کا مجموعہ ہے اور اس کا عمل اس کی غایت ہے علم طب کی مانند۔

٭

موسیقی کی ماہئیت دو اجزا پر مشتمل ہے۔ ایک سُر اور دوسرا تال۔ اور ان دونوں کے بارے میں پہلے بیان ہوچکا ہے - "شمشیر خانی" کے مؤلف کے مطابق لفظ "موسیقی" کا تعلق سریانی زبان سے ہے۔ (اہل غنا) کی اصطلاح میں "مو" کے معنی ہوا کے اور "سیقی" کے معنی گرہ کے ہیں۔ چونکہ اس فن والے گویا ہوا میں گرہ لگاتے ہیں اس لیے یہ فن اس نام سے موسوم ہوا۔ نفائس الفنون کے مؤلف نے لکھا ہے کہ یونانی لغت میں موسیقی ، آواز کو کہتے ہیں۔ واضح ہو کہ حیوانات میں آواز پھیپڑوں کے سبب ہے ، اور جس بھی حیوان میں پھیپھڑے نہیں ہیں وہ آواز نہیں رکھتا ، جیسے مکھی ، مچھر اور بھڑ کہ جن کے پر

Marfat.com

پھڑ پھڑانے سے آواز پیدا ہوتی ہے - اسی طرح مینڈک کی آواز کانوں کی حرکت سے پیدا ہوتی ہے .......... پانی کے جانوروں کی آواز نہیں ہوتی -

آواز کو ہندی میں ناد کہتے ہیں - اس (آواز) کی دو قسمیں ہیں - ایک وہ جو موجودات کے توسط کے بغیر ہے اور دوسری جو ممکنات کے وسیلے سے ہے - ان دونوں کی تفصیل ہم بیان کرچکے ہیں -

حکیم فیثا غورث نے موسیقی کے اصول کو اصوات فلک سے اخذ کیا . اس کا کہنا ہے کہ کوئی بھی نغمہ افلاک کی آواز سے زیادہ خوش آیندہ نہیں ہے - بعض کا قول یہ ہے کہ علم موسیقی کے موجد (حضرت) اسرافیل ہیں - اور بعض کا یہ خیال ہے کہ ققنس (ایک فرضی پرندہ) جو ایک ایسا پرندہ ہے جس کی چونچ میں ہزار سوراخ ہیں اور ہر سوراخ سے ایک الگ آہنگ نکلتا ہے ، اس کے انھی ہزار سروں سے حکما نے راگ اور راگنیاں اخذ کی ہیں - واللہ اعلم - ہندوؤں کے منقولات سے یہ واضح ہوتا ہے کہ راگ مہادیو اور بشن/پارسی/....... سے صورت پذیر ہوئے ...... - جبکہ بعض کی رائے یہ ہے کہ آوز ازلی ہے اور اس بنا پر سر کو امیسر؟ کہتے ہیں ، جیسا کہ حضرت نظام الدین اولیاء کے با برکت کلام سے ظاہر ہے - آپ نے کئی بار فرمایا کہ ہم نے روز میثاق "الست بربکم" (کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں) کی ندا راگ پوربی میں سنی - یہ بھی کہا جاتا ہے کہ قدیم ایام میں دیووں اور انسانوں کے مابین ملاپ تھا - جس کے سبب مؤخرالذکر نے علم موسیقی اول الذکر سے حاصل کیا - جب حضرت آدم کے پوتے اور روئے زمین کے پہلے بادشاہ کیومرث نے اپنے لڑکے کا انتقام لینے کے خاطر دیووں سے شدید جنگ لڑی تو دیو اس وقت انسانوں کی نظروں سے روپوش ہوگئے ، لیکن نایکوں نے جادو

Marfat.com

کے زور سے انہیں حاضر کر کے ان سے یہ فن سیکھا ۔ چنانچہ وہ بندگی و عبادت کے طور پر مخصوص اوقات میں گاتے اور گیت اور سنگیت میں گاتے بجاتے تھے ۔ تا آنکہ اوجین کے حاکم راجہ مان نے نایکوں کے ماجرا پر مشتمل ایک دھرپد گوالیاری زبان اور بھیروں (راگ) میں تصنیف کی ، اور اسے نایک بخشو (بھکشو؟) کے حضور گایا ۔ نایک مذکور خوش نہ ہوا ۔ کچھ دیر بعد راجہ مذکور نے کہا کہ میں نے کیسی نئی ایجاد کی ہے ۔ نایک بولا کہ یہ کونسا تحسین و ستائش کا مقام ہے ، تونے تو ہمارے علم کو جو ایک مدت سے مستحسن چلا آ رہا تھا بگاڑ کے رکھ دیا ہے اور اسے خال و خط اور مرد و زن کے عشق کی تعریف سے خلط ملط کر کے عبادت کو لذات میں بدل دیا ہے ۔ بہر حال ہوتے ہوتے دھرپد کو شہرت مل گئی ۔

لمعات الاشراق میں ہے کہ وہ نسبت شریفہ (بہت بڑا تعلق) جو حرکات فلکی ـــــــ سرعت وسطی (درمیانی رفتار) اور زمانوں کے اندازے جو اس کے مانع ہیں ـــــــ کے درمیان واقع ہے ، یقیناً بہت ہی بڑی نسبت ہوگی ، اس لیے کہ اس کونؔ و فساد کے علم موسیقی کا مدار اس پر ہے ۔ یہ کوئی تعجب کی بات نہ ہوگی اگر اس تعلق و نسبت یا اس کی قربت کو صوت و نغمات کے ساتھ بیان کریں ، تو یہ غایتِ ملایمت میں ہوگی(؟) علم موسیقی میں یہ بات طے شدہ ہے کہ کوئی بھی نسبتِ شریف ، نسبت مساوات سے بڑھ کر نہیں ہے اور ہر وہ نسبت جو کسی بھی وجہ انحلال (زوال ، فنا) سے نسبتِ مساوات کی طرف مائل نہیں ہوتی وہ حد ملایمت (موافقت ، سازگاری) سے خارج اور تنافر (ثقیل ، دشوار ، دوری ، باہمی بیزاری ، )کے دائرہ میں داخل ہوگی ، یوں گویا . . . . .(؟)

صاحب بصیرت کو علم ہے کہ بدن سے نفس (روح سانس) کا تعلق اعتدال ہی کی نسبتِ شریفہ کے سبب قائم ہے (یعنی عناصر کے اجزا

Marfat.com

میں اعتدال ہے) - لہذا اس نسبت کا زوال قطع تعلق کے نزدیک یا برابر ہوگا - چنانچہ عاشق کے معاملے میں بھی یہ بات طے شدہ ہے کہ نسبت شریفہ جہاں کہیں بھی نظر آتی ہے اس کے لیے کشش و مسرت کا سبب بنتی ہے ، جیسے حسن کہ اعضا کے مابین ایک خاص نسبت سے عبارت ہے - پھر فصاحت و بلاغت ہے ، جو نتیجہ ہے ان خاص نسبتوں کا جو مابین اجزائے کلام اور کلام کے درمیان مقام مرعی (رعایت کیا گیا) کی مقتضی ہوتی ہیں - اسی طرح نغمات کی تاثیر بھی ایسی ہی نسبت کے باعث ہے - چنانچہ یہ طے ہے کہ ایک ہی طبع کو تمام نغمات متاثر نہیں کرسکتے خواہ وہ مستمع ہوں خواہ قوالی ، کیونکہ بعض لوگ تقارب مزاج کے سبب طبعاً نغمات کی طرف راغب ہوتے ہیں اور کچھ لوگ اپنی مہارت و کمال کے اظہار کی خاطر یہ فن سیکھتے ہیں - جب یہ بات تحقیق ہوگئی تو ظاہر ہے کہ ہندی نغمات اہل ہند کی طبایع کے لیے پسندیدہ ہونگے اور فارسی نغمات اہل فارس کی طبایع کے لیے مستحسن - ہندی نغمات کی تفصیل دینے کے بعد ہم فارسی نغمات کے بارے میں کچھ بیان کرتے ہیں -

**فارسی نغمات :**

واضح ہو اہل فارس (ایران) کے نزدیک راگوں کے بارہ نام ہیں - راگ کو وہ "مقام کہتے ہیں - بعد میں دوسرے حکما (دانشمندوں) نے گہرے مشاہدہ و فکر سے یہ معلوم کیا کہ جب آفتاب ایک برج سے دوسرے برج میں داخل ہوتا ہے (اور یہ بارہ برج ہیں) تو اس سے "لحن مخالف" صادر ہوتا ہے - چنانچہ انہی بارہ برجوں کے مطابق ایران والوں نے بارہ مقامات یعنی راگ تیار کیے - شب و روز کے چوبیس گھنٹوں کے پیش نظر ان مقامات کی چوبیس شاخیں اور سال کے

Marfat.com

دلوں کے مطابق تین سو ساٹھ لغمے ہوئے - مقامات اور شعبوں کی تفصیل اس طرح ہے :

**مقامات :**

| | | |
|---|---|---|
| ۱ - رہاوی | ۲ - حسینی | ۳ - راست |
| ۴ - حجاز | ۵ - بزرگ | ۶ - کوچک |
| ۷ - عراق | ۸ - اصفہان (اسے اصفہانک بھی کہتے ہیں) | ۹ - نوا |
| ۱۰ - عشاق | ۱۱ - زنگولہ (زنگلہ) | ۱۲ - بوسلیک |

ان مقامات کو مختلف اقلیموں سے مخصوص کیا گیا ہے - چنانچہ "داراشکوہی" کے مؤلف کے مطابق مقامات اصفہان و بزرگ و کوچک اقلیم اول سے ، حسینی و کوچک و بزرگ اقلیم دوم سے ، بوسلیک ، رہاوی ، حجاز اور عراق اقلیم سوم سے ، عشاق اور نوا . . . . اقلیم چہارم سے ، بوسلیک ، رہاوی اور اصفہان متقدمین کے نزدیک . . . . اور متاخرین کے نزدیک اقلیم پنجم سے ، حسینی(؟) بزرگ و کوچک اقلیم ششم سے اور زنگولہ ور راست اقلیم ہفتم سے مخصوص ہیں - پھر ان کی خصوصیت مختلف ولایات (علاقوں) سے اس طرح وابستہ کی گئی ہے : راست اور حجاز خراسان سے ، حسینی اور کوچک ماوراءالنہر سے ، عراق اور اصفہان عراق سے ، رہاوی اور زنگولہ عرب سے عشاق اور نوا زنج (حبشہ) اور روم سے اور بزرگ اور بوسلیک برصغیر سے - اس کے علاوہ مختلف انسانی طبیعتوں سے ان مقامات کو جو نسبت و تعلق ہے اس کا بیان یوں ہوا ہے :

حسینی ، ملوک و سلاطین کو مرغوب ہے ، اصفہان و کوچک و رہاوی مشائخ ، کسالوں ، پہلوانوں اور خاندان قدیم کو ، عراق و کوچک و بزرگ وزرا ، شرفا اور قضات کو ، عشاق اور زنگولہ امیروں ، ترکوں،

Marfat.com

اہلِ سیفِ اسلام اور لشکریوں کو ؛ نوا اور حجاز خوانین ، خواجہ سراؤں اور امرا کو ؛ رہاوی ، زنگولہ اور نوروز عرب میں درویشوں کو ؛ عراق اور نیشاپورک . . . . . . طالبعلموں کو اور حجاز اور نوروز عجم اور بغداد میں ترکوں کو پسند ہے ۔

ہر مقام کا وقت مقرر ہے ۔ چنانچہ حسینی ، دوگاہ اور مجیرہ کا وقت ، طلوع آفتاب ہے ۔

عشاق اور زابل : ان کے ایک ساعت بعد ۔

راست اور پنج گاہ : چاشتگاہ (پہر دن چڑھے کا وقت) ۔

بوسلیک(؟) اور عراق : ان کے بعد ۔

بزرگ ، کوچک اور ہاہوں : دن کے آخر تک اور شام کے وقت ۔

زنگاہ ، خفتن(؟) ، چارکاہ ، سلمک ، غزل اور لوا : بعدِ خفتن (عشا) ۔

سلمک نوروز ، چامہ(؟) ، کوچک اور رکت(؟) بعد ازاں ۔

اصفہان ، راست ، نیشاپور اور سلمک : نصف شب ۔

حجاز : اس کے ایک ساعت بعد

بوسلیک ، نو وز صا(؟) : آخر شب

رہاوی اور نوروز عرب و نوروز عجم(؟)

ہرمقام کی اپنی ایک خاصیت ہے ۔ مثلاً . . . . :

عشاق ، بوسلیک اور نوا محرک ہیں نشاط و فرح کے ۔

راست ، اصفہان اور نوروز : اندوہ ، حزن ، فتور اور قبض کا سبب ہیں

بزرگ ، رہاوی ، حسینی ، زیر . . . . اور حجاز : . . . . دل شکستگی

Marfat.com

کا باعث ہیں -

لہذا ضروری ہے کہ ایسے موقع پر ، جوکسی مقام کی تاثیر موافق ہو، راگ الاپا جائے تاکہ اس کی تاثیر زیادہ ظاہر ہو پائے -

یہ مقامات مختلف آسمانی برجوں سے منسوب ہیں - جیسے :

راست : حمل اور مشتری سے

اصفہان : ثور اور زہرہ سے

عراق : جوزا اور عطارد یا مریخ سے

کوچک : سرطان ، اسد اور آفتاب یا زحل سے

بزرگ : آفتاب یا مریخ سے

عشاق : عقرب یا مریخ سے

حجاز : عطارد یا زہرہ سے

رہاوی : حوت یا مشتری یا عطارد سے -

نوا : قوس ، سنبلہ یا زحل سے -

زنگولہ : دلو سے -

بوسلیک : میزان یا زہرہ یا عطارد سے -

حسینی : جدی یا مشتری یا آفتاب سے -

ان بارہ مقامات میں سے ہر مقام کی دو شاخیں ہیں - پہلی شاخ اس کی پستی (زیر) اور دوسری شاخ اس مقام کی بلندی (بم) ہے - اور ہر شاخ نغمات سے مرکب ہے ، جس کی تفصیل اس طرح ہے : اول مقام رہاوی کی دو شاخیں : پہلی شاخ نوروزِ عرب ہے جو چھ نغمات سے مرکب اور اس

Marfat.com

سلطان معزالدین نے اودھ سے دہلی کی طرف مراجعت کی ؛ کچھ عرصہ اپنے باپ کی وصیت پر کاربند رہ کر اس نے کسی قسم کی مجلسِ عیش و طرب برپا نہ کی ، شراب کو ہاتھ نہ لگایا ، اور اس طرح نہ تو وہ موسیقی کی طرف مائل ہوا ، اور نہ اس نے حسیناؤں ہی کو اپنے پاس بلایا - لیکن چوں کہ اس کی بخشش ، اس کی لطافتِ مزاج ، اس کی موزونیٔ طبع اور اس کے بے پناہ عیش و نشاط کا شہرہ دور و نزدیک کے تمام علاقوں میں پہنچ اور اس کی حسن پرستی اور عشق بازی کا چرچا عام لوگوں میں پھیل چکا تھا ، اس لیے بڑے بڑے شہرۂ آفاق بھڑووں اور دلالوں نے سلطان کے لیے تحفے کے طور پر اور اس کی خدمت کے خیال سے بڑی بڑی حسین و جمیل ، تنگ جامے والی ، شوخ ، چنچل ، کان ملاحت اور ناز و ادا والی دوشیزاؤں کو موسیقی ، رباب بجانا ، غزل گانا ، نکتہ سنجی اور شطرنج اور چوپڑ کھیلنا سکھا دیا - انھوں نے ہر اس ماہ پارہ کو جس کا حسن قیامت خیز اور شباب آشوب انگیز تھا ، مختلف طریقوں سے پرورش کیا اور اس سے پیشتر کہ ان کا نہالِ جوانی بارآور ہو ، انھیں بڑی چستی و چالاکی سے گھوڑا دوڑانے اور نیزہ بازی کھیلنے کی تربیت دی - اور ان آفت کے پرکالوں کو قسم قسم کے دل نواز و دل فریب فنون سے جو زاہدوں کو اپنی زہد شکنی پر مجبور اور عبادت گزاروں کو خرابات کی طرف مائل کریں ، آراستہ کیا - ہندوستان کے منفعت پسندوں نے شمشاد قد ، نوخیز امردوں اور ماہ جبین دوشیزاؤں کو فارسی زبان اور موسیقی کی مشق کرائی ، زر و زیور اور زردوزی لباس سے آراستہ کیا اور ان روح نواز حسیناؤں کو دربار کے طور طریقوں اور ادب آداب کی تعلیم دی - نوخیز و

Marfat.com

لاثانی امرد غلاموں کے کانوں میں موتیوں کے بندے پہنائے ، بے مثل کنیزوں کو جلوہ گاہ کی دلہنوں کی مثل آراستہ کیا ۔ بڑے بڑے موسیقاروں اور استاد فن کاروں نے ایرانی اور ہندی دھنوں کو ترتیب دے کر 'قول' ، 'غزل' ، 'حب' اور 'گیلانی' میں بادشاہ کی مدح کے راگ الاپے ۔ ایسے ایسے مسخرے اور بھانڈ بھی ، جن کی معمولی سی مسخرگی اور بھانڈ پن پر بے حد غم دیدہ انسان بھی قہقہے لگانے پر مجبور ہو جائیں ، اور خوش طبع لوگوں کے سارے ہنسی کے پیٹوں میں بل پڑ پڑ جائیں ، شاہی نوازشوں کے لالچ میں بڑی بڑی دور سے پایۂ تخت پہنچے ۔ کول اور میرٹھ کے شراب ساز بے خماری کا عرق مشکبو اور دو سالہ تین سالہ پرانی شراب مشکوں میں بھر بھر کر پیش کش کے طور پر لائے ۔

جن دنوں سلطان معزالدین اودھ سے دہلی کی جانب لوٹ رہا تھا اور اس نے چار پانچ منزلیں طے کی تھیں ، تو ہر روز چند سرو قامت ماہ پارے اور شمشاد قد پری رخ ، کہ عابد فریب اور زہد شکن ہوتے ، راستے میں کھڑے ہو جاتے ، جس وقت سلطان کی سواری گذرتی ، وہ سامنے آ کر لہرانے گاتے ۔ اگرچہ سلطان کا دل ان نیم تنوں کی طرف بری طرح کھنچ رہا تھا اور اس کی طبیعت ان نازک اندامون کو دیکھ کر مچل مچل رہی تھی ، پھر بھی وہ اپنے باپ کی وصیتوں کی شرم سے ، کہ جن کا مضمون ہر ہر لشکری کو معلوم ہو چکا تھا ، اپنے آپ پر قابو پانے اور برداشت کرنے کی کوشش کر رہا تھا ، مگر ساتھ ہی ساتھ وہ کنکھیوں سے ان زہرہ جبینوں کے حسن دل فریب کا نظارہ اٹھاتا جاتا اور ہر لحظہ ان مہ وشوں کے وصل کا شوق اس کے دل میں پیوست ہوا جا رہا تھا ۔ تا آں کہ ایک روز جب کہ اس کی سواری گذر رہی تھی ، ایک لٹ بچہ ، آفت کا پر کالہ ، شوخ ، چنچل ، مہ پارہ ، حشر بہ داماں ، حسن میں لاثانی ، زر نگار قبا پہنے ، زر الدود ترکش کمر سے باندھے ، شیر کی دم

Marfat.com

ترکش میں لٹکائے اور شاہی کلاہ کان کی لووں تک سر پر ٹکائے ، سبزی مائل اور دم اٹھائے ہوئے گھوڑے پر (کہ جس پر ملمع زین کسی ہوئی تھی) ہزار میخی زرہ پہنے ہوئے ، بڑے ماہر اور چست شکاریوں کی مانند سوار ہو کر اور سیاہ پرچم گھوڑے کے سینے کے آگے لٹکائے (میدان حسن و جمال کا یہ شہ سوار) خاص فوج میں سے نکل کر باہر آیا اور اپنے گھوڑے کو دوڑا کر اور چکر دے کر شاہی سواری کے قریب لے گیا ۔ سلطان کے مقربین اور فوج خاص کے آدمیوں کو یہ گمان گذرا کہ شاید کسی شاہ زادے نے شکار کے تعاقب میں گھوڑا دوڑایا ہے ، جو اس کی شوخی ، چستی و چالاکی ، تاخت و بافت اور اس کے چنچل پن سے تماشائیوں کی نگاہیں خیرہ ہو کر رہ گئی ہیں ۔ وہ آفت جاں اور بلائے بے درماں ، حشر بداماں میدان سے تیر کی سی تیزی سے گذرا ، پھر گھوم کر واپس مڑا اور شاہی چتر کے سامنے آ گیا ۔ ہتھیار بند محافظ ، نقیب اور چاؤش جو ہاتھوں میں گرز اور چماق اٹھائے شاہی سواری کے آگے آگے چل رہے تھے ، اس پری پیکر ، گل عذار سیمیں بر کے حسن جاں افروز پر کچھ اس طرح لٹو ہو گئے کہ انھیں اسے شاہی چتر کے سامنے آنے سے روکنے کا ہوش تک نہ رہا ، اور جب تک وہ پلک جھپکیں وہ چشم و چراغ حسن و خوبی شاہی چتر کے نزدیک پہنچ چکا تھا ۔ وہ گھوڑے سے اتر کر شاہی گھوڑے کے قریب جا پہنچا ، اور اس نے نازک بدنوں کے الحان اور دلبروں کے آہنگ کے ساتھ یہ شعر پڑھا :

گر قدم بر چشم ما خواہی نہاد
دیدہ در رہ می نہم تا می روی

(اگر تو ہماری آنکھوں پر قدم رکھے گا تو ہم راستے میں آنکھیں بچھا دیں گے تاکہ تو ان پر سے گذرے)

Marfat.com

پھر بادشاہ سے کہنے لگا کہ "عالم پناہ ! اس غزل کا مطلع حضور کی بندگی میں عینِ مناسب ہے ، لیکن مجھے ڈر ہے کہ میں پڑھ نہ سکوں گا ۔" سلطان نے جو اسے دیکھا تو اس پر ہزار جان سے فریفتہ اور اس کی شیریں سخنی سے مدہوش ہو گیا ؛ گھوڑے کو روکا اور اس زہرہ‌وش سے کہا ''پڑھو ، پڑھو ، ڈرو نہیں ۔'' اس پر اس زہد شکن عابد فریب نے یہ شعر پڑھا :

سرو سیمینا بصحرا می روی
نیک بد عہدی کہ بی ما می روی

**(سعدی)**

(چاندی ایسے حسین محبوب ! تو باغ میں جا رہا ہے ؛ تو بڑا ہی بد عہد ہے جو ہمارے بغیر جا رہا ہے ۔)

مطلع پڑھنے کے بعد بہ صد ناز و ادا بادشاہ سے کہنے لگا ''ہم سیکڑوں غمزہ فروش حسین محض جہاں پناہ کے جمال کی آرزو میں کہاں کہاں سے آئے ہیں ، لیکن حضور ہیں کہ ہم سے پہلو تہی کرتے ہوئے تشریف لے جا رہے ہیں ؛ کیا ہماری اتنی بھی وقعت نہیں کہ ہم حضور کا ایک نظارہ ہی کر سکیں ؟'' سلطان اس آفت جاں کے حسن و جمال اور اس سکون قلب و جان کے کلام نزاکت نظام پر مر مر ہی تو گیا ! اس کے حسن و خوبی ، اس کی چستی اور پھرتی ، شوخی اور سخن گوئی پر حیران ہو ہوگیا اور فرط مدہوشی میں اس نے چاہا کہ گھوڑے سے اتر کر اسے بغل میں لے لے ۔ اس توبہ شکن کے نظارۂ حسن کا ولولہ اس پر اس قدر غالب آیا اور اس غیرت ناہید کی ہر ہر تان نے سلطان کو اس قدر مسحور کیا کہ اس نے اسی مدہوشی کے عالم میں توبہ توڑ ڈالی ؛ اسی وقت شراب

Marfat.com

طلب کی اور شاہی جام ہاتھ میں تھام اس سرو قامت ، سمن بر کے سامنے چڑھا گیا ۔ توبہ شکنی کے موقع پر اس نے یہ شعر پڑھا :

شب ز می توبہ کنم از بیم ناز شاهدان
بامدادان روی ساقی باز درکار آورد

(رات کے وقت حسینوں کے ناز کے ڈر سے شراب نوشی سے توبہ کرتا ہوں ، لیکن صبح ساقی کا چہرہ پھر شراب کی طرف مائل کر دیتا ہے) ۔

اس آفت دین مسلمانی نے جب سلطان کی زبان سے یہ شعر سنا تو فوراً بڑی ہی پر سوز اور جاں افروز آواز میں دوسرا شعر پڑھا :

غمزۂ عابد فریبم زاهد صد سالہ را
موی پیشانی گرفتہ پیش خمار آورد

(میرا عابد فریب غمزہ صد سالہ زاہد کو بھی پیشانی کے بالوں سے پکڑ کر مے فروش کے پاس لے آتا ہے ۔)

وہ شعر پڑھتا جاتا اور ساتھ ساتھ ناز و ادا ، غمزہ و کرشمہ اور چستی اور پھرتی ، دکھاتا جاتا تھا ، اور تماشائی اس کے حسن جاں نواز کے مشاہدے ، اس کی آواز کے لوچ اور لطافت کلام سے انگشت بدنداں ہوئے جارہے تھے ، اور دل و جان سے اس بات کے خواہاں تھے کہ خود کو اس پر قربان کردیں اور اس کے ماں باپ کو اپنی غلامی کا پروانہ لکھ دیں ۔

وہ معشوق کبھی گھوڑے کو کداتا ، کمان ہاتھ میں تھام کر تیر اس میں جوڑتا اور کبھی دراج کے پنکھوں کے نیچے سے پھلانگتا ۔ اس کے حسن کے نظارے اور مہارت فن کے تماشے سے خاص فوج کے لشکریوں

Marfat.com

ہر ایک مدہوشی و بے خودی چھائی ہوئی تھی ؛ نگاہیں ان کے ہاتھوں سے چھوٹی ہوئیں اور نگاہیں اس آفتِ جاں پر گڑی ہوئیں ، عجب نشے کے عالم میں چل رہے تھے - غرض کہ تمام تماشائی اس مایۂ حسن و خوبی پر سو سو جان سے قربان ہوئے جاتے تھے -

جس وقت سلطان نے بارگاہ دولت میں نزول اجلال فرمایا اور محفل عیش و نشاط برپا کی گئی تو اس (سلطان) نے اس فتنہ ساماں اور حشر بداماں کو طلب کیا اور بڑی ہی دلی آرزو کے ساتھ اس سے کہا کہ "ہماری خواہش ہے کہ آج ہم تمہارے ہاتھوں سے جام شراب نوش کریں اور تم ہی ہماری محفل کے ساقی بنو -" اس مایۂ خوبی نے بڑے ناز و ادا کے ساتھ بادشاہ کو جواب دیا :

ما گرچہ کہ خوب تر ز ماہیم  ہم بندۂ بندگان شاہیم

(ہم اگرچہ چاند سے بھی زیادہ حسین ہیں لیکن بادشاہ کے غلاموں کے غلام ہیں -)

شعر پڑھنے کے بعد اس نے جام پُر کیا اور سلطان کے ہاتھ میں دیا - سلطان نے جام اس کے ہاتھوں سے لیا اور ہاتھوں میں تھام کر اس کے حسن عالم افروز کے نظارے میں محو ہوگیا ؛ پھر یہ شعر پڑھا :

قدح ، چوں دور من آید ، بہ ہشیاران مجلس دہ
مرا بگذار تا حیران بماند چشم در ساقی

(جب میری باری آئے تو جام محفل میں بیٹھے ہوئے ہوشمندوں کو دے اور مجھے رہنے دے تاکہ میں ساقی کے نظارے میں محو و حیران رہوں -)

Marfat.com

اس ساقی سروقد ، نازک اندام نے بہ کمال ناز سر زمین پر رکھ دیا اور شوخی و طنازی کے ساتھ ابروؤں پر شکن ڈالے ، چستی اور پھرتی دکھاتے ہوئے عشوہ و غمزہ کو کام میں لایا ۔ پھر بڑی ہی پیاری اور مدہم آواز میں گویا ہوا "شاہ عالم نوش فرمائیے ، نوش فرمائیے شاہ عالم ۔" سلطان نے فوراً یہ شعر پڑھا :

اگر ساقی تو خواہی بود ما را
کہ می گوید کہ می خوردن حرام است

(اگر تو ہمارا ساقی بنے تو پھر کون ہے جو یہ کہے کہ شراب نوشی حرام ہے ۔)

اسی دوران میں جب کہ ساقیوں کا سلطان 'نوشا نوش' کا نعرہ لگا رہا تھا ، سلطان نے ضیا جھجی کی طرف دیکھا ، پھر مسکراکر بولا "ساقیوں کا حکم برا نہیں ہے ۔" ضیاءالدین جھجی نے سر جھکاتے ہوئے کہا :

تحکم کردن ساقی جہان نیست
جہان این است این خود درجہان نیست

سلطان نے حکم دیا کہ چاندی کے دو ہزار تنکے لائے اور اس چمن حسن و خوبی کے نہال پر نثار کیے جائیں ۔ اس پر اس طناز نے طنزیہ انداز اختیار کرتے اور مسکراتے ہوئے سلطان سے عرض کیا "یہ نثار کیا ہوا مال ان لوگوں کا حق ہے جنھوں نے مجھ ایسے ماہ پارے کو حضور ایسے سلطان کے لیے پالا پوسا اور جو اب دربار میں حاضر ہونے کے لیے چشم براہ ہیں ۔" سلطان نے پوچھا کہ ان میں تجھ ایسا بھی کوئی ہے ؟ اس نے جواب دیا "شاہ عالم ! اگرچہ آج تک کسی ماں نے مجھ ایسا حسین نہیں جنا ، تاہم باقی سب کے سب بھی

Marfat.com

پروین صفت اور رشک مہ و مہر ہیں اور اس قدر عمدہ گانا گاتے ہیں کہ زہرۂ فلک بھی ان کی آواز پر رقص کرنے پر مجبور ہوجاتی ہے - اگر انھیں جہاں پناہ کے محل ہمایونی میں لایا جائے تو ان کی موسیقی سے پرندے بھی فضا سے نیچے زمین پر آ رہیں ، اور در و دیوار ناچنے لگیں گے -،، سلطان نے حکم دیا کہ اس گروہ کو دربار میں پیش کیا جائے -

جب وہ لوگ دربار میں لائے گئے اور درباریوں کی نگاہیں ان کے حسن و جمال پر پڑیں تو ایک سے ایک کو بڑھ کر حسین و جمیل اور زیبا و خوب رو پایا ، اور جس گھڑی وہ تانیں اڑانے اور ناچنے لگے تو حاضرین مجلس آن حور پیکر مہ وشوں کے نظارے ، ان حسینان سیم تن کے ناز و ادا ، ان مایۂ ناز شمشاد قدوں کی شوخی اور ان جاں نواز گل عذاروں کی طرح داری پر مر مر گئے- سلطان آن شوخ چشموں کی شوخی، ان عربدہ جو نرد بازوں کی لطیفہ بازی ، ان سیمیں ساق پری رخوں کے رقص اور ان نکیسا (ایک قدیم موسیقار) ایسی آواز رکھنے والے جاں نوازوں کی رباب نوازی میں کچھ ایسا کھو گیا کہ اپنے باپ کی نصیحت کا قطعاً خیال نہ رہا - دوسرے لفظوں میں اس نے پند و موعظت کا تختہ ایک طرف کونے میں رکھ دیا اور دن رات ان توبہ شکن مہ رخوں کے ساتھ عیش و نشاط میں مشغول رہنے لگا - ع :

پند پدر مانع نشد در عیش و عشرت شاہ را

(عیش و عشرت میں بادشاہ کے لیے باپ کی نصیحت کوئی رکاوٹ نہ بنی -)

Marfat.com

ان نازک اندام حسینوں کی ملاقات اور ان نازوں کے پلے سیمیں بدنوں کے نظارے سے اس نے زنار عیش اپنے گلے میں ڈال لیا ؛ نئے سرے سے حسن پرستی اختیار کی اور خود کو پورے طور پر عیش و نشاط کے سپرد کر دیا اور جی کھول کر داد نشاط دی ۔ وہ ان مہ پاروں کے حسن ہوش ربا میں تو پہلے ہی خود کو کھو بیٹھا تھا ، اب جو ان مہ وشوں کے شطرنج اور چوپڑ کھیلنے اور ان سیم تنوں کے پانسہ پھینکنے کے انداز دیکھے تو وہ اور بھی آشفتہ و مدہوش ہوتا چلا گیا ۔

ہر روز ، ہر منزل پر نئی نئی محفلیں جمائی جاتیں جہاں ان گل بدنوں کو بلایا جاتا ۔ ان مہ پاروں کے دستے باری باری پیش کیے جاتے ۔ سلطان ان پر کچھ اس قدر والہ و شیدا ہو چکا تھا کہ انھیں بیس بیس تیس تیس ہزار تنکے انعام میں بخش دیتا اور ان مہ پیکروں میں سے جو کوئی بھی سلطان کے جلیس و ندیم بن جاتے اور سلطان اور اس کے ندیموں کے ساتھ شطرنج وغیرہ کھیلتے ، شوخی ، شرارتیں ، شوخ چشمی و عربدہ جوئی کرتے ، ان کے دلوں پر ڈاکے ڈالتے اور جانوں کو نوازتے ، ان میں سے چند خاص الخاص اور چیدہ چیدہ سیم تن شاہی بخششوں ، زر و زیور اور جواہرات و مروارید سے لاد لاد دیے جاتے ۔

ہر پڑاؤ پر شاہی خیموں کے چاروں طرف سے خوش گلو حسینوں کی مدھم اور سریلی تانیں سنائی دیتیں اور رشک ناہید نازنینوں کے نغمے 'فردوس گوش' بنتے ، جنھیں سن کر تیسرے آسمان پر زہرہ قلابازیاں کھاتی اور فلک ان پر قربان ہو ہو جاتا ۔ ان سیم تنان غارت گر ہوش او گل رخان عشوہ فروش کے نظارے اور تماشے سے تماشائی مست و بے خود ہو ہو جاتے ۔ ان کے چنگ و رباب ، طنبور و کمانچہ اور مسکک ، وغیرہ کے پر سوز و دل دوز سروں اور نغموں سے پرندے بھی فضا سے زمین پر

Marfat.com

آتر آتر آتے اور جنگلی جانور بے خود و مست ہو کر خیموں میں داخل ہو ہو جاتے - ان 'چار ابرو سادہ پسروں' کے نغموں ، ان تھرکتے ہوئے ستیزہ کاروں کے رقص ، ان شیریں دہن حسینوں کے ناز و غمزہ اور ان جفا شعار بے وفاؤں کے انداز و کرشمہ سے لشکر کے زندہ دل اور دلیر سپاہی ان پر دل و جان سے لٹو اور فریفتہ ہو ہو جاتے اور ان شگفتہ رو سیم تنوں کے وصف میں عمدہ عمدہ غزلیں لکھتے - آشفتہ مزاج نوجوان ، دیوانہ سر مجنوں اور بوڑھے تلواروں سے اپنے گیسو کاٹ کاٹ ڈالتے اور زنار باندھتے - مشتاق کے دلوں سے صبر و قرار آٹھ جاتا اور 'دل گم کردہ' عاشقوں کی فریاد و فغاں آسمان تک پہنچتی - حسن پرست حسینوں کی چاہ میں ہاتھوں میں سنکھ لے کر آنھیں بتوں کی مانند پوجتے - ان بے سر و سامان عشاق کی جیبوں میں جو تھوڑا بہت مال ہوتا آسے وہ ان جان نواز ماہ وشوں کے سروں پر نثار کر دیتے - جو عشاق بالکل بے خانماں ہوتے وہ اپنے گھوڑے ، مویشی ، اسلحہ ، غلام ، کنیزیں اور خیمے تک بیچ ڈالتے ؛ جو مال ان کی فروخت سے حاصل ہوتا وہ سب ان سیم بروں کے پاؤں میں نچھاور کر دیتے اور جب بالکل قلاش ہو جاتے تو سر پر ٹوپی ڈال اور کمر میں میزر (ایک خاص قسم کی شلوار) باندھ لیتے اور جو کچھ بھی ہاتھ لگتا آسے ان گل رخوں کے کتوں پر لٹا دیتے -

ان انسان صورت بتوں کے عشق اور ان بد خو سادہ پسروں کے دیدار کے شوق میں بے چارے عاجز و بے کس عاشقوں کی نیند اور کھانا پینا حرام ہو چکا تھا ؛ سارا سارا دن بے خود و بے ہوش اور ساری ساری رات مست و مدہوش پڑے رہتے اور مسخروں کی مسخرگی ، بھانڈوں کے بھانڈ پن ، بازی گروں کے حیرت افزا کرتبوں اور اناڑیوں کی بے شرمی پر ، جو مختلف علاقوں سے سلطان کے حضور میں پہنچے ہوئے اور شاہی

Marfat.com

خیموں کے اطراف میں اپنے بے ڈھنگے کرتب اور کھیل دکھاتے تھے ، جی کھول کر داد دیتے اور اناڑی پن اور بھانڈ پن کو آخر تک پہنچاتے تھے۔ کبھی کسی طرف سے زور کے قہقہے سنائی دیتے تو تماشائی دریائے حیرت میں گم ہو جاتے۔

الغرض ملک نظام الدین داد بک نے جو دولت ہندوستان کے مختلف علاقوں سے نذرانوں کی رقموں ، مالِ غنیمت ، راجاؤں کے تحائف ، شاہی چتر پر نثار کردہ رقموں اور پچھلے بقایاجات کی صورت میں اکٹھی کرکے لشکری خزانے کو اس سے معمور کر دیا تھا ، سلطان معزالدین نے اس دولت کو ان اہلِ طرب پر لٹا دیا جو اودھ تک گروہ در گروہ حضور میں پہنچتے رہے ۔ سلطان اودھ سے دہلی تک تمام راستے میں عیش و نشاط کرتا ، رقص و سرود سے محظوظ ہوتا ، شراب پیتا پلاتا ، انعام و اکرام بخشتا اور اپنی دلی خواہشات کو پورا کرتا ہوا کیلوگھری کے محل میں داخل ہوا ۔ اس کے ورودِ دہلی پر عوام نے جشن کے طور پر شہر کو کلسوں ، محرابوں اور پھولوں وغیرہ سے آراستہ و پیراستہ کیا ؛ حسین و جمیل مطرب اور رقاص گانا گانے اور ناچنے کے لیے ان کلسوں پر چڑھے ؛ ان کے حسن و جمال پر اہلِ شہر فریفتہ اور لٹو ہو ہو گئے ۔ ان سرو قدوں اور آفت کے پرکالوں کے عشق میں شہریوں نے اپنی دولت لٹا دی ؛ جاگیریں گرو ڈال دی گئیں ، مکان و مسکن ہاتھوں سے جاتے رہے ، سر پر بڑے بڑے قرض چڑھ گئے ؛ ملک زادے اور رئیس زادے دیوانہ و آشفتہ ہو ہو گئے ۔ ملتانی بچے اپنی تجارت و سوداگری سے ہاتھ دھو بیٹھے ۔ امیر زادے مفلسی کا شکار ہو گئے ، اور گھر بار لٹا دینے والوں نے بےخانماں ہو کر لکھنوتی کی راہ لی ۔ داناؤں کی عقل پر آ بنی ، اہلِ علم گناہوں کے گڑھے میں لڑھک گئے ، متقی و پرہیزگار طاعت و بندگی سے ہاتھ اٹھا بیٹھے اور عبادت گزاروں نے مے خانوں میں ڈیرے جما لیے ۔ ننگ و نام یوں غائب

Marfat.com

ہوا جیسے گدھے کے سر سے سینگ ۔ عزت و آبرو مٹ گئی اور چاروں اور رسوائی و بدنامی کا ڈنکا بجنے لگا ۔ کاسوں اور محرابوں میں شراب کی سبیلیں لگائی گئیں جہاں سے لوگوں نے مٹکوں کے مٹکے نوش جان کیے ۔ محرابوں کو سامان تعیش سے اس قدر آراستہ کیا گیا تھا کہ اس قسم کی زیبایش و آرایش نہ کبھی پہلے دیکھنے میں آئی اور نہ کبھی آئندہ دیکھے جانے کی توقع ہے ، اور وہ عیش و نشاط اور مسرت و شادمانی جو اس دور کے لوگوں نے عہد معزی میں دیکھی ، نہ تو اس سے پہلے انھوں نے دیکھی تھی اور نہ اس کے بعد ہی دیکھی گئی ، اور اس قسم کی بے فکری اور راحت و آسایش کسی آنکھ نے دیکھی نہ کسی کان نے سنی ۔

(تاریخ فیروز شاہی ، جلد اول ، صفحہ ۱۷۹ تا ۱۸۸)

Marfat.com

# سلطان جلال الدین خلجی کی محفلیں

تاج الدین عراق ، امیر خسرو ، موید جاجرمی ، قرابیگ دعاگو ، موید دیوانہ ، صدر عالی ، امیر ارسلان کلاہی ، اختیار باغ اور تاج خطیب سلطان کے ندیموں میں سے تھے ، اور انشاء سخن ، علم تاریخ اور آداب ملوک میں ان کا کوئی ہم پایہ نہ تھا ۔ امیر خاصہ اور حمید راجا شاہی محفل کے غزل خواں تھے ۔ امیر خسرو ہر روز شاہی مجلس میں نئی سے نئی غزل لکھ کر لاتے ؛ سلطان امیر خسرو کی غزلوں کا بے حد مشتاق و دل دادہ اور انھیں بڑے انعام و اکرام سے نوازتا تھا ۔ شاہی محفل میں ساقی گری کے فرائض ہیبت خاں کے بیٹے سر انجام دیتے ، جب کہ نظام خریطہ دار اور یلدز سر ساقی تھے ۔ یہ سب اتنے حسین و جمیل اور اس قدر ناز و ادا والے تھے کہ اگر کوئی عابد و زاہد بھی انھیں دیکھ پاتا تو ہزار جان سے ان پر فریفتہ ہو کر زنار کمر میں باندھ مصلے کو شراب خانے کا بوریا بنا لیتا اور مے خانے میں جام پر جام چڑھاتا ، اور ان توبہ شکن ماہ وشان بے بدل کے عشق میں ذلیل و رسوا ہو کر رہ جاتا ۔

سلطان کی مجلس کے مغنیوں میں محمد شاہ چنگی بہترین ستار نواز تھا ؛ وہ ستار بجاتا اور فتوحا دختر فقاعی اور نصرت خاتون کچھ اس جادو بھری آواز کے ساتھ گانا گاتیں کہ ان کی پر سوز آواز سن کر پرندے بھی فضا سے نیچے زمین پر اتر آتے ، سننے والوں کے ہوش اڑ جاتے ، دل تڑپ تڑپ اٹھتے اور جانوں میں ایک ہلچل سی مچ جاتی ۔ نصرت بی بی اور مہر افروز کہ اپنے بے پناہ حسن اور حیا کے سبب ایک قیامت تھیں اور جس طرف بھی دیکھتیں اور جو بھی ناز و ادا کرتیں اس سے محفل کان نمک بن جاتی ، شاہی محل میں رقص کرتیں اور جو کوئی بھی ان کے رقص اور ناز و کرشمہ

Marfat.com

کو ایک مرتبہ دیکھ لیتا ، اس کی یہی خواہش ہوتی کہ وہ خود کو ان پر قربان کر دے اور جب تک زندہ رہے اپنی آنکھیں ان کے پاؤں میں بچھائے رکھے - سلطان کی محفل بلاشبہ ایک ایسی محفل تھی جس کا تصور صرف خواب ہی میں ہو سکتا ہے - امیرو خسرو جو محفل شاہی کے ندیم بزرگ تھے، ہر روز سیمیں بدن سادہ امردوں کے حسن و جمال ، چہار ابرو ، نوخیز طفلوں کے حسن اور ناز و ادا ، شکاری انداز نوخطوں کے دل اڑا لینے اور مایۂ ناز مہجبینوں کی جان نوازی کے وصف میں نت نئی اور تازہ غزلیں لکھ کر لاتے ، ساقیوں کے نعرہ ہائے نوشا نوش ، نوخیز لڑکوں کی تندی و عربدہ جوئی ، مہ وشوں کے نغمہ و سرود اور عشوہ و کرشمہ ، اور سیم بروں کے رقص کے دوران میں امیر خسرو کی غزلیں بھی گائی جاتیں - اور ایسی محفل میں کہ جو ارضی محفلوں سے کہیں بالا ہوتی ، عشاق کو گویا روح تازہ مل جاتی اور آشفتہ مزاج دیوانے ایک نئی زندگی حاصل کرتے -

(تاریخ فیروز شاہی ، جلد دوم ، صفحہ ۲۶ تا ۲۸)

* * *

Marfat.com

# حواشی

## اعجاز خسروی :

۱ - اس انتخاب میں موسیقی کی اصطلاحات کی کثرت کے علاوہ الفاظ کی جادوگری بھی ہے جس کے سبب وہ الفاظ ویسے ہی رہنے دیے گئے ہیں اور ان کا ترجمہ یا تشریح یہاں دے دی گئی ہے ۔

۲ - نوازش : موسیقاروں کا گانا بجانا وغیرہ ۔

۳ - تری نم : نم کی صفائی ۔

۴ - دمدم : ہر لحظہ ، دم بمعنی سانس اور پھونکنا وغیرہ ۔

۵ - قول : عام معنی کے علاوہ گانے یا راگ کی ایک قسم ۔

۶ - محیر : حیران ہونے والا ، اور موسیقی کی ایک قسم ۔

۷ - نکیسا : ایران کے ساسانی بادشاہ خسرو دوم کے دربار کا ایک گویا ۔

۸ - باربد : یہ بھی اسی بادشاہ کے دربار کا ایک مشہور اور ماہر فن مغنی تھا ۔ مرو کا رہنے والا اور بادشاہ کا مقرب تھا ۔ ایرانی روایت کے مطابق ایرانی موسیقی کا موجد یہی ہے ۔ اس کی موسیقی نے ساسانیوں کی موسیقی پر بڑا اثر ڈالا جو اسلامی عہد میں عربوں اور ایرانیوں کے فن موسیقی کا سب سے بڑا منبع تھی ۔

۹ - "ہمیشہ... الخ" یہ فقرہ خبر ہے اور اس کا مبتدا آغاز میں پہلی سطر "بزم آراؤں کی نوازش نے ... الخ" میں ہے ۔ درمیان میں گویوں کی خوبیاں بیان ہوئی ہیں ۔

۱۰ - دست گاہ : ایک شکاری جانور کا نام ، اور دوسرے معنی سرمایہ ، اسباب ، کارخانہ ۔

۱۱ - کنجشک : عام معنی چڑیا ، ایک گویے کا لقب ۔

۱۲ - مرغک : عام پرندہ یا چھوٹا پرندہ ۔ ایک مغنی کا لقب ۔

۱۳ - پردے : آہنگ ؛ موسیقی کی ایک اصطلاح ۔

۱۴ - مُو : بال ، باریکی ۔

Marfat.com

۱۵ - بوسلیک : ایک راگ جو زوال کے بعد گایا جاتا ہے - بعض کے نزدیک ٹوڑی راگ -

۱۶ - موشگاف : بال سلجھانے والی -

۱۷ - پردہ : راگ وغیرہ -

۱۸ - زمین کی زہرہ : یعنی مغنیہ ترمتی خاتون -

۱۹ - چوبیس مرتبہ : یعنی چوبیس راگنیاں -

۲۰ - "ہم نے شاہانہ ... الخ" یہاں "ترمتی خاتون" مبتدا ہے اور یہ فقرہ خبر یعنی "ترمتی خاتون کو ہم نے شاہانہ نواخت کی طرف راہ دی -" درمیان کی تمام عبارت میں اس کی خوبیاں گنوائی گئی ہیں -

۲۱ - نواخت : نوازنا اور گانا بجانا -

۲۲ - راہ : موسیقی کی ایک اصطلاح اور بمعنی راستہ - یعنی ہم نے اسے شاہی اعزاز سے نوازا -

۲۳ - باخرز : ایک راگ اور ایران کا ایک شہر -

۲۴ - نہاوند : ایک راگ اور ایران کا ایک شہر -

۲۵ - معروفک : ایک آلۂ موسیقی - ایک مغنیہ کا نام - معرفت اور معروفک میں رعایت لفظی ہے -

۲۶ - تصنیفات : تصنیف (کتاب وغیرہ) کی جمع - موسیقی کی ایک قسم -

۲۷ - آلاون : ایک ساز کا نام -

۲۸ - عبدالمؤمن : ایک مغنی کا نام - موسن کی رعایت سے "زنار" استعمال کیا ہے -

۲۹ - مرگ پیر : بوڑھے کی موت -

۳۰ - پیکان : برچھی یا بھالے وغیرہ کی انی - ایک ساز کا نام -

۳۱ - چہرہ باز : ایک قسم کا ساز بجانے والے -

۳۲ - عجب رود : ایک ساز کا نام -

۳۳ - بے نوائی : بے سروسامانی - یہاں بمعنی آواز کا نہ ہونا -

۳۴ - پرانے : یعنی بوڑھے -

۳۵ - نوازش : کسی کو نوازنا ، ساز بجانا -

Marfat.com

۳۶ - عود : خوشبودار لکڑی - ایک ساز کا نام -
۳۷ - اصول : راگ ، سُر وغیرہ -
۳۸ - چنگ : پنجہ - ایک ساز کا نام -
۳۹ - مسکک : منہ سے بجانے جانے والا ایک ساز -
۴۰ - اینٹ کا ٹکڑا : یعنی بیکار اور فضول -
۴۱ - دہل زن : ''رباب'' سے لے کر ''دہل زن'' تک یہ سب سازوں کے نام ہیں -
۴۲ - راہ زنی : لوٹنا ، لوٹ ، یہاں مراد ترانہ بجانا -
۴۳ - ربط : آشنائی - بربط کی رعایت سے ربط استعمال کیا -
۴۴ - بدرالدولہ والدین : سلطنت اور دین کا ماہتاب -
۴۵ - آواز : عام معنی - اور گانا -
۴۶ - بے اصول : بےسُرے گویے -
۴۷ - بدساز : غلط ساز بجانے والے -
۴۸ - چنگ : سارنگی - پنجہ -
۴۹ - دم ساز : ہمدم ، ہمراز ، دم بمعنی پھونک اور پھونکنا -
۵۰ - جب صبا تیری طرف سے آتی ہے تو میرے جسم کی ہر ہر رگ ابھر آتی ہے ، (میرا رواں رواں جھوم اٹھتا ہے) بالکل اس ساز کی طرح جس پر اچانک ہوا چلے اور وہ چھن چھن کر اٹھے -
۵۱ - یہ سب لوگ بہت زیادہ تھکے ماندے ہیں اسی لیے معرو فک رباب (ساز) کی طرح ایک جگہ پڑے ہوئے ہیں -
۵۲ - بلبل کی آواز جب نغمے کا روپ دھارتی ہے تو وہ پرندے کو ہوا سے نیچے لے آتی ہے -
۵۳ - رود : ندی - اور ایک ساز کا نام ، باجا -
۵۴ - اس کی سمندر ایسی فیاض ہتھیلی سے جو کچھ ٹپکتا ہے وہ موتی ہے ، اس لیے کہ وہ اپنی لطافت کی وجہ سے نظر نہیں آتا -
۵۵ - ذرا دیکھ وہ کامل جادوگر اس لکڑی میں کیا پھونکتا ہے کہ وہ آدمیوں کی طرح باتیں کرنے لگتی ہے -

Marfat.com

۵۶ - شعربیز : باریک کپڑے میں چھاننا ۔

۵۷ - بیزش : چھلنی سے چھاننا ۔

۵۸ - نفخ : ہوا : پیٹ میں ہوا ہو جانا ۔

۵۹ - مسکک : ایک ساز جو منہ سے بجایا جاتا ہے ۔

۶۰ - نوالک : ایک ساز ۔

۶۱ - کوفتگی : کوٹا جانا ، تھکن ۔ یہاں بمعنی بجنا ، بجانا ۔

۶۲ - مدقوق : دق کا مریض ، یہاں مراد ہے دف کی آواز میں خرابی پیدا ہونا ۔

۶۳ - قانون : طریقہ ، دستور ، طب میں بو علی سینا کی مشہور کتاب ۔ موسیقی کی ایک اصطلاح ، باجا ۔

۶۴ - کاسہ : پیالہ ۔ سارنگی اور رباب وغیرہ کا ایک حصہ ۔

۶۵ - رود : اوپر بیان ہو چکا ۔

۶۶ - جدول : کھائی ، حاشیہ ۔

۶۷ - کنکرہ زن : ایک خاص قسم کا ساز بجانے والے ۔

۶۸ - عجب رود : ایک ساز کا نام ۔

۶۹ - ابریشم : ساز کے تار ، ریشم کے کیڑے کا غلاف جس کے اندر وہ لپٹا ہوتا ہے ۔

۷۰ - اصول ثقیل : تال کی ایک قسم ، لغوی معنی بوجھل اور بھاری اصول ۔

۷۱ - خفیف : تال کی ایک قسم ، لغوی معنی ہلکا ۔

۷۲ - مخالف : لغوی معنی مقابل ، دشمن ۔ ایک راگ جو پانچ نغموں سے مرکب اور زوال کے وقت گایا جاتا ہے ۔

۷۳ - زیر : باریک آواز ، لغوی معنی نیچے ۔

۷۴ - نوا : راگ کا نام ، آواز ۔

۷۵ - حسینی : راگ کا نام ۔

۷۶ - سربندگی : سر سے بند ہونا ۔

۷۷ - خرک : لغوی معنی چھوٹا گدھا ۔ ایک ساز ۔

۷۸ - دو رود : تانت ۔

Marfat.com

۷۹ - عراق : مشہور ملک - ایک راگ کا نام -

۸۰ - بار : ایک ساز ، مرتبہ -

۸۱ - حجاز : ایک علاقہ، ایک راگ کا نام -

۸۲ - خفتہ : سویا ہوا ، یہاں بمعنی مذکورہ ساز کا ٹیڑھا ہونا -

۸۳ - جا ماندہ : جو ایک ہی جگہ پڑا ہو -

۸۴ - ابریشم : معنی اوپر بیان ہو چکے ہیں -

۸۵ - بساط حریر : ریشم کی چٹائی ، دسترس -

۸۶ - آخر : یہاں خرک (گدھا ، ساز) کی رعایت سے ایسے الفاظ استعمال کیے ہیں جو اُس (گدھے) کے متعلقات سے بھی ہیں اور جن کے دوسرے معنی بھی ہیں - آخر (یعنی آخور) وہ جگہ جہاں گدھے گھوڑے وغیرہ کو گھاس ڈالی جاتی ہے - اور آخر بمعنی پیچھے ، پچھلا -

۸۷ - انگشت پیچ : انگلیوں سے بجانا ، گننا ، شمار کرنا -

۸۸ - ناخن زنی : مضراب چلانا ، دو فریقوں کے درمیان لڑائی کرانا -

۸۹ - انگشت : بے حد مشہور ہونا ، رسوا ہونا - انگلی

۹۰ - دو دستہ : ساز جسے دو ہاتھوں سے بجایا جائے -

۹۱ - یک دستہ : ساز جسے ایک ہاتھ سے بجایا جائے -

۹۲ - تالیاں بجانا -

۹۳ - حجاز ، راہ ، عراق وغیرہ راگوں کے نام -

۹۴ - محمود چوزہ : نام اور لقب ، چوزہ بمعنی مرغی کا بچہ -

۹۵ - امیرالطیور : پرندوں یعنی مغنیوں کا سردار -

۹۶ - سیمرغ : ایک خیالی و فرضی پرندہ ، لغوی معنی تیس پرندے -

۹۷ - ایک فرضی پرندہ -

۹۸ - مینا : مشہور پرندہ -

۹۹ - باز : مشہور پرندہ -

۱۰۰ - تاکہ اوپر کی قمریوں کو ذرا پتا چلے کہ ہندوستان کی بہار میں عام پرندہ کس طرح (نغمہ سرا) ہوتا ہے -

Marfat.com

۱۰۱ - طیرہ : طائر کی رعایت سے استعمال کیا ، سبکی ، شرمندہ کرنا ۔

۱۰۲ - فارغ بال : بے فکر ، بال بمعنی پر ، بازو ۔

**سیرالاولیا :**

**(۱) ترجمہ اشعار :**

۱ - اس جگہ سے نغمے پھوٹ رہے ہیں تو اس جگہ سے بانسری کی آواز آ رہی ہے - اس جگہ عاشق کا خروش ہے تو اس جگہ محبوب عیش و نشاط میں مصروف ہے ۔

۲ - ہر طرف بہشت بنا ہوا ہے اور ہر بہشت میں حور ہے ، ہر چمن میں ایک معشوق ہے اور ہر معشوق میں دوست نظر آ رہا ہے ۔

۳ - روے زمین پھولوں کی کثرت کے سبب نقش و نگار سے سجی ہوئی معلوم ہوتی ہے اور ٹہنیاں اور شاخیں پھولوں سے کچھ اس طرح لدی ہیں جیسے دلہنوں کے کان بندوں سے سجے ہوں ۔

۴ - ہر درخت پر پرندے بیٹھے ہیں اور ہر طرف نغمے اور چہچے ہیں - ہر رہگذر پر کوئی حسین نظر آ رہا ہے اور ہر بغل میں کوئی دلہن دکھائی دیتی ہے ۔

**تاریخ فرشتہ :**

**(۲) ترجمہ اشعار :**

ص ۲۰۲ - میرے سر سے سیف (تلوار ، باپ کے نام کی رعایت سے یہ لفظ استعمال کیا) گذر گئی اور میرا دل دو ٹکڑے ہوگیا ، خون کا دریا رواں ہوگیا اور موتی (خسرو) تنہا رہ گیا ، (در یتیم : بڑا موتی ، جو سیپی سے اکیلا ہی نکلتا ہے) ۔

ص ۲۰۳ - عشق آیا اور میرے رگ و پے میں خون کی طرح سما گیا ۔ حتیٰ کہ اس نے مجھے میری ذات سے خالی کر دیا (میری ہستی و شخصیت ختم ہوگئی) اور دوست سے اسے بھر دیا (یعنی تمام وجود میں دوست سما گیا) ۔ میرے وجود کے تمام اجزا پر دوست قابض ہوگیا ۔ میرا تو اب بس نام ہی نام ہے ، باقی سب کچھ اسی دوست کا ہے ۔

ص ۲۰۵ - امیر خسرو ، دنیاے شاعری کے بادشاہ ہیں ، وہ دریاے کمال اور بحر فضل ہیں ۔ ان کی نثر رواں اور شفاف پانی سے زیادہ دلکش اور

Marfat.com

ان کی شاعری پاکیزہ اور شیریں پانی سے بھی زیادہ پاکیزہ ہے ۔ وہ داد و دین کے باغ کی بلبل اور شیریں نغمے الاپنے والا لازوال طوطا ہیں ۔

ان کی وفات کی تاریخ نکالنے کی خاطر جب میں نے اپنا سر ، زانوے خیال پر رکھا (تو یہ دو تاریخیں میرے ذہن میں آئیں) پہلی "عدیم المثل" اور دوسری "طوطی شکر مقال" ۔

ص ۲۰۳ - میری شہنشاہیت کا ستارہ بلند ہوا ، جس کے سبب نظامی (مشہور مثنوی گو شاعر) کی قبر میں غلغلہ مچ گیا (نظامی قبر میں اس بات پر تڑپ اٹھا کہ اس کی ٹکر کا یا اس سے بھی بڑھ کر ایک اور مثنوی گو شاعر پیدا ہوگیا ہے) ۔

ص ۲۰۶ - خسرو کا نظم اور نثر میں کوئی ثانی نہیں ہے ۔ ملک شاعری کی سلطنت خسرو ہی کے لیے ہے ۔ یہ (امیر خسرو) ہمارا خسرو ہے ، ناصر خسرو (مشہور فارسی شاعر اور فرقہ باطنیہ کا سرگرم رکن) نہیں ہے ، اس لیے کہ اس خسرو کا حامی و ناصر خدا ہے ۔ (ناصر اور خسرو کے الفاظ پر کھیلا ہے) ۔

ایضاً - سرمست خسرو نے اپنے ساغر سخن میں سعدی شیرازی کے خمخانہ سے شیرہ انڈیلا (یعنی خسرو نے شاعری میں سعدی کی تقلید کی ہے)

ایضاً - میرے شعر کی کتاب کا شیرازہ شیراز سے ہے (یعنی میں نے سعدی کی پیروی کی ہے) ۔

ایضاً - قدامت سے ہٹ کر اس (خواجہ نظام الدین اولیا) کی خانقاہ تعظیم کے لحاظ سے کعبہ کی چار دیواری سے ملتی جلتی ہے ۔ فرشتے نے اس (خانقاہ) کی چھت میں اس طرح ٹھکانا بنا رکھا ہے ، جس طرح گھروں کی چھتوں میں چڑیا گھونسلا بناتی ہے ۔

**کتاب نورس :**

۱ - وہ علما جو اوقات عزیز قیل و قال میں گذارتے ہیں ۔

۲ - مشہور شہر حجاز ، ایک راگ کا نام ، حجازیوں یعنی مغنیوں ۔

۳ - زنگلہ بند : ایک راگ کا نام ، زنگلہ : گھونگرو ۔

Marfat.com

۴ - عراقیوں : عراق ، مشہور ملک ، عراق ایک راگ کا نام ، یہاں مراد گویوں -

۵ - دم کش : اپنے ساتھی گویے کی پیری کرنے والا گویا -

۶ - دف اندر سے خالی اور اوپر سے کھال کے ساتھ منڈھی یعنی بھری ہوتی ہے - مطلب یہ کہ دف میرے اس قول کو ، (جو پہلے مصرعے میں ہے) صحیح ثابت کرتی ہے یعنی دف سے نغمے نکلتے ہیں -

۷ - نوازندہ : نوازنے والا ، مہربانی کرنے والا ، ساز بجانے والا -

۸ - قانون : دستور ، ایک قسم کا باجا -

۹ - زحل : ایک ستارے کا نام جسے منحوس خیال کیا جاتا ہے - یہاں ظہوری نے مضبوط کے معنوں میں لیا ہے -

۱۰ - منشی فلک ، مریخ ، خورشید ، مشتری ، زہرہ سب ستاروں کے نام ہیں -

۱۱ ، ۱۲ - (؟)

۱۳ - نوشیروان : انوشیرواں یعنی انو شگ رواں بمعنی صاحبِ روح جاوید - خسرو اول - ایران کے ساسانی خاندان کا ایک بادشاہ - اسی کے عہد میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی ولادت مبارکہ ہوئی -

۱۴ - تتار : ملک کا نام جہاں کی مشک مشہور ہے - یہاں مطلب یہ ہے کہ اس کے بال بے حد خوشبودار ہیں -

۱۵ - یعنی جس طرح دوسرے بادشاہ اہلِ ہنر کے محتاج ہیں ہمارا ممدوح محتاج نہیں ہے -

۱۶ - وہ (ممدوح) زر لٹانے میں بے حد سخی ہے لیکن دلوں پر قبضہ جمائے رکھتا ہے - گویا "دل بدست آور کہ حج اکبر سب" کا قائل ہے -

۱۷ - افلاطون : مشہور یونانی فلسفی - یہاں یہ دانائی کے لیے استعمال ہوا ہے -

۱۸ - اسکندر : یعنی اسکندر اعظم - یونان کا حکمران اور عظیم فاتح - یہاں مراد محض بادشاہ ہے -

۱۹ - باربد : خسرو پرویز مقتول ۶۲۸ء کا درباری گویا -

۲۰ - پرویز : یعنی خسرو پرویز -

۲۱ - اصل کتاب میں "انگشت" اضافت کے ساتھ ہے (ملاحظہ ہو سہ نثر ظہوری کانپور ص ۳۵) اگر اضافت نہ ہو تو ترجمہ اس طرح ہوگا :

Marfat.com

"جس کے مسرت افزا نغمے انگلی کے سرے سے رنج و غم کے کان اینٹھتے ہیں ۔"

۲۲ - چمن چمن : بہت زیادہ ۔

۲۳ - ذوق حضوری کے مائدے (دستر خوان) پر ، On The Table of the Taste of his Presence.

۲۴ - دائرہ : ایک ساز کا نام ۔

۲۵ - نوازش : عنایت و مہربانی ، ساز بجانا ۔

۲۶ - طنبور : مشہور ساز ۔

۲۷ - کمانچہ : ایک ساز ۔ لغوی معنی چھوٹی کمان ۔

۲۸ - جنتروین ۔ ایک بین جس کی شکل ترازو کی سی ہوتی ہے ۔

۲۹ - منڈل : ایک قسم کا ڈھول ۔

۳۰ - بہرام : بہرام گور ۔ ساسانی خاندان کا ایک بادشاہ جو ۴۳۸ء میں شکار کے دوران ایک دلدل میں پھنس کر مرگیا ۔ یہاں مصرعے میں گور (قبر) کا لفظ بہرام کے لقب بہرام گور کی رعایت سے ہے ۔ وہ گورخر کا شکار کیا کرتا تھا ، اسی لیے اسے بہرام گور کہا گیا ۔

۳۱ - آہنگ : ارادہ ، لے ، نغمہ ۔

۳۲ - رنگ آمیز فرد : خوبی و لطافت سے پر عقل ۔

۳۳ - کورسواد : جن کی آنکھوں کی سیاہی ڈھل گئی ہو ۔ یہاں مراد عقل و علم کے اندھے ۔ اس فقرے کا دوسرا ترجمہ ہوگا : اس کا خط دیکھنے سے نہ صرف ظاہری آنکھ ، بلکہ چشم دل بھی روشن ہو جاتی ہے ۔

۳۴ - مراد چہرے کا سبزہ ۔

۳۵ - مرغولہ مو : لغوی معنی گھونگریالے بالوں والے : گویوں کی ایک خاص آواز جسے گٹکری کہتے ہیں ۔

۳۶ - توقیع : شاہی فرمان ۔

۳۷ - منشی فلک : ایک ستارہ ، اسے دبیر فلک اور عطارد بھی کہتے ہیں ۔

۳۸ - زہرہ : ایک ستارہ ، جسے رقاصہ فلک اور مطربہ فلک بھی کہا جاتا ہے ۔ اس کے متعلق ایک مشرق ادبی روایت ہے اور وہ یہ کہ یہ زمین پر اتری

Marfat.com

تھی ۔ ہاروت اور ماروت دو فرشتوں نے اس کی محبت میں دنیا تیاگ دی اور اس کی یہ سزا پائی کہ ایک کنوئیں میں الٹے لٹک رہے ہیں ۔

۳۹ ۔ پردہ ساز : ایک راگ ۔

۴۰ ۔ زہرہ : طاقت ۔

۴۱ ۔ اس فقرے میں ایک لفظ ''منتسخ'' آیا ہے جس کے معنی [illegible] ''گوئندہ'' اور ''نسخہ خوانندہ'' وغیرہ کے ہیں ۔ غیاث اللغات کے مطابق بعض نے اس کے معنی ''ردکردہ شدہ'' کے بھی لکھے ہیں (یہ اس صورت میں ہے جب 'س' پر زبر ہو) ، لیکن ''پرشین لٹریچر ایٹ دی مغل کورٹ'' کے مصنف نے اس کا ترجمہ یوں کیا ہے : "His writing cancels the face of the sun" (صفحہ ۳۳۵) ۔ اگرچہ ''مہر'' کے معنی محبت کے علاوہ سورج کے بھی ہیں لیکن راقم کو اپنا ترجمہ اصل کے زیادہ نزدیک معلوم ہوتا ہے ، اس لیے کہ تحریر کے ساتھ نسخے (کسی کتاب) کا زیادہ تعلق ہوتا ہے ۔

۴۲ ۔ حلقہ : غلامی کی نشانی ہے ۔

۴۳ ۔ اس کا دوسرا ترجمہ یہ ہو سکتا ہے کہ اس کی تعظیم کے باعث ہی سورج روشن ہے ۔

۴۴ ۔ جو مصوری و نقاشی کا بہت بڑا مرکز اور گھر ہے ۔

۴۵ ۔ رونما : منہ دکھائی ۔ وہ چیز یا نقدی جو دلہن کا منہ دیکھنے پر اسے دی جائے ۔

۴۶ ۔ مانی : ایران کا ایک مشہور نقاش اور مصور اور مذہب مانیت کا بانی ۔ ۲۷۶ء میں اسے الحاد کے جرم میں مروا دیا گیا ۔

۴۷ ۔ شور : چرچا ، نمک ۔ شیرینی کی رعایت سے شور کا لفظ استعمال کیا اور اس طرح صنعت تضاد سے کام لیا ۔

۴۸ ۔ ابہام : غیر واضح بات کہنا ، کھل کو بیان نہ کرنا ۔

۴۹ ۔ مراد یہ کہ اس میں ہزاروں موضوع پوشیدہ ہیں ۔

۵۰ ۔ نثرہ : دو ستارے ۔

۵۱ ۔ شعریٰ : ایک ستارے کا نام ۔

Marfat.com

۵۲ - یعنی یہ شرف صرف میرے ممدوح کو حاصل ہے کہ وہ صاحب حشمت بھی ہے اور صاحب سخن بھی -

۵۳ - ''اگر وہ عشق ... الخ'' : متن میں ''بجام شوق'' ہے - اس لیے یہ ترجمہ کیا گیا ہے ؛ لیکن ''پرشین لٹریچر ایٹ دی مغل کورٹ'' کے مؤلف نے 'شوق' کے لیے fluency کا لفظ استعمال کیا ہے -

۵۴ - دوسرا ترجمہ یہ ہوگا ''جو ان شعروں میں کہ ان پر موتی نثار ہوں... الخ'' -

۵۵ - بادشاہ دکن کے سبب دنیا مسرت و شادمانی سے مالامال ہوگئی ہے - غم کی گرد اس کے نغمے کے پانی سے بیٹھ گئی ہے - موسیقار اس کے پرانے شاگرد ہیں - جو اس کا نیا نیا شاگرد بنا ہے اس کا طرز و انداز بھی استادانہ ہے - (دوسرے مصرعے میں خاک ، آب اور باد میں رعایت لفظی ہے) -

۵۶ - نو رس : تازہ پکا ہوا پھل -

۵۷ - نو رسیدہ : تازہ وارد -

۵۸ - سنبل : ایک خاص قسم کی گھاس جسے عموماً زلف سے تشبیہ دی جاتی ہے -

۵۹ - ہوا : عنصر اربعہ میں سے ایک عنصر ، خواہش ، اور سازندوں کی اصطلاح میں گرمی ساز اور سازوں کو آگ سے گرم کرنا -

۶۰ - دوسرے مصرعے میں صرف 'خلیل' آیا ہے اور یہ اشارہ ہے حضرت ابراہیم کی طرف جن کا لقب خلیل اللہ اور جنھیں نمرود کے حکم سے آگ میں ڈالا گیا تھا لیکن یہ آگ حکم خداوندی سے گلزار بن گئی تھی - اس شعر میں شاعر نے ایہام سے کام لیا ہے ، کیونکہ اس کے ممدوح کا نام بھی ابراہیم ہے -

۶۱ - نار : آگ ، گلنار کی رعایت سے یہ لفظ استعمال کیا -

۶۲ - گلنار : گل انار ، انار کا پھول -

۶۳ - داد رس : یہ لفظ ''عادل شاہ'' کی رعایت سے استعمال کیا - لغوی معنی فریاد کو پہنچنے والا ، فریاد سننے والا -

۶۴ - نفس : بمعنی دم ، پھونک -

Marfat.com

۶۵ - نقش : یہاں بمعنی راگ ۔

۶۶ - رہ : راستہ ، ایک راگ کا نام ۔

۶۷ - دیوان : ایک معنی مجموعۂ اشعار اور دوسرے معنی عدالت ۔

۶۸ - جملہ : تمام ، سب اور فقرہ ۔

۶۹ - ہم پشت : ایک دوسرے کے پیچھے ، مددگار ۔

۷۰ - اعتراض نہ کر سکے ۔

۷۱ - ادائے سخن کو صحیح جگہ پر لانے کے سبب ۔

۷۲ - عدیم السہو : جس نے کبھی غلطی نہ کی ہو ۔

۷۳ - انشراح : کشادگی ، کشادہ اور کھلا ہونا ۔

۷۴ - یہاں لفظ ''قیر'' آیا ہے ۔ یہ ایک سیاہ روغن ہے جسے لوگ رال بھی کہتے ہیں ۔ ایک قسم کی سریش ۔

۷۵ - کافور : سفید اور تیز خوشبودار دوا ۔ سیاہ روغن کی رعایت سے یہ لفظ استعمال کیا ۔

۷۶ - حنظل : ایک کڑوا پھل ۔

۷۷ - اس کے سایہ : یعنی خدا کے سایہ ۔ بادشاہ کو ظل اللہ (خدا کا سایہ) کہا جاتا ہے ۔

۷۸ - نُقل : وہ چیز جو شراب پینے کے بعد منہ کا ذائقہ بدلنے کے لیے کھاتے ہیں ۔

۷۹ - عقول : عقل کی جمع ۔ فرشتے ۔ یہاں اول الذکر معنوں میں استعمال ہوا ہے ۔

۸۰ - انداز : طرز ادا ۔

۸۱ - ادراک : آگاہی ، غیر محسوس اشیا کو دریافت کرنا ۔

۸۲ - سبک روح : نازک و لطیف ۔

۸۳ - اہتزاز : ہلنا ، ہوا کا چلنا ۔

۸۴ - یعنی تاروں کو چھیڑ کر ہی وہ بڑے بڑے نغمے پیدا کر دیتا ہے ۔

۸۵ - سخن بلند : عمدہ بات یا شعر ۔ کوتاہ کی رعایت سے بلند کا لفظ استعمال کیا ۔

۸۶ - یعنی لوگوں کے دل اوہام کا شکار ہیں ۔

Marfat.com

۸۷ - نوروز : ایرانیوں کا سب سے بڑا قومی تہوار جو ۲۱ مارچ سے شروع ہوتا ہے - یہ تہوار قبل از اسلام بھی منایا جاتا رہا ہے - برصغیر پاکستان و ہند پر چونکہ ایرانی اثرات بہت زیادہ تھے ، اس لیے یہاں کے حکمران بھی ایسے جشنوں میں ایرانیوں کی پوری پوری نقل کرتے تھے -

۸۸ - نگارندہ : سجانے والا ، لکھنے والا ، یہاں مراد خدا -

۸۹ - خط : معنی معروف - اور دوسرے معنی معشوق کے چہرے کا سبزہ -

۹۰ - ریحان : نازبو ، رسم الخط کی ایک قسم ، گھاس کی ایک قسم -

۹۱ - مشک : سیاہ رنگ کی ایک خوشبو ، یہاں بمعنی سیاہ بال ، زلفیں -

۹۲ - نسرین : ایک سفید پھول ، چہرہ -

۹۳ - نوازندہ : بجانے والا ، بخشنے والا -

۹۴ - نوازش : مہربانی ، ساز وغیرہ بجانا -

۹۵ - یعنی اس کی مدح سے پورے طور پر عہدہ برآ نہیں ہو سکتا -

۹۶ قانون : اس کے معنی پہلے دیے جا چکے ہیں -

Marfat.com

# BIBLIOGRAPHY


1. Askari Mohammad Hassan *Wakt Ki Ragni*, Maktaba Mehrab, Lahore, 1979, P. 152.

2. Barnett, H.G. *Innovation* : The basis of Cultural Change Mc-Graw – Hill, Paperback, New York, 1981.

3. Deshpande, V.H. *Indian Musical Traditions*, Bombay, 1973.

4. ——— and Carl Seashore, Banis & Charanas in the Naba Rupa (Varanasi) Vol II. Part II, 1963 pp. 1-11.

5. Indurama, Srivastava, *Dhrupada* : (D. Litt Thesis), University of Utrech, Motilal Banarsidas, Delhi, 1980 p. 7 ff.

6. Jairazbhoy, N.A. *The Raags of North Indian Music*, Faber & Faber, London 1971.

7. ——— '*Music in* (*ed*), Basham, A.L. Cultural History of India, Oxford, 1975, p. 222.

8. Jagjit Singh. *Great Ideas of Modern Mathematics*, Dover Publication, New York 1959, p. 5 ff and 64 ff.

9. Meer, W.V.D. *Hindustani Music in the 20th Century*, Nijhoff Publishers, The Hague, 1980.

10. Rashid Malik. *Amir Khusro's Ilm-i-Mosiqui*, Lahore, 1975, p. 93 ff.

11. Stevens & Robertson. *The Pelican History of Music*, Hanmondsworth, 1960, p. 27.

12. Swami Parjanananda, *Historical Development of Indian Music*, 2 end ed, Calcutta, 1973.


Marfat.com

13. Wade, B. *Khayal*, A study in Hindustani Classical Vocal Music, 2 Vols, (Ph. D. Thesis), Los Angeles University, 1971.

14. Wright, O. *Music in* (*eds*). Schacht & Bosworth, Legacy of Islam, Oxford, II ed. p. 495.

15. ——— *The Modal System of Arab & Persian Music* 1250-1300, London Oriental Series, Vol 28, Oxford 1978

——: o : ——

Marfat.com

Marfat.com

## ضمیمہ (۲)

# تذکرۂ اہلِ دہلی

### سر سید احمد خاں

سید احمد خان ، والد کا نام میر تقی تھا ۔ حسینی سید تھے - ۱۸۱۷ء میں دہلی میں ولادت ہوئی - ان کے اسلاف ترکِ وطن کر کے پہلے ایران کے شہر دامغان میں اور پھر مستقل طور پر ہرات (موجودہ افغانستان کے ایک شہر) میں آباد ہوگئے ۔ شاہجہان کے عہد میں ان کے مورث اعلیٰ واردِ برِ صغیر ہوئے ، اور یہاں اکبر شاہ کے وقت تک اس خاندان کے تقریباً تمام افراد مغلیہ حکومت میں مختلف عہدوں پر مامور رہے ۔

سید احمد خان نے فارسی اور عربی کی ابتدائی تعلیم مختلف اساتذہ سے حاصل کی اور انیس برس کی عمر میں تعلیم ترک کر دی ۔ صہبائی اور غالب ایسے نابغہ حضرات کی صحبت میں بیٹھنے سے شوقِ مطالعہ بڑھا ۔ ۱۸۴۱ء میں مین پوری کے منصف مقرر ہوئے - ۱۸۴۲ء میں فتحپور سیکری تبدیل ہوئے ۔ یہاں انھوں نے تصنیف و تالیف کی طرف توجہ کی - جلاءالقلوب (سیرۃ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم) لکھنے کے علاوہ بعض کتب کے اردو تراجم کیے - ۱۸۴۶ء میں ان کا دلی تبادلہ ہو گیا ، جہاں انھوں نے اپنی مشہور کتاب آثار الصنادید لکھی اور چند مذہبی رسائل تحریر کیے ۔

Marfat.com

۱۸۵۵ء میں صدر امین کے عہدے پر بجنور بھجوائے گئے، جہاں تاریخِ بجنور لکھی اور آئینِ اکبری کی تصحیح کی۔ جنگِ آزادی کے بعد ۱۸۵۸ء میں مراد آباد کے صدرالصدور بنائے گئے۔ ۱۸۶۴ء میں علی گڑھ تبادلہ ہوا تو انھوں نے سوسائٹی کو بہت ترقی دی اور ایک اخبار نکالا۔

۱۸۶۷ء میں جج خفیفہ ہوکر بنارس پہنچے۔ ۱۸۶۹ء میں ولایت گئے تاکہ مغربی اصولِ تعلیم کا مطالعہ کریں۔ یہاں قدر افزائی کے طور پر انھیں سی، ایس، آئی کا خطاب ملا۔ وطن لوٹے تو ۱۸۷۰ء میں تہذیب الاخلاق جاری کیا۔ ۱۸۷۵ء میں علیگڑھ میں ایک مدرسہ قائم کیا جو دو سال بعد کالج بنا دیا گیا۔ ۱۸۸۶ء میں محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس قائم کی۔ ۱۸۹۸ء میں خالقِ حقیقی سے جا ملے۔ مذکورہ کتب کے علاوہ اور بھی چند تصانیف ان سے یادگار ہیں۔

تذکرۂ اہلِ دہلی، جیسا کہ نام سے ظاہر ہے، دہلی کے مشاہیر کے بارے میں ایک اہم دستاویز ہے۔ مختلف شعبۂ حیات سے متعلق مشہور لوگوں کے اس تذکرے میں اہلِ موسیقی کے بارے میں بھی انھوں نے تفصیلات دی ہیں اور یہی حصہ ہماری کتاب میں شامل ہے۔

★ ★ ★

Marfat.com

# ارباب موسیقی

اقتباس از "تذکرہ اہلِ دہلی" - مصنفہ سرسید احمد خان
مرتبہ قاضی احمد میاں جوناگڑھی مرحوم - انجمن ترقی اردو -
کراچی - ۱۹۶۵ - ص - ۲۵۷ تا ۲۶۱

**ہمت خاں**

باربد اس کا شاگرد کہیں اور نکیسا اس کا تلمذ کمترین - یہ زبدۂ کملاے روزگار اس صناعت میں اپنے عہد میں کوس لمن الملکی مارتا تھا - سب ارباب نغمہ اس کے نام سے اپنا کان پکڑتے تھے - دھرپد کے گانے میں اس کا نظیر نہ تھا - اگر تان سین زندہ ہوتا تو زانوے شاگردی تہ کرتا اور اگر برجو باورا قید حیات میں ہوتا خط غلامی لکھ دیتا - ہر چند اطراف عالم سے روساے ذوی الاقتدار راجہ ہاے عالی تبار نہایت آرزو سے بطمع زر خطیر خط لکھ کر تمنا کرتے تھے کہ یہ صاحب کمال قصد اون کی ملازمت کا کرے ، باستعانت استغناے خداداد جو ارباب کمال کے لوازمِ ذاتیہ سے ہے ، تمام عمر ان کی طرف منہ نہ کیا اور دلی سے قدم باہر نہ رکھا - جو نغمہ سرا کہ ممالک دور دست سے مدعی اس فن کا ہوکر وارد شاہجہان آباد ہوا اس کی ایک تان سنتے ہی نہ تال کی خبر رہی نہ سر کی اور اس کے قدم کی خاک کو اپنی آنکھ کا کحل الجواہر بنایا - حضرت بابرکت شاہ محمد نظیر صاحب مرحوم سجادہ نشین خلافت حضرت خواجہ میر درد علیہ الرحمۃ کے سامنے بنا بر رسم مستمرہ کے دوسری اور چوبیسویں ہر مہینے کو مجلس نغمہ گرم کیا کرتا تھا اور در و دیوار اس کی الحان داؤدی سے مست ہو جاتے تھے اور از بسکہ درد باطن اور لذت فقر کی چاشنی اس

Marfat.com

مستغنی الاوصاف کے گلوے حال میں پہنچی ہوئی تو ی اوس نغمہ کو ایک اور ہی کیفیت بہم پہنچی تھی اور یہ کلام مولوی روم علیہ الرحمۃ :

بشنو ازنے چوں حکایت میکند وز جدائیہا شکایت میکند
کزنیستان تا مرا ببریدہ اند از نفیرم مرد و زن نالیدہ اند

اس ماہر کامل کے نامی گلو کی شان میں صادق آتا تھا ۔ عرصہ چند سال کا ہوتا ہے کہ اس عالم عنصری سے انقطاع تام کیا اور بزم جنت میں خراماں ہوا ۔

راگ رس خاں

فن بین نوازی میں یکتاے روزگار اور یگانۂ شہر و دیار ۔ اس کی بین کا ہر تار شیرازہ کتاب معرفت تھا ۔ جیسا ہمت خاں فن نغمہ میں اپنا مثل نہ رکھتا تھا یہ صاحب کمال بین نوازی میں اپنا نظیر نہ رکھتا تھا ۔ ہمت خاں کے ساتھ دوسری چوبیسویں حضرت موصوف مرحوم کے روبروے صحبت بین نوازی سے گوش شوق کو ممنون اور سامعۂ تمنا کو مرہون کرتا تھا ۔ چند سال گذرے کہ عالم فانی سے عالم باقی کو راہی ہوا ۔

میر ناصر احمد

والد ان کے سادات عظام سے تھے اور اتفاق زمانہ سے ہمت خاں مرحوم موصوف کی دختر بلند اختر سے منسوب ہوئے ۔ چونکہ اس صاحب کمال نے اپنے ناناے مرحوم کی صحبت میں رشد و بلوغ بہم پہنچایا اس کی فیض تربیت سے فن موسیقی میں یکتاے عہد ہوگیا ۔ وہ مغفور فن نغمہ سرائی میں مشہور روزگار تھا ۔ یہ یکتاے زمانہ نغمہ سرائی اور بین نوازی دونوں میں معروف روزگار ہوا اور ان دونوں کاموں کو ایسا کیا کہ گوش اہل روزگار نے کہن ترانہ ہاے سابقین کو فراموش کیا اور کملاے دہر کو یہ اعتقاد ہے کہ جیسا ان چیزوں کو انھوں نے برتا اساتذہ سلف کو مجال نہ

Marfat.com

تھی کہ اس کے عشر عشیر پر بھی قادر ہو سکتے ۔ اپنے نانا کی وفات کے بعد بدستور قدیم حضرت خواجہ محمد نصیر صاحب مرحوم کے سامنے یہ بھی نغمہ سرائی اور بین نوازی اونھیں دونوں تاریخوں میں کرتے رہے اور بعد ان کی وفات کے حضرت سراسر افادت جانشین شاہ محمد نصیر غفراللہ لہ شرف خلف یادگار سلف مولانا و بالفضل اولانا مولوی یوسف علی کے سامنے جو لائق سجادہ نشین خاندان موصوف بل اس امر کے واسطے الیق ہیں ، وہ ہی مجلس اس کامل کے وجود سے مزین ہوتی رہی ۔ اب گردش آشیائے گردوں سے بتقریب تلاش رزق نواح صوبہ اودہ کی جانب روانہ ہوئے ہیں ۔

### بہادر خاں ستار زن

فن ستار نوازی میں یگانۂ روزگار ۔ اس کی صدا سے در و دیوار تصویر کا عالم بہم پہنچاتے تھے ۔ یہ فقرہ کہ ''مرغ از طیران و آب از جریان باز دارد'' اس ماہر کامل کی ذات پر صادق آتا تھا ۔ پانچ چھ برس کا عرصہ ہوا کہ عالم باقی کی طرف سفر آخرت اختیار کیا ۔

### رحیم سین ستار زن

یہ صاحب کمال اشرف اولاد میاں تان سین ہے و صدائے تار اس کی ستار کی الحان داودی سے خبر دیتی ہے ۔ چھ راگ اور چھتیس راگنی اس کے تار ساز کے بال باندھے غلام و کنیز ہیں ۔ نواب فیض محمد خاں والی جھجرنے کمال قدر دانی سے اپنی ملازمت میں رکھا تھا اور بعد اس کی وفات کے نواب فیض علی خاں مرحوم نے کہ بذریعۂ وراثت والی اس ریاست کا ہوا ، بدستور قدر شناسی اس زبدہ کملائے عصر کی کرتا رہا ۔ اب جو وہ ریاست عبدالرحمٰن خاں بسر نواب مرحوم تک منتقل ہوئی یہ رئیس بھی اوس صاحبِ کمال کی قدردانی میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کرتا ۔ واقع میں ایسے یکتائے روزگار عرصۂ عالم میں کم جلوہ گر ہوتے ہیں ۔

Marfat.com

**نظام خاں**

دہرپد سرائی میں بے مثل و مانند ادنٰی شاگرد ان کا تان سین و برجو باورے کو خیال میں نہیں لاتا تھا ۔ عرصہٴ قلیل ہوا کہ شبستان عالم بغیر اوس کے وجود عشرت آمود کے ماتم سرا ہوگئی ۔

**قائم خاں**

دہرپد نوازی میں ایسا کامل تھا کہ مقامات دوازدہ‌گانہ راگ کو کہ کمال صعوبت سے ہفت خوان رستم کا حال رکھتے ہیں ، اس کے انفاس معجزہ اساس نے بآسانی سر کیا تھا ۔ عہد آدم سے اس دم تک ایسا ماہر پیدا نہیں ہوا اور اس زمانہ سے نفخ صور تک اس کے نظیر کا پیدا ہونا متصور نہیں ۔ عرصہ چند سال سے عالمِ فانی سے کوچ کیا ۔

**گلاب سنگھ پکھاوجی**

جامع تھا فنون شتٰی موسیقی کا ۔ ہاتھ اس صاحبِ کمال کا پکھاوج کے بجانے میں ایسا طیار تھا کہ اوس کے ہاتھ کی ایک جنبش میں سو راگ آنکھوں کے سامنے پھر جاتے تھے ۔ اور ستار نوانوی کو گویا اس نے از سر نو زندہ کیا تھا ۔ سوا اس کے جل ترنگ کے بجانے میں یدطولٰی رکھتا تھا ۔ عرصہ دراز ہوا کہ سفر آخرت کا اختیار کیا اور عین جوانی میں داغ مرگ سینہ پر لے گیا :

کار بسیار و اندک است حیات      عمر در خورد کار بایستی

**سکھوا پکھاوجی**

پکھاوج بجانے میں یکتا عصر اور یگانہٴ دہر ۔ باتفاق کہتے ہیں کہ جو صحت اس کے ہاتھ میں ہے نہ سلف کو میسر ہوئی اور نہ خلف کو ۔

Marfat.com

الحمدللہ کہ یہ کتاب تمام ہوئی اور دست و قلم جو گردش دائمی اور گریہ مدام سے فارغ نہ تھے آسودہ ہوئے ۔ فکر کو تسکین اور طبیعت کو اندیشہ سے آسودگی بہم پہنچی ۔ خدا کرے کہ مقبول طبع صاحب نظر ان ہنر ہو :

صد شکر کہ این نگار خانہ بگرفت طراز جاودانہ
بت خانۂ ہند را در است این ناقوس ہزار پیکر است این

* * *

Marfat.com